بسم اللہ الرحمن الرحیم

بیمن توفیق نطق افزای صبیان و بفضل عطا فرمای

سخن فہمی ہر زبان بہ بنی نوع انسان نسخۂ عجیبہ جامعۂ لغات غریبہ مخزونۂ جمیع لغات و اصطلاحات

مندرجۂ کتب درسیہ مزیل الاغلاط تمامی الفاظ متداولۂ متعارفہ و غیر متعارفۂ عربیہ

و فارسیہ و ترکیہ و یونانیہ و ہندیہ مجموعۂ استعارات و کنایات یعنی

جلد اول

اشرف اللغات

١٣١٠ھ

عارف اسالیب ادبیہ واقف قوانین عربیہ سابق مضمار بلاغت مجلی حلبۂ

براعت و جست مولانا ابو سلیمان شمس الدین المدعو بخواجہ محمد اشرف علی مد ظلہ العالی

باد ارۂ کثیر التقصیر امید وار رحمت رب القدیر ابو حسنات قطب الدین احمد قریشی

صانہ اللہ عن الشر الصوری والمعنوی بار اول

بسم الله الرحمن الرحیم نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

بیمن توفیق نطق افزای صبیان و بفضل عطا فرمائے

سخن فہمی ہر زبان بہ بنی نوع انسان نسخۂ عجیبہ جامعۂ لغات غریبہ مخزونۂ جمیع لغات و اصطلاحات

مندرجۂ کتب درسیہ مزیل الاغلاط تمامی الفاظ متداولہ متعارفہ و غیر متعارفہ عربیہ

و فارسیہ ترکیہ و یونانیہ و ہندیہ مجموعۂ استعارات و کنایات یعنی

جلد اول

۱۳۱۱ھ

اشرف اللغات

مصنفہ

عارف اسالیب ادبیہ واقف قوانین عربیہ سابع مضمار بلاغت مجلی حلبۂ

براعت و فصاحت مولانا ابو سلیمان ظہیر الدین احمد المدعو بخواجہ محمد اشرف علی مد ظلہ العالی

با دارۂ کثیر التقصیر امیدوار رحمت ربہ القدیر ابو الحسنات قطب الدین احمد قریشی

صانہ اللہ عن الشر الصوری و المعنوی بار اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا لکھے حمد حق کی میرا قلم
کسکی قوت ہی جو کرے تقریر
نعت احمد ہو کسطرح سے رقم
وہ ہی محمود حامد اوسکا خدا

عجز سے سرنگون ہے وہ ہر دم
سارے مخلوق کا وہ خالق ہی
ہے زبان قلم یہان پہ قلم
آل و اصحاب کی ثنا کیا ہو

کسکی طاقت ہی جو کرے تحریر
اپنے مرزوق کا وہ رازق ہی
چپ رہ اشرف کہ ہی ادب کی جا
مدحت اولیا ادا کیا ہو

عرض کر اپنا مطلب تسلی | مدعا ہے جلی و سر خفی

ورق گردان دفتر پریشانی ابجد خوان دبستان نادانی ابو سلیمان ظہیر الدین احمد المدعو بہ محمد اشرف تخلص
متوطن بلدۂ لکھنؤ ارباب علوم و اصحاب فہوم کی خدمت مین عرض کرتا ہے کہ ایکدن احباب نے فرمایا کہ ایک
[illegible]
کتاب لغت کی اردو زبان مین تصنیف ہونا چاہیے الفاظ عربی اور فارسی
اور اردو سے ہندی کے الفاظ بھی اوسمین ہون بہت سے اردو کے الفاظ ایسے ہین کہ جن سے لوگ ناواقف
ہین اردو سے ہندی کے الفاظ کی بھی ضرورت پڑتی ہے اردو زبان مین یہ لغت اسلیے لکھی جاوے کہ ہمارے
زمانے مین اردو ہی کا رواج ہے سب ملکون کے لوگ اپنی مادری زبان سے زیادہ اس زبان کی قدر کرتے ہین
اسکی فصاحت اسکی بلاغت کا دم بھرتے ہین اسنے سارے عالم کو مسخر کر رکھا ہے سب واہ واہ کرتے ہین اسکے
پیارے پیارے الفاظ دل مین کھپے جاتے ہین ہر ایک اسکا کلمہ پڑھتا ہی ہمارے ابناے زمان اردو ہی کی
کتابین پڑھتے پڑھاتے ہین خط و کتابت مین اسیکا رواج ہی اسی مین تصنیف اسی مین تالیف اگرچہ اگلے لوگون نے
علم لغت مین صدہا کتابین تالیف کی ہین اس فن کی تحقیقات مین بڑی بڑی محنتین اوٹھائی ہین سارے جہان مین
اونکا سکہ بیٹھا ہوا ہی مگر وہ کتابین عربی یا فارسی مین ہین اور ان لوگون نے بڑے بڑے کمالات دکھاے ہین
اسوقت کے عام لوگون کی فہم اُنکے سمجھنے سے قاصر ہے چونکہ اب اردو زبان تمام جہان مین پھیلی ہی یہی پسند خاص و عام ہی
لہذا اسی زبان مین کتاب تالیف ہونا چاہیے تاکہ عربی فارسی کے الفاظ کے معنی بآسانی معلوم ہو جاوین وقت پڑھنے کے
خاص و عام شکر گذار ہون مین نے احباب کے حضور مین عرض کیا کہ یہ بحر زخار ہے یہ دشت ناپیدا کنار ہے جو
ناآشنا پیراک ڈوبا جسنے بے سمجھے قدم دھرا بھٹکا پھرا یہی سر پٹکا فرصت کی قلت افکار کی کثرت تھا کسکا یارا سکے

ہزار انکار کیا مگر احباب نے نہ مانا اوسپر اور اصرار کیا آخر کار کچھ بن نہ پڑا ع درین دریای بے پایان درین طوفان موج افزا
دل افگندیم بسم اللہ مجریہا و مرسٰہا + بسم اللہ کر کے لکھنا شروع کیا۔ تاج المصادر۔ صراح۔ منتہی الارب۔
منتخب اللغات۔ برہان قاطع۔ موید الفضلا۔ نفائس اللغات۔ مخزن الادویہ۔ بحر الجواہر۔ کشف اللغات۔
ہفت قلزم وغیرہ وغیرہ سے استنباط کیا ہے بخوف طوالت ہر جگہ کتاب کا حوالہ نہیں دیا ہے جسکو شک ہو انھین
کتابون مین دیکھ کے شبہہ رفع کرلے عرصے کے بعد اس کتاب کو ختم کیا یہ کتاب کچھ مبتدیون کے لیے مفید نہین ہے بلکہ
منتہی لوگون کے بھی کارآمد ہے **اشرف اللغات** اس کتاب کا نام رکھا ہے ناظرین عین عنایت سے منظور نظر
فرماوین اس مؤلف کے مولف کی عزت بڑھاوین۔ مخفی نہ رہے کہ علم لغت سارے علمون کا مادہ ہے بغیر
اسکے کوئی رسالہ تصنیف ہی نہین ہو سکتا ہے بغیر اسکے کوئی کتاب تالیف ہی نہین ہو سکتی ہے اسی سے انسان
اشرف المخلوقات ہوا ہے ہر ایک عالم اسکا محتاج ہے بغیر اسکی مدد کے پڑھا لکھا نہین سکتا ہے جسنے اسکی عزت نہ کی وہ
ساری خدائی مین رسوا ہوا جاہل نام رکھا گیا لوگون کی آنکھون سے گر گیا کیسا ہی پڑھا لکھا ہو اگر اس علم کی طرف متوجہ نہین ہے
تو ضرور ہی ٹھوکرین کھائیگا اصطلاحات سخت سخت کے سمجھانے سے ہمیشہ بے اختیار رہیگا اگر تھوڑا پڑھا ہے مگر علم لغت سے
ماہر ہے تو ضرور لوگ اوسکو پڑھا لکھا جانینگے اور سارا اگر اس سے واقف نہین ہے اوسکو کیسے ہمہ دان کہینگے انسان کو اسکا سیکھنا
لازم و واجب ہے اور اوسکی کتابون کو عزت کی نظرون سے دیکھنا مناسب بلکہ انسب ہے اس کتاب مین ہر ایک
لغت کے سامنے ایک علامت لکھدی ہے تاکہ ناظرین کو معلوم ہو جاوے کہ یہ لغت عربی ہے یا فارسی یا ترکی یا معرب
ہندی یا یونانی (ع) عربی (ف) فارسی (ت) ترکی (م) معرب (ھ) ہندی (ی) یونانی۔ اب
اسکے بعد چند اصطلاحات کو لکھتا ہون جنکا جاننا بہت ضروری ہے۔

حرکت زیر و زبر پیش کو کہتے ہین۔ **متحرک** وہ حرف ہے جو زبر زیر پیش رکھتا ہو۔ **فتحہ و فتح و نصب** زبر کو کہتے ہین (َ)
مفتوح و منصوب وہ حرف ہے کہ جسکو زبر ہو جیسے آزمان کا الف اور چمن کی چے۔ **بفتح و بالفتح**
بفتح اول یعنے لغت کے پہلے حرف کو زبر ہو جیسے ابجد۔ بدلی۔ **بفتحتین** یعنے لغت کے دو حرفون کو زبر ہے
جیسے اَلَن۔ و بَیَابَانی۔ **تحریک** دونون حرف کو زبر ہے ساکن نہین ہین جیسے۔ رقم۔ خلف۔
حرکات سبکو زبر ہے۔ قلم۔ حیوان۔ **ضمہ و ضم و رفع** پیش کو کہتے ہین۔ (ُ) **مضموم و مرفوع** وہ حرف ہے
پیش رکھتا ہو۔ **بضم و بالضم و بضم اول** یعنے لفظ کے پہلے حرف کو پیش ہے جیسے۔ اُستوانہ۔ و اُسترہ
اُنجار۔ و شُبہانہ۔ **بضمتین** لغت کے پہلے اور دوسرے حرف کو پیش ہے جیسے۔ اُجُوزہ
تشدید ایک جنس کے دو حرفون کو ملا کے پڑھنا اوسکی صورت یہ ہے (ّ)۔ جیسے اشخاذ کی تے اور تجو کی جے۔
مشدد وہ حرف ہے کہ جسپر تشدید ہو جیسے جنّا اور جنّا۔ کا نون حرف مشدد دو بار پڑھا جاتا ہے۔ **کسرہ و**

کسرہ و جر۔ زیر کو کہتے ہین۔ مکسور و مجرور وہ حرف کہ زیر رکھتا ہو جیسے۔ حِص۔ کی حا۔ بکسرہ یا الکسرہ
بکسر اول یعنے لفظ جسکے پہلے حرف کو زیر ہو۔ اِشاعت۔ کے الف کو زیر ہی اور۔ اِدھر۔ کے الف کو زیر ہی
بکسر تین یعنے لفظ کے پہلے اور دوسرے حرف کو زیر ہو۔ رِچِگل۔ سکون جزم کو کہتے ہین۔ (۵) جیسے۔ اُدھر۔ کی
ث۔ اور۔ اُدن کی واو پر جزم ہی۔ ساکن وہ حرف جو جزم رکھتا ہو جیسے۔ اُدھر۔ کی ذ۔ اور۔ اُدن۔ کا واو
تخفیف مشدد نہیں ہی جیسے۔ جنا۔ الف ممدودہ وہ الف ہی کہ دوسرے الف کے ساتھ ملاکر
پڑھا جاوے جیسے۔ آمد۔ و۔ آنا۔ الف مقصورہ وہ الف جو دوسرے الف کے ساتھ نہ ملے جیسے
ابطا۔ و۔ انا۔ موقوف وہ حرف ہی کہ وہ اور اوسکا ماقبل متحرک نہو جیسے۔ دوست۔ کا سین۔ معجمہ و
منقوطہ وہ حرف ہی کہ نقطہ رکھتا ہو جیسے۔ ب ت وغیرہ۔ مہملہ و غیر منقوطہ وہ حرف ہی کہ جسپر نقطہ نہو جیسے
اح وغیرہ۔ فوقانی وہ حرف کہ اوپر نقطہ رکھتا ہو مگر اصطلاح مین فوقانی سوائے۔ ت۔ کے اور حرف کو نہین کہتے ہین
تحتانی وہ حرف ہی کہ اوسکے نیچے نقطہ ہو لیکن اصطلاح مین تحتانی سوائے۔ ی۔ کے اور کو نہین کہتے ہین۔ تازی یا عربی
وہ حرف ہین جو زبان عربی مین آتے ہین سے [illegible] حرف ہشت اند در فارسی نایدہمی تا نیاموزی نباشی اندرین
معاف + بشنو از من [illegible] ہمزہ و ہا و حا و صاد و ضاد و طا و ظا و عین قاف + عجمی فارسی
وہ حرف ہین کہ زبان پارسی سے خصوصیت رکھتے ہین۔ پ۔ چ۔ ژ۔ گ۔ موحدہ وہ حرف جو ایک نقطہ رکھے
لیکن اصطلاح مین۔ بے۔ کو کہتے ہین۔ مثناۃ وہ حرف جو دو نقطے رکھتا ہو مگر اصطلاح مین۔ ت۔ کو کہتے
مثلثہ وہ حرف کہ تین نقطے رکھتا ہو مگر اصطلاح مین۔ ث۔ کو کہتے ہین۔ جیم عربی۔ ج۔ جیم فارسی۔ چ۔
دال عربی۔ د۔ دال ہندی۔ ڈ۔ رے ہندی۔ ڑ۔ زے فارسی۔ ژ۔ کاف تازی یا عربی
ک۔ کاف فارسی۔ گ۔ واو معروف وہ واو کہ ماقبل اوسکے ضمہ ہو اور خوب ظاہر پڑھا جاوے جیسے
نُور۔ کا واو۔ واو مجہول وہ واو کہ ماقبل اوسکے ضمہ ہو اور خوب ظاہر نہ پڑھا جاوے جیسے۔ گور۔ کا واو۔ یای معروف
وہ یے ہی کہ جسکا ماقبل کسرہ ہو اور خوب ظاہر پڑھی جاوے جیسے۔ نبی۔ اور۔ سیون۔ کی یے۔ یای مجہول وہ یے ہی کہ جسکے ماقبل
کسرہ ہو اور خوب ظاہر نہ پڑھی جاوے جیسے۔ کے وسے۔ سیوتی کی یے۔ حذف دور کرنا کسی لفظ کا محذوف وہ لفظ
جو دور کیا گیا ہو۔ ملفوظ وہ حرف کہ پڑھنے مین آوے۔ غیر ملفوظ وہ حرف جو پڑھنے مین نہ آوے۔ واو معدولہ وہ واو ہی کہ
لکھنے مین آوے اور پڑھنے مین نہ آوے جیسے خویش و خود۔ کا واو۔ ہای مختفی وہ (ہ) ہی کہ واسطے اظہار حرکت کی آخر کلمے مین لکھتے ہین جیسے
پروانہ۔ کی (ہ) مخفف وہ لفظ کہ جسمین سے کوئی حرف کم کیا جاوے جیسے۔ بد۔ مخفف بود کا۔ صیغہ لفظ کو کہتے ہین۔
معرب عجمی سے عربی مین لایا ہوا جیسے جرز معرب گرز کا ہی۔ امالہ میل دینا فتحہ کا کسرہ کی طرف اسطرح پر کہ الف
صورت یاے مجہول کی پیدا کرے جیسا کتیب امالہ کتاب کا ہی فقط

باب الف ممدودہ مع الف

آ- ف- بروزن جا بمعنے بیا کسی کو بلانا- اردو مین بھی مستعمل ہے مگر یہ برابر سے کم رتبہ والے کو کہتے ہین جیسے کہتے ہین ارے آ

باب الف ممدودہ مع باے موحدہ

آبا- ع- بمعنی پدران جمع اَبْ کی ہے کہ بمعنے پدر یعنے باپ کے ہے-

آب- ف- بسکون با ایجد ایک عنصر ہے چار عنصر سے- بمعنی رواج- رونق- عزت- آبرو- لطافت- قدر- قیمت- فیض- عطا- رحمت- دولت- ترقی- جاہ- منزلت- روشنی- چمک دمک- سخن کو بھی آتا ہے اور طرز و روش- قاعدہ- قانون کو بھی کہتے ہین- کنایہ موتی اور جواہر اور تلوار جوہر دار سے ہے-

آبدست- ف- بمعنے وضو اور پانی سے استنجا کرنا- اور بمعنی رونق کار و صنعت و زاہد پاکدامن کے بھی آتا ہے-

آب حیات- ف- بفتح حاے حطی ارض ظلمات مین ایک چشمہ ہے جو کوئی اوسکا پانی پیتا ہے اوسکو موت نہین آتی ہے- شعرا کی اصطلاح مین کنایہ عمدہ شعر و سخن و دہان معشوق و کلام معشوق سے ہے-

آبجوش برنج- ف- پیچ

آب لوچ- ف- بواو معروف جیم عربی بمعنے قند سفید-

آب سرخ- ف- بمعنے شراب سرخ-

آبگینہ- ف- بکسر ثالث بلور- شیشہ کا پیالہ- تلوار- خنجر- برف اولا

آب مروارید- ف- موتی کی چمک دمک سے کنایہ ہے اور نام ایک بیماری کا ہے جسکو اہل ہند موتیا بند کہتے ہین-

آب سند- ف- بکسر سین مہملہ و سکون نون دریاے اٹک-

آبدزد- ف- بضم دال مہملہ و سکون زا معجمہ وہ برتن جسکا منہ تنگ ہو اور نیچے کئی چھید ہون ایسے برتن کو ہندی مین پچھوکرہ کہتے ہین-

آبخورد- ف- با واو معدولہ و سکون را و دال بے نقطہ نصیب قسمت خط اور وہ زمین جسمین ندی کا دہانہ جاری ہو انسان او حیوان وہان پانی پیتے ہون کنارہ ندی یا تالاب کا-

آباد- ف- بروزن آزاد بسا ہوا ضد ویران- خوش و خوب- آفرین شاباش- نام خانہ کعبہ- درود و ثنا اور عربی مین آباد بالمد جمع اَبَدْ بفتحتین کی ہمیشہ و زمانہ ہے جسکی انتہا نہو-

آبخور- ف- با واو معدولہ براے قرشت بمعنی نصیب قسمت- رودخانہ- تالاب- نہر- عربی مین مَنْہَل و عَطَن کہتے ہین ہندی گھاٹ- پانی پینے کا برتن- گلاس- آبخورہ وغیرہ-

آب شور- ف- کھاری پانی-

آبار- ف- بروزن بازار فارسی مین بمعنے سرب سوختہ کے آتا ہے اور عربی مین جمع بئر کی بمعنے چاہ یعنی کوین ہے-

آبیار- ف- بروزن یادگار وہ شخص جو کھیتون مین پانی دے-

آبشخور- ف- بزیادت شین معجمہ و واو معدولہ بروزن دانشور روزی قسمت نصیب چشمہ تالاب ندی وغیرہ کی وہ جگہ جہان آدمی اور جانور پانی پیین- گھاٹ ہندی-

آب خیر- ف- سبیل- پوسالہ

آبشار- ف- پرنالہ- جھرنا پہاڑ مین جہان سے پانی نکلتا ہو- پہاڑ کا چشمہ

آب زر- ف- سونے کا پانی-

آب انگور- ف- شراب انگوری

آب انار- ف- شراب سرخ-

آب خضر- ف- آبحیات- ۱۲ منہ

آبگیر- ف- بروزن یادگیر- تالاب حوض و دیگر جاے جسمین پانی بھر رہے جھیل

آبکار۔ ف۔ بسکون ثالث بروزن
آبیار سقا۔ شراب فروش شراب خوار
حکاک۔ نگین ساز و بکسر ثالث بمعنے
رواج۔ رونق۔ آبرو کو بھی آتا ہے
آبدار۔ ف۔ چمکدار۔ تر و تازہ۔
سیراب۔ اور پانی رکھنے والا آدمی۔
دولتمند۔
آب خیز۔ ف۔ موج۔ لہر۔ مینڈک
آبریز۔ ف۔ جھری۔ لوٹا وغیرہ
جس سے نہاتے وقت سر پر پانی ڈالیں
ڈول۔
آب باز۔ ف۔ پیراک۔
آبنوس۔ ف۔ بفتح بائے موحدہ و
ضم نون و سین مہملہ سیاہ رنگ کی
لکڑی ہے۔
آبکش۔ ف۔ سقا۔ بہشتی۔
آب داغ۔ ف۔ بجھایا پانی۔
آب دوغ۔ ف۔ توڑ۔
آب سبیل۔ ف۔ پانی جو وقف ہو
ہندی پو۔
آبسال۔ ف۔ بمعنے باغ۔
آبسالان۔ ف۔ باغ عربی حدیقہ۔
آبحیوان۔ ف۔ بمعنی آبحیات اور شربت
آب دادن و آبیاری کردن۔
کھیت وغیرہ کو سینچنا۔

آب تاختن۔ ف۔ بروزن
کار ساختن موت مارنا۔
آبدستان۔ ف۔ آفتابہ جس سے
وضو کرتے ہیں۔
آبان۔ ف۔ فارسی مہینے کا نام ہے
اور یہ مہینا اگہن مہینے سے مطابقت
رکھتا ہے اور وہ مدت آفتاب کی
برج عقرب میں رہنے کی ہے اور نام اوس
فرشتہ کا ہے جو ابر پر موکل ہے۔
آب بپوست افگندن۔ ف۔ عیب نکالنا
آبدان۔ ف۔ تالاب۔ حوض۔
پانی کا برتن۔
آبریختن۔ ف۔ بے عزت اور خفیف کرنا۔
آبستن۔ ف۔ پیٹ ہونا۔ گابھن ہونا۔
آبادان۔ ف۔ بسنا۔ خلاف ویران
آبکانہ افگندن۔ ف۔ گابھہ ڈالنا۔
پیٹ گرانا۔
آب دندان۔ ف۔ ایک قسم کا حلوا ہے
مجازاً بمعنی شربت کے آتا ہے اور اصطلاح میں
قمار بازوں کے حریف زبون و نادان کو
کہتے ہیں اور ایک قسم انار و امرود کی ہے
آب خیر کردن۔ ف۔ سبیل رکھنا۔
آبلہ دل شکستن۔ ف۔ دل کے پھپھولے توڑنا
آبلہ زدن و آبلہ دمیدن و آبلہ کردن
ف۔ آبلہ پڑنا۔

آبروان ہ ایک کپڑا بہت باریک ہوتا ہے
آبرو۔ ف۔ باضافت بمعنی خوبی
صفائی چہرہ مجازاً بمعنی جاہ و اعتبار
رتبہ کے ہے اردو میں بھی مستعمل ہے عربی
آبگینہ۔ ف۔ بفتح نون کانچ شیشہ جسمیں
شراب و گلاب رکھیں۔ بلور۔ آئینہ
عاشق کا دل۔ آنسو۔ شراب انگوری
آب نقرہ۔ ف۔ پارہ۔
آب خانہ۔ ف۔ پاخانہ جائے ضرور
آب و دانہ۔ ف۔ خوراک کھانا پینا
آبکامہ۔ ف۔ ایک قسم کا سالن ہے
یا پیچ ہے کہ بہت سی تیز چیزوں سے بناتے ہیں
کانجی ہندی۔ نام دوا کا بھی ہے۔
آبلہ۔ ف۔ پھپھولا۔
آب مردہ۔ ف۔ پانی جو بہتا نہو
آب جل بستہ۔ ف۔ کائی لگا پانی۔
آبراہیم۔ ف۔ بارش فرشتہ بروزن
چار پایہ۔ جھری۔ بدرو۔ سیلاب۔ برج
آبخورہ۔ ف۔ بضم خا جھجھر پانی پینے کا
چھوٹا برتن اکثر تو مٹی کا ہوتا ہے مگر
پیتل اور بھول اور شیشہ وغیرہ کا بھی
بنتا ہے کوب و کوزہ عربی۔
آبای علوی۔ ع۔ بضم عین مہملہ و
سکون لام و واو یائے و واو وغیرہ کنایہ
ہے فلک سے یا سات ستاروں سیارہ سے

آبی - ف - بکسر ثالث وسکون تحتانی نام رنگ کا ہی کہ ہلکا نیلگون ہوتا ہی اور نام میوہ کا ہی کہ جسکو بہی کہتے ہین و رجوع بانی مین رہی اور عربی مین انکار کرنیوالا ابا سے کہ بمعنے انکار کے ہین صیغہ اسم فاعل کا ہی۔

آبداری - ف - صفائی شفافی۔

آبپاشی - ف - کھیت کو پانی دینا سینچنا - چھڑکاو کرنا۔

آبادی - ف - بستی۔

آبکاری - ف - کارخانہ شراب کا۔ آبکاری کا محکمہ - آبکاری کی کان۔

باب الف ممدودہ مع بار فارسی

آپا - ت - بہن ہند مین بڑی بہن کو کہتے ہین

آپس - ہ - بفتح دو و ضم وسم اور آخر مین سین مہملہ قرابت عزیز بھائی و خویشی و خویشاوندی فارسی۔

آپ ہی ماری آپ ہی چلاوے - یہ جملہ اوس جگہ کہتے ہین کہ کوئی شخص خود ہی مارے اور خود ہی غل مچاوے۔ فلان یضرب و یصیح عربی - خود زند وخود فریاد کند فارسی۔

باب الف ممدودہ مع تار فوقانی

آتشپا - ف - بیقرار۔

آتت - ت - گھوڑی کو کہتے ہین۔

آتش سپید رود - ف - آفتاب - قہر غضب - شراب لعلی۔

آتش سرد - ف - بفتح سین مہملہ شراب سرخ - لب معشوق - سونا چاندی

آتش خوار - ف - نام ایک پرند کا ہی کہ آگ کھاتا ہی جسکو چکور کہتے ہین - اور کنایہ مرد بدنفس ظالم حرام خوار رشوت خوار سے ہی۔

آتش گیر - ف - بکسر کاف فارسی دست پناہ جس سے آگ اٹھاتے ہین چمٹا

آتش پیکر - ف - شوخ شیطان - بھوت پریت وغیرہ۔

آتشباز - ف - جو شخص آتشبازی کا کام کرے

آتش - ف - بفتح و کسر فوقانی وزن طرح سے درست ہے ہندی آگ - عربی نار و بمعنی رواج و رونق و غصہ و شیطان و مرد شجاع و دلیر کو بھی آتا ہی۔

آتش کش - ف - چمٹا دست پناہ

آتشدان - ف - انگیٹھی ہندی - کانون عربی و ظرف ہے کہ جسمین آگ رکھتے ہین مٹی و لوہی وغیرہ کا ہوتا ہی اکثر ایام سرما مین آگ رکھکر تاپتے ہین۔

آتش زبان - ف - بفتح زار ہوز زیادہ گو سخت مزاج آدمی - اور وہ شخص جسکی زبان باتین کرنے مین جلدی جلدی چلے - شاعر فصیح۔

آتش افتادن و گرفتن - ف - آگ لگنا

آتش دہقان - ف - بکسر را یع آگ جو گنوار موسم سرما مین سوکھی گھانس مین لگاتے ہین کہ جب پانی برسے تو نئی گھانس جلدی اگ آوے۔

آتش زدن - ف - آگ لگانا۔

آتون - ف - بروزن خاتون وہ عورت جو لڑکیون کو لکھنے پڑھنے کی تعلیم دے اہل ہند کی بول چال مین اتوجی کہتے ہین

آتش کاو - ف - کریدنی - کھدنی جس سے آگ کھودین۔

آتشیزہ - ف - چنگاری۔

آتش گیرہ - ف - بکسر کاف فارسی چمٹا - دستپنا۔

آتش زنہ - ف - چقماق۔

آتش نمرودی - ف - وہ آگ جو نمرود نے ایک فرسنگ کے احاطہ مین حضرت ابراہیم علیہ السلام کے جلانے کے لیے روشن کی تھی وہ بحکم خدا اسی گلزار ہوگئی تھی

آتش فارسی - ف - آتشکدہ کہ جو زردشت کے دین کے بادشاہون کے عہد مین فارس مین تھا اور ایک بیماری کا نام ہی جسمین بدن پر آبلے پڑجاتے ہین اوسکو فارسی یعنی آتشک کہتے ہین

آتشکاری ہے۔ ف۔ سینکنا۔

باب الف ممدودہ مع تاء ہندی

آٹا۔ ہ۔ گیہوں جو وغیرہ جب پیسے جاتے ہیں اسکو آٹا کہتے ہیں دقیق عربی آرد فارسی

آٹا ہو جانا۔ ہ۔ گھن لگ جانا۔ گل جانا

آٹھ آٹھ آنسو رونا۔ ہ۔ زار زار رونا یا بہت رونا۔ الدمع بالربعة عربی۔ بسیار گریستن فارسی۔

آٹھ پہر۔ ہ۔ ساری رات سارا دن

آٹھوں پہر۔ ہ۔ ہر وقت ہر ساعت۔

آٹھواں۔ ہ۔ عربی ثامن ہشتم فارسی

آٹھ۔ ہ۔ عدد ہے ثمان و ثمانیہ عربی ہشت فارسی

باب الف ممدودہ مع تاء مثلثہ

آثار۔ ع۔ جمع اثر بالتحریک نشانہا قدم سنتہای رسول اکرم صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم اور فارسی میں بمعنے عرض دیوار اور جو کہ آثار کے معنے سیر وزن کے مشہور ہیں یہ کتب لغات عربی و فارسی میں نظر سے نہیں گذرے۔

آثم۔ ع۔ بکسر ثاء مثلثہ گناہگار مجرم

آثام۔ ع۔ جمع اثم کی بمعنے گناہ کے ہے

باب الف ممدودہ مع جیم عربی و فارسی

آج۔ ہ۔ روز موجودہ۔ الیوم عربی امروز فارسی۔

آجر۔ ع۔ بضم جیم عربی و سکون را و حلہ پختہ اینٹ۔

آچار۔ ف۔ یعنی اچار سرکہ اور عرق میں اکثر قسم کے تیل اور نمک مرچ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں اچار بہت قسم کا ہوتا ہے اور شلجم اور گاجر وغیرہ کا پانی میں ڈالکر بناتے ہیں۔ اردو کے ہندی میں مستعمل ہے مخلل عربی اچار دریچار بھی فارسی ہے اور بمعنے زمین ناہموار کے بھی آتا ہے۔

آجل۔ ع۔ بکسر جیم عربی آنے والا جو دیر میں ہو اور کبھی عالم آخرت سے کنایہ ہوتا ہے فارسی میں بعد الف ضم جیم بمعنی گلدانا ہے

آجال۔ ع۔ جمع اجل کی بمعنے موت مرگ کے ہے

آجام۔ ع۔ نیستان درختوں کا گھنا بن

آجیدن۔ ف۔ گودنا سوئی سے کوچنا بخیہ کرنا۔

باب الف ممدودہ مع حاء حطی

آحاد۔ ع۔ جمع احد کی ہے۔ جانو کہ عددوں کے چار درجے ہیں اول آحاد ایک سے نو تک دوسرے عشرات دس سے نوے تک تیسرے مآت ایک سو سے نو سو تک الوف یعنی ہزار اکائی دہائی سیکڑا ہزار یہ چار درجے ہوئے

باب الف ممدودہ مع خاء معجمہ

آخ تھو۔ ف۔ کلمہ تحسین و آفرین کا ہے بمعنی شور و فغان کے بھی آتا ہے۔

آخرت۔ ع۔ قیامت۔

آخوند۔ ف۔ بالف ممدودہ و فتح خاء معجمہ کے یعنی ضمہ رکھتا ہے اور واو معدولہ ہے بمعنی استاد و معلم اور خ کو پیش سے بھی آیا ہے جو کوئی الف کو غیر ممدودہ اور خ کو جزم اور واو کو فتحہ پڑھتا ہے غلطی کرتا ہے۔

آخذ۔ ع۔ بکسر خاء معجمہ و ذال معجمہ بمعنی لینے والا۔ پکڑنیوالا۔

آخر۔ ع۔ بکسر خاء معجمہ پچھلا ضد اول کا اور فارسی میں بضم خاء معجمہ اگلی گلی کی ہڈی

آخر الامر۔ ع۔ آخر کو۔ اسباب کے آخر

آخور۔ ف۔ بواو معدولہ و آخر بغیر واو گھوڑوں کے چرنے کی جگہ اور گھوڑوں کے گھانس کھانے کی جگہ تھان۔ اصطبل۔ اردو میں آخور بمعنی واہیات خرافات چیز کے مستعمل ہے۔

آخسیمہ۔ ف۔ بعد الف و یے مد ایک قسم کی شراب ہے۔

آختہ۔ ہ۔ بفتح خاء معجمہ و تاء فوقانی بر وزن ساختہ۔ اردو ہندی میں اس گھوڑے کو کہتے ہیں جب کہ خصیے نکال لیں اور فارسی میں بفتح الف مقصورہ

وسکون خار معجمہ بروزن تختہ اوس انسان اور حیوان کو کہتی ہین جسکے بیضے نکالیے جاوین خصی عربی آختہ بالمد تلوار کھینچی ہوئی کی بھی معنی ہین۔

باب الف ممدودہ مع دال مہملہ

آدھا۔ ہ۔ بفتح دال مہملہ نصف عربی نیم و نیمہ فارسی۔

آدھون آدھ کرنا۔ ہ۔ تنصیف عربی

آدھا ساجھا۔ ہ۔ تجارت بیوپار یا کسی شئے مین آدھون آدھ کی شریک ہونا۔

آداب۔ ع۔ جمع ادب کی ہی علم عربی مین اسکی بارہ قسمین ہین علم لغت علم صرف علم اشتقاق علم نحو علم معانی علم بیان علم عروض علم قافیہ یہ آٹھہ اصول ہین اور علم رسم خط و علم قرض الشعر یہ وہ علم ہی جس سے تمیز ہوتی ہی کہ اشعار سالم عیوب سے ہین یا نہین علم انشا علم محاضرات یعنی علم تواریخ یہ چار فروع ہین اور فارسی مین بمعنی سلام تعظیم کرنے عزت کرنے کی آتا ہی

آدھی رات۔ ہ۔ نصف شب۔

آدمیت۔ ہ۔ انسانیت خلق

آدر۔ ف۔ نشتر۔

آداک۔ ف۔ بالمد و دال مہملہ مفتوح و کاف تازی بروزن خاشاک جزیرہ یا ٹاپو

آدم۔ ع۔ حضرت ابو البشر کا نام ہی جنسے آدمی کی نسل چلی فارسی مین بمعنے خدمتگار خادم کے آتا ہے۔

آدہ۔ ف۔ چھتری کبوترون کی۔ اڈا جانور کے بیٹھنے کا۔

آداب فاضلہ۔ ع۔ پسندیدہ خصلتین حکمت۔ عفت۔ عدالت۔

آدینہ اور ادینہ۔ ف۔ روز جمعہ۔

آدم ثانی۔ ع۔ حضرت نوح علیہ السلام

آدم آبی۔ ف۔ ایک قسم کی دریائی حیوانات ہین کہ آدمی کی صورت رکھتے ہین

آدمی۔ ف۔ بمعنی اولاد آدم اور اہل ہند کی اصطلاح مین بمعنے نوکر خدمتگار کی آتا ہے

آدھی۔ ہ۔ $\frac{1}{2}$۔

آدھا سیسی۔ ہ۔ آدھی سر کا درد شقیقہ عربی درد نیم سر فارسی۔

باب الف ممدودہ مع ذال معجمہ

آذر۔ ف۔ بمعنی آگ اور نام مہینے کا ہی اور کنایہ عشق سے ہی اور اوس فرشتہ کا نام ہی جو سورج پر موکل ہی۔

آذار۔ ف۔ بفتح ذال معجمہ نام رومی مہینے کا ہی

آذربائجان۔ ع۔ نام ایک شہر کا ہی ایران کی مغربی حد مین ہے۔

آذریون۔ ع۔ آفتاب پرست یعنی سورج مکھی یہ زرد پھول ہوتا ہی

آفرین۔ ف۔ بمعنی آمین ہندی آریشر

آذان۔ ع۔ بمد الف و فتح ذال معجمہ بڑی کان جمع اذن کی ہی بمعنے گوش کے ہے

آذوقہ و آذقہ۔ ع۔ تھوڑی روزی کم کھانا۔ کم رزق۔ کم قوت۔ بجای ذال معجمہ کی دونون لفظون مین زا معجمہ لکھنا بھی درست ہی۔

باب الف ممدودہ مع را مہملہ

آرنج۔ ف۔ کہنی اور بازو کو بھی کہتی ہین

آرد۔ ف۔ برای موقوف و بفتح را بمعنی آٹا۔ اناج پسا ہوا۔ اور تقصیر کے معنی بھی ہین۔

آرش۔ ف۔ بفتح را مہملہ و شین معجمہ ایران کی ایک پہلوان کا نام ہے کہ تیر اندازی مین بڑا استاد تھا کہتی ہین کہ اوسکا تیر چالیس منزل کی فاصلے پر جاتا تھا۔ ارش بغیر مد بفتحتین کہنی سے اونگلیون کی سرتک۔ ع۔

آرائش۔ ف۔ بروزن آسائش بمعنے زیب۔ زینت۔ ٹھاٹھہ۔ رسم۔ عادت اور اردو و ہندی مین اون تختون کو کہتی ہین کہ بیاہ شادی مین ابرک و کاغذ کی پھول کتر کی اوسپر نقلی باغ و گلدستہ طرح طرح کی لگاتی ہین اور سابق ہندی مین آگی آگی جلوس کی لیچلتی ہین کاغذین باغ فارسی۔

آرامش - ف - بروزن آسایش
بمعنی راحت و آرام -
آروغ - ف - بواو و بدون واو ڈکار -
آرسی مصحف - ہ - ہندوستان کی
رسم ہے کہ جب برات کے دن بعد عقد کے
دولہا رسموں سے فراغت پاتا ہے
تو دولھن و دولھا کو آمنے سامنے بٹھاکر
بیچ مین قرآن شریف اور آئینہ رکھتے ہین
اور کلام اللہ مین سورۂ اخلاص
کھولکر دولھن سے کہتے ہین کہ تم آئینہ مین
اپنا منھ دیکھو اور خاص مطلب یہ ہوتا ہے
کہ دونون اسمین ایک دوسرے کو دیکھین
اور سورۂ اخلاص اسلیے ہے کہ باہم اخلاص رہے
آرام - ع - بالمد ریم کی جمع ہے - ہرن کا
بچہ - اور فارسی مین بمعنے قرار و سکون
کے اور اردو ہندی مین بمعنی صحت -
تخفیف مرض - نیند - چین - سکھ
کل کے آتا ہے -
آرزم - ف - بتقدیم رای مہملہ مفتوح
بر زای معجمہ ساکن بمعنی لڑائی جنگ
آراستن - ف - سنوارنا خوشنما کرنا
آرادان - ہ - مقابہ کی صورت کا
ایک چھوٹا سا پاندان ہوتا ہے -
آراستہ - ف - زیبائش کیا ہوا -
آریہ - ع - بمد ہمزہ و کسر رای مہملہ و
تحتانی مشدد طویلہ -
آرہ - ہ - بالفتح و رای مہملہ و ہای مختفیہ
آخر مین بڑھئی کا وہ اوزار ہے جس سے
دو آدمی ملکر لکڑی وغیرہ کو چیرتے ہین
آرہ فارسی منشار عربی -
آردی - ف - بدال مہملہ ایک قسم ہے
شفتالو کی -
آری - ع - بکسر را و تشدید یا بمعنے
اصطبل گھوڑون کی گھانس کھانے کی جگہ
اور وہ رسی جس سے چارپایون کے
پاؤن باندھتے ہین اور فارسی مین بتخفیف
یای مجہول بمعنے ہان اچھا - جی سچ ہے
آرای - ع - جمع رای کی کہ بمعنی فکر
اور بینائی دل کے ہے -
آرام پائی - ہ - ایک قسم کی کھیتلی
جوتی ہے -
آری - ہ - بفتح رای مہملہ و سکون تحتانی
لکڑی چیرنے کا چھوٹا اوزار جسکو ایک ہی
ہاتھ سے چلاتے ہین بڑے کو آرہ اور
چھوٹے کو آری کہتے ہین -
آرسی - ہ - بسکون دوم و کسر سین
مہملہ ہاتھ کے انگوٹھے مین عورتون کے
پہننے کی انگوٹھی ہوتی ہے اسپر گول تکلیسی کا
ٹکڑا قلعی کیا ہوا لگا ہوتا ہے اوسمین
عورتین منھ دیکھتی ہین مراۃ عربی آئینہ فارسی

باب الف ممدودہ مع رای ہندی

آڑا - ہ - برای ہندی ہمزہ کی آخر مین الف
طول و عرض مین جو ٹیڑھا ہو منحرف ترچھا
اریب فارسی -
آڑا چوتالا - ہ - ساڑھے بارہ تالون میں
ایک تال کا نام ہے جو اکثر دہرپت کے ساتھ
بجتا ہے -
آڑے آنا - ہ - مدد کرنا حمایت کرنا
آڑھتیا و آڑتی - ہ - مہاجن کوٹھی والا
مال کا بکوانے والا خرید کرانیے والا -
معتمد علیہ -
آڑہت و آڑت - ہ - کمیشن -
حق السعی لین دین حساب و کتاب
ایک مہاجن یا سوداگر سے اور دوسرے
سے باہمی خرید و فروخت ہونے کا ہونا
آڑبند - ہ - تہبند - لنگوٹ جو
پائجامہ کے نیچے اکثر لوگ باندھ لیتے ہین
آڑ - ہ - جو چیز کسی چیز کے دیکھنے کی
مانع ہو درخت یا ٹٹی کی آڑ مین چھپنا
کہ دوسرا دیکھ نسکے -
آڑ پاڑ - ہ - بابار فارسی برای نام
کسیکی ذمہ داری کرنا -
آڑو - ہ - بضم دوم ایک قسم میوہ کی ہے
خوخ عربی شفتالو فارسی -
آڑسے - ہ - سیدھے کی ضد -

باب الف ممدودہ مع زای عربی و زای فارسی

آزمانا - ہ - کسنا - جانچنا - امتحان لینا - امتحان - تجربہ - اختبار عربی - آزمودن فارسی
آزردہ پشت - ف - کبڑا -
آژنج - ف - بمد ہمزہ و کسر زای فارسی و سکون تحتانی آخر مین جیم معجمہ آنکھو کا کیچڑ - چیپڑ -
آژخ - ف - بفتح زای فارسی و خاے معجمہ بمعنے مسّا و زاے معجمہ سے بہی آتا ہی -
آزاد - ف - بروزن آباد جو کسی کی ملک نہو - سیدہا - بے قید - بے عیب - سوسن سفید - اسکو آزاد اسلیے کہتے ہین کہ رنگ سے آزاد ہی - درخت بیکاٹن اور درخت بے میوہ اہل لغت فرماتے ہین کہ سوسن کو آزاد اس سبب سے کہتے ہین کہ پتے اوسکے سیدہے ہوتے ہین اور سرو کو آزاد اس سبب سے کہتے ہین کہ خزان کا اسپر اثر نہین ہوتا اور سیدہا اور بے ثمر ہوتا ہی اور صوفی کی اصطلاح مین جو آدمی کسی امر کی پابندی نکرتا ہو رند مشرب اور ایک فرقہ فقیرون کا جو کہ داڑہی موچہین منڈواتے ہین نشہ وغیرہ بید سے بہنگ کہاتے پیتے ہین شادی بیاہ نہین کرتے یہ فرقہ بالکل خلاف شرع ہوتا ہی - صاف گو - نڈر -
گستاخ - بے سروسامان -
آزمند - ف - لالچی - حریص - حرصی
آزر - ف - بفتح زاے معجمہ بروزن مادر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام ہی اور اہل تاریخ کہتے ہین کہ آزر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچا کا نام ہی اور تارخ باپ کا نام ہی مگر بعد مرنے تارخ کے آپ کے چچا نے آپ کو پالا ہی -
آزار - ف - دکھ - بیماری -
آزور - ف - بواو معروف و راے مہملہ لالچی
آز - ف - حرص - لالچ -
آزمائش - ف - امتحان - آزمانا - پرکھنا - تجربہ عربی - آزمودن فارسی -
آژنگ - ف - بفتحتین و سکون نون و کاف فارسی جہریان جو منہہ اور بدن پر پڑتی ہین -
آزرم - ف - بفتح زاے معجمہ و سکون راے مہملہ بمعنی شرم و حیا - لالچ - شفقت - بزرگی - عدل - راحت - دوستی - طاقت - غضب - ظاہر - غم و رنج - گناہ - نام خسرو کی لڑکی کا ہی -
آزمودن آزمیدن - ف - آزمانا - جانچنا -
آژدن - ف - گوچنا - گودنا -
آزردن - ف - بفتح زاے معجمہ ستانا - آزردہ کرنا - اور بضم زا سے غلط ہی اسلیے کہ مخفف آزاریدن کا ہی -
آزردگی - ف - ناراضی - خفگی - رنج -
آزاری - ف - بیمار -
آزادی - ف - بے قید - بے عیب ہونا -
آژینہ - ف - بمد الف و کسر زاے فارسی چھینی

باب الف ممدودہ مع سین مہملہ

آسرا - ہ - بکسر سین مہملہ توقع - امید - آس - بہروسا - رجاء - امل عربی - امید - چشم فارسی -
آستین چڑہانا - ہ - کسی کام پر آمادہ ہونا - تشمیر عربی -
آسا - ف - بمعنی مانند - مثل اور ترکیب اسم سے بمعنی آسودہ کرنیوالا - اور بمعنی انگڑائی کے بہی آتا ہی بمعنے زیب و زینت - آسائش - طرز - قاعدے کے بہی آتا ہی -
آسیا - ف - پنچکی اور مطلق چکی کو بہی کہتے ہین -
آسیب - ف - بکسر سین مہملہ دکھ - خطرہ - صدمہ - آفت - چوٹ - وشتگا اردو مین بمعنی بہوت پریت جن کے بہی آتا ہی -
آسیاب و آسیای آب - ف - پنچکی
آسمان آژند - ف - نجومی -
آسیامی کاغذ - ف - کاغذ کی پہرکی

جو ہوا سے بھرتی ہے۔
آستر۔ ف۔ بالف ممدودہ ضد ابرہ۔
آسمانگیر۔ ف۔ شامیانہ۔
آسمانی تیر۔ ہ۔ تیر کو چھوڑیں
مگر نشانہ معین نہو تیر ہوائی فارسی
آساس۔ ع۔ بالمد بمعنی بنیادیں۔
اور بغیر مد کے بمعنی بنیاد یعنی جڑ ہے۔
آس۔ ع۔ ایک درخت کا نام ہے
کہ فارسی میں اوسکو مورد کہتے ہیں
منقول ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا
عصا آس کی لکڑی کا تھا اور چکی کو
بھی کہتے ہیں اردو ہندی میں بمعنی
بھروسا۔ آسرا۔ توقع امید کو آتا ہے۔
آس پاس۔ ہ۔ بسکون سین مہملہ و
جو گرد۔ گرداگرد فارسی۔ قریب
حول عربی۔
آسائش۔ ف۔ آرام چین سکھ۔
آسمان۔ ف۔ یہ مرکب ہے کلمہ
آس اور مان سے کہ بمعنی مانند
کے ہے یعنے مانند چکی کے چونکہ فقہائے
بلاد شمالی میں گردش آسمان کی مانند
چکی کے ہے بلحاظ گردش آفتاب کے
بطور گردش چکی کے ہے نہ بطور گردش
چرخی کے سما فلک مختصر اعربی اور
سپہر و چرخ بھی فارسی ہے۔

آسمان برین۔ ف۔ فلک نہم۔
آسان۔ ف۔ سہج سہل عربی۔
آستین۔ ف۔ کم و ستون عربی۔
آستان۔ ف۔ مشہور ہے بروزن
آسمان۔ بلیز چوکھٹ۔ آستانہ
بھی کہتے ہیں۔
آسیابان و آسبان۔ ف۔ چکی والا
آسن۔ ہ۔ ران۔ گھوڑے پر بیٹھنے کا
طریقہ۔ جوگیوں کے رہنے کا مقام۔
طریقہ مباشرت کا۔ پوجا کے وقت
سادھو فقیروں کے بیٹھنے کا ڈھنگ۔
آسیہ۔ ع۔ بکسر سین مہملہ و فتح تحتانی
فرعون کی بی بی کا نام ہے پوشیدہ
حضرت موسیٰ علیہ پر ایمان لائی تھیں۔
آسمانہ۔ ف۔ مکان کی چھت۔
آسیمہ۔ ف۔ پریشان دیوانہ بیہوش
اور سراسیمہ اس جگہ سے ہے۔
آسودہ۔ ف۔ بے مشقت۔ بے زحمت
آسمان درہ۔ ف۔ کہکشان۔
آسی۔ ع۔ بروزن عاصی رانشین
غمناک۔ طبیب۔ بید۔ ڈاکٹر۔
آسانی۔ ف۔ بروزن نادانی۔
آسائش۔ سہج۔
آسمانی۔ ف۔ ایک قسم کی آتشبازی سے
کہ جسکو ہوائی کہتے ہیں اور ایک

رنگ کا نام ہے جو نیلگون ہوتا ہے۔
آسودگی۔ ف۔ دولتمندی۔
بےفکری۔ چین۔ آرام۔
آسیبی۔ ف۔ بکسر سین مہملہ و سکون
تحتانی و کسر بائے موحدہ و سکون تحتانی
کہ جسپر بھوت پریت جن کا سایہ ہو
ذی جنہ عربی پری زدہ فارسی۔
آستائی۔ ہ۔ فقرہ کسی گانے کی
چیز کا۔ خیال کو بھی کہتے ہیں۔

باب الف ممدودہ مع شین معجمہ

آشنا۔ ف۔ بسکون شین معجمہ
دوست۔ واقف۔ ملاقاتی۔ جا
علاوہ اوسکے اردو میں بمعنی معشوق
یا جا شوہر۔ بازاری عورت
آتا ہے اور بمعنی پیراک کے بھی فارسی میں آ
آشوب۔ ف۔ بروزن جاروب
شور و فتنہ و غوغا۔ گھبراہٹ۔
مجتمع ہونا کسی چیز کا۔
آشناور و آشناگر۔ ف۔ پیراک۔
آش۔ ف۔ پیچ۔ طعام رقیق ال
آشام۔ ف۔ چاول کی پیچ۔
آشامیدن۔ ف۔ پینا۔
آشوردن۔ ف۔ سوندنا۔ ملانا
خمیر کرنا۔
آشوریدن۔ ف۔ گھسنا۔

آشیان بستن و چیدن و ساختن و گذاشتن و نہادن - ف - گھونسلا بنانا۔
آشیانہ برداشتن و چیدن و ویران کردن - ف - گھونسلا نوچنا۔
آشتی دادن - ف - ملاپ کرانا۔
آشیان و آشیانہ - ف - گھونسلا - اور مکان کی چھت۔
آشنارو - ف - روشناس۔
آشناہ - ف - بروزن پادشاہ پیراک۔
آشفتہ و آشفتہ حال - ف - عاشق پریشان حال - پراگندہ۔
آشمالی - ف - خوشامد - للّو پتّو کرنا - بیغیرتی - بیحیائی۔
آشنائی - ف - دوستی - یکجہتی - عاشقی - و آشکاری ہندمین بیے نکاحی عورت سے تعلق پیدا کرنیکو کہتے ہین۔
آشتی - ف - صلح - ملاپ۔
آشفتگی - ف - پراگندگی۔
آشفتہ موی - ف - بال بکھرے ہوئے

باب الف ممدودہ مع صاد مہملہ

آصف - ع - بفتح صاد مہملہ و سکون فا آصف بن برخیا ایک عالم علماے بنی اسرائیل سے تھا - اور بعض اہل لغت لکھتے ہین کہ نام حضرت سلیمان کے وزیر کا تھا
آصال - ع - بالفتح والمد جمع اصیل کی

شام کا وقت اور وہ وقت بعد عصر کے غروب آفتاب تک ہے۔

باب الف ممدودہ مع غین معجمہ

آغا - ت - بڑا بھائی - مالک - صاحب - سردار۔
آغاز - ف - بروزن آوازہ ابتدا قصد - ارادہ - صدا - ندا۔
آغوز - ف - پیوسی۔
آغوش - ف - بروزن خاموش بغل - گود - غلام - لونڈی۔
آغال و آغل - ف - کسی کو لڑائی پر آمادہ کرنا - گرفتار کرنا - گوندا یعنی وہ مکان جو آبادی یا صحرا مین چوپاؤن کے رہنے کے لئے بنا دین۔
آغالیدن - ف - ورغلانا - ہلکارنا۔
آغشتہ - ف - بفتح غین معجمہ آلودہ لتھڑا ہوا - لتھ پتھ۔

باب الف ممدودہ مع فا

آفتاب - ف - بروزن ماہتاب سورج - شمس - آفتاب بمعنی کردۂ خورشید اور بمعنی روشنی خورشید کے مجاز ہے بخلاف ماہتاب کے کہ بمعنے روشنی چاند کے ہے اور بمعنی گردہ چاند کے مجاز ہے اور قیاس ماہتاب کا آفتاب پر اور قیاس آفتاب کا ماہتاب پر خطا ہے

شراب - شراب انگوری۔
آفتاب پرست - ف - گرگٹ سورج مکھی کا پھول - نیلوفر۔
آفت - ع - بفتح فا دکھ - مصیبت۔
آفات - ع - جمع آفت کی۔
آفتاب گیر - ف - سائبان چھتری
آفریدگار - ف - پیدا کرنیوالا۔
آفرینش - ف - پیدائش - جنم۔
آفاق - ع - جمع افق کی ہے یعنی کنارے آسمان کے جو میدان صحرای وسیع مین دور سے زمین سے ملے ہوئے نظر آتے ہین مراد آفاق سے عالم اجسام ہے کہ دنیا ہے کیونکہ تمام عالم درمیان آسمان کے کنارون کے ہے
آفل - ع - بکسر فا نیچے چلنے والا۔
آفتاب لب بام - ف - قریب مرگ۔
آفرین - ف - تعریف کرنا - شاباش کہنا۔
آفلین - ع - نیچے چلنے والے۔
آفتابہ و آفتاوہ - ف - ایک ظرف لوٹے کے مشابہ ہوتا ہے جسمین دستگی اور ٹونٹی لگی ہوتی ہے سلفچی کا خاص جوڑ ہے اوس سے ہاتھ منھ دہوتے ہین مطہرہ - قمقمہ عربی - آبدستان فارسی
آفتابگیرہ - ف - چھتری۔
آفتابی - ف - لنگی - سورج مکھی وہ چیز ہے جو سایہ کیواسطے بناتے ہین اور پنکھا

جو آفتاب مین رکھی جاوے۔ ظرف آہنی جسکو ہندی مین کڑاہی کہتے ہین

باب الف ممدودہ مع قاف

آقا۔ ت۔ مالک۔ خداوند۔ اس لفظ کو جب کسی کے نام پر مقدم کرتے ہین تو تعظیم کا فائدہ دیتا ہی اور جب موخر کرتے ہین تو تحقیر کے معنی ہوجاتے ہین

آقچہ۔ ت۔ روپیہ۔ اشرفی۔

آقاسی۔ ت۔ داروغہ دیوانخانہ

باب الف ممدودہ مع کاف عربی

آکا۔ ت۔ کاف عربی۔ بڑا بھائی مگر ہندمین سپاہی پیشہ۔ بدوضع بانکی گنڈے آپس مین ایک دوسرے کو خطاب کرتے ہین۔

آکھر۔ ہ۔ بہائم کے رہنے کا مقام

آک۔ ف۔ بمعنی عیب۔ آفت۔

باب الف ممدودہ مع کاف فارسی

آگ بجھانا۔ ہ۔ پانی یا مٹی سے آگ کو ٹھنڈا کرنا۔ اطفا عربی سرد کردن آتش فارسی۔

آگا۔ ہ۔ پیچھے کی ضد۔

آگا پیچھا کرنا۔ ہ۔ ہیر پھیر کرنا۔ ہچکچانا۔ تامل کرنا۔

آگا پیچھا سوچنا۔ ہ۔ دور اندیشی کرنا۔

آگا روکنا۔ ہ۔ مقابل ہونا۔ سد راہ ہونا

آگ دبانا۔ ہ۔ آگ کو راکھ مین چھپانا۔ گاڑ دینا کہ بجھہ نجاوے دوسرے وقت کام آوے۔ تطمین عربی آتش بخاکستر پوشیدن۔ پنہان کردن و نہفتن و نگاہداشتن فارسی۔

آگ سلگانا۔ ہ۔ آگ کا روشن کرنا۔ آگ جلانا۔

آگ گاڑنا۔ ہ۔ آگ دبانا۔

آگ لگانا۔ ہ۔ جلانا۔ پھونکنا۔ احراق عربی آتش زدن فارسی۔ فساد برپا کرنا۔ القاء النار عربی آتش افروختن فارسی۔

آگ لگنا۔ ہ۔ آگ کا کسی شے مین اثر کرنا۔ وقوع الحریق سُعّر و رِقَ الحریق عربی آتش افتادن فارسی

آگ لینے آنا۔ ہ۔ جلدی سے آکر چلے جانا اولٹے پاؤن پھر جانا۔ آمدن برائے آتش بردن فارسی۔

آگ۔ ہ۔ معروف۔ نار عربی۔ آتش فارسی۔

آگ کا پھول۔ ہ۔ چنگاری۔ مدار کا پھول۔

آگین۔ ف۔ بکسر کاف فارسی بھرا ہوا۔ پر۔ بھرتی۔

آگن۔ ف۔ بکسر کاف فارسی بھرتی

آگے بڑھ ہو۔ ہ۔ سواری کے ساتھ چلو۔ دور ہو۔ یہان کچھہ نہین ملیگا۔ آگے بڑھکر بھیک مانگو۔

آگھو۔ ہ۔ بفتح دوم مخلوط التلفظ بہا ایک درخت کا نام ہی عشر عربی مدار کا درخت ہندی۔

آگاہ۔ ف۔ خبردار۔

آگنہ۔ ف۔ بکسر کاف فارسی بھرتی روئی یا اون جو لحاف وغیرہ مین بھرتے ہین

آگاہی۔ ف۔ خبرداری۔

آگے۔ ہ۔ پیش روبرو۔ فارسی۔ قبالہ۔ قدام۔ حضور عربی۔

اگلا زمانہ۔ زمانۂ گذشتہ فارسی۔

آگے پیچھے۔ ہ۔ ایک کے بعد ایک قطار کی قطار۔

باب الف ممدودہ مع لام

آلا۔ ع۔ نعمتین۔

آل تمغا۔ ت۔ کسی کو زمین اور جاگیر نسلاً بعد نسل بخشنا۔ فرمان شاہی۔ بادشاہی مہر۔

آل عبا۔ ع۔ باضافت فتح عین مہملہ بار موحدہ عبارت حضرت فاطمہ و علی و حسنین صلوات اللہ علیہم اجمعین کو عبا کملی اور چادر کو کہتے ہین آیت ... کہ ایک دن ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم

ہر چہار تن مذکور کو بلا کر ایک عبا
کر دہاری دار تھی انپر اوڑھا دی اور آنحضرت نے
اور آیۂ تطہیر پڑھی پس انہیں پانچوں کو
پنجتن کہتے ہیں۔

آلا۔ ہ۔ تازہ زخم۔

آلت۔ ع۔ کاریگر کا ہتھیار۔

آلات۔ ع۔ جمع آلت کی اوزار ہتھیار۔

آلوس۔ ف۔ بروزن ناموس بسبب
غصہ و ناز کے آنکھیوں سے دیکھنا۔

آلاس۔ ف۔ بمد الف و سین مہملہ کوئلا

آلائش۔ ف۔ بروزن آسائش
آلودگی عیب۔ گنہگاری خیانت
فسق و فجور۔

آلاف۔ ع۔ جمع الف کی ہزاروں

آلنگ۔ ف۔ بفتح لام و سکون نون
و کاف فارسی سبزہ زار۔ چراگاہ۔
صحرا۔ شور چال۔

آل۔ ف۔ سرخ رنگ۔ گودڑ
ایک قسم کی شراب ہے اور خیمہ کی
لکڑی نام ایک بیماری کا ہے جچہ
زچہ کو ہوتی ہے اور عربی میں بمعنے
لڑکوں اہل خانہ کے آتا ہے۔

آلم۔ ع۔ بفتح لام درد رنج پہونچایا ہوا

آلام۔ ع۔ جمع الم کی درد رنج دکھ۔

آلفتن۔ ف۔ بضم لام پریشان ہونا

آلفتہ۔ ف۔ بضم لام رند مشرب

آلوچہ۔ ف۔ ولایتی میوہ کا نام ہے
کہ شیریں ہوتا ہے۔

آلودگی۔ ف۔ ناپاکی۔ آلائش۔

باب الف ممدودہ مع میم

آما۔ ف۔ صیغہ امر کا ہے آزمودن سے
مگر ترکیب اسم سے معنی فاعل کے
پیدا کرتا ہے یعنے پر کرنیوالا۔

آمنا سامنا۔ ہ۔ مواجہہ۔

آمد و رفت۔ ف۔ آنا جانا۔

آماج۔ ف۔ بروزن تاراج نشانہ
تیر اور بندوق کا بعضے کہتے ہیں کہ
آماج جیم عربی اور جیم فارسی سے وہ
خاک تودہ جسپر نشانہ نصب کریں
اور فارسی میں آماج بمد ہمزہ
و جیم تازی بمعنی ہل کے ہے کہ جس سے
زمین جوتتے ہیں۔

آمد۔ ف۔ آیا۔

آمد و شد۔ ف۔ آنا جانا۔

آمر۔ ع۔ بکسر میم حکم کرنیوالا۔ حاکم۔

آموزگار۔ ف۔ استاد۔ شاگرد۔

آمرزگار۔ ف۔ بخشنے والا گناہ کا۔

آمیغ۔ ف۔ ملا ہوا۔

آماس۔ ف۔ ورم۔ سوجن۔

آمرزش۔ ف۔ بخشنا گناہ معاف کرنا

آمیزش۔ ف۔ ملانا۔ گھال میل

آموزش۔ ف۔ سیکھنا سکھلانا۔

آمال۔ ع۔ امیدیں جمع امل کی ہے۔

آمل۔ ع۔ بضم میم ایک شہر کا نام ہے
مانند ران سے۔

آمین۔ ع۔ دعا کو قبول کر خدا ایسا ہی کر

آمنہ۔ ع۔ بکسر میم و فتح نون رسول اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا نام ہے

آمہ۔ ف۔ بروزن نامہ دوات۔

آمیزہ۔ ف۔ کم بڑھی داڑھی۔

آملہ۔ ف۔ بضم میم آنولہ۔ آملج اسکا معرب

آمیزہ موی۔ ف۔ کم بڑھی داڑھی

آمدنی۔ ہ۔ پیداوار۔ حاصلات۔

آمنے سامنے۔ ہ۔ روبرو۔ مقابل۔

باب الف ممدودہ مع نون

آنفا۔ ع۔ بکسر نون ابھی۔

آناً فاناً۔ ع۔ دم بدم دمبدم۔

آنا۔ ہ۔ بمعنی آمدن مجیئی اتیان عربی۔

آنا جانا۔ ہ۔ آمد و رفت کرنا۔

نکلنا پیٹھنا۔ تمرد عربی۔

آنکھیں آٹھنا۔ ہ۔ مشہور ہے۔ ہیجانہ
الرمد عربی بادشدیر خاستن فارسی

آنسو بہنا۔ ہ۔ ہمع و ہموع عربی
اشک از دیدہ روان شدن فارسی۔

آنسو ٹپک پڑنا۔ ہ۔ مشہور ہے

اسبال عربی۔
آنکڑا۔ ھ۔ مشہور ہی عقفا عربی
لوہے کی ایک ٹیڑھی چیز ہوتی ہی۔
آنکھہ پھڑکنا۔ ھ۔ پپوٹے مین خود بخود
حرکت کا ہونا اختلاج العین عربی
چشم پریدن فارسی۔
آنکھہ پھوٹنا۔ ھ۔ اندھا کرنا۔
تقفار عربی چشم کور کردن فارسی۔
آنکھہ نیچی کرنا۔ ھ۔ شرمندہ ہونا۔
غض عربی چشم فرو کردن فارسی
آنکھہ دکھانا۔ ھ۔ غصہ سے گھورنا۔
زنہرہ عربی چشم نمائی کردن فارسی
آنکھہ مچولا۔ ھ۔ بچون کا ایک کھیل ہے
کہ آپسمین جب بہت لڑکے ہوتے ہین
تو ایک کی آنکھین بند کرکے اور سب
چھپ جاتے ہین جب اوسکی
آنکھین کھولدیتے ہین تو وہ ڈھونڈھتا ہے
جب اوسنے ڈھونڈھکر چھولیا وہ چور ہوگیا
اوسکی آنکھین بند کین اور چھپ گئے
آنکھہ مچول اور آنکھہ مچولی بھی بعض
... ن مین کہتے ہین سر نامک و
چشم بندک فارسی۔
آنکھہ مارنا۔ ھ۔ اشارہ کرنا۔
... عربی۔ چشمک زدن فارسی۔
... نا۔ ھ۔ تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔

آنب۔ ھ۔ بغفار نون وسکون
بار موحدہ ہندوستان مین درخت کا
پھل جس سے کچے کا اچار و مربی وغیرہ
بناتے ہین اوسکو کیری اور امبیا کہتے ہین
اور پختہ کا رس چوستے ہین یا گودا کھاتے ہین
انبج عربی انبہ و نغزک فارسی۔
اب مشہور املا آم ہے۔
آنت۔ ت۔ بسکون نون
تار قرشت بمعنے ترا۔ آن کے
ہی اور معنی زہی و خہ خہ کہ کلمہ تحسین کا ہی
بھی کہا جاتا ہی۔
آنات۔ ع۔ بمعنی اوقات۔
آنٹ۔ ھ۔ چاندی یا سونے پر
سوہن وغیرہ سے ایک لکیر کر دینا کہ کھرا
کھوٹا معلوم ہو جاوے۔
آنٹ سانٹ۔ ھ۔ میل جول
قول قرار۔
آنچ۔ ھ۔ زبانہ آتش اردو مین
تاپنا ضرر صدمہ کے معنون مین بھی آتا ہی
آنس۔ ع۔ بکسر نون انس و محبت
اختیار کرنیوالا اور بفتح نون
بہت خو پکڑنیوالا۔
آنکس۔ ھ۔ بغفار نون ضم کاف
عربی و سین مہملہ آخر مین فیلبان ایک
لوہے کا آلہ اپنے پاس رکھتا ہی اوس سے

ہاتھی کو ہانکتا ہی مقمعہ عربی گجک فارسی
آنف۔ ع۔ بکسر نون فرمانبردار۔
اول وقت۔ آہستہ۔ سابق۔
آنک آنک۔ ت۔ بفتح نون و کاف
تصغیر اشارہ بعید کی طرف جیسے اینک
اشارہ قریب کی طرف سے آبلہ جو بدن کا
اوٹھتا ہی الکنون الکنون یعنی ابھی ابھی
کے معنون مین بھی آتا ہی۔
آنک۔ ھ۔ حرف۔ نشانی۔
پہچان۔ بیوپاری۔ لوگ تھان پر
صرف اپنی شناخت کیلئے کچھ حروف
وغیرہ بنادیتے ہین آنگ فارسی مین بمد
و ضم نون و کاف عربی سیسا جس سے
بندوق کی گولیان بناتے ہین۔
آنول نال۔ ھ۔ بچے کی ناف مین
ایک آنت سے لگی ہوتی ہی اوسکو کاٹکر
دفن کر دیتے ہین۔
آنچل۔ ھ۔ دوپٹے۔ اوڑھنی۔
چادر۔ دوشالہ وغیرہ کا کنارہ۔
آن۔ ع۔ وقت۔ لحظہ۔ لمحہ۔
تھوڑی دیر۔ دم بھر فارسی مین بمعنے
مال اور ملکیت کے ہی۔ حرف اشارہ کی
دور کی۔ لہجہ۔ انداز۔ ادا معشوقانہ
اور ہندکی عورتین بمعنی قسم
... کے استعمال کرتی ہین جیسے تمہین ...

اسکی بڑی آن ہے۔
آن بان۔ ھ۔ تیج دہیج۔ تزک و ضعداری۔
آنوان۔ ھ۔ ایک چیز لیسدار۔ اجابت مین لپٹی ہوئی یا یونہی پیٹ سے آتی ہے۔
آنچل پلّو۔ ھ۔ مُقیش کی جہالر جو خاص اوڑہنی یا دوپٹہ وغیرہ مین ٹانکی جاتی ہے۔
آنسو۔ ھ۔ وہ قطرہ جو رونے وغیرہ کی وجہ سے آنکہہ مین آتا ہے دمع عربی اشک فارسی۔
آنیہ۔ ع۔ بمد و کسر نون جمع اِنا بمعنی باسن۔ وہ چیز جو بہت گرم ہو۔
آنہ۔ ف۔ کلمہ نسبت کا جیسے روزانہ۔
آنولہ۔ ھ۔ مشہور پہل ہے۔
آندہی۔ ھ۔ تیز ہوا۔ جہکڑ۔ گرد و غبار کا اُڑنا۔ ریح۔ زعزع عربی۔ تندباد فارسی۔

باب الف ممدودہ مع واو

آوا۔ ف۔ مخفف آواز۔
آواز پر لگنا۔ ھ۔ بولی سمجھنے لگنا۔ آواز پہچاننا۔
آواز دینا۔ ھ۔ پکارنا۔ بلانا۔
آواز کا بیٹھ جانا۔ ھ۔ آواز کا بہاری ہو جانا نزلے وغیرہ یا غل شور کرنے یا رونے سے بحّ عربی آواز گرفتن فارسی۔
آواز لگانا۔ ھ۔ گویوں کا سُر بہرنا نقیب کا بولنا۔ فقیر کا صدا دینا
آواز مین تیّی لگنا۔ ھ۔ آواز کا صاف نہونا۔ گڑگڑانا۔
آوبہگت۔ ھ۔ خاطرداری۔ تعظیم۔ تواضع۔
آوخ۔ ف۔ بفتح واو و سکون خاء معجمہ بمعنی آہ۔ افسوس کلمہ تعجب کا ہے و بمعنی نصیب قسمت کے بہی آتا ہے۔
آوند۔ ف۔ بفتح واو پانی کا برتن آگینی۔ بکسر واو۔ فریب۔ مکر۔
آواز۔ ف۔ منہہ کا بول۔ صدا اور صوت عربی۔ بانگ بہی فارسی ہے اور مرغی و مینڈک کی آواز کو عربی مین نق اور سانپ کی آواز کو فحیح عربی ہے کوے کی آواز کو عربی مین نعیق اور فارسی مین غ کا غ کہتے ہین گدہے کی آواز کو عربی مین نہیق اور گہوڑے کی آواز کو صہیل عربی مین اور فارسی مین شیہہ کہتے ہین اور بعض نے شہرہ کے معنے بہی لکہے ہین۔
آویز۔ ف۔ لٹکا۔
آویش۔ ف۔ گہانس کا نام ہے جسکو عربی مین سعتر کہتے ہین ہندی سا تر بسین مہملہ مگر اطبا صاد مہملہ سے لکہتے ہین کہ مشابہ شعیر یعنی جو کے ہو بعضی لکہتے ہین کہ بیائے مجہول و شین معجمہ سے اور بعض اہل لغت فرماتے ہین کہ اویش بشین معجمہ و نون آخر بروزن پاشیدن ہے اور بمعنی تلوار کہینچنے کے بہی آتا ہے۔
آویزش۔ ف۔ لٹکنا۔ لٹکاو۔
آونگ۔ ف۔ بسکون نون و کاف فارسی وہ چیز ہے جسپر کپڑے لٹکاتے ہین ہندی الگنی۔
آوان۔ ع۔ بالف ممدودہ جمع آن کی ہے کہ بمعنے وقتون کے ہے۔
آو۔ ف۔ بروزن واو پانی باء موحدہ کو واو سے بدلا ہے۔
اورجہ۔ ف۔ حساب کا دفتر۔
آوازہ۔ ف۔ شہرہ ناموری۔
آوہ۔ ف۔ بفتح واو وہا آخر مین بمعنی پجاوہ اور جسمین کمہار اور کسگر مٹی کے برتن پکاتے ہین۔ آتون و کورۃ الفخار عربی داش و خمدان فارسی و بمعنی آہ و افسوس کے بہی آیا ہے۔
آویزہ۔ ف۔ ایک زیور کا نام ہے

جو کان مین پہنا جاتا ہے لٹکا ہوا۔
آویزہ۔ ع۔ بکسر واو و فتح نون معنی
اوقات جمع اوان کہ معنی وقت کے ہے
آوارہ۔ ف۔ بفتح را ابتر تستت
پراگندہ و پریشان و سرگردان
مفقود الخبر۔ ویران۔ خجل۔
آوارگی۔ ف۔ پریشانی۔ بیہودگی

باب الف ممدودہ مع ہا

آہا۔ ف۔ ایک کلمہ ہے جو بوقت
پسند کرنے کسی چیز کے بولتے ہین اردو مین بھی
مستعمل ہے۔
آہن ربا۔ ف۔ بضم را مہملہ مقناطیس
ایک قسم کا پتھر ہے کہ لوہے کو اپنی طرف
کھینچتا ہے۔ چمبک
آہن جفت۔ ف۔ پھال ہل کا
لوہا جس سے زمین کو جوتتے ہین۔
آہنت۔ ع۔ بفتح ہا و سکون تا
ہندی چاپ سنتی عربی۔
آہن آماج۔ ف۔ پھال۔
آہنج۔ ف۔ بفتح ہا و سکون نون
و جیم عربی ارادہ۔ قصد۔
آہ سرد۔ ف۔ ٹھنڈی سانس
آہار۔ ف۔ نشاستہ وغیرہ کو پتلا
پکا کر کپڑے یا کاغذ پر پھیرتے ہین مگر
جو کپڑے پر پھیرا جاتا ہے اوسکو
کلف کہتے ہین اور جو کاغذ پر پھیرا جاتا
اوسکو آہار کہتے ہین۔
آہنگر۔ ف۔ لوہار۔
آہک۔ ف۔ بفتح ہا و کاف عربی
سفیدہ چونہ۔ گچ جسکو قلعی بھی
کہتے ہین اور وجہ تسمیہ یہ ہے کہ
جب اسپر پانی چھڑکتے ہین تو اوسمین سے
مثل آہ کے بھاپ نکلتی ہے۔
آہنگ۔ ف۔ طرز۔ روش۔
قصد۔ ارادہ۔ آواز کا اوتار چڑھاو
سر ملانا۔ آواز کو بیا کھینچنا اوسکو
ہندی مین آلاپ کہتے ہین اور
لشکر و تعجیل کے معنی مین بھی آتا ہے
آہ برآوردن۔ ف۔ کراہنا۔
آہون۔ ف۔ بروزن قارون
سرنگ۔ رخنہ۔
اہرامن۔ ف۔ بروزن پاکدامن
اہرمن بروزن لاف زدن اہرمنیا
بروزن ماہ دیدن اہرن بروزن
بازدن اہرمیو بفتح میم شیطان
جن باعتقاد مجوسیان رہنمائی بدی
اور یزدان رہنمائی نیکی ہے۔
آہو۔ ف۔ ہرن عیب۔
آہن کاو۔ ف۔ پھال۔ ہل مین
جو لوہا لگا ہوتا ہے۔
آہ۔ ع۔ ہائے کراہ۔
آہستہ۔ ف۔ دہیما۔
آہو مادہ۔ ف۔ ہرنی۔
آہو برہ۔ ف۔ ہرن کا بچہ۔
ہرنگ چھونا۔ ہرنوٹا۔
آہو پرستی۔ ف۔ کنایہ کمال
محبت شکار سے ہے۔
آہنی و آہنین۔ ف۔ لوہے کی چیز

باب الف ممدودہ مع یاے تحتانی

آیا۔ ف۔ کلمہ تمنائیہ و کلمہ استفہامیہ ہے
افسوس۔ شاید۔ استعجاب اور
واللہ اعلم کے معنون مین بھی آتا ہے
آیت۔ ع۔ نشان۔ علامت۔
حکم۔ نمونہ۔ فقرہ قرآن و توریت
انجیل وغیرہ کا۔
آیات۔ ع۔ نشانیان۔ علامتین
احکام۔ نمونے۔
آیات بینات۔ ع۔ صاف باتین
کھلی باتین۔
آیات محکمات۔ ع۔ وہ آیتین
جنکا ظاہر معنی محتاج تاویل کی نہین ہے
آیین۔ ف۔ طرز و دستور و قاعدہ
رسم۔ زیب و زینت۔
آیات متشابہ۔ ع۔ وہ آیتین
جنکے معنی صریح معین نہون بلکہ

تاویل طلب ہون اور اوس سے
بہت سی معانی پیدا ہوتے ہون
آئینۂ زانو - ف - پانون کی چپنی
آئینہ - ف - منہ دیکہنے کا شیشہ
آہی آہی - ف - آمد آمد آیا آیا
آہی - ف - مینا -

باب الف مقصور مع با موحدہ

ابا - ع - بکسر اول انکار - تہاننا فارسی
مین بفتح اول آش - شوربا -
پتلا پکا ہوا کہانا -
ابتلا - ع - بالکسر آزمانا بلا مین پڑنا
ابتغا - ع - بکسر غین معجمہ چاہنا -
مانگنا - چاہ - تلاش کرنا خواہش کرنا
ابتدا - ع - شروع کرنا ندہنا آغاز -
ابکا - ع - بالکسر رلانا -
ابقا - ع - بکسر باقی رکہنا -
ابطا - ع - بالکسر دیر کرنا -
ابنا - ع - بفتح بیٹے - ساتہی تعبیر
و بالکسر بنا کرنا -
ابرا - ع - بالکسر بمعنی ادا کرنا -
بیزار ہونا - پاک ہونا - اچہا کرنا -
ابدا - ع - بالکسر ظاہر کرنا - پیدا کرنا -
ابسناسم - بضم اول و فتح دوم
و سکون سین مہملہ و نون آخر مین لغت
کہانے کا سڑجانا - بگڑجانا -

تسنہ و غلت عربی -
ابلنا - ہ - بضم اول دیگ وغیرہ کے
پانی کا جوش کہانا - غلیان و جوش
عربی جوشیدن آب دیگ فارسی
اب - ع - بالفتح و تخفیف باپدر
باپ بہ تشدید یا تازی دوب
ہری گہانس - تلوار کی قبضہ یا ہتہ کہنا
ابواب - ع - جمع باب - دروازے
کتاب کے حصے فارسی مین بمعنی
بذر نویسی کے آتا ہے -
ابوت - ع - بضم اول و ضم با موحدہ
و تشدید واو مفتوح آخر مین فوقانی باپ ہونا
ابن الوقت - ف - وہ شخص جو
بمقتضای وقت جیسے کام کرے -
ابہت - ع - بضم اول و با موحدہ
مفتوحہ و فتح ہا بمعنے بزرگی -
اباحت - ع - بکسر حا مہملہ
حلال کرنا - مباح رکہنا -
ابریج - ع - بکسر اول و سکون ثانی
کسر را مہملہ شئی جس سے دودہ دہی
وغیرہ کو مسکہ نکالنے کی لئے متھتی ہین -
ابلوج - ع - بالفتح بمعنی قند
و شکر سفید - چینی -
ابلج - ع - بالفتح روشن ظاہر اور
مرد کشادہ ابرو -

ابن صحیح - ف - کنایہ آفتاب سے ہے
آباد - ع - بالفتح بمعنی کو سنی کہ ہے
اور مد کے ساتہہ فارسی مین بمعنے
شاباش اور دعای خیر کے آتا ہے
اباعد - ع - بالفتح جمع بعد بالضم
بمعنی دوری کے ہے اور بالکسر بمعنے
دور ڈالنا کے ہے -
اباعن جد - ع - پشتینون سے -
ابد - ع - بفتحتین بمعنی ہمیشہ - وہ زمانہ
جسکی انتہا نہو -
ابجد - ع - وہ آٹہہ کلمہ ہین جن کے حساب
جمل کے واسطے ترتیب اعداد حروف تہجی
کی مقرر ہین جیسے کہ ابجد ہوز حطی کلمن
سعفص قرشت ثخذ ضظغ -
ابوالبشر - ع - کنیت حضرت آدم کی ہے
ابشار - ع - بروزن افعال خوشخبری دینا
ابر - ف - بالفتح و سکون با بمعنی
بادل اور بفتحتین مزید علیہ بر کا کہ بمعنی
بالا کے ہے -
ابکار - ع - بالفتح کنواری لڑکیان
کنواریان اور بالکسر صبح -
ابتکار - ع - بالکسر نیا کرنا -
نیا میوہ کہانا -
ابخر - ع - بالفتح گندہ دہن -
ابتر - ع - بالفتح و تا فوقانی مفتوح

ورا مہملہ وضم کنا لنڈ و رار ناتمام۔
ڈاو لاداس باندا۔ فارسی مین
بمعنی پراگندہ وضائع کے آتاہی
اردو مین بمعنی آوارہ بدمعاش
بدچلن ۔ بگڑی ہوئی کو مستعمل ہے
الضار ۔ ع ۔ بالفتح آنکھین یا بالکسر دیکھنا
ابازیر ۔ ع ۔ بالفتح گرم مصالح
جو خوشبو کی چیزین دیگ اور
ہانڈی مین ڈالتے ہین ۔
ابحار ۔ ع ۔ بالفتح وحا وراء مہملتین
جمع بحر کی کہ بمعنے دریا کے ہے ۔
ابار ۔ ع ۔ بالفتح وتشدید بار موحدہ
کنوان کہودنے والا ۔
ابرار ۔ ع ۔ بالفتح نیک لوگ ۔
ابقر ۔ ع ۔ بفتح اول وقاف بمعنی شورہ
ابراز ۔ ع ۔ بالکسر و بآخر مین زاء معجمہ
باہر لانا ۔ ظاہر کرنا ۔ نکالنا ۔
ابریز ۔ ع ۔ بکسر اول وسکون ثانی
سونا خالص ۔ کندن کہرے چاندی
ابلاس ۔ ع ۔ بالکسر وسین مہملہ ناامید ہونا
اور رنجیدہ ہونا ۔
ابیس ۔ ع ۔ بالفتح بہت خشک ۔
کھنکھٹر ۔
ابن الامشس ۔ ع ۔ گل کالڑکا ۔
ابلیس ۔ ع ۔ بالکسر ناامید رحمت

الٰہی سے نام شیطان کا ہی ۔
ابن العرس ۔ ع ۔ بکسر عین مہملہ و
سین مہملہ نیولا ۔
ابرش ۔ ف ۔ بر وزن مہوش
وہ گہوڑا کہ جسپر کئی نقطے اوسکے
مخالف رنگ کے ہون اور رنگ
سرخ و سفید ملا ہوا ہو ۔
ابرص ۔ ع ۔ بالفتح وہ آدمی
جسکے بدن پر سفید داغ ہون ۔
کوڑہی گرگٹ ۔
ابیض ۔ ع ۔ بالفتح سفید رنگ
اُجلا ۔
ابن مخاض ۔ ع ۔ اونٹ کا بچہ
جو نر ہوا اور دو برس کا ہوا ہو ۔
ابط ۔ ع ۔ بکسر ہمزہ وطاء مہملہ بغل ۔
ابداع ۔ ع ۔ بالکسر عین مہملہ پیدا کرنا
کسی نئی چیز کا ۔
ابتلاع ۔ ع ۔ بالکسر نگلنا ۔
ابلاع ۔ ع ۔ بالکسر نگلانا ۔
ابلاغ ۔ ع ۔ بالکسر پہونچانا ۔
پیغام پہونچانا ۔
ابرق ۔ ع ۔ بالفتح ایک جسم معدنی ہے
کہ سفید اور چمکدار ہوتا ہی اوسپر تین
تین تہین ہوتی ہین ابرق معرب ابرک کا
ہی بجہت بہت ہونے کی وجہ سے

مشابہ بادل کے ابرک کاف تصغیر سے
نام اوسکا ہوا یا یہ کہ اسم تفضیل ہی
بروق سے کہ جسکے معنے چمکنے کے ہین
بلحاظ چمک کے اس نام سے موسوم ہوا
طلق معرب تلک کا ہی اور کوکب الارض
بھی عربی ہی ۔ ستارۂ زمین فارسی ۔
ابق ۔ ع ۔ بفتح اول وسکون موحدہ
بہاگنا ۔
اَبّاق ۔ ع ۔ بفتح الف وتشدید با
بہگوڑا ۔
ابریق ۔ ع ۔ بالکسر و یا معروف
بہتی چمڑے کا ظرف ٹونٹیدار معرب
ابریزا اور اطبا کی اصطلاح مین نام
ایک وزن کا ہی جو پانچ رطل کا ہوتا ہی
جسکی ایک سو اڑسٹھ تولہ نو ماشہ
ہوتے ہین اسکے ۲ ۔ ۲ ۔ رار ۲ ماشہ
۴ سرخ ہوئے ۔ روشن ۔ تلوار چمکدار
اباریق ۔ ع ۔ بہتیان ۔
اَبلق ۔ م ۔ معرب ابلک کا ہی
کہ جسمین سفید و سیاہ رنگ شامل ہو
اسکو ابلق کہتے ہین جیسے چتکبرا گہوڑے کو
ابتذال ۔ ع ۔ زیادہ صرف کرنا ۔
کسی چیز کو بیجا خرچ کرنا ۔ مجازاً بمعنی
بیقدری و بے اعتباری کے آتا ہے
ابتہال ۔ ع ۔ بالکسر تضرع وزاری کرنا

تخفیف یا بنیاد عمارت کی۔

ابعاد ثلثہ۔ ع۔ بالفتح مراد لنبائی۔ چوڑائی۔ موٹائی سی ہی۔

ابلہ۔ ع۔ احمق۔ بیوقوف۔ گودی۔ نادان۔ گول۔

ابن زُرْدُمَلہ۔ ع۔ باندی بچہ۔

ابن حَمّ الامۃ۔ ع۔ لونڈی بچہ۔

ابن مقلہ۔ ع۔ بضم میم وسکون قاف وبفتح لام ایک خطاط کا نام ہے کہ سنہ تین سو دس ہجری مین جسنے خط معقلی اور کوفی او رعلاوہ اسکے چھہ خط ایجاد کیے اور ہر خط کے لئے ایک طرز خاص مقرر کیا اور نام چھہ خط کے یہ ہین ثلث توقیع محقق نسخ ریحان رقاع کچھہ دنون کے بعد اور استادون نے دو خط اور ایجاد کیے اول خط تعلیق خط رقاع اور توقیع سے دوم خط نستعلیق خط نسخ اور تعلیق سے ابن مقلہ سے کچھہ گناہ ہوا تھا حاکم کے حکم سے اوسکا ہاتھہ کاٹا گیا۔

ابرہہ۔ ع۔ بالفتح وسکون موحدہ وفتح را مہملہ وفتح ہای اول یادشاہ حبش کے وزیر کا نام ہے کہ جسنے کعبے کے عبادتخانہ ہونے پر حسد کرکے یمن مین بتخانہ بنایا تھا اور اوسکا اقلیس نام رکھا تھا ہر چند لوگون سے کہتا تھا مگر کوئی اودس بتخانہ کی طرف رجوع نہین کرتا تھا یہ سوچا کہ کعبہ کو منہدم کرونگا تو پرستش اس بتخانہ کی بخوبی ہوگی ایک لشکر مع ہاتھیون کے بھیجا کہ کعبہ کو گرادین جب وہ لشکر کعبہ مین آیا خدا کے حکم سے جھنڈ کے جھنڈ پرندون کے آئے اور کنکریان لشکر پر برسانا شروع کیا جس آدمی یا ہاتھی جسکو وہ کنکری لگی وہ مرا غرضکہ اس طرح پر سارا لشکر فی النار ہوگیا۔

ابی۔ ع۔ بفتح اول وکسر بای موحدہ ویای معروف بمعنی سرکش اور فارسی مین بفتح اول ویای مجہول بمعنی بین حرف نفی کا ہے۔ الف زائد ہے۔

ابدالی۔ ف۔ بالفتح بمعنی فقیری اور دنیا ترک کرنا۔ خوش طبعی مسخرہ پن۔

ابلہ طرازی۔ ف۔ وہ زینت کہ کسی کو دہوکا دینے کے لئے کیجاوے۔

ابہی۔ ع۔ بالفتح آخر مین الف مقصورہ بصورت یا بہت زیبا۔

ابوی۔ ع۔ بفتحتین وکسر واو منسوب ہے آب یعنی باپ کی طرف منسوب۔

ابن آوی۔ ع۔ بالف ممدودہ وواو مفتوح اور آخر مین الف مقصورہ بصورت یے کے شغال یعنی گیدڑ۔

اُبکائی۔ ہ۔ بضم اول وسکون دوم وکاف تازی بالف وکسرہ ہمزہ جی متلانا فساد غذا سے جو معدا کہ پیدا ہوتی ہے جی تلے اوپر ہوتا ہے مگر کچھہ نکلتا نہین تہوع عربی۔ بہم بر آمدن دل فارسی۔

باب الف مقصورہ مع بای فارسی

اُپلا۔ ہ۔ بضم اول گوبر کو پاتھ کر اور اسکو خشک کرکے جلاتے ہین مشہور چیز ہے خشی عربی پاچک وغوشاک وغوشاسی فارسی۔

اُپلی جلانا۔ ہ۔ بضم اول وسکون دوم وکسر لام وسکون تحتانی مجہول وفتح جیم ولام بالف ونون بالف مشہور ہے اختتار عربی پاچک سوختن فارسی۔

اپنا۔ ہ۔ عزیز۔ قریب۔ یگانہ۔

اپہرنا۔ ہ۔ اترانا تہوڑی دولت کم ظرفی سے پہول جانا۔

اپنایت۔ ہ۔ قرابت یگانگت۔

اپاہج۔ ہ۔ لنگڑا۔ لولا۔ کنایۃً بمعنی مجہول۔ نکمہ سست کے آتا ہے۔

اَپنا بیگانہ ہونا۔ ہ۔ بفتح اول و سکون دوم و نون بالف و بفتح ہا و سکون تحتانی مجہول بیگانہ نہیں ہے یگانہ ہے۔

باب الف مقصورہ مع تار فوقانی

اتّکا۔ ع۔ بکسر اول و تشدید فوقانی مکسورہ ہمزہ ہوسا کرنا۔ تکیہ کرنا۔ تکیہ لگانا

اتّقا۔ ع۔ بالکسر و تشدید تار مکسورہ پرہیز کرنا۔

اَتقیا۔ ع۔ بالفتح پرہیزگار لوگ جمع تقی کی ہے۔

اُتار۔ ہ۔ بضم اول گہاٹ۔ معبر عربی گذرگاہ آب فارسی دوسرے سواروں کا گھوڑوں سے لڑائی کو لئے میدان جنگ میں اترنا۔ انزال عربی۔

اُتارنا۔ ہ۔ بضم اول کسی کو مکان میں اتارنا۔ اِنزال عربی فرود آوردن کسی را بمکان فارسی۔

اُترنا۔ ہ۔ بضم اول و فتح دوم اوپر سے نیچے کو آنا اور مسافر کا منزل پر پہونچنا۔ نزول عربی اور کشتی پر بیٹھکر دریا کے ایک کنارے سے چڑھکر دوسرے کنارے پر اترنا۔ عبور عربی از دریا گذشتن فارسی۔

اِترانا۔ ہ۔ بکسر اول و چہاپنا کرنا۔ ذرا سی بات میں پھول جانا۔ کم ظرفی کے سبب سے تھوڑی سی دولت پر آیدا سے گذر جانا۔ مرح بفتحتین و بطر و اشر عربی خود نمائی فارسی۔

اُتہلا۔ ہ۔ بضم اول خلاف گہرا رخراح دربہرہ و تنہ حاء عربی پیالہ بے تہ فارسی۔

اَتراب۔ ع۔ بالفتح ترب بالکسر کی جمع ہے ہمسن۔ ہمجولی۔ یار غار اور بالکسر تونگر ہونا۔ خاک میں آلودہ ہونا۔ کسی چیز پر خاک ڈالنا

اِترِب۔ ع۔ بکسر تین کرتی۔

اِتّہاب۔ ع۔ ہبہ کرنا بخشش قبول کرنا

اِتعاب۔ ع۔ بالکسر رنج میں ڈالنا اور بالفتح بہت سے رنج۔

اُترج۔ ع۔ بضم اول و سکون تار فوقانی و ضم رار مہملہ و در آخر میں جیم عربی مشدد عربی ہے اور ترنج فارسی ہے اردو ہندی میں ترنج ہی مشہور ہے ایک قسم لیمو کی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک بڑا جسکو فارسی میں بالنگ اور چہوٹا جسکو فارسی میں ترنج اور ہندی میں بجوڑہ کہتے ہیں پوست اوسکا پہلے درجے میں گرم اور دوسرے درجے میں خشک اور بیج اوسکا اول تیسرے درجے میں گرم اور دوسرے درجے میں خشک اوسکے بیج کی ہونی بواسیر کو مفید ہے اور اگر پوست سوکہا کپڑوں کے صندوق میں کہدیوین تو کپڑا نہ لگے۔

اِتّحاد۔ ع۔ بالکسر و تشدید تا محبت کرنا۔

اِتاد۔ ع۔ بالکسر سانڈا۔ گائی کی یا اون باندہنی کی رسّی۔

اِتّخاذ۔ ع۔ بالکسر و تشدید تار فوقانی مکسورہ خار معجمہ و ذال معجمہ پکڑنا

اِتّجار۔ ع۔ بجیم و رار مہملہ بر وزن اتفاق تجارت کرنا۔

اِتّکار۔ ع۔ بکسر اول و تار مشدد گھونسلا بنانا۔

اُتار۔ ہ۔ بضم اول پستی صبب عربی نشیب فارسی اور اوسکو کہتے ہیں جو چیز سر پر پہیر کر فقرا کو دین صدقہ عربی اور اوسکو کہتے ہیں کہ جو قسم کی معاوضہ میں دین کفارہ عربی

اِتوار۔ ہ۔ بکسر اول و سکون دوم روز آفتاب کسواسطے کہ ہندی میں ات بکسر الف و سکون تار فوقانی آفتاب کو کہتے ہین اور بار بالفتح بار موحدہ دن کو چونکہ ہندی میں تبدیل ہونا

سے یا کا واو کے ساتھہ جائز ہے
یے کو واو کے ساتھہ بدل دیا اتو اے ہوا
یوم الاحد ع - یکشنبہ فارسی -
اِبْہَش - ت - ستر کی لفظ ہی بمعنی گیا
اتباع - ع - بر وزن اتفاق بمعنی
پیروی وبر وزن انواع بمعنی پیرو
و پیروان -
اتساع - ع - بکسر اول و چہارم مشدد
مکسور و سین و عین مہملتین کشادہ ہونا
اتلع - ع - بالفتح وہ شخص جسکی
لنبی گردن ہو -
اتحاف - ع - بالکسر تحفہ دینا سوغات دینا -
اتصاف - ع - بکسر اول و تاء فوقانی
مکسور مشدد - تعریف کرنا -
کسی صفت سے موصوف ہونا -
اتلاف - ع - بکسر تلف کرنا - کہو دینا
اتفاق - ع - بالکسر آپسمین موافقت کرنا
کسی کام کا بے سبب اچانک ہو جانا -
اتساق - ع - بالکسر تمام ہونا -
فراہم ہونا - ترتیب دینا - درست ہونا
اتالیق - ت - بکسر لام استاد
ادب سکہانیوالا -
اتابک - ت - بفتح اول و حرف چہارم
بار موحدہ مضموم بمعنی استاد و امیر
و پدر بزرگ - لقب سعد زنگی بادشاہ
شیراز استاد سلطان سنجر ہی جسکو
سلطان نے عالت تشہیر مین اپنی سلطنت
دیدی تہی بعد وفات سلطان سنجر اتابک
بادشاہ ہوا تہا اور اتابک اوسکا
قدیمی لقب تہا وہی جاری رکہا -
اتراک - ع - بالفتح ترکی لوگ
کہ قوم مغل کی ہی مجازاً سپاہی لوگ
لُو ہے کے خود -
اتمک - ت - بفتح اول و فتح میم
و کاف عربی روٹی -
اترنگ - ہ - بضم اول و سکون
دوم و فتح رار مہملہ و سکون نون و
کاف فارسی آخر مین ہو لکڑی
دروازہ مین اوپر چوکہٹ کے
مقابلہ مین لگائی جاتی ہی ساکف
عربی مکرار فارسی -
اتکال - ع - بالکسر اعتماد کرنا -
بہروسا کرنا -
اتصال - ع - بالکسر ملنا - اور
اصطلاح اہل نجوم مین عبارت
ستارون کا ایک دوسرے پر
نظر کرنے سے ہے باعتبار فاصلہ
بروج اور درجات کے -
اتہام - ع - بالکسر تشدید فوقانی و
بروزن اقبال تہمت لگانا -
اتمام - ع - بالکسر کرنا انجام کو پہونچانا
اتم - ع - کامل - تمام - پورا -
اتسام - ع - بالکسر و تشدید تار مکسورہ
کسی چیز سے نشانمند ہونا -
اتیان - ع - بالکسر حرف سوم
یار تحتانی بمعنی رسیدگی - آنا -
اتون - ع - بفتح اول و تشدید تا
بہٹی پچاوا - آتشدان - تنور
آتشدان آہنی - و بتخفیف تا بہی آیا ہے
اتان - ت - بفتح اول گدہی مادہ خر
اتقان - ع - بالکسر استواری مضبوطی کرنا
اترسوان - ہ - بفتح اول و دوم
و سکون رار مہملہ و ضم سین مہملہ و سکون
واو و نون آخر پرسون دن سے جو قبل
دو روز کے ہو - قبیل یومین عربی
اور اگر ابعد دو روز گذرے کے ہو
عربی مین بعد یومین کہینگے -
اتزن - ہ - میلے کپڑے -
اتو - ت - بالضم و تشدید فوقانی
و بتخفیف تا دو نون طرح سے آیا ہے
اطلس گرنٹ کپڑی وغیرہ پر طرح طرح
کے نشان بنانا مگر تحقیق یہی کہ اتو
اوس اوزار کا نام ہے کہ جسکو آگ مین
گرم کرکے کپڑون پر نشان بناتے ہین
اتاقہ و اتاغہ - ت - بضم اول

کلغی جو چڑیون کے پرون کی بناتے ہین

اِتّفاقی – ع – جو بات اچانک ہو جاوے

اُتّرسری – ہ – بضم اول ہوا جو اُتر کے جانب سے چلے شمال عربی باد شمالی و شمال فارسی –

باب الف مقصورہ مع تای ہندیہ

اٹالا – ہ – بفتح اول بہت چیزون کا اکھٹا ہونا – گرستی کا بکھیڑا عربی اثاث اور مسافر کے اسباب کو عربی مین ثقل کہتے ہین –

اُٹھا دینا – ہ – بضم اول مشہور کرنے سے اخراج عربی –

اُٹھانا – ہ – بضم اول اُٹھانی کی جنبش – رفع عربی –

اُٹھنا – ہ – بضم اول و سکون تاء ہندی مخلوط التلفظ بہاء و نون بالالف کھڑے ہونا – قیام عربی –

آٹھوانسا – ہ – آٹھوین مہینے مین جو بچہ پیدا ہو –

آٹھوانس – ہ – ہشت پہل –

اٹکل – ہ – بفتح اول اندازہ تخمین – قیاس عربی –

اٹکل پچّو – ہ – نافہمی کی بات بیہودہ بات –

اٹیرن – ہ – بفتح اول ٹیڑھی لکڑی جس پر سوت لپیٹتے ہین اسناج عربی چیکا و دوک فارسی –

باب الف مقصورہ مع تای مثلثہ

اِثنا – ع – بیچ – درمیان –

اَثواب – ع – جمع ثوب کی ہے کپڑے پہننے کے –

اثاث البیت – ع – گھر کا اسباب

اثبات – ع – ثابت کرنا –

اَثاث – ع – بفتح اول اسباب خانگی

اثالا – ڈھیر ہونا – بہت ہونا –

اثاثہ اسکا واحد ہے –

اثمد – ع – بکسر میم مکسور و دال مہملہ پتھر سرمہ کا –

اثیر – ع – بفتح اول و کسر ثاء مثلثہ اونچا اور بلند – بسبب بلندی کے آسمان کو کہتے ہین اور کرہ نار کہ عناصر مین بلند تر ہے اسکو بھی اثیر کہتے ہین –

اثر – ع – بفتحتین – نشان – نشان پاؤن کا – کھوج – سراغ – اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی اور بفتح اول و سکون ثانی کسی بات کی نقل کرنا – اور حدیث نبوی صلعم جوہر تلوار کا – بالکسر نشان – پیچھا کسی چیز کا –

اَثمار – ع – بالفتح جمع ثمر کی ہے کہ بمعنی پھل کے ہے و بالکسر پھل لگنا –

اِثقال – ع – بالفتح بوجھ و وزن بالکسر بھاری کرنا –

اَثقل – ع – بالفتح اجگر – بہت بھاری

اَثل – ع – بالفتح جھاؤ کا درخت جو ندیون کے کنارے ہوتا ہے –

اَثیل – ع – بالفتح بڑے خاندان کی نسل کا –

اِثم – ع – بالکسر گناہ بالفتح گناہ کرنا

اَثیم – ع – بروزن کریم گنہگار – مجرم –

اِثنین و اِثنان – ع – بمعنی دو –

اَثمان – ع – بالفتح قیمتین –

اثنیہ – ع – بالفتح جمع ثنا کہ بمعنی تعریف کے ہے

اثنا راہ – ف – درمیان راستہ –

اثارہ – ع – بکسر ہمزہ و فتح راء مہملہ زمین جوتنا – دھول اڑانا –

اُثفیہ – ع – بضم ہمزہ و سکون ثاء و کسر فاء و تحتانی مشدد مفتوحہ چولہا –

اثاثہ – ع – بفتح اول اسباب خانگی –

اثافی – ع – بفتح اول تین پایہ کا چولہا –

اثنا عشری – ع – بالکسر گروہ شیعہ کا جو بارہ امام رضی اللہ عنہم سے منسوب ہے اور نام سعد کرکے نیچے کی

انترڈی کا آسکو اثنا عشری اسواسطے کہتے ہین کہ وہ بارہ انگل کی ہوتی ہے

باب الف مقصور مع جیم عربی

اجتنا - ع - بالکسر پھل چنا - میوہ اکھٹا کرنا -

اجرا - ع - بکسر اول جاری کرنا حکم کا - جاری کرنا - نافذ کرنا -

اجتبا - ع - بالکسر پسند کرنا - قبول کرنا - چننا -

اجترا - ع - بالکسر دلیری بہادری

اَجلا - ع - بفتح اول بروزن اطبا جمع جلیل کی کہ بمعنی بزرگ کے ہے -

اجری - ع - بالضم و بالکسر و رار مہملہ مفتوح و الف مقصور بصورت یا - کھانا جو ہر روزہ محتاجون کو دیوین - خوراک -

اجزا - ع - بالکسر و زار معجمہ جزیہ دینا - تاوان دینا - اور کسی کام کا عوض دینا اور بالفتح حصے یا ٹکڑے کسی چیز کے - بے پروا کرنا -

اُجلا - ھ - بضم اول سپید - اَبیض عربی سفید فارسی -

اُجالا و اجیالا - ھ - بالضم خلاف تاریکی ضو اور ضیا اور نور عربی روشنی و فروغ فارسی -

اُجڑ جانا - ھ - بضم اول ویران ہونا - خرب عربی ویران شدن فارسی

اجاڑنا - ھ - بضم اول ویران کرنا تخریب و اخراب عربی ویران کردن فارسی -

اجانب - ع - بفتح اول و کسر نون بیگانے -

اجتناب - ع - بالکسر دور رہنا - بچنا - کسی سے پرہیز کرنا -

اَجرب - ع - خارشتی جسکو کھجلی ہو

اِجداب - ع - بالکسر کال پڑنا -

اجتذاب - ع - بالکسر تہ جہوڑ نا الینا

اُجرت - ع - بالضم مزدوری - بدلا -

اجابت - ع - بکسر اول جواب دینا مجازاً بمعنی قبول کرنا - ماننا - منظوری - اطبا کی اصطلاح مین دست آنا -

اِجالت - ع - بالکسر گھومانا - دوڑانا -

اَجازت - ع - بجیم و زار معجمہ حکم دینا - پروانگی دینا -

اجداث - ع - بالفتح قبرین -

اجاج - ع - بضم اول و جیم عربی نمک تلخ - کھاری - کڑوا پانی -

اُج - ھ - بالضم لدو -

اجتہاد - ع - بالکسر کوشش کرنا - نیک راہ ڈھونڈھنا اور اصطلاح فقہا مین مسئلہ شرعیہ کو اپنے قیاس سے مطابق شرائط کتب اصول کے قرآن و احادیث سے نکالنا عالمون کا اسپر متفق الرای ہونا -

اَجداد - ع - باپ دادا وغیرہ -

اجیاد - ع - بالفتح گردنین -

اجناد - ع - بالفتح جمع جُند کی ہے فوجین - لشکر - سپاہ -

اجساد - ع - بالفتح جمع جسد کی کہ بمعنی جسم کے ہے -

اجمود - ع - بفتح اول بزر الکرفس عربی تخم کرفس فارسی دوسرے درجے مین گرم و خشک ہے -

اَجیر - ع - بروزن فقیر مزدور نوکر - چاکر -

اَجر - ع - بالفتح بدلا - انعام - ثواب - نیگ -

اِجبار - ع - بالکسر کسی کو زبردستی سے کسی کام پر رکھنا -

اُجور - ع - بضمتین جمع اجر کی کہ بمعنے مزدور کے ہے -

اجترار - ع - بکسر اول و سکون

جیم و کسر تا و فتح را و ہا حطہ گائے بکری وغیرہ کا جگالی کرنا۔

اجہر۔ ع۔ بفتح اول وز کور۔ چندھا۔

اجتدار۔ ع۔ بالکسر دیوار بنانا۔

اجگر۔ ہ۔ بفتح بہت بھاری۔ بوجہل۔ اثقل عربی۔

اجاڑ۔ ہ۔ بضم اول ویران۔ خراب۔ شد خرابہ۔ عربی ویران فارسی

اجلاس۔ ع۔ بکسر بٹھانا۔

اجاص۔ ع۔ بکسر اول و فتح جیم مشدد با الف صاد حطہ۔ پھل مشہور ہے آلو بخارا فارسی دوسرے درجے مین سرد و تر ہے۔

اجماع۔ ع۔ بالکسر اتفاق کرنا جماعت کا کسی کام پر۔

اجتماع۔ ع۔ بالکسر اکٹھا ہونا جمع ہونا سمٹنا۔ اصطلاح اہل تنجیم مین اسکو کہتے ہین کہ چاند اور سورج ایک برج مین ایک درجہ اور ایک دقیقہ پر جمع ہون ایسی حالت مین چاند نظر سے غائب ہوجاتا ہے۔ اور ایسا وقت منحوس ہوتا ہے۔

اجاع۔ ع۔ بالفتح ناک اور کان کٹا ہوا۔ نکٹا بوچا۔

اجلاف۔ ع۔ بالفتح کمینے۔ پاجی۔ شود۔ اور ظالم لوگ یہ جمع جلف بالکسر کی ہے۔ خالی مٹکا اور ہر ایک چیز جو خالی ہو بھری نہو

اجوف۔ ع۔ بفتح اول و سوم کھوکھلا۔ جو چیز اندر سے خالی ہو اور علم صرف مین وہ لفظ ہے جسکے عین کلمہ مین حرف علت کا ہو۔

اجحاف۔ ع۔ بکسر جیم و بعدہ حا حطہ نقصان کرنا۔ یا کوئی چیز لیجانا نزدیک ہونا اور کسی کام مین کسی کے شریک ہونا۔

اجاق۔ ت۔ بضم جیم عربی چولہا۔ خاندان۔

اجل۔ ع۔ بفتحتین و تشدید لام بڑا بزرگ۔ ذیشان۔ و بفتحتین و تخفیف لام بمعنی مہلت اور مدت موت کے ہے اور وقت کسی چیز کا۔ حد زمانہ عمر کی ہے۔ اور بفتح اول و سکون جیم بمعنے اوٹھانا۔ اور برائی یعنی واسطے کے بھی معنے ہین۔

اجلال۔ ع۔ بالکسر بزرگی۔

اجمال۔ ع۔ بالکسر کھلکر نہ کہنا۔ بہت کو تھوڑا کر دینا۔ کسی چیز کو اکٹھا کرنا۔ بالفتح شتران نر۔

اجدل۔ ع۔ بالفتح و دال حطہ مفتوح پرندہ شکاری ہے فارسی مین اسکو چرغ کہتے ہین۔

اجحام۔ ع۔ بالکسر حرف سوم حا حطہ باز رکھنا۔ روکنا۔ آدم موا ہونا۔

اجمام۔ ع۔ بالکسر جانور کو سواری کے لئے آرام دینا۔

اجم۔ ع۔ بفتحتین جنگل۔ جھاڑی درختون کا جھنڈ۔ کلک کا جنگل۔ نیستان و بفتحتین و تشدید میم منڈ لگا یا بیل جسکے سینگ نہون۔

اجرام۔ ع۔ بالفتح بمعنی اجسام یعنی بہت سے جسم۔ اکثر اطلاق اسکا ستارون اور جواہر اور پتھرون پر کرتے ہین اجسام حیوان اور نباتات پر اطلاق نہین کرتے مگر شاذ و نادر اجسام ادویہ اور اعضا پر بالکسر جرم کرنا۔

اجر بغیر ممنون۔ ع۔ نیکی کے انتہا بدلا بے نقصان۔

اجفان۔ ع۔ بالفتح و فا پلکین جمع جفن کی ہے۔

اجمعین۔ ع۔ تمام سب کے سب۔

اجیرن۔ ہ۔ بفتح اول و کسر جیم ناگوار۔ بار خاطر۔ شاق فساد غذا

تخمہ۔ تیئہ عربی۔

اجوائن۔ ہ۔ بفتح اول وسکون دوم مشہور دوا ہے بزر البنج الخراسانی عربی اور نانخواہ فارسی دوسرے درجے مین گرم وخشک ہے۔

اجلہ۔ ع۔ بفتح اول وکسر جیم وتشدید لام مفتوح بزرگ لوگ۔

اجنحہ۔ ع۔ بالفتح ونون مکسور وحار مہملہ بازو آدمیون کے جڑیون کے بازو۔

اجانہ۔ ع۔ بکسر اول وتشدید جیم مفتوح نون کونڈا جسمین آٹا گوندہتے ہین ناندا۔ مرتبان جسمین سرکہ وغیرہ رکہتے ہین

اجوبہ۔ ع۔ بفتح اول وسکون جیم وکسر واو وبار موحدہ جمع جواب کی یعنی بہت سے جواب۔

اجورہ۔ ع۔ بضمتین مزدوری محنتانہ

اجمہ۔ ع۔ بفتح اول وثانی وثالث نیستان۔ کانس کا جنگل۔

اجنہ۔ ع۔ بفتح اول وکسر جیم وتشدید نون جمع جنین کی جنین اوس بچہ کو کہتے ہین جو ماں کے پیٹ مین ہو۔ اس لفظ کو جمع جن کی سمجھنا خطا ہے کیونکہ جمع جن کی جنہ بالکسر ونون مشدد سے ہے۔

اجارہ۔ ع۔ بالکسر ٹہیکا ٹہیکہ لینا اجرت۔

اجنبی۔ ع۔ بالفتح بیگانہ پردیسی

باب الف مقصورہ مع جیم فارسی

اچانک پکڑنا۔ ع۔ کسی کو دفعۃً پکڑنا۔ اعتلاث عربی۔

اچٹ جانا۔ ہ۔ بضم اول وفتح دوم وسکون تار ہندی تلوار وغیرہ کا کسی سخت چیز پر پڑکر کارگر نہونا پلٹ آنا۔ نبوت عربی۔

اچکا۔ ع۔ بضم اول وفتح دوم وقاف عربی مشدد مجہول۔ بدوضع۔ ٹگ۔ وہ شخص مال کسی کے ہاتھ سے چھین کر اچک لے بہاگے مختلس وخناس عربی بردار وبدو فارسی۔

اچک لیجانا۔ ہ۔ بضم اول وفتح دوم دفعۃً جلدی سے چھین لینا۔ خلف واختطاف عربی قصد بودن فارسی۔

اچنبھا۔ ہ۔ تعجب۔

اچھا۔ ہ۔ بفتح اول خوب درست حسن وزین عربی آور یعنی کلمہ ایجاب کہ آتا ہے نعم وبلی عربی آرے فارسی۔ اور ہماری محاورہ مین کئی معنون پر آتا ہے ایک دہمکانا ڈرانا یعنی سمجہا جاویگا دوسرے واہ واہ سبحان اللہ تحسین کے بناوٹ کی تعریف جو تہوا حوال سے ہے جیسے جی اچہا ہے۔

اچہا ہونا۔ ہ۔ بفتح اول بیماری سے تندرست ہونا۔ برأ عربی۔

اچہل جانا۔ ہ۔ بضم اول وفتح دوم وثوب عربی برجستن فارسی۔

اچہو ہوجانا۔ ہ۔ بضم اول ودوم مشدد کسی چیز کے کہانے سے گلے مین پہندا پڑجانا۔ غصص عربی وا کفیدن فارسی۔

اچانک۔ ہ۔ بفتح اول ودوم وفتح نون وکاف عربی دفعۃً یکایک بغتۃً ومفاجاۃ عربی یکبیک فارسی

اچہوانی۔ ہ۔ بفتح اول بادیان وزیرہ مجہورہ سونٹہ وسنتی وغیرہ چند چیزون کو پکاکر زچہ کو پلاتے ہین خرستہ عربی ۔ بیث فارسی۔

باب الف مقصورہ مع حار مہملہ

احصا۔ ع۔ بالکسر گننا۔ ضبط کرنا۔

احبا۔ ع۔ بفتح اول وکسر حار مہملہ وبار مشدد جمع حبیب کی ہے کہ یعنے دوست پیارے کے ہیں۔

احیا۔ ع۔ بالکسر زندہ کرنا۔ کشتا کشش۔ اور فراخی نعمت کا ہونا

بالفتح جیتے۔ قبیلے۔ محلّے۔ اس معنے
مین جمع حی کی ہے۔
اِحْذَار۔ ع۔ بروزن اِفعال
جوتی پہنانا۔
احشاء۔ ع۔ بالفتح وشین معجمہ دل
وجگر ومعدہ۔ و آنت۔
احلیٰ۔ ع۔ بفتح اول بہت میٹھا
احتوا۔ ع۔ بالکسر گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔
احتما۔ ع۔ بالکسر پرہیز کرنا
بیمار کا حمایت کرنا۔
اَحْیَانًا۔ ع۔ بالفتح جمع حین کی ہر
کہ بمعنی وقت کے ہی۔ اتفاقاً گاہ گاہ کبھی کبھی
احباب۔ ع۔ بالکسر دوست کہنا
بالیون مین دانہ پڑنا۔ بالفتح جمع
حُب کی کہ بمعنی دوست کے ہے۔
احتجاب۔ ع۔ بالکسر پردہ مین
ہونا۔ آڑ مین ہونا۔
اِحْتِسَاب۔ ع۔ اون کامون سے
روکنا جو شرع مین ممنوع ہین شمار کرنا۔
اَحْزَاب۔ ع۔ بالفتح وزاء معجمہ
موحدہ جماعتین۔ گروہین۔ فرقے۔
اَحُوَات۔ ع۔ بالفتح جمع حوت
کی ہے۔ مچھلیان۔
احالت۔ ع۔ بالکسر حیلہ کرنا۔
غیر ممکن بات کہنا۔ حوالہ کرنا۔

ایک سالہ ہونا۔
آحدیت۔ ع۔ ایک ہونا۔
احسنت۔ ع۔ بالفتح وسین مہملہ
مفتوح وسکون نون وفتح تاے
فوقانی نیک کیا تو نے مگر فارسی والے
تاء فوقانی کو موقوف پڑھتے ہین
اور معنی تحسین و آفرین کے لیتے ہین۔
احداث۔ ع۔ بکسر و تاء مثلثہ نئی
بات نکالنا۔ بالفتح نوجوان۔ گبھرو
احادیث۔ ع۔ بفتح اول باتین۔
کہانیان جمع حدیث کی اور اصطلاح
مین حدیث اوسکو کہتے ہین جو پیغمبر
صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی زبان
مبارک سے فرمایا ہو یا خود کیا ہو یا
حضرت کے سامنے ہوا ہو اور حضرت نے
اوسکو جائز رکھا ہو۔
اِحْتِیَاج۔ ع۔ بالکسر نیاز مند ہونا
اح۔ ع۔ بالفتح وتشدید حاء حطی
کھانسی کی آواز۔ کھانسنا۔
احفاد۔ ع۔ بالفتح وفا یوتوں نواسے
خادم لوگ۔
احتقاد۔ ع۔ بالکسر و قاف کسی کو
عداوت پر آمادہ کرنا۔ بفتح عداوتین
احد۔ ع۔ بفتحتین پہاڑ کا نام ہے
کہ متصل مدینہ کے ہے اور بفتحتین

اتوار کا دن یگانہ۔ ایک۔
احسانمند۔ ف۔ وہ شخص جسکے
ساتھہ سلوک کیا ہو۔
احور۔ ع۔ بفتح اول وثالث مرد گورے
رنگ اور سیاہ چشم کا۔
احضار۔ ع۔ بالکسر حاضر کرنا۔
گھوڑے کا دوڑانا۔
احجار۔ ع۔ بالفتح جمع حَجَر کی
کہ بمعنے پتھر کے ہے۔
احبار۔ ع۔ بالفتح وباء موحدہ
جمع حِبر کی دانا۔ حبرا۔ یہودیون
کا عالم۔
اَحْقَر۔ ع۔ سب سے زیادہ حقیر۔
اَحْمَر۔ ع۔ بالفتح سُرخ۔ لال۔
اور کبھی سخت اور بد کے معنے آتے ہین
چنانچہ مَوْتِ اَحْمَر موت سخت
یعنی وہ موت جسمین افسوس اور
ماتم بہت ہو اور مقتول کو بھی کہتے ہین
احمرار۔ ع۔ بالکسر غصے سے منھہ کا
سُرخ ہو جانا۔
احرار۔ ع۔ بالفتح وسر دو راء مہملہ
آزاد لوگ یہ حُر کی جمع ہے کہ بالضم
بمعنے آزاد کے ہے۔
احتکار۔ ع۔ بالکسر غلے کو اس نیت سے
بھرنا کہ جب گرانی ہو تو نفع سے بکے۔

احتضار - ع - بروزن افتعال
حاضر ہونا - قریب مرگ کے ہونا -
سفر سے حضر مین آنا -
احراز - ع - بالکسر اور آخر مین زاء معجمہ
مضبوط کرنا - نگاہ رکھنا - جمع کرنا -
احتراز - ع - بالکسر کسی سے
پرہیز کرنا - اپنے تئین بچانا -
احتباس - ع - بالکسر قید کرنا -
کنجوسی کرنا - پیشاب - یا پاخانہ کا
رک جانا - خون کا بند ہو جانا جس سے
عورتین بیمار ہو جاتی ہین -
احساس - ع - بالکسر دیکھنا -
اور بدن کے چھونے سے کسی
چیز کا معلوم کرنا -
احتراس - ع - بالکسر نگہبانی کرنا -
احمض - ع - بالفتح ترش -
ناخوش - دشوار -
احتیاط - ع - بالکسر بچنا گناہ
بری بات سے پرہیز کرنا -
احتظاظ - ع - بالکسر مزہ لینا -
لذت اٹھانا -
احتراف - ع - بالکسر دانش
پیشہ وری -
احتقاف - ع - بکسر اول
بروزن افتعال سب جھک جانا -

ذرا نچوڑنا -
احرف - ع - بفتح اول و سکون
ثانی و ضم راء مہملہ جمع حرف کی ہے
احنف - ع - بالفتح ٹیڑھے
پاؤن کا آدمی جسکے دونون پاؤن
خم کھائے ہوئے ہون مگر ایک پاؤن
ایک طرف اور دوسرا دوسری
طرف مڑا ہو -
احلاف - ع - بالکسر قسم دلانا -
احراق - ع - بالکسر جلنا -
جلانا - پھونکنا - آگ لگانا -
احتراق - ع - بالکسر جلنا جلانا
سوختہ ہونا - اور اصطلاح اہل تنجیم
مین منجملہ پانچ ستارون سیارہ کے
بجز چاند کے چھپنا ایک ستارہ کا
شعاع آفتاب مین بسبب جمع ہونے
ایک برج کے -
احداق - ع - بالفتح آنکھون کی
پتلیان جمع حدقہ کی ہے -
احمق - ع - بالفتح نادان -
بیوقوف - بھونگا - گاودی -
احق - ع - بفتحتین نہایت لائق
نہایت سزاوار -
احتکاک - ع - بالکسر دو چیزون کا
باہم چلنا - رگڑنا -

احمال - ع - بالکسر بوجھ اٹھا دینا
لاد دینا - بالفتح بوجھے -
احتیال - ع - بالکسر حیلہ کرنا -
بات بنانا -
احول - ع - بالفتح بھینگا ڈھیرا
جو ایک چیز کو دو دیکھے -
احوال - ع - بالفتح جمع حال -
احلیل - ع - بالکسر سوراخ ذکر
نائزہ - بھٹنی کا سوراخ -
احتمال - ع - بالکسر گمان کرنا
بوجھ اٹھانا - بات کا سہنا -
احزم - ع - بالفتح اول و فتح زاء معجمہ
نہایت ہوشیار - بہت دانا - چترا
احتشام - ع - بالکسر نشان شکوہ
نوکر چاکر کا مالک ہونا - شرم رکھنا
احرام - ع - بالکسر پیٹرا اور حرام
کرنا بعضی حلال اور مباح چیزون کا
چندروز یعنی زیارت خانہ کعبہ
سے وقت داخل ہونے مقامات
مقررہ کے اور اسی طرح سے ایام
حج مین اور مجازاً احرام جسکے
دو چادرون بے سلی کے ایام احرام
مین ایک کو باندھنا اور دوسری کو
اوڑھنا - حرم شریف مین داخل ہونا
احشام - ع - بالفتح بہت سے

نوکر - چاکر -

احکام - ع - بالکسر مضبوط کرنا - بالفتح بہت سی حکم و فرمان شاہی -

احتلام - ع - بالکسر سوتے مین ناپاک ہونا -

اَحسنِ تقویم - ع - نہایت ہی اچھی صورت کنایہ صورت انسان سے ہے -

احتجام - ع - بالکسر بدن پر پچھنے لگا کر خون نکالنا -

احلام - ع - بالفتح نیندین - عقلین - بُرد باریان -

احاسن - ع - بفتح اول و کسر سین مہملہ و نون جمع احسن کی ہے خوبیان - بھلائیان -

احزان - ع - بالکسر زاء معجمہ اندوہگین کرنا - اور بالفتح طرح طرح کے رنج - بہت سی غم -

احسان - ع - بالکسر نیکی کرنا - سلوک کرنا -

احصان - ع - بالکسر صاد مہملہ مضبوط کرنا - گھیرنا - قلعہ باندھنا - مرد کو عورت کی خواہش اور عورت کو مرد کی خواہش کرنا -

احتضان - ع - بالکسر ضاد معجمہ بغلگیر ہونا - گود مین لینا -

احتقان - ع - بالکسر حُقنہ کرنا - عمل دینا -

احیان - ع - بالفتح جمع حین کی کہ بمعنی زمانہ اور وقت کے ہے -

احدی الحسنیین - ع - بکسر اول و سکون حاء مہملہ و فتح دال مہملہ و الف مقصورہ بصورت یا و ضم حاء و سین مہملتین و فتح نون و یاء اول و سکون یاء ثانی دو نیکیون مین ایک نیکی -

احنہ - ع - بالکسر نون مفتوح کینہ غصہ

احجیۃ - ع - بالضم و جیم مکسور تحتانی مشدد پہیلی - چیستان -

اِحاطہ - ع - بروزن اِغاثہ - گھیرنا دشمن کا - چار دیواری -

احمر قانی - ع - بہ قاف و نون سرخ مائل بہ سیاہی مشابہ برنگ خون چہچہاتا -

احدی - ف - بفتحتین بمعنی منصب داری کے ہے - انواع منصب داروں کی اور یہ اکبر بادشاہ کے وقت مین تھے بعضے اسکو بسکون حاء پڑھتے ہین یہ صحیح نہین ہے -

باب الف مقصورہ مع خاء معجمہ

اِخسائے - ع - بالکسر دُت کُتے کو دُتکارنا -

اخصاء - ع - بالکسر صاد مہملہ خصی کرنا

اخثاء - ع - بالفتح کنڈے اُپلی - گوبر کا ڈھیر - بالکسر اُپلے جلانا -

اخلاء - ع - بفتح اول و کسر خاء معجمہ و لام مشدد بمعنی سچے دوست یہ جمع خلیل کی ہے کہ بمعنے دوست کے ہے -

اخساء - ع - بفتح اول و کسر خاء معجمہ و تشدید سین مہملہ جمع خسیس کی ہے کہ بمعنی بخیل - کنجوس کے ہے -

اخاء - ع - بالکسر بھائی بندی اور دوستی کرنا -

اختفاء - ع - بالکسر چھپنا - پوشیدہ ہونا - لُکنا -

اِختباء - ع - بالکسر چھپنا -

اخفاء - ع - بکسر اول پوشیدہ کرنا - لُکنا - آشکارا کرنا -

اخرب - ع - بالفتح ویران - کن پھٹا -

اخراب - ع - بالکسر اُجاڑنا -

اختضاب - ع - بکسر اول خضاب لگانا - مہندی لگانا -

اخشاب - ع - بالفتح جمع خشب کی بمعنے چوب کے ہے -

اخوت - ع - بضم اول و ثانی

وتشدید واو مفتوحہ بمعنی بھائی ہونا-
وبکسر اول وسکون ثانی وفتح واو بمعنے
برادران-
اُخت- ع- بالضم بہن ہمشیرہ
خواہر-
اَخَوات- ع- بفتحات بہنین-
جمع اُخت کی ہے-
اِخراجات- ع- جمع اخراج کی
ہی بمعنے خرچ کے-
اَخروٹ- ہ- بفتح اول وسکون
دوم مشہور میوہ ہے گردگان و
چارمغز فارسی جوز عربی دوسرے
درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین خشک
بہت لطیف مقوی اعضار رئیسیہ
خصوصًا دماغ کا-
اختلاج- ع- بالکسر عضو کا
پھڑکنا- منہ چڑانا-
اخراج- ع- بالکسر نکالنا- اور
فارسی والون نے بمعنے شہر بدر کرنیکے
اپنے کلام مین استعمال کیا ہے-
اخ- ع- بفتح اول برادر بھائی
فارسی مین اسکے معنے آفرین اور
شاباش کے ہین- بالضم سونگھنا
اَخ اَخ- ف- کررہ دونون الف مفتوح
سے بمعنی خوش خوش یعنی عربی مین طوبیٰ ہے

اور کبھی بمعنے افسوس کے آتا ہے-
عربی مین بمعنے ہش ہش آواز
اونٹ بٹھانے کی بھی آتا ہے-
اُخدُود- ع- بروزن عُصفُور
نالیان- کھائیان- زمین کی
پھاڑ کے شگاف-
اِخماد- ع- بالکسر آگ بجھانا-
اَخوالوداد- ع- منہ بولا بھائی-
اِخلاص مَند- ف- دوست
جو خیرخواہ ہو-
اَخذ- ع- بالفتح پکڑنا-
اَختر- ف- بروزن افسر ستارہ-
فال- شگون- جھنڈا- نیز نصیب
اَخضَر- ع- بالفتح سبز ہرا رنگ
اِخسار- ع- بالکسر خار معجمہ وسین
و را مہملتین کم تولنا- گھٹا تولنا-
اِخبار- ع- بالکسر خبر دینا اور
بالفتح جمع خبر کی حدیثین پیغمبر
صلی اللہ علیہ وسلم کی- تواریخ-
اَخوال- خبرین- باتین-
اَخیار- ع- بالفتح نیک لوگ-
اِختبار- ع- بالکسر اور تیسرا حرف
بار موحدہ ہی خبر لینا آزمانا امتحان
اِختیار- ع- بالکسر قبول کرنا-
اور بمعنی مختار کے بھی آتا ہے-

اِختمار- ع- بالکسر خمیر اٹھنا-
اِختصار- ع- کم کرنا- اصطلاح
اہل معانی مین اوسکو کہتی ہین کہ
مضمون قلیل اللفظ اور کثیر المعنی
ہوا اور یہ بہتر ہے اور اقتصار
ضد اسکی ہے یہ برعکس ہے-
اختر شمار و شمر- ف- نجومی-
اَخگر- ف- بروزن اختر باکاف
فارسی آگ کی چنگاری کنایہ عشق و
عاشقی سے ہے-
اخیر- ع- پچھلا-
اِختضار- ع- بکسر اول بمعنے
جوانہ مرگ مرنا-
اختر شناس- ف- نجومی-
اَخرس- ع- بالفتح گونگا-
اختباس- ع- بالکسر چھین لینا
اختلاس- ع- بالکسر لے بھاگنا
ڈہکانا-
اَخَس- ع- بفتحتین و سین مہملہ مشددہ
بدتر- بہت خوار-
اَخفش- ع- بالفتح چندھا-
چھوٹی آنکھہ کا آدمی- یہ تین
آدمیون کا لقب ہے یہ علم نحو مین
بڑے کامل تھے ایک اخفش کبیر استاد
سیبویہ یہ دوسرے اخفش اوسط-

معاصر سیبویہ نیز شرے اخفش صغیر شاگرد سیبویہ۔

اخص ۔ع۔ بفتحتین و صاد مہملہ مشدد خاص تر۔

اخمص ۔ع۔ بفتح اول کف پا ہندی تلوا۔ تیلی کمر۔

اخلاص ۔ع۔ بالکسر پاک۔ خالص دوستی کرنا اور عبادت اور طاعت بے ریا کرنا اور دین بے ریا رکھنا

اختصاص ۔ع۔ بالکسر خصوصیت رکھنا

اختلاط ۔ع۔ بالکسر ملنا۔ ملانا۔ ملجانا۔ گڈبڈ ہونا۔ عقل کا زائل ہونا۔

اخلاط ۔ع۔ بالفتح جمع خلط کی۔

اختراع ۔ع۔ بالکسر کوئی نئی چیز پیدا کرنا کہ پہلے مثال اسکی پیدا نہوئی ہو

اخلاف ۔ع۔ بالفتح میت سے پیچھے رہنے والے لوگ نیکبخت بیٹے یہ جمع خلف بفتحتین کی ہے کہ بمعنی فرزند صالح کی ہے۔ اور خلوف جمع خلف کی کہ بفتح خاء و سکون لام ہے بمعنی نالائق بیٹے کے ہے

بالکسر تلوار سے ہاتھہ کہنا کھینچنے کے لیے

اختطاف ۔ع۔ بالکسر جھپاک سے لے بھاگنا۔ اوچک لیجانا۔

اختلاف ۔ع۔ بالکسر ناموافقت کرنا۔ آمد و رفت کرنا۔ آنا جانا۔

بدلنا۔ فرق و تفاوت۔

اخف ۔ع۔ بفتح اول و ثانی و تشدید فا ہلکا۔ بہلکا۔

اختناق ۔ع۔ بالکسر گلا گھٹنا۔

اختراق ۔ع۔ بالکسر پھٹ جانا

اختیال ۔ع۔ بالکسر گردنکشی کرنا خیال کرنا۔

اختلال ۔ع۔ بالکسر خلل ڈالنا خلل پڑنا۔

اخوال ۔ع۔ بالفتح جمع خال کی کہ بمعنے ماموں کے ہے۔ تل۔

اخگل ۔ف۔ بفتح الف و سکون خاء معجمہ و فتح کاف فارسی سینگر۔ گیہوں وغیرہ کی بالی پر جو کانٹے سے ہوتے ہیں۔

اخزم ۔ع۔ بالفتح مار نر۔ سانپ

اخرم ۔ع۔ بالفتح نکٹا۔

اخم ۔ف۔ بفتح اول و سکون خاء معجمہ شکن پیشانی اور ابرو کی۔

اخشم ۔ع۔ بالفتح وہ شخص کہ خوشبو و بدبو دریافت نکرے۔

اخکم ۔ف۔ بفتح اول و سکون ثانی چھلنی وغیرہ کا گھیرا۔

اختتام ۔ع۔ بالکسر ختم کرنا۔ پورا کرنا۔

اخوان ۔ع۔ بالکسر بمعنی برادران بھائی بند۔

اختان ۔ع۔ بالفتح جمع ختن بفتحتین کی کہ بمعنی داماد کے ہے۔

اخنّ ۔ع۔ بفتح الف و خاء معجمہ و تشدید نون بھنبھنانا۔

اخدان ۔ع۔ بالفتح جمع خِدن بالکسر کی کہ بمعنی دوست۔ یار۔ آشنا۔ معشوق کے ہے۔

آخ تفو ۔ف۔ تھڑمی۔ تھوکنا۔

اخلکندو ۔ف۔ بفتح الف و سکون خاء معجمہ و فتح لام و کاف تازی و سکون نون و ضم دال مہملہ و سکون واو جھنجھنا۔

اخاذہ ۔ع۔ بکسر اول و ذال معجمہ حوض۔ تالاب۔

اختہ خانہ ۔ف۔ بالفتح اصطبل گھوڑوں کا تھان۔

اخبیہ ۔ع۔ بالفتح و باء مکسورہ چاند کی چوبیسویں منزل کا نام ہے

اخمہ ۔ف۔ بالفتح شکن۔ چین

اخسیمہ ۔ف۔ بفتح اول و سکون ثانی و ضم سین و فتح میم ایک قسم شراب کی ہے

اخیافی ۔ع۔ بالفتح و یاء تحتانی و فا ایسے بھائی کہ باپ ہر ایک کا علحدہ علحدہ ہو اور ماں ایک ہو

سوتیلا بھائی اور علاتی ایسے بھائی
کہ مان ہر ایک کی علیحدہ ہو اور باپ
ایک ہو اور اعیانی وہ جنکے مان
اور باپ ایک ہون سگے بھائی۔
اَخِی ۔ع۔ بالفتح میرا بھائی۔ اور
فارسی مین بمعنی صاحب مروت کے آتا ہے۔
اخوی ۔ع۔ میرا بھائی۔

باب الف مقصورہ مع دال مہملہ

ادا ۔ع۔ بفتح اول پہونچانا۔ چھوڑنا
بیان کرنا۔ اور فارسی مین اسکے معنے
رمز و اشارہ۔ آواز خوبی کی۔ ہین
حرکات معشوقانہ۔ دلال۔ غنج۔
شکل عربی۔ آن و ناز فارسی ہے۔
ادماو ۔ع۔ بالکسر لہولہان۔
اُدَبَا ۔ع۔ بضم اول و فتح دال و بار موحدہ
بمعنی ادب سکھانیوالے جمع ادیب کی ہے
ادعا ۔ع۔ بالکسر تشدید دال مہملہ
دعویٰ کرنا۔ آرزو کرنا۔
ادنیٰ ۔ع۔ بالفتح بہت نزدیک
مشتق دنو سے ہے اور بہت بد اور
نالائق کم رتبہ مشتق دنارت سے۔
اداکرنا ۔ہ۔ بفتح کاف عربی
کسی کا حق کسیکو پہونچانا۔ تادیہ۔
قضا۔ ایفا عربی ادا کردن فارسی
اُدبدانا ۔ہ۔ بفتح اول و سکون دوم
و فتح بار موحدہ کسی کام مین گھبرانا
اضطرار و اضطراب عربی۔
دست پاچہ شدن فارسی۔
اُدبدا کے کرنا ۔ہ۔ جان بوجھہ کے
شرارت سے کسی کام کو کرنا۔
اُدھار لینا ۔ہ۔ کسی سے قرض لینا
اقتراض عربی وام گرفتن فارسی
اُدھار مانگنا ۔ہ۔ کسی سے قرض
مانگنا استقراض عربی وام خواستن فارسی
اُدھار دینا ۔ہ۔ کسی کو قرض دینا
اقراض عربی وام دادن فارسی
اِدھر اُدھر سے جمع کرنا ۔ہ۔
بکلفت کسی چیز کو جمع کرنا۔ تجشیش
عربی از ہر سو فراہم آوردن فارسی
اَدھ گلا ۔ہ۔ بفتح اول کم گلا ہوا۔
نیم خام فارسی۔
اَدھ کچرا ۔ہ۔ آدھا کچا آدھا پکا۔
اَدھ کچلا ۔ہ۔ نیم کوفتہ۔
اَدھ موا ۔ہ۔ بفتح اول نیمجان
نیم کشتہ و نیم بسمل فارسی۔
اَدھورا ۔ہ۔ ناتمام۔
اَدلا بدلا ۔ہ۔ معاوضہ آپسمین
ایک دوسرے کا لینا دینا۔
اَدھا ۔ہ۔ ہر چیز کا نصف۔
علی الخصوص تھان وغیرہ کا جیسے گلبدن
مشروع کا ادھا۔ جامدانی۔ ململ کا
ادھا۔ طبلہ پکھاوج کی تالون مین ایک
تال کا نام ہے اسیوجہ سے سات سے بارہ
تال مشہور ہین ایک قسم کی گاڑی تھی کہ
چونکہ بالکی گاڑی سے چھوٹی ہے
اسواسطے ادھا کہتے ہین۔
اُدھیڑنا ۔ہ۔ بضم اول و کسر دوم
کسی چیز کو کسی چیز سے علیحدہ کرنا۔
اگر اونٹ کی کہال کھینچین تو عربی مین
کشط اور اگر بکری کا پوست
کھینچین تو عربی مین سلخ اور اگر
بکری کی بچی کی کہال کھینچین تو عربی مین
سمط کہتے ہین اور پوست کشیدن
فارسی کسی سی ہوئی چیز کو کھولنا۔
ٹانکے توڑنا۔
ادب ۔ع۔ بفتحتین بمعنی اندازہ۔
اور کسی چیز کی حد پر نگاہ رکھنا عقل سے
اور طور پسندیدہ۔ علوم عربیہ
مثل صرف و نحو و معانی بیان بدیع
ادیب ۔ع۔ صاحب ادب۔
ادب سکھانیوالا۔ وہ شخص جو
علم ادب سے واقف ہو یعنی زبان دان
قاعدے دان۔
ادات ۔ع۔ بالفتح اوزار۔
لڑائی کا ہتھیار۔

ادوات - ع - بفتحتین ہتھیار
ہنر سیکھنے کے شے اوات کی جمع ہے
اِدامت - ع - ہمیشگی -
اِدارت - ع - بکسر قع اٹھانا -
اَدرد - ع - بالفتح پوپلا -
ادبار - ع - بالکسر پیٹھ پھیرنا دولت کا
مجازاً بمعنی بداقبالی - نحوست -
بدنصیبی - بدبختی - بدقسمتی کو آتا ہے
ادرار - ع - بالکسر جاری ہونا
پانی کا زور سے برسنا - بار بار
پیشاب کا کرنا - بار بار انعام دینا -
اور فارسی مین بمعنی روزینہ کے آتا ہے
ادخار - ع - بالکسر تشدید دال حلہ
مکسور و خار معجمہ ذخیرہ کرنا -
اُدھار - ہ - بضم اول کوئی چیز آج
خریدے اور قیمت چند روز کے بعد دے
تو اُسکو عربی پس دست فارسی ہے
اور اگر کوئی مال کسیکو اسکے واپس کرنیکی شرط پر
دے اوسے عربی مین قرض اور
فارسی مین وام کہتے ہین -
ادھیڑ - ہ - بفتح اول مرد نبود پیر
نہ جوان عربی مین کہل کہتے ہین عورت
ادھیڑ ہو تو عربی مین نصف -
اور اگر حیوان میانہ سال ہو تو
عربی مین عوان کہتے ہین -

ادناس - ع - بالفتح و نون یہ
دنس کی جمع ہے کہ بمعنے میل کے ہے -
ادریس - ع - بالکسر نام پیغمبر کا ہے
کہ جیتے جی داخل جنت ہوئے ہین
ادق - ع - بفتحتین بہت مشکل -
بہت باریک - کٹھن -
ادراک - ع - بالکسر دریافت کرنا
غیر محسوس چیزون کا - ہوش -
چیت - توجہ -
ادرک - ن - بفتح اول مشہور
چیز ہے اُسکو زنجبیل کہتے ہین طب عربی دوسرے
درجے مین گرم اور خشک تیسرے درجے مین
ادل - ع - بفتحتین و تشدید لام عمدہ
دلیل - بڑا راہ بتانیوالا -
ادلال - ع - بالکسر لاڈ کرنا ناز کرنا
ادہم - ع - بالفتح سیاہ مشکی گھوڑا
کالا سانپ - لوہے کی بیڑی جو
مجرمون کے پاؤن مین ڈالتے ہین
نام ابراہیم بادشاہ بلخ کے باپ کا ہے
کہ ولی کامل ہوئے ہین مفصل کیفیت
آپکے حالات کی میری کتاب
اخبار الاخیار مین لکھی ہوئی ہے -
ادیم - ع - بالفتح پکایا ہوا چمڑا
ادھوڑی - منہہ - اور
ادل ہر چیز کا اور سالن وغیرہ

جو روٹی کے ساتھ کہاتے ہین -
ادام - ع - بکسر اول سالن -
ادغام - ع - بالکسر کسی چیز کو
بے چبائے ہوئے کہانا - گھوڑی کو
لگام دینا - ایک حرف کو دوسرے مین ملانا
ادیان - ع - بالفتح و تحتانی جمع دین کی
ادمان - ع - بالکسر شوق ہمیشگی
ادون - ع - بالفتح واو مفتوحہ ذلیل
بڑا کمینہ - اور بہت نزدیک -
ادکن - ع - بالفتح خاکی رنگ -
میل خورہ -
ادہن - ہ - بالفتح وہ پانی جو
دال چانول وغیرہ کے پکانے کو پہلے سے
دیگ یا دیگچی مین کہولکر چڑہاتے ہین
ادوائن - ہ - بالفتح پلنگ -
چارپائی مین جو مقام کہلا ہوتا ہے
اوسمین جو رستی یا نون یا سن کی پٹی
ہوتی ہے اور اُس سے پلنگ کو کھینچتے ہین
ادخنہ - ع - بالفتح و خار معجمہ مکسور و
نون وہا جمع دخان کی یعنی دہوان -
ادرہ - ع - بالضم فوطہ کا حد سے زیادہ
بڑھ جانا بیماری کے سبب سے -
ادقچہ - ت - بفتحتین و قاف و جیم فارسی
ایک قسم کی آرائش امیرون کے پلنگ
کی ہے وہ یہ ہے کہ ایک چادر سفید پلنگ کے

برابر ہوتی ہی اسکی چاروں طرف دو دو ہی آدہی گز کی رنگین سنجاف اس طرح لگاتی ہین کہ بچھاتی وقت اوس ہی پلنگ کے پائے نہ ڈہپین اور سنجاف پر کلابتون سی طرح طرح کی بیل بوٹی بناتے ہین جب اوسکو پلنگ پر لگا دیتی ہین اور اوسپر چادر دوسری بچھاتے ہین تو وہ کامدار سنجاف پلنگ کے چارون طرف فرش سے ملی ہوئی لٹکتی ہے۔

اَدْوِیَہ۔ ع۔ جمع دوا کی ہے۔

آبدخانہ۔ ف۔ پاخانہ۔

ادعیہ۔ ع۔ بفتح اول و سکون دال و کسر عین و فتح تحتانی جمع دعا کی یا تحتانی کو مشدد پڑہنا خطا ہے۔

اَدْعِیَہ ماثورہ۔ ع۔ جو دعائین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم سی منقول ہین۔

ادلہ۔ ع۔ بفتح اول و کسر دال و تشدید لام جمع دلیل کی ہے۔

ادانی۔ ع۔ بالفتح و نون مکسور بہت نزدیک ہونیوالے۔ بڑے کمینے۔

باب الف مقصورہ مع دال ہندی

اَڈّا۔ ہ۔ بفتح اول و دوم مشدد وہ چیز جسپر کسی پرندہ جانور جیسے بلبل۔ طوطی۔ مینا۔ توتے وغیرہ کو بٹھاتے ہین۔ متوقعہ عربی۔ آدہ فارسی۔ دوسرے اڈا جالی کا ٹہسنی کا جسپر عورتین جالی کاڑہتی ہین تیسرے جہان کہار بیٹھتے ہین اور کرایہ کی ڈولیان رکھی جاتی ہین چوتھے گوٹے پٹھے کے تہان کی مقدار پانچوین گوٹہ بننے کے وقت جس تپائی پر بیٹھکر بنتے ہین چھٹے جہان کرایہ کی گاڑیان کھڑی ہوتی ہین۔

اڈی یا اڈیان۔ ہ۔ بفتح ثانی جوتے یا بوٹ کی وہ لکڑی جو نیچے کے سوا ہوتے ہین دوسرے عورتون کی شلوکہ مین کٹوری اور آستین کے بیچ مین جو ایک کلی سی ہوتی ہے۔

باب الف مقصورہ مع ذال معجمہ

اِذا۔ ع۔ بکسر اول جو۔ جسوقت۔ پس۔ ناگاہ۔

اَذیٰ۔ ع۔ بفتحتین بروزن بقا ایذا دینا۔ رنجیدہ کرنا۔ ستانا۔

اذکیٰ۔ ع۔ بالفتح بڑا دانا۔ بہت عقلمند۔

اذہاب۔ ع۔ بالکسر لیجانا۔ جاری کرنا۔ باہر سے ملمع کرنا۔

اذناب۔ ع۔ بالکسر گناہ کرنا۔ اور بالفتح دمین اس صورت مین جمع ذنب کی ہے اور کبھی مجازاً بمعنی لونڈیون و غلامون کے آتا ہے۔

اذاعت۔ ع۔ بکسر اول و فتح عین مہملہ ظاہر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

اذیت۔ ع۔ بفتح اول و کسر ثانی و تشدید تحتانی رنج۔ تکلیف۔ دکھ۔

اِذاقت۔ ع۔ بکسر اول چکھانا۔

اَذابت۔ ع۔ بکسر اول گلانا و بلا کرنا

اِذخر۔ ع۔ بکسر اول ایک خوشبودار گھانس ہے۔

اذخار۔ ع۔ بالکسر ذخیرہ کرنا۔ ذخیرہ رکھنا۔

اذکار۔ ع۔ بالکسر ذکر کرنا۔ اور یاد دلانا۔ اور بالفتح یاد کرنیوالی چیز

اَذفر۔ ع۔ بالفتح تیز بو۔ خالص۔

اذیال۔ ع۔ بالفتح جمع ذیل کی کہ بمعنی دامن کے ہے۔

اذل۔ ع۔ بفتحتین و تشدید لام بہت ذلیل۔ بہت خوار۔

اذلال۔ ع۔ بالکسر ذلیل کرنا۔ خوار کرنا۔

اذہان۔ ع۔ بالفتح جمع ذہن کی ہے

اذقان۔ ع۔ بالفتح جمع ذقن کی کہ بمعنی ٹھوڑی کے ہے۔

اذربیجان۔ ع۔ نام شہر کا ہے۔

اذعان۔ ع۔ بالکسر فرمانبرداری۔ اطاعت۔

اَذان۔ ع۔ نماز کی بانگ۔ آواز۔

بالفتح آگاہ کرنا۔

اذن ع۔ بالضم و بضمتین کان اور بالکسر اجازت۔ پروانگی۔ حکم۔

باب الف مقصورہ مع رائے مہملہ

ارضاع ع۔ بکسر اول و سکون رائے مہملہ منانا۔

ارتقا ع۔ بالکسر قاف اوپر چڑھنا۔ ترقی کرنا۔

ارجا ع۔ بالکسر و جیم امیدوار کرنا۔ پیچھے رکھنا۔ اور بالفتح کنارے اطراف۔

ارتجا ع۔ بالکسر و جیم امید رکھنا۔

ارداع۔ بالکسر دال مہملہ ہلاک کرنا۔

ارغا ف۔ بالفتح ندی۔

ارعا ع۔ بالکسر چرانا۔

ارخا ع۔ بالکسر سست کرنا۔ چھوڑ دینا۔ ڈھیلا کرنا۔ باگ ڈھیلی کرنا۔

ارسا ع۔ بالکسر لنگر ڈالنا۔

ارواع۔ بکسر حرف سوم واو سیراب کرنا۔ جاری کرنا۔

ارقا ع۔ بکسر اول چڑھانا۔

ارتضا ع۔ بالکسر پسند کرنا۔ خوش ہونا۔ راضی ہونا۔

ارفا ع۔ بالکسر تا و کناری پر لانا۔

ارتشا ع۔ بالکسر رشوت لینا۔

ارتدا ع۔ بالکسر چادر اوڑھنا۔

آرنا ہ۔ جنگلی بھینسا۔

اَرِیب ع۔ بفتح اول عقلمند۔ عالم اور فارسی میں بضم اول و کسر ثانی و یائے مجہول ٹیڑھا پن۔ آڑا۔ ترچھا۔ ٹیڑھا چلنا۔

ارنب ع۔ بفتح اول و نون مفتوح خرگوش۔

ارتکاب ع۔ بالکسر گناہ کرنا۔ ناجائز کام شروع کرنا۔ کسی چیز پر سوار ہونا۔

ارئب ع۔ بفتح اول و کسر ہمزہ حاجتین۔ یہ جمع ارب کی ہے۔

ارتیاب ع۔ بالکسر شبہ میں پڑنا۔ شک کرنا۔

ارب ع۔ بالکسر و بائے موحدہ بمعنی حاجت عقل دین۔ اور بفتحتین حاجتمند ہونا۔ عقلمند ہونا۔

ارباب ع۔ بالفتح جمع رب کی کہ جسکے معنے پرورش کنندہ کے ہیں مگر ارباب بمعنی صاحبان و شرفا و خداوندان کے مستعمل ہے۔

اردب ع۔ بکسر اول و سکون رائے مہملہ و فتح دال مہملہ و تشدید بائے موحدہ مصر میں ایک بڑا پیمانہ ہے جس میں ۲۴ صاع کا کہ اہل حجاز کی ...

ہوتا ہے اور اس میں یار کر وزن سے چھ ہزار چار سو اسی تولہ یا دو من ۱۴ مار عہ ۱۴ سرخ کا ہوتا ہے۔

ارجوحہ ع۔ بالضم جھولا جسپر جھولتے ہیں۔

اردی بہشت ف۔ بضم اول و سکون را و کسر دال مہملہ و یائے مجہول نام ماہ شمسی کا کہ ہندی میں مطابق اوسکے جیٹھ ہے ایران وغیرہ میں یہ مہینا بہار کا ہے۔

ارکان دولت ف۔ امرا۔ وزرا۔ رئیس قوم۔

ارائت ع۔ بروزن اجابت دکھلانا۔ ڈھکانا۔

اراحت ع۔ بکسر اول و حائے مہملہ آرام دینا۔ آرام کرنا۔ رات کو چرانا۔ گندہ ہونا کسی چیز کی بو دریافت کرنا

اراقت ع۔ بقاف پانی وغیرہ ڈالنا

ارادت ع۔ بالکسر ارادہ کرنا مرید ہونا

ارباب حجت ع۔ کنایہ اہل منطق سے ہے۔

ارث ع۔ بکسر اول و سکون ثانی میراث۔ اصل۔ کام قدیم کہ وراثت میں دوسرے کو پہونچے۔ بالفتح آگ لگانا

ارج ع۔ بکسر اول دھواں اڑانا

ارج - ف - بفتح اول وسکون ثانی
وجیم عربی بمعنے قیمت اصل میں ارزہا
زار معجمہ کو جیم سے بدلا ہے مجازاً بمعنے
مرتبہ وقدر - عربی مین بفتح اول و
کسر رار مہملہ جو چیز خوشبودار ہو مہک
ارتجاج - ع - بالکسر ملنا - ملانا
اریج - ع - بروزن آمیز - خوشبو -
مہک -
ارتباح - ع - بالکسر تجارت مین
نفع لینا -
ارواح - ع - بالفتح فرشتے وجن
ارتیاح - ع - بکسر اول وتار فوقانی
بعدہ تحتانی خوش ہونا - راحت پانا -
ارتشاح - ع - بروزن افتعال چہوٹنا
ارجمند - ف - بالفتح بروزن نقشبند
بمعنے صاحب قیمت مجازاً بمعنے عالی مرتبہ
بڑا چڑا - پیارا بالضم جیم پڑہنا خطا ہے
ارد - ف - بالفتح بمعنے قہر وغصہ بالضم
مانند اردشیر لقب ایک بادشاہ کا ہے
ارتداد - ع - بالکسر پہرنا اسلام سے پہرنا -
ارمد - ع - بفتح اول وہ شخص جسکی آنکھ
دکہتی ہو اور پانی بہتا ہو -
ارشاد - ع - بالکسر رستہ دکہانا -
ارچند - ف - بمعنے ہرچند -
ارشد - ع - بالفتح سب سے زیادہ

راہ راست پر لگا ہوا -
ارتیاد - ع - بالکسر ڈہونڈہنا -
چاہنا -
ارنڈ - ہ - بفتح اول مشہور درخت ہے
خروع عربی بیدانجیر فارسی -
ارندہ گر - ف - تہوئی - معمار -
ارذل العمر - ع - نکمی عمر - بڑہاپا -
ارد - ف - بفتح اول وسکون ثانی
بمعنے اگر -
ارہر - ہ - بفتح اول مشہور غلہ ہے
درج عربی وشمر وشاخل فارسی -
ارزیز - ع - بفتح اول وسکون رار مہملہ
وزار معجمہ رانگا ہندی تیسرے درجہ مین
سرد خشک ہے اوسکا قاتل ہے اور پہننا اوسکی
انگوٹہی کا بدن کو لاغر کرتا ہے اور اگر
بہت درخت پر لٹکا دین تو پہل
اوسکے گرنے سے محفوظ رہین -
ارتکاز - ع - بالکسر گڑنا کسی چیز کا
زمین مین گہس جانا -
ارز - ع - بفتح اول وضم رار مہملہ
وتشدید زار معجمہ او بضمتین بہی آیا ہے
برنج چانول فارسی مین بفتح اول و
سکون رار مہملہ وزار معجمہ موقوف بمعنے
قیمت وبفتح ہمزہ وسکون ثانی وزار معجمہ
آخر مین ہو بمعنی کہگل کے ہے -

الارادۃ والاختلاس - ع - دہمکانا
ارس - ف - بفتحتین نام شہر اور ندی کا جو
کنارہ آذربائیجان کے واقع ہے
ارسطاطالیس - ی - بفتحتین نام
سکندر بادشاہ کے وزیر کا ہے جسکو
ارسطو کہتے ہین -
ارش - ف - بفتحتین کہنی سے
انگلیون کے سرتک ہاتھ بالفتح وکسر ثانی
بمعنے عاقل - دانا -
ارتعاش - ع - بالکسر عین مہملہ
وشین معجمہ کانپنا - لرزنا - تہرانا -
ارمص - ع - بالفتح جسکی آنکھ سے
ہمیشہ چیپڑ بہے -
ارتماض - ع - بالکسر ریت کی
گرمی سے جلنا -
ارض - ع - بالفتح زمین -
ارتکاض - ع - بالکسر بچہ کا پیٹ
مین پہرنا - پہڑکنا -
ارتباط - ع - بالکسر دوستی ربط کرنا -
ملانا ایک چیز کو دوسری چیز سے باندہنا
ارجاع - ع - بالکسر رجوع کرنا -
ایک چیز کو دوسری چیز کی طرف پہیرنا
ارتاع - ع - بالکسر چرانا -
ارضاع - ع - بالکسر دودہ پلانا
ارتجاع - ع - بالکسر پہیر لینا لوٹانا

ارتفاع ـ ع ـ بالکسر بلندی
اونچا ہونا مجازاً نفع زراعت کا محصول ـ
ارباع ـ ع ـ بالفتح وبا موحدہ
مکانات گہر جمع ربع بالفتح کی ہے
کہ جسکے معنے گہر کے ہین ـ
ارتاع ـ ع ـ بروزن افتعال
چمکارنا ـ موت مارنا ـ
اراجیف ـ ع ـ بالفتح بیہودہ
لوگ ـ جہوٹی باتین ـ زٹل قافیہ
ارق ـ ع ـ بفتحتین بیخوابی جاگتے رہنا
وبتشدید قاف بہت باریک تنک
ارتفاق ـ ع ـ بالکسر ہمراہی کرنا
رفیق ہونا ـ کہنی کو ٹیکنا ـ
ارشق ـ ع ـ بفتح اول وسکون شین قاف
بہت خوبصورت بدن ـ سڈول ـ
ارماق ـ ت ـ بالضم مارنا ـ
ارزاق ـ ع ـ بالفتح جمع رزق کی ہے
ارقاق ـ ع ـ بالکسر غلام بنانا ـ
ارتباک ـ ع ـ براء مہملہ وبا موحدہ
وکاف تازی الجہانا ـ
اراک ـ ع ـ بالفتح قطعہ زمین کا
اور درخت پیلو کا جسکی جڑ کی
مسواک بناتے ہین ـ
ارک ـ ف ـ بالفتح وہ قلعہ جسمین
بادشاہ رہے ـ

ارائک ـ ع ـ بفتح اول وکسر ہمزہ
جمع اریکہ بمعنی تخت کے ہے ـ
ارکاک ـ ف ـ بالکسر وسکون
راء مہملہ وہردو کاف عربی ایران مین
چہوہارہ ـ
ارتجک ـ ف ـ بفتح اول وسکون
راء مہملہ وفتح تا برق یعنی بجلی ـ
ارژنگ ـ ف ـ ایک چینی مصور کا
نام ہے وہ کتاب جسمین تصویرین ہون
ارتنگ ـ ف ـ بالفتح نگارخانہ
مانی کا ـ اور صفحہ اور تختہ نقاشون کا ـ
ارتجال ـ ع ـ بالکسر جیم عربی
بے سوچے اور بے فکر بہت سے شعر
اور خطبہ کہنا ـ بے تامل کوئی بات کہنا
کسی کام کو جلدی سے کرنا ـ
ارتحال ـ ع ـ بالکسر حاء مہملہ کوچ کرنا
کسی جگہ سے جانا ـ مرجانا ـ
ارذل ـ ع ـ بہت ذلیل ـ
بڑا نیچ قوم ـ
اراذل ـ ع ـ بالفتح نالائق کمینے لوگ
ارذال ـ ع ـ بالفتح کمینے لوگ ـ
ارسال ـ ع ـ بالکسر بہیجنا ـ نامہ
بہیجنا ـ چہوڑ دینا جانور شکاری کو
شکار کرنے کو چہوڑنا ـ بال بکہیرنا ـ
فارسی زبان مین بمعنے تحفہ وسوغات کے

استعمال کرتے ہین ہندی مین اوس
روپیہ کو کہتے ہین جو علاقہ سے
تحصیل کے سرکار مین بہیجا جاتا ہے ـ
اردبیل ـ ع ـ بالفتح نام ایک شہر کا ہے
ارجل ـ ع ـ بفتح اول وفتح جیم عربی
وہ گہوڑا کہ جسکا ایک پاون سفید
اور تین پاون کسی اور رنگ کے ہون
یہ عیب مین داخل ہے ـ
ارامل ـ ع ـ بفتح اول وکسر میم
بیوہ عورتین ـ رانڈین ـ
ارتکل ـ ع ـ بالفتح ہکلا ـ
ارغام ـ ع ـ بالکسر رسوا کرنا ـ
ذلیل کرنا کسیکی ناک کو زمین تک پہونچانا ـ
ارتطام ـ ع ـ بالکسر پہنس جانا ـ
گرفتار ہونا ـ کسی چیز کا دلدل مین پہنسنا
ارحام ـ ع ـ بالفتح جمع رحم کی کہ
بمعنے بچہ دان کے ہے ـ اپنے لوگ ـ
ارحم ـ ع ـ بڑا رحم کرنیوالا ـ نہایت ہی
مہربان ـ
ارقام ـ ع ـ بالفتح خط لکہا ہوا
ارقم ـ ع ـ بالفتح کالا سانپ جسکی
پیٹ پر سفید چتیان ہون ـ
ارتسام ـ ع ـ بالکسر تصویر کہنچنا ـ
ارم ـ ع ـ بالکسر وفتح دوم نام شہر کا ہے
جو عاد نے بسایا تہا ـ بعض کہتے ہین

کہ ارم شداد کا اقلیم اول مین درمیان
صنعا اور حضر موت کے ہے اور سائے باغ ارم
ایک سو چالیس فرسنگ کا ہے
اور بلندی دیوارون کی تین سو گز کی ہے
آرغنون - ف - بروزن اندرون
وارغنون - بروزن فریدون وارغن
بفتح اول و سوم نام ایک باجے کا ہے
کہ جسکو افلاطون نے ایجاد کیا تھا اردو مے
ہندی مین اوسکو ارگن کہتے ہین -
ارمن - ف - بفتح بکسر اول نام ایک
ملک کا ہے درمیان ایران و روم و فرنگ کے
ارمان - ت - بالفتح بمعنے آرزو
و تمنا بعضے کہتے ہین کہ یہ لفظ ترکی ہے
اور بعض کہتے ہین کہ یہ لفظ فارسی ہے
یہ اردو مے ہندی مین بھی مستعمل ہے
مُنیہ و بُغیہ معنی عربی آرزو فارسی ہے
اور بعض کہتے ہین کہ ارمان بمعنے رنج و
افسوس حسرت پشیمانی کے بھی آتا ہے -
اربعین - ع - بالفتح نام عدد کا یعنی
چالیس مجازاً بمعنے چلّے کے ہے
صوفی لوگ چالیس روز تک ایک
گوشے مین بیٹھکر با خصلت و عبادت کرتے ہین
ارزن - ف - بالفتح ایک درخت کا
نام ہے اور ایک غلہ ہے کہ ہندی مین اسکو
چینا کہتے ہین اور ایک گانون کا
نام ہے کہ شیراز سے تین فرسنگ ہے -
ارسلان - ت - بالفتح بندہ -
غلام - شیر درندہ -
ارکان - ع - بالفتح جمع رکن
کی ہے اور رکن بالضم جزو اعظم -
جو چیز کہ قوی تر ہو - اور کبھی
اربعہ عناصر سے مراد ہوتی ہے -
ارغوان - ف - بفتح اول و سوم
ایک درخت ہے کہ فارس کے شہر مین
اگتا ہے پھول اوسکا بہت ہی سرخ
اور خوشنما ہوتا ہے مزا اوسکا تھوڑا
میٹھا لوگ اسکو کھاتے ہین و خوشنگ ہے
ارجوان معرب اسکا ہے -
ارمغان - ف - بالفتح بروزن
پہلوان تحفہ سوغات - انوکھی چیز
اور بعض کہتے ہین کہ بفتح اول و ضم سوم ہے
ارضین - ع - بفتح اول و کسر ضاد معجمہ
جمع ارض کہ بمعنی زمین کے ہے -
ارزان - ف - سستا جو مہنگا نہو
اروین - ف - بروزن پروین
امتحان - تجربہ - آزمائش -
ارقان - ع - بالفتح گردی کہ کھیت مین
لگتی ہے - زردی کی بیماری کہ آدمی کو ہوتی ہے
اردو - ف - بضم اول و سوم
دال مہملہ و واو معروف لشکر شاہی
لشکر کی جگہ -
ارسطو - ی - ایک حکیم کا نام ہے
جو سکندر کا وزیر اور افلاطون کا
شاگرد تھا - ارسطاطالیس بھی کہتے ہین
ارنبہ - ع - بالفتح و نون مفتوح و موحدہ
خرگوش کی مادہ پھنگلی - نوک بینی
نتھنا -
آرنبہ - ع - بضم اول بن ران -
ارضہ - ع - بالفتح و ضاد معجمہ ایک
مشہور کیڑا ہے جو لکڑی اور پشمینہ
وغیرہ کو کھا جاتا ہے -
آرگجہ - ف - بالفتح و کاف فارسی
و جیم عربی ایک خوشبو ہے مرکب
صندل و گلاب اور کافور اور
مشک اور عنبر اور روغن چنبیلی
سے بناتے ہین یہ مشہور چیز ہے -
غلوفی غالیہ عربی برگنہ فارسی -
ارمیہ - ع - بضم اول و سکون ثانی
و فتح میم و یاے تحتی مخفف ارمیا
کہ نام حضرت خضر علیہ السلام کا ہے
ارامل - ع - بالفتح بیوہ عورتین
ارملہ - ع - بالفتح دکھیا - رانڈ جورو
اریکہ - ع - بفتح اول تخت آراستہ
اور بعضے کہتے ہین کہ اریکہ اوس تخت کو
کہتے ہین کہ جسپر چھپر کھٹ یا شامیانہ ہو

عروس کا تخت۔

ارابہ۔ ف۔ بالفتح دمو خدہ بروزن قرابہ گاڑی۔ بہل۔ عجلہ عربی۔ مگر عرادہ عین مہملہ و ذال مہملہ سے صحیح ہے

اربعہ متناسبہ۔ ع۔ علم حساب میں تین عدد معلوم ہوتے ہیں جن سے چوتھا عدد نامعلوم دریافت کیا جاتا ہے اور تین عددون معلوم میں سے دو عدد ہمجنس ہوتے ہیں اور تیسرا غیر جنس کہ جسکے ہمجنس جواب یعنی چوتھا عدد ہوتا ہے بعد حاصل ہونے جواب کے وہ عدد ایک جنس اور دو عدد ایک جنس کے ہوجاتے ہیں اور چارون عدد ملکر اربعہ متناسبہ کہلاتا ہے مثال سوال ۹ مزدور جس کام کو دس دن میں کرتے ہیں تو اوسی کام کو ۱۲ مزدور کتنے دنون میں پورا کرینگے۔ مزدور ۱۲ : ۹ مزدور دن ۱۰
جواب ۷ دن $\frac{6}{12}$ (۱۲

ارہ۔ ف۔ لکڑی چیرنے کا اوزار۔ آرا۔

آرواوہ۔ ہ۔ بالفتح جو وچنے وغیرہ بھونکر گھوڑے کو دیتے ہیں کہ جسمین گرمی نکر جاوے اور فربہ ہو۔ جشیشہ و جریش عربی بلغور و دلیدہ و کبیدہ فارسی۔

ارنی۔ ع۔ بفتح اول و کسر را مہملہ و کسر نون دکھلا۔ مراد اس سے قصہ حضرت موسی علیہ السلام کا ہے اور فارسی میں بسکون را مہملہ مستعمل ہے۔

ارجعی۔ ع۔ بکسر اول و سکون را مہملہ و کسر جیم بمعنے بازگشت کر تو اے عورت یہ خطاب ہے واسطے روح مومن کے وقت مرنے کے۔

اراضی۔ ع۔ جمع ارض کی بمعنے زمین کے ہے۔

ارضی۔ ع۔ زمینی۔ زمین کا۔

ارادی۔ ع۔ ارادے کا۔ اختیاری۔

ارابجی۔ ف۔ گاڑیبان۔

ارزانی۔ ف۔ ضد گرانی بمعنے سستاپن۔ نرخ۔ قیمت مقرر کرنا کثرت۔ مجازا دینا۔ بخشنا۔

اروی۔ ہ۔ بفتح اول ترکاری مشہور ہے قلقاس عربی۔

ارے۔ ہ۔ بفتح اول ایک کلمہ استعجاب کا ہے حیرت کے مقام پر بولتے ہیں مثلا کوئی گر پڑے تو کہینگے ارے دوسرے کسی کی خبر بد سنتے ہیں کہتے ہیں ارے تیسرے خطاب تحقیر کا ہے جیسے ارے ادہر تو آ۔

اردلی۔ ہ۔ بفتح اول امیرون کی سواری کے ہمراہی۔

باب الف مقصورہ مع راے ہندی

اڑانا۔ ہ۔ بفتح اول دیوار کی مضبوطی کے لیے ستون دیوار میں لگا دیتے ہیں جسمین چھت کا بوجھ اوسی پر رہے ظہیر عربی جب ڈہنی ٹوٹ جاتی ہے تو اسکی ٹیکنے کو ایک لکڑی لگا دیتے ہیں عمود و عماد عربی ستون فارسی۔

اڑنا۔ ہ۔ بضم اول طیران عربی پریدن و پرواز کردن فارسی اور بفتح اول سرکشی کرنا۔ ٹھہرنا۔ تھمنا جانور کا کسی جگہ ٹھٹھکنا۔

اڑانا۔ ہ۔ بالضم اطارة عربی پرانیدن فارسی۔

اڑنگا۔ ہ۔ بفتح اول ایک پیچ ہے کشتی میں شغربیہ تلمانیہ ... پای پیچک نہادن فارسی اردو کو ہندی میں کئی جگہ مستعمل ہے بمعنے پیچ و نقصان کے

اڑنگ بازی۔ اڑنگے بازی کرنا۔

اڑ۔ ہ۔ بچون کو فساد غذا سے جو قبض ہوجاتا ہے۔

اڑبڑ۔ ہ۔ راستے میں اونچا نیچا۔

اڑوار۔ ہ۔ اڑانا ایک سے ہی چیز کو

اڑنگ بڑنگ۔ ہ۔ لغو لایعنی بیہودہ باتیں۔

اڑیل۔ ہ۔ بالفتح اول جو جگہ ...

ا قبین اڑتا ہو چلتے چلتے رک جاتا ہو
مخترع بن عربی کھگیر فارسی۔
اڑہی مشکل۔ ھ۔ سخت مشکل۔
اڑی۔ ھ۔ بالفتح وہ چیز جس کا نکلنا
دشوار ہو مشکل۔ وقت مصیبت کا۔

باب لغت مقصورہ مع زاء معجمہ

ازاء۔ ع۔ بکسر اول مقابلہ برابر۔
ازکیا۔ ع۔ بالفتح پاک لوگ۔
تیز فہم والے۔
ازکی۔ ع۔ بالفتح اور آخر میں الف بصورت
یا بہت پاک۔ بہت لذیذ۔
ازار بند ڈالنا۔ ھ۔ بکسر اول
استعمال عربی ازار بند در ازار کردن
فارسی۔
ازاحت۔ ع۔ بکسر اول دور کرنا۔
ازالت۔ ع۔ بالکسر دور کرنا زائل کرنا۔
ازواج۔ ع۔ بفتح اول وسکون
زاء معجمہ وفتح واو جمع زوج کی کبھی جوڑے
عورتین نر و مادہ کے ہے۔
ازدواج۔ ع۔ بالکسر باہم ملنا شادی
کرنا نکاح کرنا۔
ازعاج۔ ع۔ بکسر اول و
عین مہملہ وجیم تازی اٹھا دینا
ہلانا۔ اوکھاڑنا۔ باہر لانا۔
ازار بند۔ ف۔ مشہور چیز ہے ترجمہ عربی
تکلو ازار بند پند تنبان بھی فارسی ہے۔
ارتعاد۔ ع۔ بالکسر زرد رنگ ہو جانا رنگ کا
تلملانا۔
ازدیاد۔ ع۔ بکسر اول وسوم
زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔
ازہر۔ ع۔ بروزن اکبر بہت چمکیلا ہوا
بہت چمکتا ہوا۔
ازہار۔ ع۔ بالفتح کلیاں۔ غنچے
فرق درمیان ازہار اور انوار کے
یہ ہے کہ اکثر اطلاق انوار کا سفید پھول
اور ازہار کا سرخ و زرد پہ ہوتا ہے۔
بالکسر چراغ جلانا درخت کا کلیانا
ازاہیر۔ ع۔ بالفتح کلیاں یعنی
ادھ کھلے ہوئے پھول۔
ازئار۔ ع۔ بکسر اول شیر کا دھاڑنا۔
ازدجار۔ ع۔ بالکسر جھڑکی دینا۔
ڈانٹنا۔
ازار۔ ف۔ بکسر اول پگڑی۔
پائجامہ۔ لنگی۔
ازبر۔ ف۔ بفتح موحدہ حفظ کرنا۔
کسی چیز کا یاد رکھنا۔
ازیز۔ ع۔ بفتح اول آواز جوش دیگ
کڑک بجلی کی۔
ازان باز۔ ف۔ اوس وقت سے۔
ازآتش۔ ف۔ بہت۔
ازلیخ۔ ف۔ بالفتح نفرت۔ کینہ۔
ازلاف۔ ع۔ بالکسر نزدیک کرنا
واجب ہونا۔ جمع کرنا۔
ازتحاق۔ ع۔ بروزن اجتناب
مشکین پانی بھرنے کی۔
ازرق۔ ع۔ بفتح اول نیلا۔ کرنجا۔
ازلاق۔ ع۔ بکسر اول پھسلانا۔
ازل۔ ع۔ بفتحتین ہمیشگی اور وہ زمانہ
جس کا شروع نہو۔
ازلال۔ ع۔ بکسر اول ڈگانا۔
ازمیل۔ ع۔ بالکسر میم مکسور
چمڑا تراشنے کا اوزار جس کو رانپی کہتے ہیں
ازدحام۔ ع۔ بکسر اول سکون
زاء معجمہ وکسر دال وحاء حطی بھیڑ۔
ہجوم۔ انبوہ۔ بھیڑ کرنا۔
ازکام۔ ع۔ بالکسر کام میں مبتلا کرنا
ازلام۔ ع۔ بالفتح پانسے۔
ازحام۔ ع۔ بالکسر بھیڑ کرنا انبوہ
ازم۔ ع۔ بفتح اول وسکون ثانی
دانت سے کاٹنا۔
ازمان۔ ع۔ بالفتح جمع زمن وقت زمانے
و بالکسر دیرپا ہونا۔
ازبرین۔ ف۔ بمعنے ایسا ہے
ازخواب برخاستن و ازخواب آمدن
۔ف۔ بیدار ہونا۔ جاگنا۔

آژ بیخ بر کندن و بر آوردن و بر کشیدن و بر انداختن۔ ف۔ جڑ سے کھودنا۔

اِزارہ۔ ف۔ بکسر اول گھیرا جیسے دف یا چھلنی کا گھیرا پشتہ دیوار کا

اَزمِنَہ۔ ع۔ بفتح اول جمع زمان بمعنی عہد

ازمنہ۔ ع۔ بالفتح و میم مکسور و زا و نون مفتوحہ جمع زمانہ کی۔

اِزالہ۔ ع۔ بالکسر دور کرنا۔

آزوقہ۔ ع۔ سوکھا کھانا۔

ازاغہ۔ ع۔ راہ راست سے پھیر دینا۔

ازلی۔ ع۔ بفتحتین یا بفتح اول و سکون ثانی منسوب ازل سے۔

باب الف مع زاء فارسی

اژدہا و اژدرہا۔ ف۔ بفتح اول بڑا سانپ۔ تنین عربی۔

اژدہات۔ ھ۔ بفتح اول اصل مین ہشت دہات تھا لوہا۔ تانبا۔ چاندی۔ سونا۔ رانگا۔ جست۔ سیسا وغیرہ ملاتے ہین اور اوسی سے چیزین بناتے ہین صُفر عربی ہفت جوش فارسی۔

اژدر۔ ف۔ بالفتح سانپ قوی الجثہ اور نام ایک شکل کا ہے آسمان پر اور وہ اژدہے کی صورت ہے

اوسکو اشدر اور ذنب بھی کہتے ہین۔

اژرنگ۔ ف۔ بفتحتین شکن چہرہ کی بدن کی۔

اژدہ۔ ف۔ بالفتح ناہمواری اور سختی سوہن یعنی ریتی کی جس سے لوہار ریتتے ہین۔

باب الف مقصورہ مع سین مہملہ

اِستبقا۔ ع۔ بالکسر باقی رکھنا۔ باقی چھوڑنا۔

اسقا۔ ع۔ بالکسر پانی پلانا۔ شراب پلانا۔

استبرا۔ ع۔ بالکسر بری ہونے کی خواہش۔ پاکی چاہنا۔ عیب یا قرض سے بریت چاہنا۔

استثنا۔ ع۔ کئی چیزون مین سے ایک چیز کو نکالنا۔ الگ کرنا۔

استدعا۔ ع۔ بکسر اول چاہنا۔

استسقا۔ ع۔ بالکسر پانی مانگنا۔ پیاس۔ پانی پینے کی خواہش کرنا۔ نام ایک بیماری کا ہے جلندر ہندی

استعفا۔ ع۔ بالکسر کسی سے خطا معاف کرانا۔ مجازاً کوئی عہدہ اور خدمت چھوڑنا اور جو کہتے ہین کہ فلان شخص نے اپنے کام سے استعفا دیدیا یہ محاورہ غلط ہے

صحیح یہ ہے کہ اپنے کام سے استعفا کیا۔ لیکن اگر اوس کاغذ کو جسمین کلمات استعفا لکھے ہون استعفا دینا کہین تو درست ہے۔

استغنا۔ ع۔ بکسر اول بے پروائی کرنا۔

استقصا۔ ع۔ بالکسر قاف کسی چیز کی انتہا کو پہونچنا۔ مجازاً کفایت اندیشی۔ کنجوسی۔ اور بہت سعی اور کوشش کا آنا ہے

استخلا۔ ع۔ بالکسر جون کھانا۔

استقا۔ ع۔ بالکسر قے کرنا۔

اِستعدا۔ ع۔ بر وزن استفعال گھوڑا دوڑانا۔ مدد چاہنا۔

استنجا۔ ع۔ بالکسر پیشاب یا پاخانے کے مقام کو دھونا۔

استوا۔ ع۔ بالکسر برابر ہونا مجازاً بمعنی دوپہر کا وقت۔

استہزا۔ ع۔ بالکسر و زاء معجمہ ہنسی ٹھٹھا کرنا۔

استیفا۔ ع۔ بکسر ہمزہ و سکون سین مہملہ پورا لینا۔ پورا حق لینا۔ بھر لینا۔

اِستیلا۔ ع۔ غالب ہونا۔

استرضا۔ ع۔ بالکسر رضامندی چاہنا خوشنودی چاہنا۔

استقرا۔ ع۔ تلاش کرنا۔ کھوج

پیروی - ڈھونڈھنا-
اِستعلا - ع - بالکسر بلند ہونا -
بزرگوار ہونا -
اسراء - ع - بالکسر رات کو رستہ چلنا
راتون رات جانا بالضم اول و فتح سین مہملہ
و راء مہملہ و بعد الف ہمزہ قیدی لوگ
اِستحصا - ع - بحاد و صاد مہملتین شمار کرنا
یا دریافت کرنا -
اِستفتا - ع - فتوی چاہنا -
اساری - ع - بالضم اول اور آخرمین
الف مقصورہ بصورت یا قیدی
لوگ یہ جمع اسیر کی ہے -
استجمار - ع - بجار معجمہ لٹکا ہوا ہونا
شکست ہونا -
استلقا - ع - بالکسر چت پڑنا -
اسما - ع - بالکسر نام رکھنا - اور
بالفتح بہت سے نام ایک خوبصورت
عورت کا نام ہے کہ عرب مین مشہور تھی -
اساء - ع - بالکسر بدی کرنا - برائی کرنا
اِستبطار - ع - بالکسر بار موحدہ
و طار مہملہ دیر کرنا -
اسخیا - ع - بالفتح جمع سخی کی ہے -
استجلا - ع - بالکسر روشن کرنا - جلا کرنا
اسفا - ع - بفتح اول و ثانی و فا
اور افسوس - اسے غم -

اِستسقائے - ع - بالکسر صحت چاہنا -
اِستضائے - بضاد معجمہ روشنی کرنا
اِستئناس - ع - بالکسر انا نتا -
استلاب - ع - بالکسر لے بھاگنا -
اِستجلاب - ع - بالکسر جیم و موحدہ
اپنی طرف کھینچنا حاصل کرنا -
اِستیعاب - ع - پورا پورا حاصل
کرنا - اول سے آخر تک سب لینا -
اِسپرس - ف - بسکون سین
میدان جہان گھوڑا دوڑائین -
اسلوب - ع - بالضم وضع
طرز و طریق - طور - ڈھب ڈھنگ
بالفتح پڑھنا خطا ہے -
اسالیب - ع - بالفتح جمع سلوب
کی ہے - انواع کلام -
اِسہاب - ع - بالکسر بہت
باتین کرنا - گھوڑے کا آگے چلنا -
بیابان مین چلنا -
اسرب - ع - بالضم سیسا جس سے
بندوق کی گولیان بناتے ہین -
اسطرلاب و اصطرلاب - ع -
بالضم ایک آلہ ہے جس سے بلندی آفتاب
اور ستارون کی معلوم کرتے ہین -
اِستکساب - ع - بالکسر کسی چیز
یا ہنر کا اپنی کوشش سے حاصل کرنا -

اور کسی چیز کو ہر طرف سے سمیٹنا -
اِستکتاب - ع - بالکسر لکھنا -
کتابت کرنا - لکھانا -
اسباب - ع - وسیلے - علاقے -
رسیان - اسباب السموات
دروازے - راستے آسمانون کے -
اِستعجاب - ع - تعجب کرنا -
اِستغراب - ع - تعجب دلانا -
عجیب بات کرنا -
استمالت - ع - بالکسر کسی کو
اپنی طرف جھکا لینا راضی کرنا - ملا لینا
استطاعت - ع - بالکسر قدرت
طاقت - مقدور - دسترس -
استجابت - ع - بالکسر قبول کرنا -
جواب دینا -
استدامت - ع - بالکسر ہمیشگی چاہنا
استراحت - ع - بالکسر آرام لینا -
دم لینا - سستانا -
استعانت - ع - بالکسر مدد طلب کرنا
موسے زہار مونڈنا -
اِستقامت - ع - سیدھا ہونا -
مستقیم ہونا -
استعاذت - ع - بالکسر و ذال معجمہ
پناہ لینا -
اِستہانت - ع - خوار سمجھنا - بے قدر سمجھنا

استعادت ۔ع۔ پھیر دینے کی خواہش کرنا۔
اسکات ۔ع۔ بکسر اول چپکا کرنا۔
استحالت ۔ع۔ غیر ممکن ہونا کسی کام کا
استنارت ۔ع۔ روشن ہونا۔ نور پکڑنا۔
اسائت ۔ع۔ بکسر اول و فتح ہمزہ بدی کرنا۔
اسطقسات ۔ع۔ بضم یکم و سوم و چہارم باسین مشدد و طبائع اربعہ
استطابت ۔ع۔ صفائی یا پاکی چاہنا خوشی کرنا خوشبودار کرنا۔ لذیذ کرنا۔
استکانت ۔ع۔ بالکسر فروتنی کرنا۔ زاری کرنا۔ گردن رکھنا۔
است ۔ع۔ بالکسر پائخانہ پھرنے کا سوراخ۔ مقعد۔ کون۔
استحاضہ ۔ع۔ بالکسر حیض پھوٹنا۔
استمکات ۔ع۔ بالکسر تخم کا میانا
استعلاج ۔ع۔ بالکسر علاج کی خواہش کرنا
استدراج ۔ع۔ بالکسر خرق عادت یعنی خلاف عادت جو کسی غیر مومن سے ظاہر ہو۔ خرق عادت مومن کو کرامات اور خرق عادت نبی کو معجزہ کہتے ہین۔
استمزاج ۔ع۔ مزاج دانی کرنا۔

رای دریافت کرنا۔
اسفیدباج ۔ع۔ بالکسر گوشت کا شوربا بے مصالح جو بیماروں کو دیتے ہیں۔
اسراج ۔ع۔ بالکسر زین کسنا۔
اسفیداج ۔م۔ بالکسر سفیدہ کاشغری
استخراج ۔ع۔ نکالنے کی خواہش کرنا۔ ایک بات نکالنا۔
اسناج و اسنیج ۔ع۔ بالکسر لٹرن۔
اسفنج ۔ع۔ ابر مردہ۔ موا بادل۔
استصلاح ۔ع۔ بالکسر صلاح پوچھنا۔
استراح ۔ع۔ بالکسر آرام لینا۔
اسفاناخ ۔م۔ بالکسر و فاء و نون پالک کا ساگ معرب اسپاناخ کا ہے
اسلاخ ۔ع۔ بالکسر کھال کھینچنا۔ پوست چھیلنا۔
استنساخ ۔ع۔ بالکسر لکھنا لکھانا۔
استبداد ۔ع۔ بالکسر ہٹ کرنا۔ کسی کی کہنا نہ ماننا۔ استقلال مضبوطی۔
استاد ۔ف۔ بالضم مخفف استاذ کا۔ استا کے معنے فارسی مین کتاب کے ہین اور دو بفتح واو و دال مہملہ بمعنے دانا کے ہے اس مین ترکیب مقلوب ہے۔ اور ذال معجمہ سے اسکا معرب ہے جمع اسکی اساتذہ ہے سکھانیوالا

کسی علم و ہنر کا آزمودہ فن تجربہ کار ہوشیار۔ آزمودہ کار۔ چالاک۔ علم و ہنر کے سکھانیوالے کو کہتے ہین۔
استرداد ۔ع۔ بکسر اول و سکون ثانی و تاء فوقانی مکسور و دال مہملتین سے دی ہوئی چیز کو واپس لینا۔ واپسی کی خواہش کرنا۔ پھیر لانا۔
استسعاد ۔ع۔ بکسر اول و سکون ثانی و تاء فوقانی مکسور و سین و عین مہملتین نیک بختی چاہنا۔ نیک بختی ڈھونڈھنا۔
استعداد ۔ع۔ بکسر اول آمادگی۔ سامان۔ مادۂ علمی۔
اسد ۔ع۔ بفتحتین شیر درندہ اور پانچوین برج آسمانی کا نام ہے مفصل اسکی کیفیت میری کتاب نقش سلیمانی مین لکھی ہوئی ہے۔
اسد ۔ع۔ بضمتین جمع اسد کی ہے
اسعاد ۔ع۔ بکسر اول و سکون ثانی و عین مہملہ نیکبختی مددگاری۔
استحداد ۔ع۔ کسی چیز کو تیز کرنا۔ موئے زہار مونڈھنا۔

اسعد - ع - بہت نیک بخت - بڑا سعید
اسود - ع - بفتح اول و سکون ثانی و فتح
واو سیاہ کالا - کالا سانپ - ناگ -
استطراد - ع - کسی چیز کے آنے یا دور
کرنے کی خواہش کرنا -
استیقاد - ع - آگ روشن کرنا -
استبعاد - ع - دوری ڈھونڈھنا -
دور سمجھنا -
استعباد - ع - خدمت میں قبول کرنا - غلامی میں لینا
استشہاد - ع - شہادت چاہنا -
گواہی چاہنا -
استناد - ع - تکیہ لگانا -
استیلاد - ع - ولادت چاہنا -
اسناد - ع - بالکسر ایک چیز کو
دوسری چیز کی ٹیک لگا دینا اور ایک
چیز کو دوسری چیز سے نسبت کرنا
حدیث کو کسی کی طرف منسوب کرنا
کسی چیز کو نیچے سے اوپر چڑھانا
بالفتح جمع سند کی ہے بفتحتین وہ چیز
جسے سہارا لگایا جاوے -
اسپند - ف - بکسر اول و سکون دوم
کالی کالی دانے ہیں جنکو نظر بد کے
دور ہونے کے لیے جلاتے ہیں
اوسکو کالا دانہ بھی کہتے ہیں حرمل
عربی - سپند و سپندان بھی فارسی ہے

استمنا - بالید - ع - بالکسر مشت زنی
مارنا - جلق لگانا -
استلذاذ - ع - لذت حاصل کرنا - مزہ لینا -
استخر - ف - بالکسر و تاء فوقانی مفتوح و
سکون خاء معجمہ تالاب -
استاکار - ت - استاد -
استتار - ع - بالکسر و دو تاء فوقانی
چھپنا - آڑ میں ہونا -
استر - ف - بفتح اول و سکون دوم
و فتح تای فوقانی وہ کپڑا جو رضائی
دولائی وغیرہ کے نیچے لگایا جاتا ہے
(خلاف ابرہ) اردوے ہندی
میں بفتح الف مستعمل ہے لطانہ عربی
اور آستر بالمد بھی فارسی ہے اور
استر بالف مقصورہ خچر جو گدہے
اور گھوڑے سے پیدا ہوتا ہے
کہتے ہیں کہ یہ اختراع فرعون کا ہے
استظہار - ع - مدد چاہنا - پشت پناہ
ہونا - ازبر پڑھنا -
استغفار - ع - بکسر اول و سوم بخشوانے
کی خواہش - بخشش مانگنا -
استقرار - ع - ٹھہرنا - کسی جگہ قرار
پکڑنا - آرام لینا -
اسرار - ع - بالفتح جمع سر کی بمعنے
بھید بالکسر چھپا کر کہنا -

اسفار - ع - بالفتح و فا مسافر لوگ -
سفروں اور بڑی کتابیں اور بالکسر
روشن ہونا - اور روشنی میں صبح کی
نماز ادا کرنا -
اسطار - ع - بر وزن اخبار سطر ہیں -
بالکسر کہانی -
استقصار - ع - کم کرنا - کمی کی خواہش کرنا
استکبار - ع - بالکسر غرور کرنا - اپنے تئیں
بڑا سمجھنا -
استمرار - ع - جاری ہونا - ہمیشہ ہونا -
استوار - ع - بالضم محکم مضبوط -
اسکدار - ف - بکسر اول ڈاک چوکی -
قاصد -
اسیر - ع - قیدی اور بندی -
بندھوا - اور حبس - قید -
اسہار - ع - بر وزن افعال جگانا -
کسی کو سونے نہ دینا -
استبشار - ع - بکسر اول خوشخبری
دینا -
اسمار - ع - بالفتح رات کی کہانیاں
استحقار - ع - ذلیل اور خوار رکھنا
اسار - ع - بالکسر چھوڑنا - تھوڑا سا
کھا کر چھوڑ دینا -
اسود و احمر - ع - حبشی و رومی
یا عرب و عجم -

اساطیر۔ع۔ بفتح جھوٹی کہانیاں۔ نقلیں احوال۔

استکثار۔ع۔ شمار۔ شلنہ بہت چاہنا۔

اسمر۔ع۔ بالفتح گندم گون۔ سانولا اور قصہ خوان۔ کہانی کہنے والا۔

اسطور۔ع۔ بالضم قصہ کہنے والا۔

استنظار۔ع۔ بکسر اول رخصت مانگنا۔

استبصار۔ع۔ دیکھنا۔ دانائی۔ بینا ہونا۔

استجبار۔ع۔ بالکسر تکبر اور گردنکشی کرنا۔

اسحار۔ع۔ بالفتح پچھلی راتیں۔ فجر کے وقت۔ اور جمع ہے سحر کی کہ بمعنی جادو کے ہے۔

استحضار۔ع۔ بحاء مہملہ وضاد معجمہ یاد رکھنا اور حضوری چاہنا۔

استار۔ع۔ بالفتح پردے جمع ستر بالکسر ہے کہ بمعنی پردہ کے ہے اور استار نام ہے وزن کا ہے ساڑھے چار مثقال کا ہوتا ہے جسکے ۱ تولہ ۸ ماشہ ۲ سرخ جو اور بقول بعض ۶ درم ۔ اتولہ ۱۱ ماشہ ۲ سرخ وبقول بعض ۷ درم جسکے ایک تولہ ۱۰ ماشہ ۲ سرخ اور بقول بعضے ۶ درم طبی جسکے ایک تولہ ۱ ماشہ ۴ سرخ ہوتے۔

اسر۔ع۔ بفتحتین ولتشدید راء مہملہ بہت خوش اور بضم ہمزہ وسین مہملہ وراء مہملہ پائی سختست کے بفتح اول وسکون ثانی قید کرنا۔

استثمار۔ع۔ بالکسر میوہ چننا۔

استشعار۔ع۔ حرف چوتھا شین معجمہ ہے پوشیدہ دل میں ڈرنا۔

اسغر۔ع۔ بالضم وغین معجمہ مضموم ایک مشہور جانور ہے۔ ساہی ہندی

استکرار۔ع۔ بالکسر تکرار کرنا۔ باربار چاہنا۔

استنصار۔ع۔ بالکسر مدد چاہنا۔

استفسار۔ع۔ بالکسر دریافت کرنا پوچھنا۔

اسوار۔ع۔ بالکسر کنگن جو ہاتھ میں پہنے جاتے ہیں۔

اساور۔ع۔ کنگن ہاتھوں کے

اساس۔ع۔ بالقصر ہمزہ مفتوح بروزن سحاب بنیاد۔ نیو عمارت کی۔

اسطقس۔ی۔ بضم اول وسکون سین وضم طاء مہملہ وفتح قاف وسین مہملہ بمعنی عنصر یعنی اصلی جزو۔

استیناس۔ع۔ خو پکڑنا۔ محبت پکڑ جانا۔ آنس ہوجانا۔

استنفاس۔ع۔ زندگانی چاہنا۔ خون نکالنا۔

استرخاص۔ع۔ بالکسر رخصت مانگنا سستا خریدنا۔

استخلاص۔ع۔ بالکسر چھوڑنا۔ رہائی چاہنا۔

استقصاص۔ع۔ قصاص لینے کی خواہش کرنا۔

استنفاض۔ع۔ بالکسر جھاڑ لینا۔

استقراض۔ع۔ بالکسر قرض مانگنا۔

استنباط۔ع۔ بالکسر کسی چیز کو کسی چیز سے چننا۔

اسباط۔ع۔ بالفتح اولاد۔ پوتے۔ نواسے استعمال اسکا حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد میں مثل لفظ قبائل بنی اسمٰعیل کے ہے اور تسمیہ اسباط کی یہ ہے کہ حضرت اسمٰعیل کے بیٹوں اور حضرت اسحٰق کے بیٹوں میں فرق ہو اور بمعنی گروہ وقوموں اور ذاتوں کے آتا ہے۔

اسعاط۔ع۔ بالکسر نکالا مارنا۔

اسقاط۔ع۔ بالکسر پیٹ گرانا بات میں غلطی کرنا بالفتح ہر انگا اسباب گرگری خانہ گھر کا جمع سقط بفتحتین کی ہے۔

اسواط۔ع۔ کوڑے جمع سوط کی ہے۔

استہتال ع س ع منفعت ڈھونڈھنا نفع چاہنا۔
اسماع س ع بالکسر سنانا۔ گالیاں دینا۔ بالفتح جمع سمع بمعنے گوش یعنے کان ہے۔
استماع س ع سننا۔
استرجاع س ع چیز دی ہوئی واپس لینا۔ اور انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنا۔
استشفاع ع ع شفاعت چاہنا۔ سفارش اوٹھانا۔
اسجاع س ع بالفتح سخن باقافیہ اور کبوتر اور فاختہ کی دا اور بالکسر کلام مین تک لگانا۔
اسبوع س ع بضم اول وضم باء موحدہ ہفتہ سات روز۔
استدفاع س ع بکسر اول ایک چیز کو دوسری چیز سے الگ کرنا۔
استطلاع س ع بالکسر آگاہی ڈھونڈھنا۔ اطلاع چاہنا۔
استنقاع س ع کسی خشک میوے کو پانی مین تر کرکے ملکے اوسکا پانی لینا
اسراع س ع بالکسر دوڑنا۔
اسرع س ع بہت جلد۔ بہت دوڑنا۔

استفراغ س ع بالکسر فراغت چاہنا۔ طبیبون کی اصطلاح مین خالی ہونا بدن کا فضلات سے۔ قے کرنا۔
اسباغ س ع بالکسر تمام کرنا۔ پورا کرنا۔
اسف س ع بفتحتین سخت غم۔ اور غم و افسوس ملا ہوا۔
اسپرسف ف میدان جہان گھوڑا دوڑائین۔
استنکاف س ع شرم و حیا اور عار رکھنا۔
اسقف س ع بضم اول و سکون ثانی وضم قاف عیسائیون کا پادری
اسعاف س ع بالکسر حاجت روا کرنا۔
استعطاف س ع مہربانی چاہنا اور دل ہاتھ مین لینا۔
استیناف س ع شروع کرنا۔ نئے سر سے شروع کرنا۔
اسلاف س ع بالفتح اگلے وقت کے لوگ اور بالکسر آگے بھیجنا
استیلاف س ع بالکسر محبت کی خواہش کرنا۔
استخفاف س ع کسی کی حقارت

شرمندگی ہلکا سمجھنا۔
اسراف س ع بالکسر ضرورت سے زیادہ صرف کرنا۔ فضول خرچی۔
اسیف س ع بر وزن فعیل اندوہگیر۔ غمگین۔
اسکاف س ع بالکسر موچی کاریگر
اسکف س ع بالضم برنی۔ رستنگاہ مژہ۔
استفاف س ع بکسر اول و سین مہملہ دکسنا کاریگری کے پیشے مین استاد۔
استکفاف س ع بالکسر ہاتھ پھیلانا گدائی۔
اسیاف س ع بالفتح جمع سیف کی تلوارین۔
استحلاف س ع بالکسر قسم لینا۔
استغراق س ع محو ہونا۔ غرق ہونا کسی چیز کو تمام لے لینا۔
استحقاق س ع بالکسر طلب حق کی کرنا۔ حقدار ہونا۔ لائق ہونا۔
اسحاق س ع بالکسر ایک پیغمبر کا نام ہو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے تھے۔
اشتیاق س ع بالکسر شوق سے چاہنا۔
استراق س ع بالکسر چوری سے

کسی کی بات سننا ۔ گفتگو یان لینا ۔
اِستِنطاق ۔ ع ۔ بالکسر سوال
کرنا اور جواب چاہنا ۔
اَسواق ۔ ع ۔ بالفتح جمع سوق کی
بمعنی بازار ۔ ہاٹے ۔
استطلاق ۔ ع ۔ بالکسر قید سے
رہا کرنا ۔ پیٹ چلنا ۔ دست آنا ۔
استنشاق ۔ ع ۔ بالکسر پانی
یا ہوا یا دوا کا نتھنون کی راہ سے سڑکنا
استبرق ۔ ع ۔ بالکسر معرب استبرہ
موٹا اور گندہ ریشمی کپڑا ہے مثل اطلس
کے بافتہ ۔ چیونے ۔
اسبق ۔ ع ۔ سب سے اول سب سے
بڑھا ہوا ۔
استیاک ۔ ع ۔ بالکسر مسواک
کرنا ۔
استمساک ۔ ع ۔ بالکسر چنگل مارنا
استنکاک ۔ ع ۔ بالکسر ازار بند
ڈالنا ۔
اسپک ۔ ف ۔ بالفتح خیمہ ۔ بڑا
ڈیرہ ۔
اِسبال ۔ ع ۔ بالکسر دامن یا جامہ یا
پائجامے انگرکھے عبا کو لٹکانا ۔ جاری
کرنا ۔ آنسو ٹپک پڑنا ۔
اسپغول ۔ ف ۔ بالفتح و بالکسر واو
مجہول ایک مشہور بیج ہے دوسرے
درجے مین سرد و تر ۔
استقبال ۔ ع ۔ بکسر اول پیشوائی
کرنا ۔ آگے جانا اگوائی پیشوائی
استعجال ۔ ع ۔ بالکسر دوڑنا اور
جلدی چاہنا ۔
اِستہلال ۔ ع ۔ نیا چاند دیکھنا
لڑکے کا پیدا ہوتے وقت رونا ۔
حاجیون کا چلا کے لبیک کہنا ۔
استزلال ۔ ع ۔ بکسر اول پھسلانا
استظلال ۔ ع ۔ بہ ظاء معجمہ سایہ
پکڑنا ۔ سایہ مین آنا ۔ سایہ مین
بیٹھنا ۔
اِستقلال ۔ ع ۔ بغیر شرکت دوسرے
کے خود کسی کام کے واسطے کھڑے ہونا
اسہال ۔ ع ۔ بالکسر دست آنا
اَسہل ۔ ع ۔ بہت سہل بہت آسان تر ۔
اِستدلال ۔ ع ۔ دلیل لانا ۔ گواہی
چاہنا ۔
اِسرافیل ۔ ع ۔ نام فرشتہ کا ہے کہ
قیامت کے دن صور پھونکیگا ۔
اسرائیل ۔ ع ۔ نام یعقوب
علیہ السلام کا ہے ۔ بندی خدا کے
اسل ۔ ع ۔ بفتحتین نیزہ جیسا ۔
اسفل ۔ ع ۔ بفتح اول و فتح فا بہت
نیچا ۔ بہت پست بہت کم ۔
اَسافل ۔ ع ۔ بفتح اول نہایت
نیچے ۔ اور کمینے نیچ لوگ ۔ آدمیون کے چوتڑ
استیصال ۔ ع ۔ بالکسر جڑ سے
اوکھیڑنا ۔ جڑ سے کھودنا ۔
استعمال ۔ ع ۔ بالکسر کام مین
لانا ۔ عمل مین لانا ۔
اُستم ۔ ع ۔ بالکسر بمعنے ستم و ظلم ۔
استحمام ۔ ع ۔ بالکسر حمام مین غسل
کرنا ۔ اور گرم پانی سے نہانا ۔ اور
کسی چیز کی گرم بھاپ لینا ۔
استشمام ۔ ع ۔ بالکسر
گرانا ۔
استعلام ۔ ع ۔ بالکسر آگاہی
چاہنا ۔ خبر پوچھنا ۔
اسقام ۔ ع ۔ بالفتح بیماریان ۔
امراض ۔ بالکسر بیمار ڈالنا ۔
اسم ۔ ع ۔ نام ۔
اسحم ۔ ع ۔ بالفتح سیاہ کالا ۔
استسلام ۔ ع ۔ سلامتی چاہنا ۔
گردن رکھنا ۔
اسم اعظم ۔ ع ۔ اللہ تعالی کے تمام
نامون مین سے بزرگ نام ہے تعین
مین اختلاف ہے وہ نام پوشیدہ ہے
مگر کاملین کو معلوم ہوتا ہے ۔

اسٹیکلم – ع – بضم اول نام ایک رگ کا ہے
استفہام – ع – بالکسر کسی چیز کی شناخت چاہنا پوچھنا –
استشمام – ع – بالکسر سونگھنا
استقدام – ع – بالکسر پیشوائی کرنا تعظیماً آگے جانا –
استحکام – ع – بالکسر مضبوطی –
استلام – ع – بالکسر پتھر کو ہاتھ یا لب سے چومنا
اسلام – ع – بالکسر خدا کی راہ مین گردن رکھنا مسلمان ہونا –
اسپرم – ف – بالکسر تر ہ شراب نطول یانی مین دواؤن کو جوش دیکر کسی عضو صدمہ رسیدہ پر ڈالنا –
استخوان – ف – ہڈی گٹھلی ایک قسم کا ہتھیار زنگی لوگون کا ہے –
استنان – ع – بالکسر گھوڑی کا اگلے ہاتھ اٹھا کر پچھلے پاؤن پر کھڑے ہونا – چراغ پا ہونا – سیخ پا ہونا – الف ہونا – گلیل مسواک کرنا –
اساطین – ع – بالفتح جمع اسطوانہ کہ بمعنی ستون کے ہے –
استحسان – ع – بالکسر اچھا سمجھنا پسند کرنا –
اسطن – ع – بالکسر ستون

اسنان – ع – بالفتح بہت سِل اور سِن اور بہت سے دانت –
اسفل السافلین – ع – کنایہ ہے دوزخ کے ساتوین طبقے سے کہ وہ سب طبقون کے نیچے ہے –
اسطورہ – ع – بالضم جھوٹی کہانی جھوٹی بات –
اسکنہ – ف – بالفتح بروزن شگنہ رکھانی – برما جس سے لکڑی مین چھید کرتے ہین –
اساتذہ – ع – بالفتح و تای فوقانی مکسور و ذال معجمہ جمع استاذ کی کہ معرّب استاد کا کہ دال مہملہ سے ہے –
استفاضہ – ع – بالکسر فیض حاصل کرنا
اسبوعہ – ع – بضم اول بمعنے ہفتہ
اسبوبہ – ع – بالضم گالی –
استہ – ف – بالضم چھوہارے کی گٹھلی –
اسوہ – ع – بالضم و بالکسر پیشوا – مقتدا –
استرہ – ف – مشہور ہے – موسے تراش فارسی – موسیٰ عربی
اسفنجہ – ع – بالکسر ہوا بادل –
استنباہ – ع – بالکسر آگاہی ڈھونڈھنا –

استغاثہ – ع – بالکسر فریاد چاہنا – انصاف چاہنا –
اسکہ – ع – بفتحتین – شیرینی –
استتابہ – ع – بکسر ہمزہ و سکون سین مہملہ و فتح تاے اول توبہ توڑنا –
استکراہ – ع – بکسر اول نفرت کرنا –
اسلحہ – ع – بفتح اول و کسر لام و حاے مہملہ جمع سلاح کی بمعنے ہتھیار زرہ و زرہ و غیرہ
استخارہ – ع – اسکے لغوی معنے اللہ تعالی سے بہتری چاہنا اور اصطلاح مین مستقبل کی آگاہی ڈھونڈھنا غیب سے مآل کار مین اور طریقہ اسکا میری کتاب مجربات سلیمانی وغیرہ مین لکھا ہے اور شیعہ لوگ اکثر اسی طرح پر استخارہ کرتے ہین کہ کچھ پڑھکر اور آنکھین بند کرکے تسبیح کا ثلث مقام دو انگلیون سے پکڑ لیتے ہین اور اس جگہ سے دو دو دانے امام تک طرح دیتے ہین اگر آخر مین ایک دانہ رہے علامت خیر کی ہے اور اگر دو رہین علامت شر کی ہے –
استجازہ – ع – بجیم و زاے معجمہ اجازت چاہنا –
استشارہ – ع – بکسر اول مشورہ کرنا صلاح پوچھنا –
اسولہ – ع – بفتح اول و کسر واو جمع

سوال کی ہی۔

استحالہ ع۔ بکسر طالب محال کرنا حیلہ کرنا۔

استوانہ ع۔ بضم اول ستون۔

اسادہ ع۔ بکسر اول بمعنے تکیہ۔

اسکرہ ف۔ بضم الف وتشدید راء مہملہ سکورہ۔

استعارہ ع۔ بالکسر کسی چیز کا عاریۃً مانگ لینا دستگردان لینا۔ اور شاعرون اور منشیون کی اصطلاح مین ایک لفظ کو کسی مشابہت کے سبب سے بجائے حقیقی معنی کے بطور عاریت دوسری معنی مین استعمال کرنے کو استعارہ کہتے ہین جیساکہ لفظ نرگس اور آہو سے آنکھ اور سنبل سے زلف اور سرو سے قد مراد لینا۔

اسامی ع۔ بالفتح جمع الجمع اسم کی ہی کہ اسامی جمع اسما کی ہی اور اسما جمع اسم کی ہی اور آسامی بالف ممدودہ یا تاے مثلثہ سے لکھنا اور الف و نون جمع کا گروہ کیواسطے لانا اور اسامیان پڑھنا یہ تینون محاورے غلط ہین۔

اسمعیل ع۔ بمعنے قربانی اور نام ایک گروہ کا ہی کہ گھوڑے کی مقام ایشیاے

کو پوجتے ہین۔

اسی ع۔ بفتح اول وکسر ثانی و تشدید یا اندوہگین غمگین دکھیا مرجھایا ہوا۔ بے رونق۔

استمراری ع۔ ہمیشگی۔

استواری ف۔ مضبوطی۔

اُستانی ہ۔ بضم اول اوس عورت کو کہتے ہین کہ جو لڑکیون کو پڑھا کر لکھاوے اور کاڑھنا اور سینا سکھاوے آنون بعد الف فارسی ہے۔

باب الف مقصورہ مع شین معجمہ

اشداء ع۔ بفتح اول وکسر شین معجمہ وتشدید دال مہملہ تند مزاج۔ شدت کرنیوالا۔ زور آور۔

اشقیا ع۔ بفتح اول جمع شقی کی ہی کہ بمعنے بدبخت بدنصیب کے ہے۔

اشہی ع۔ بفتح اول وسکون ثانی وفتح ہا اور آخر مین الف مقصورہ بصورت یا نہایت پسندیدہ بہت آرزو رکھنے والا۔

اشتہا ع۔ بکسر اول امید کرنا۔ خواہش سیاہ آور فارسی والے بہ معنے آرزوی طعام کے استعمال کرتے ہین۔

اشیا ع۔ چیزین جمع شے کی۔

اشترا ع۔ بالکسر بیچنا۔ مول لینا۔

اشہب ع۔ بالفتح ہر ایک چیز سیاہ رنگ کی جسمین سفیدی غالب ہو۔ گھوڑا سبزہ۔ سرخا۔

اشارات ع۔ بالکسر کتاب کا نام ہے۔

اشاعت ع۔ بکسر اول مشہور کرنا۔ پھیلانا۔ چھڑکنا۔ ظاہر کرنا۔

اشعات ع۔ بفتح اول وکسر شین معجمہ وتشدید عین مہملہ جمع اشعہ کی اور اشعہ جمع شعاع کی ہے۔ جسکے معنے چمک اور روشنی عکس۔ پرچھائین کے ہین۔

اشاکہ ع۔ بکسر اول گرطونا۔

اشج ع۔ بفتحتین وتشدید جیم سر ٹوٹا ہوا۔

اشباح ع۔ بالفتح وبای موحدہ جمع شبح کی ہی اور شبح کے معنے شخص۔ بدن۔ جسم کے ہین۔

اشتداد ع۔ بالکسر تکلیف۔ سختی۔ شدت۔ کثرت۔ کمال۔

اشد ع۔ بفتحتین وتشدید دال مہملہ بہت سخت زبردست اور بضم شین منتہاے قوت کسی چیز کی۔

اشتہاد ع۔ بالکسر گواہ کرنا۔
اشتعار ع۔ بالکسر آگاہی دینا۔
اور بالفتح بفتحتین شعرین۔ اور سر کے بال
اشقر ع۔ بالفتح ہر شے سرخ رنگ
مائل بزردی و سیاہی۔ سرنگ گھوڑا۔
اور کبھی مطلق گھوڑے سے مراد
ہوتی ہے۔
اشر ع۔ بفتح اول و کسر ثانی و رائے
مہملہ مشدد و ابتر خود نما خود پسند
بفتحتین و تشدید یا ابرا بدذات نہایت
شریر۔ مفسد
اشجار ع۔ بالفتح جمع شجر کی بمعنی درخت
اشتر ع۔ بضم اول بمعنے شتر یعنے
اونٹ۔
اشتہار ع۔ بالکسر شہرت دینا
مشہور کرنا۔
اشرار ع۔ بالفتح جمع شریر کی بہت
بُرے لوگ۔
اشہر ع۔ بالفتح بہت مشہور۔
اشتجار ع۔ بالکسر جھگڑنا باہم
بر سیلنا۔
اشتراط ع۔ بالکسر شرط کرنا۔
اشیاع ع۔ بالفتح گروہ دوستوں کے
جمع شیعہ کی ہے۔
اشباع ع۔ بالکسر وبار مدودہ سیر کرنا

اشنع ع۔ بالفتح بدتر بہت بد۔
اشجع ع۔ بالفتح بڑا بہادر۔ بڑا دلیر
شور۔
اشرف ع۔ بالفتح بڑا بھلا مانس
بڑا شریف۔ نہایت بزرگ۔
اشراف ع۔ بالفتح بھلے مانس
اچھے لوگ۔ بالکسر اونچا ہونا بلندہ
پر چڑھنا۔ اوپر سے نیچے جھانکنا
اشتفاف ع۔ بکسر سب پانی
چڑھا جانا۔ سارا پانی پی جانا۔
اشگرف ف۔ بالفتح بزرگ
اور بڑا نیک بالکسر قوی۔ شان و
شوکت۔
اُشق ع۔ بضم اول و فتح شین گوند ایک
درخت کا ہے بفتحتین و تشدید قاف بمعنی
دشوار تر بہت ہی مشکل۔
اشفاق ع۔ بالکسر مہربانی کرنا۔
ڈرانا۔ اور بالفتح جمع شفقت
کی ہے۔
اشراق ع۔ بالکسر چمکنا۔ روشن
ہونا اور صبح کا وقت بعد نکلنے آفتاب کے
اشتقاق ع۔ بالکسر ایک لفظ
سے دوسرا لفظ بنانا۔ لگا لینا۔
لکڑی لون وغیرہ کا چیرنا۔
اشتیاق ع۔ بالکسر شوق ہونا۔

اشتباک ع۔ بالکسر جڑ جانا۔ گتھنا
دانت بیٹھنا۔
اشباک ع۔ بالفتح جمع شبکہ بمعنے
پھندے۔ جال کے ہے۔
اشواک ع۔ بالفتح کانٹے۔
اشتراک ع۔ بالکسر ساجھا کرنا۔
شرکت۔
اشترک ف۔ بالضم موج مینڈھا
پانی کا۔
اشک ف۔ بفتح اول و سکون
ثانی آنسو۔
اشکال ع۔ بالکسر دشواری شکل کی
بالفتح صورتیں۔ رسیاں۔
اشل ع۔ بالفتح جسکا ہاتھ سوکھ
جاوے یا بیکار ہو جاوے۔
اشہل ع۔ بالفتح سیاہ زرد رنگ
مائل۔ کرنجا۔
اشعال ع۔ بالکسر آگ بھڑکانا
اور روشن کرنا آگ کا لپٹ مارنا۔
اشتعال ع۔ بالکسر آگ کا روشن ہونا
اشغال ع۔ بالفتح و بفتحتین جمع شغل کی
کہ بمعنے کام۔ کار و بار کے ہے۔
اشکل ع۔ بالفتح پاے بند۔ اور ڈوری
کہ جس سے پالان اونٹ کا باندھتے ہیں
کہ کسی طرف نہ کھسکے۔ سرخ چشم اور

سرخی سفیدی ملی ہوئی نہایت
خوبصورت - نہایت چھپا ہوا -
بہت دشوار - بہت مشکل - اور وہ
گھوڑا جسکا داہنا ہاتھ اور بایان
پاون سفید ہو -

اشکیل - ف - بالفتح وہ گھوڑا کہ جسکا
داہنا ہاتھ اور بایان پاون سفید
ہو - مکر و حیلہ -

اشتمال - ع - بالکسر شامل کرنا -
ملانا -

اشتلم - ع - بضم اول غلبہ و تیزی
زور و ظلم -

اشتر - ع - بالفتح دونون ہونٹون
کا کٹا ہونا -

اشمام - ع - بالکسر سونگھنا سونگھانا -

اشم - ع - بفتح ہمزہ بڑا ناک جسکی
بڑی ناک ہو -

اشراقیان - ع - بالکسر حکمائے سلف
کے ایک گروہ کا نام تھا جنہون
نے کثرت ریاضت سے باطنی روشنی
پیدا کی تھی اور تعلیم اور تعلم مکاشفہ
اور مراقبہ مین کرتے تھے کسیکے روبرو
جانے کی حاجت نہین رکھتے تھے
افلاطون اور بقراط وغیرہ جماعت
اشراقین سے تھے اور حکمائے
مشائین یعنی وہ دلائل اور علامات
سے کوئی بات دریافت کرتے تھے
بخلاف حکمائے اشراقین کہ ایک
دوسرے کے پاس جاکے مقدمات
دریافت کرتے تھے -

اشکرہ - ف - بالکسر پرندہ شکاری
جسکو شکرہ کہتے ہین -

اشنہ - ف - بالضم چھیل چھبیلا
مشہور چیز ہی -

اشادہ - ع - گوٹھے کو اونچا کرنا
کسی کو پکار کے بلانا -

اشعہ - ع - بفتح اول و کسر شین معجمہ و
تشدید عین مہملہ مفتوحہ جمع شعاع ا
کہ بمعنے روشنی چمک کے ہے شعاعین اور
شین کو سکون پڑھنا خطا ہی -

اشربہ - بفتح اول و سکون ثانی و
کسر رائے مہملہ و بعدہ بائے موحدہ جمع
شراب کی کھانے پینے کی پتلی چیز جیسے
دودھ - پانی شراب وغیرہ -

اشباہ - ع - بالفتح مثالین اور
نظرین جمع شبہ کی کہ بالکسر ہے -

اشنشہ - ف - بکسر اول گھن جو غلہ
مین لگتا ہے -

اشبہ - ع - بفتح اول و فتح بائے
موحدہ و ہائے ملفوظہ بہت مشابہت
رکھنے والا -

اشتباہ - ع - شک و شبہ

اشارہ - ع - بالکسر رمز - فرمان -
رمز مین کہنا بمعنے ایما کے ہے -
اعم اس سے کہ اشارہ ہاتھ سے ہو
یا آنکھ یا ابرو سے بعض محققین فرماتے ہین
کہ اشارہ ہاتھ کو اشارہ اور اشارہ
سر کو ایما اور اشارہ ابرو کو غمزہ اور
اشارہ لب کو رمز اور اشارہ انگشت
کو ایحا کہتے ہین -

اشرفی - ف - بسکون شین معجمہ و
فتح رائے مہملہ درست زر یعنے اشرفی
اور یہ اشرف بادشاہ کی طرف
منسوب ہی اوسکے زمانہ مین اشرفی
دس ماشہ کی رائج تھی شین معجمہ کا
زبر اور رائے مہملہ کا جزم پڑھنا خطا ہے

اشفی - ع - بالفتح و فائے مفتوحہ
والف بصورت یا لوہے کا اوزار ہے
کہ جس سے چمڑے مین سوراخ
کرتے ہین - ستالی ہندی یہان بلحاظ
شکل کے لکھا گیا -

باب الف مقصورہ مع صاد مہملہ

اصغا - ع - بالکسر کان رکھنا - کوئی
بات سننا -

اصفیا – ع – بالفتح بزرگ اچھے مقبول بندے – پاک لوگ –

اصدقا – ع – بفتح اول جمع صدیق کی – یار غار – دوست – رفیق –

اصلا – ع – بالفتح ہرگز – اصلا – از روے اصل کے –

اصلا – ع – بالکسر جلانا –

اصطفا – ع – بالکسر قبول کرنا برگزیدگی چھانٹنا چننا – پسند کرنا –

اصحا – ع – بفتح اول و کسر صاد و تشدید حاء مہملہ تندرست لوگ –

اصطلا – ع – بالکسر تاپنا – آگ جلا کر بیٹھنا –

اصلاب – ع – بالفتح جمع صلب کی کہ بالضم ہے بمعنی پیٹھ کی ہڈی کہ جگہ قرار نطفہ کی ہے اور اصلاب سے مراد باپ دادا ہے –

اصحاب – ع – بالفتح یاران خداوندان

اصوب – ع – بفتح بہت درست بہت نیک –

اصابت – ع – بکسر اول رسائی اور راست و درست پانا – تیر لگنا –

اصالت – ع – جڑ – ذاتی –

اصوات – ع – بالفتح جمع صوت کی یعنی آوازیں –

اصطلاح – ع – لغت میں اصطلاح کے معنی ملاپ کرنا باہم صلح کرنا – اور اصطلاحی معنے اتفاق کرنا کسی قوم کا آپس میں واسطے مقرر کرنے معنی لفظ کے سوای معنے نکالی ہوئی اس لفظ کے

اصباح – ع – بالفتح جمع صبح کی – بالکسر صبح کرنا –

اصلاح – ع – بالکسر درست کرنا – سنوارنا – صلح کرنا –

اصلح – ع – بفتح اول بہت درست

اصح – ع – تندرست – بہت صحیح

اصطخر – فا – بالکسر نام شہر کا قلعہ فارس کا ہے –

اصعاد – ع – بکسر اول چڑھانا –

اصفاد – ع – بالفتح زنجیریں – قیدیں بخششیں –

اصطیاد – ع – بالکسر شکار کرنا –

اصرار – ع – بالکسر تنہا کسی کام کے کرنے پر مستعد ہونا کسی کا کہنا نمانا – ہٹ کرنا –

اصر – ع – بکسر ہمزہ و سکون صاد مہملہ عہد پیمان –

اصطبار – ع – بالکسر صبر کرنا عادت صبر کی ڈالنا –

اصاغر – ع – بفتح اول و غین معجمہ مکسور چھوٹے –

اصفر – ع – بالفتح زرد – پیلا – ڈہڈہا

اصغر – ع – بالفتح بہت چھوٹا – چھوٹا سا

اصغار – ع – بالفتح جمع صغر کی بمعنی چھوٹائی کے ہے – بالکسر محتاج ہونا –

اصدار – ع – صادر کرنا – نکالنا ایک بات کا –

اصحاب الرس – ع – کنوین والے

اصل السوس – ع – ملیٹھی –

اصلع – ع – بالفتح گنجا –

اصبع – ع – بالکسر و بای موحدہ مفتوح ہاتھ پاؤں کی انگلی –

اصابع – ع – بالفتح انگلیاں ہاتھ پاؤں کی جمع اصبع کے ہے –

اصفر فاقع – ع – بالفتح ڈہڈہا

اصطباغ – ع – غوطہ دینا – رنگنا

اصباغ – ع – بالفتح و بای موحدہ و غین معجمہ جمع صبغ کی کہ بمعنی رنگ کے ہے

اصناف – ع – بالفتح قسمیں اقسام طرح طرح – بھانت بھانت –

اصداف – ع – جمع صدف کی سیپیاں

اصحاب کہف – ع – بمعنی صاحبان غار یہ سات آدمی ہیں جو دقیانوس بادشاہ ظالم کے خوف سے بھاگ کر ایک غار میں چھپ کر سوئے اور ایک کتا

بھی بوجہ اونکی محبت کے ساتھ تھا سوریہ ہین قیامت کے دن اوٹھینگے اول یمتلیخا دوم مکسلمینا سوم کشفوطط چہارم تبیونس پنجم کشافطیونس ششم ازرفطیونس ہفتم یوانس اور نام اونکے کتے کا قطمیر ہے۔

اصراف - ع - بالکسر خرچ کرنا۔

اصداق - ع - بالکسر کسی کی بات سچ کرنا۔ اور بالفتح سچائیان۔

اصطکاک - ع - بالکسر دو چیزون کو رگڑنا کسی سخت چیز کے کوٹنے کی آواز۔

اصطبل - ع - بکسر اول وسکون صاد مہملہ وفتح طا مہملہ گھوڑے باندھنے کی جگہ۔ تھان۔

اصحاب الشمال - ع - دوزخی لوگ۔

اصل - ع - بالفتح درخت وغیرہ کی جڑ۔ نسل۔ خاندان۔

اصیل - ع - بفتح اول وکسر صاد شام کا وقت یعنے وہ وقت جو عصر سے غروب آفتاب تک ہے اصیل آدمی اور وہ آدمی جسکے باپ دادا شریف ہوں نیک سیرت اور ہند مین کھانا پکانیوالی ماما خدمتی عورت کو کہتے ہین اور گھوڑا قوم دار تلوار ٹھکانے کی جیسے گجرات وغیرہ کی۔ اصیل مرغ یا مرغی یعنے قوم دار۔

اصول - ع - جمع اصل کی کہ بمعنے جڑ کی ہے نام اوس علم کا ہے کہ جسمین علم فقہ کے اصول اربعہ سے کہ دلائل شرعیہ عبارت اوس سے ہے بحث کرین وہ چار ہین ایک کتاب یعنی قرآن دوسرے سنت یعنی حدیث تیسرے اجماع امت وہ عبارت ہے صحابہ یا مجتہدین کے کسی چیز پر متفق ہونے سے چوتھے قیاس عبارت ہے ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ تشبیہ دینے سے بسبب شراکت ہونے اون دونون کے کسی امر مین جیسے کہ لواطت کو وطی کے ساتھ حالت حیض مین تشبیہ دینا بہ سبب شامل ہونے دونون کے نجاست مین پس ثابت کیا لواطت کیواسطے وہ حکم کہ ثابت کیا وطی حیض کی حالت مین یعنی حرمت اور فارسیون کی اصطلاح مین اصول کے معنی حرکت موزون خوش آئندہ کے ہین۔ اور موسیقیون کی اصطلاح مین اصول کے معنے تال کے ہین۔

اصحاب منتقل - ع - دوست ساتھ رہنے والے۔

اصنام - ع - بالفتح جمع صنم کی ہے بت۔ مورت صنم وہ ہے کہ کسی کی شکل پتھر وغیرہ کی بنا کر پوجین۔

اصم - ع - بفتحتین وتشدید میم بہرا جو کانون سے نہ سنے اور حاتم اصم اولیاء اللہ مین سے ایک بزرگ کا نام ہے۔ آپکے حالات فقیر نے اخبار الاخیار مین لکھی ہین۔

اصول کلام - ع - علم کلام مین اون مسئلون سے عبارت ہے کہ جنسے علم نقلی کے مطلبون کو دلائل عقلی سے ثابت کرین۔

اصرمان - ع - بفتح اول رات دن۔

اصمعی - ع - بفتح اول ایک شخص کا نام ہے کہ تابعین مین سے تھے ماہر لغات عرب کے تھے۔

اصلی - ع - بالفتح ذاتی۔ بے بناوٹ۔ ایک قسم لغت عرب سے وہ ایسا لغت ہے کہ در اصل موضوع ہے مانند عماد کے

باب الف مقصورہ مع ضاد معجمہ

اضحیٰ - ع - بالفتح اور آخر مین الف بصورت یا قربانی

اضرب اضرب - ع - بار بار۔

اضراب - ع - بالکسر منہ پھیرنا۔ سستی کرنا۔ ایک جگہ ٹھہری رہنا۔ سیر کرنا بالفتح نظیرین۔ مثالین۔ قسمین۔

اضطراب - ع - بالکسر خلل پانا۔

پریشان ہونا۔ تڑپنا۔ ہڑبڑانا۔ بیقرار
ہونا۔ گھبرانا۔ لوٹ پوٹ ہونا۔ کسی پرندے
کا پکڑنے کے وقت یا جال میں پھڑکنا۔
پھڑپھڑانا۔ اور اسکے معنی مضطرب
یعنے بیقرار کے بھی آتے ہین۔

اضاعت س ع۔ بالکسر ضائع کرنا۔
کھو دینا۔

اضاءت س ع۔ بکسر اول و حرف چہارم
ہمزہ مفتوحہ روشن کرنا۔ روشن ہونا۔ چمکنا

اضافت س ع۔ ایک چیز کو دوسری
چیز کی طرف نسبت کرنا۔ اور پوشیدہ
نہ ہو کہ اضافت نحویون کی اصطلاح مین
وہ نسبت ہے کہ درمیان دو اسمون
کے ہو تقیید کی وجہ سے ہو اسم اول کو
مضاف اور اسم ثانی کو مضاف الیہ
کہتے ہین اور فارسی مین مضاف کے
آخر حرف کو واسطے اضافت کے لفظ
مین کسرہ دیتے ہین اور یہ اضافت دس
قسم کی ہے اول تملیکی جسمین مضاف ملک
ہو مضاف الیہ کا جیسے اسپ زید دوسری
اضافت تخصیصی جسمین مضاف خاص ہو
واسطے مضاف الیہ کے جیسے دوکان عطار
دپوست انار تیسرے اضافت توضیحی
وہ اضافت واضح کرنیوالی ہے طرف
واضح کی گئی کی جیسے روز دوشنبہ
چوتھے اضافت بیانی جیسے مضاف الیہ
مضاف کا بیان ہو جیسے خاتم طلا پانچوین
اضافت تشبیہی وہ اضافت مشبہ بہ کی
ہے طرف مشبہ کے جیسے زال دنیا چھٹے
اضافت توصیفی وہ اضافت موصوف
کی ہے طرف صفت کے جیسے مرد شجاع
ساتوین اضافت مجازی جسمین مضاف
کا ثبوت مضاف الیہ کی طرف فرضی
اور اعتباری ہو جیسے سر ہوش آٹھوین
اضافت ظرفی جسمین اضافت مظروف
کی طرف ظرف کے ہو جیسے آب دریا
نوین اضافت اقترانی اور وہ اس طور پر
ہے کہ مضاف مضاف الیہ کے ساتھ
قرینۂ معنوی رکھتا ہو جیسے نامہ کمنامت
کہ بنام فقیر صدور یافت بدست ادب
گرفتہ لب ارادت نہادم و بانامل نیاز
مفتوح ساختہ بچشم عقیدت برخواندم
یعنی جو خط کہ لکھا ہوا مہربانی کے ساتھ
تھا اپنے ہاتھ سے کہ ادب کی حالت
سے نزدیکی رکھتا تھا لیکر اوپر اوس
سر کے کہ ارادت سے نزدیکی رکھتا ہے
رکھا مین نے دسوین اضافت ساتھ
ادنی ملابست کے ہے اور اس سے
یہ مراد ہے کہ ایک کو دوسری کے ساتھ
نہایت کم مناسبت میں کہ درمیان
اونکے واقع ہو منسوب کرنا جیسے ایران
ما بہ از توران شماست ظاہر ہے کہ متکلم
اسکا مضافات ایران سے کسی شہر محلہ پر
رہتا ہوگا اور اسی طرح اس تھوڑی
مناسبت کے ساتھ کہ ذکر کی گئی مخاطب
ہو کر ایران کو اپنا ملک قرار دیا۔

اَضداد س ع۔ بالفتح جمع ضد کی ہے۔

اضرار س ع۔ بالفتح ضرر پہونچانا۔
نقصان پہونچانا۔

اضطرار س ع۔ بالکسر بے اختیاری
بیچارگی کرنا گھبرانا۔ اوبدانا۔ ہڑبڑانا

اضمار س ع۔ بالکسر ضمیر لانا کلام مین
اسم کے واسطے۔

اضراس س ع۔ داڑھیں۔ داڑھ
جمع ضرس کے ہے

اَضیع س ع۔ بفتح اول و سکون ثانی
و فتح تحتانی و عین مہملہ بہت ضائع کرنیوالا

اضلاع س ع۔ بالفتح جمع ضلع کی ہے
اور ضلع بمعنے پہلو پسلیان۔ اور
بمعنی اطراف و جوانب۔ گوشے
کے بھی آتا ہے۔

اضطجاع س ع۔ بکسر اول و کسر تائے
فوقانیہ کروٹ لینا۔ پہلو پر سونا۔

انضجاع س ع۔ بکسر اول لٹانا۔ کروٹ لٹانا

اضعاف س ع۔ بالکسر دونا کرنا۔

بالفتح ڈنگی۔

اضیالف ع۔ بالفتح اول جمع ضیف کی ہے بمعنے مہمان کے ہے۔

اضیافت ع۔ بالفتح جمع ضیف کی بمعنی مہمان کے ہے۔

اضعف ع۔ بفتح اول و فتح عین مہملہ بہت ضعیف بہت ناتوان بہت کمزور۔

اضحاک ع۔ بالکسر کسی کو ہنسانا۔

اضلال ع۔ بالکسر گمراہ کرنا۔ راہ بہلانا۔

اضغاث احلام ع۔ بفتح اول وضاد و غین معجمتین و ثاء مثلثہ احلام بالفتح خوابہای پریشان جو قابل تعبیر کے نہون۔

اضحوکہ ع۔ بالضم و حاء مہملہ ہنسی دل لگی ٹھٹھول مسخرہ پن۔ اور وہ چیز جو لوگون کو ہنسی دلاوے۔

اضعاف مضاعفہ ع۔ بالفتح دونا دون۔ دونے پر دونا دوگنی اور دوگنی کی ہوئی کنایہ کثرت و انبوہ سے ہے۔

اضبارہ ع۔ بکسر ہمزہ و سکون ضاد معجمہ پشتارہ۔ پوٹ۔

اضافہ ع۔ بالکسر زیادتی۔ بڑہاوا۔

اضافی ع۔ نسبتی جو اصلی نہو۔

باب الف مقصورہ مع طاء مہملہ

اطفاء ع۔ بالکسر آگ بجہانا چراغ گل کرنا۔

اطراء ع۔ بالکسر تعریف اور مدح مین مبالغہ کرنا بڑہانا۔

اطباء ع۔ بالفتح جمع طبیب۔ حکیم بید۔ ڈاکٹر۔

اطناب ع۔ بالکسر کلام کا طول اور بالفتح ڈیرہ کی رسیان۔ ڈوریان۔

اطیب ع۔ بفتح اول و فتح تحتانی بہت خوشبودار بہت پاک۔

اطالت ع۔ بالکسر لنبا کرنا۔ بڑہانا۔

اطارت ع۔ بکسر اول اڑانا۔ گہرا۔ دف۔ جہلنی وغیرہ کا۔

اطاعت ع۔ بالکسر حکم ماننا۔ فرمانبرداری کرنا۔

اطراح ع۔ بالکسر ڈالنا۔ گرانا۔

اطراد ع۔ بالکسر و تشدید طاء مہملہ کا م بجانا ایک کے پیچھے ایک کا ہونا۔ اور بتخفیف طاء ہنکانا۔ دور کرنا۔

اطہار ع۔ بالفتح پاک لوگ۔ اچھے لوگ۔

اطوار ع۔ بالفتح جمع طور۔ طرح طرح۔

اطراز ع۔ بالکسر نقش کرنا۔

اطلس ع۔ سادہ بے نقش۔ نام ریشمی کپڑے کا ہی۔

اطروش ع۔ بضم اول و سوم واو معروف بہرا۔

اطجاع ع۔ بالکسر کسیکو لالچ مین ڈالنا۔ للچانا۔

اطلاع ع۔ بالکسر و سکون طا کسیکو اپنے راز سے آگاہ کرنا۔

اطراف ع۔ بالفتح کناری۔ گوشے۔ حدین اور اطبا کی اصطلاح مین بمعنی ہاتھ پاون کے ہی۔

اطراق ع۔ بالکسر سراوندہانا۔

اطواق ع۔ بالفتح ناریل کا پانی۔ اور جمع طوق کی ہی کہ نام ایک زیور کا ہے۔

اطلاق ع۔ بالکسر جاری کرنا چہوڑنا۔ قید سے رہا کرنا۔ کھولنا۔ دست لانا۔

اطباق ع۔ بکسر اول دروازہ بہیڑ دینا۔

اطریفل م۔ بالکسر معرب تریپہلا ہندی مین تری بمعنی تین اور پہل بمعنی ثمر مراد ہڑ بہیڑہ آنولے سے ہے۔ یہ دوا ان تین میوون سے مرکب ہی اسلیے اطریفل کی نام سے مشہور ہوئی۔

اطلال ع۔ بالفتح نشانات مراسے کہنہ و ویران۔

اطفال ع۔ بالفتح لڑکے۔

اطعام – ع – بالکسر کھانا دینا کھلانا
اطّہام – ع – بالکسر شباب کا بند ہونا
اطمینان – ع – دلاسا تسلی –
اطریہ – ع – بالفتح و بالکسر سویاں جو میدہ کی بناکر دودھ اور شکر سے کھاتی ہیں خصوصاً عید الفطر کے دن
اطروبہ – ع – بالضم وہ چیز جو آدمی کو خوشی میں لاوے بمعنی گانے بجانے اور ساز و باجہ کے مستعمل ہے
اطرہ – ع – بالضم کنارہ ناخون کا
اطعمہ – ع – بالفتح جمع طعام کی بمعنی خوراک – کھانا –

باب الف مقصورہ مع ظاء معجمہ

اظہار – ع – بالکسر غالب کرنا – پیدا کرنا – کھولنا ظاہر کرنا – نکالنا ظہر کی نماز کا وقت آنا – ڈھارس دینا
اظہر – ع – بالفتح بہت ظاہر –
اظفار – ع – بالفتح جمع ظفر کہ بمعنے ناخن کے ہے –
اظلال – ع – بالکسر سایہ ڈالنا –

باب الف مقصورہ مع عین مہملہ

اعباء – ع – بالکسر گننا اور رکھنا کانا بہت چلنے اور چلانے سے –
اعتاء – ع – بالفتح سرکش لوگ –
اعمی – ع – بالفتح و الف بصورت یا – اندھا سور –
اعشی – ع – بالفتح عرب کے مشہور شاعر کا لقب ہے –
اعضا – ع – جمع عضو کی کہ بمعنی جزو بدن کے ہے جسکو فارسی میں اندام کہتے ہیں –
اعصاء – ع – بالکسر نافرمانی کرنا اور کسی گروہ کو اچھے یا برے پر جمع کرنا
اعتزاء – ع – بالکسر نسبت رکھنا – نسبت کرنا –
اعتلاء – ع – بالکسر بلند ہونا اونچا ہونا
اعلاء – ع – بالکسر بلند کرنا بزرگ کرنا
اعلی – ع – بالفتح اوپر سب سے زیادہ بلند
اعتناء – ع – بالکسر غمخواری کرنا – خدمت کرنا –
اعفا – ع – بفتح اول و کسر ثانی و تشدید فا جمع عفیف کی بمعنی پارسا یا کدامن کے
اعطاء – ع – بالکسر دینا بخشنا – داد و دہش –
اعداء – ع – بالفتح دشمن – بیری بالکسر دوڑانا گھوڑے کا دوڑانا –
اعراب – ع – بالکسر روشن کرنا – بیان کرنا آخر کلمات عرب کی حرکتیں یعنی فتحہ ضمہ کسرہ اور بالفتح گنوار عرب کے جنگلی لوگ –
اعجاب – ع – بالکسر تکبر اور غرور میں ڈالنا – تکبر کرنا کسی چیز پر تعجب کرنا انوکھا سمجھنا –
اعشاب – ع – بالفتح ہری گھاس
اعناب – ع – بالفتح جمع عنب کی بمعنی انگور
اعاجیب – ع – بفتح اول جمع عجیب کی
اعقاب – ع – بالفتح پیچھے رہے ہوئے لوگ پیچھے آنیوالے لوگ یعنی اولاد
اعادت – ع – بکسر اول لوٹانا پھر کہنا
اعنات – ع – بکسر حرف سوم نون کسی دشوار کام میں اپنے تئیں ڈالنا
اعانت – ع – بالکسر مدد کرنا ڈھارس دینا – کمک –
اعوجاج – ع – بالکسر واو مکسورہ دہر و جیم ٹیڑھا ہونا –
اعرج – ع – بفتح اول و سوم لنگڑا
اعتداد – ع – بالکسر اعتبار – شمار میں لانا حاضر کرنا –
اعداد – ع – بالکسر آمادہ کرنا بالفتح جمع عدد کی ہے –
اعتضاد – ع – بالکسر بازو دینا – مدد دینا –
اعتماد – ع – بکسر اول بھروسا کرنا تکیہ کرنا

اعتقاد س ع - بالکسر دل سے ماننا - یقین کرنا گرویدہ ہونا - ایمان سے دہرا

اعتیاد س ع - بالکسر پھر آنا عادت کرنا

اعذار س ع - بالکسر دحرف سوم ذال معجمہ عذر کرنا ختنہ کرنا سکھانا اور ضیافت ختنہ کی -

اعتقار س ع - بالکسر کسی جانور کی پیٹھ لگنا -

اعصار س ع - بالکسر بگولا اور بالفتح جمع عصر کی کہ بمعنے زمانے کے ہے

اعتبار س ع - بالکسر عبرت پکڑنا بھروسا کرنا کسی چیز کو اچھا جاننا - امتحان کرنا - ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا - نصیحت ماننا -

اعور س ع - بالفتح و واو مفتوح کانا آدمی - اور پیٹ کی ایک آنت کا نام ہے -

اعتذار س ع - بالکسر عذر کرنا - بہانہ کرنا -

اعمار س ع - بالفتح عمرین یہ جمع عمر کی ہے

اعشار س ع - بالفتح جمع عشر کی دسواں حصہ کسی چیز کا -

اعسر س ع - بالفتح بہت دقیق تنہا مشکل - بیٹھ ہنسنا - کھبا -

اعتکار س ع - بروزن اختصار

تتحت پٹ ہونا سپاہیوں کا لڑائی مین گڈبڈ ہونا -

اعزاز س ع - بالکسر عزت دینا -

اعجاز س ع - بالکسر کسی کو عاجز کرنا زچ کرنا - خرق عادت معجزہ جو نبی سے ظاہر ہوا اور کفار اوسکے سمجھنے سے عاجز ہون

اعکاس س ع - بالکسر اوندھا کرنا - کسی چیز کا پانی یا آئینہ مین عکس ڈالنا -

اعنش س ع - بالفتح چھنگا جسکے چھہ انگلیاں ہون -

اعراض س ع - بالکسر کسی چیز سے منہ پھیرنا - ٹالنا - رکھائی - بالفتح بیماریاں اور اطبا کی اصطلاح مین وہ مرض کہ جو کسی مرض کی سبب سے پیدا ہوا ہو اور جمع عرض کی ہے جو مقابل جوہر کے ہے -

اعتراض س ع - کسی چیز کا آگے آنا - شبہ کرنا قباحت کا پیش آنا - روکنا حائل ہونا -

اعتیاض س ع - بالفتح عوض دینا بدلا دینا -

اعیط س ع - بالفتح وہ شخص جسکی لمبی گردن ہو -

اعتساف - ع بالکسر بے راہ جانا - ظلم کرنا -

اعتراف س ع - بالکسر اپنی خطا پر اقرار کرنا - پہچاننا

اعتکاف س ع - بالکسر کسی چیز سے اپنے تئین باز رکھنا مسجد مین گوشہ نشین ہونا - اہلسنت عشرہ آخر رمضان مین مسجد مین بیٹھکر عبادت کرتے ہین امور دنیاوی سے اپنے تئین بچاتے ہین مسائل اسکے کتب فقیہہ مین لکھے ہین -

اعطاف س ع - بالفتح مہربانیان -

اعراف س ع - بالفتح نام ایک مقام کا ہے درمیان دوزخ و بہشت کے - اور کہتے ہین ایک دیوار ہے درمیان بہشت اور دوزخ کے -

اعتناق س ع - بالکسر معانقہ کرنا - گلے لگنا -

اعراق س ع - بالکسر شراب مین پانی ملانا -

اعتاق س ع - بالکسر غلام آزاد کرنا

اعناق س ع - بالفتح گردنین جمع عنق کی ہے - قوم کے بزرگ لوگ -

اعنق س ع - بالفتح لمگردنا جسکی گردن لمبی ہو -

اعلاق س ع - بالکسر جونک لگانا

اعتزال س ع - بالکسر کسی کام سے الگ ہونا گوشہ نشین ہونا - ایک سونا ہو

اعدال س ع - بالفتح جمع عدل کی کہ

بمعنی کونسے ہی—

اجدل — ع — بالفتح بڑا شکرہ—

اعتدال — ع — بالکسر برابر ہونا کسی چیز کا گرمی و سردی خشکی و تری کا برابر ہونا

اعمال — ع — بالکسر کام فرمانا—اور بالفتح بہت سے کام—دیہات پر گئے

اعزل — ع — بالفتح نہتھا مرد بے ہتھیار اور ایک ستارہ کا نام ہی کہ اوسکو سماک اعزل بھی کہتے ہین—

اعجال — ع — بالفتح جلدیان—جلدی کرنیوالے لوگ—گائے کے بچھڑے

اعتلال — ع — بالکسر بیمار ہونا—باز رکھنا کسی کو کسی کام سے—بہانہ کرنا—

اعتمال — ع — بالکسر کام کرنا—

اعتقال — ع — بالکسر وقاف بند کرنا باندھ رکھنا—

اعتصام — ع — بالکسر چنگل مارنا—اپنے تئین گناہ سے بچانا—

اعظام — ع — بالکسر بزرگ کرنا—اور بزرگ رکھنا—

اعاظم — ع — بفتح اول و کسر ظای معجمہ بڑے بزرگ لوگ—جمع اعظم کی ہی—

اعظم — ع — بالفتح بہت بڑا—

اعلم — ع — بالفتح—وہ شخص جسکا اوپر کا ہونٹھ کٹا ہو بڑا دانا سمجھدار

اعلام — ع — بالکسر خبر دینا—جتانا—بالفتح جمع علم کی فوج کے نشان جھنڈے—لوگون کے نام شہر کے نام—بہت سے پہاڑ—

اعدام — ع — بالکسر نیست و نابود کرنا

اعم — ع — بفتح اول و ثانی و تشدید میم سبکا بہت جمع کرنیوالا—قوم کا سردار جسکو سب جانتے ہون—

اعجم — ع — بالفتح جو صاف بات نکر سکے

اعمام — ع — بالفتح جمع عم کی بمعنی چچا

اعوام — ع — بالفتح جمع عام کی بمعنی سال

اعلان — ع — بالکسر ظاہر کرنا کھلم کھلا لینا

اعوان — ع — بالفتح یار و مددگار لوگ

اعیان — ع — بالفتح امرا—چشمے آنکھیں چیزین خارج کی موجودہ—فرزین—

اعجوبہ — ع — بضم ہمزہ انوکھی چیز—عجیب چیز بغیر ہمزہ کے پڑھنا درست نہین ہی

اعنہ — ع — بفتح اول و کسر عین و تشدید نون مفتوحہ—جمع عنان گھوڑے کی باگ

اعاذہ — ع — پناہ مین لانا—

اعارہ — ع — بکسر ہمزہ دستگردان دینا

اعزہ — ع — بفتح اول و کسر عین و تشدید زاء معجمہ مفتوحہ پیارے عزیز—بزرگ لوگ—

اعوذ — ع — بفتح اول پناہ دینیوالا ہوں

اعضاء رئیسہ — ع — دل و دماغ جگر وغیرہ—

اعمی فطری — ع — بالفتح اندھا مادرزاد

اعیای — ع — بالکسر و بالفتح نام ایک درد کا ہی جسکو وہ ہوتا ہی ہلنے جلنے مین تکلیف ہوتی ہے—

اعالی — ع — بالفتح بزرگ لوگ بلند مرتبے کے لوگ اعلی درجے کے لوگ—اونچی جگہین—اونچی عمارتین—

اعادی — ع — بالفتح و کسر دال مہملہ دشمن لوگ—

اعجمی — ع — بالفتح غیر فصیح—اوپری زبان—وہ زبان جو عربی نہو سنا دالی

اعرابی — ع — بالفتح جنگلی عرب جو جنگل مین رہتے ہین—

اعنی — بفتح اول و سکون ثانی و کسر نون قصد کرتا ہون مین—اور مراد رکھتا ہون مین—

باب الف مقصورہ مع غین معجمہ

اغرا — ع — بالکسر کسیکو جنگ کے اوپر آمادہ کرنا—ورغلانا—

اغضا — ع — بالکسر و ضاد معجمہ چشم پوشی

اغوا — ع — بالکسر بہکانا—گمراہ کرنا

اغنا — ع — بالکسر تونگر کرنا—بے پروا کرنا

اغراء - ع - بغین معجمہ و راء مہملہ [illegible] بکھیڑنا۔

اغتیاب - ع - بالکسر پیٹھ پیچھے برا کہنا

اغلب - ع - بالفتح قریب بیقین کے

اغتراب - ع - بالکسر مسافر ہونا پردیسی

اغتصاب - ع - بالکسر غصب میں لانا

اغاثت - ع - بکسر اول فریاد رسی داد دینا۔

اغتلاث - ع - بکسر اول و سکون دوم و کسر تا اچانک پکڑنا۔

اغانید - ع - بالفتح نازک بدن معشوق لوگ۔

اغبر - ع - بالفتح خاکی رنگ - گرد آلود

اغار - ع - بالفتح نم تری سیلی زمین ملنا - بہکانا - ورغلانا - ملانا۔

اغبرار - ع - بالفتح گرد آلودہ ہونا۔

اغمار - ع - نادان احمق ناتجربہ کار لوگ

اغیار - ع - بالفتح جمع غیر کی بیگانے

اغتماس - ع - بروزن افتعال غوطہ لگانا - ڈبکی کھانا۔

اغلمش - ت - بفتح اول و سوم و چہارم ترکستان کے بادشاہ کا نام ہے۔

اغماض - ع - بکسر اول چشم پوشی کرنا۔ درگذر کرنا۔ معاملہ میں آسانی کرنا آنکھ بند کرنا۔

اغتراض - ع - بالکسر [illegible] کرنا۔

اغلاط - ع - بالکسر غلط کرنا اور بالفتح جمع غلط کی ہے۔

اغلاط - ع - بالفتح بہت غلط۔

اغلاظ - ع - بالفتح سخت و موٹی چیزیں

اغتیاظ - ع - بالکسر غصے ہونا جھنجھلانا

اغتراف - ع - بالکسر ہتھیلی سے پانی پینا

اغلاق - ع - بالکسر دروازہ بند کرنا ڈھانکنا اور اصطلاح میں حصول مطلب دیر میں کا مشکل کرنا

اغراق - ع - بالکسر ڈبونا مبالغہ کرنا اغراق اوس مبالغہ کو کہتے ہیں کہ بحسب عقل کے ممکن ہو اور باعتبار عادت کے محال نظر آوے۔ اور غلو اوس مبالغہ کو کہتے ہیں کہ جو عقل اور عادت دونوں کے خلاف ہو۔

اغفال - ع - بالکسر بھول جانا۔ بےخبری۔ چھوڑ دینا۔

اغتسال - ع - بالکسر نہانا۔

اغلال - ع - بالفتح لوہے کے طوق پھانسیاں - بالکسر غنیمت میں خیانت کرنا - کینہ رکھنا - درختوں میں پانی کا بہنا۔

اغزال - ع - بالکسر چرخہ کاتنا۔

اغتزال - ع - بروزن افتعال کاتنا

اغنام - ع - بالفتح جمع غنم کی بکریاں

اغلام - ع - بالکسر لونڈے بازی کرنا۔

اغرام - ع - بروزن افعال ڈانڈ لینا

اغصان - ع - بالفتح درخت کی شاخیں ٹہنیاں - ڈالیں۔

اغن - ع - بغین معجمہ بروزن احسن [illegible] بھنبھنا۔

اغنان - ع - بالکسر بھنبھنانا۔ مکھیوں کا بولنا۔

اغلاظ ایمان - ع - بالفتح سخت قسمیں

اغذیہ - ع - بفتح اول و سکون ثانی و کسر ذال معجمہ و فتح تحتانی جمع غذا کی ہے۔

اغلوطہ - بالضم دہوکا دینا۔ وہ چیز یا بات کہ جس سے آدمی وہم اور غلطی میں پڑے۔

اغانی - ع - بالفتح جمع اغنیہ کی وہ باجے جو ہاتھ سے بجایا جائے مثل سارنگی - ستار - چنگ و رباب وغیرہ کے اور مزمار اوس باجے کو کہتے ہیں جو منہ سے بجایا جاتا ہے جیسے نے۔

باب الف مقصورہ مع الفا

افنا - ع - بالکسر نیست کرنا۔ عمر بسر کرنا۔

افسا - ف - بالفتح جادوگر۔

اُفّاً و تُفّاً - ع - بضم ہمزہ و فوقانی و تشدید فا اُف تف یہ وہ کلمہ ہے کہ نفرین کے وقت زبان پر آتا ہے۔

افشا - ع - بالکسر فاش اور ظاہر کرنا -

افترا - ع - بالکسر بہتان - جھوٹھ بات بنانا طوفان -

افزا - ف - بڑھانے والا -

افعی - ع - بفتح اول وسکون فا و فتح عین مہملہ آخر مین الف مقصورہ بصورت یا ایک قسم کا سانپ کی ہی نہایت زہردار ہوتا ہی فارسی دان اوسکو بکسر عین پڑھتے ہین ہند مین اوس شخص کو کہتے ہین جو نہایت بد اور ایذا دہندہ ہو -

افراسگ ب - ف - بالفتح وسین مہملہ مکسور بلبلے جو موسم بارش مین پانی پر پیدا ہوتے ہین -

افت - ف - بالضم کشتی چھوڑانا -

افاضت - ع - بکسر اول فائدہ پہنچانا بہت نیکی پہونچانا - برتن کا بھرنا -

افاقت - ع - بالکسر ہوش مین آنا دکھ سے آرام پانا -

افادت - ع - بالکسر فائدہ پہونچانا

افلاج - ع - بالکسر فالج مین مبتلا ہونا یا کسی عضو کا بے حس و حرکت ہونا -

افواج - ع - بالفتح جمع فوج کی جو گروہ

افراج - ع - بالکسر بروزن اِفعال راہ دینا -

افلاح - ع - بالکسر فتح مندی خلاصی

افتتاح - ع - بالکسر شروع کرنا کھولنا

افلج - ع - بالفتح وہ شخص جسکا بیچ کا ہونٹھ کٹا ہو -

افراح - ع - بالکسر خوشی کرنا خوشی

افراح - ع - بالکسر خوش کرنا -

افضاح - ع - بالکسر فضیحت کرنا رسوا کرنا

افتضاح - ع - بالکسر رسوائی رسوا ہونا

افضح - ع - بالفتح بہت رسوا بہت فضیحت

افتقاد - ع - بالکسر مہربانی کرنا - کھوئی ہوئی چیز کو ڈہونڈہنا - تلاش کرنا گم کرنا -

افتاد - ف - بالضم مجازاً بمعنے اتفاق حادثہ زمانہ -

افساد - ع - بالکسر فساد کرنا تباہ کرنا - بالفتح تباہیان -

افرند - ع - بالکسر جوہر لوہے کا ملمع کا جوہر

افراد - ع - بالفتح جمع فرد کی -

افناد - ع - بالکسر سٹھیانا - بڑھاپے سے عقل کا زائل ہونا -

افخاذ - ع - بالفتح رانین -

افترار - ع - بالکسر دانت نکالنا

افتقار - ع - بالکسر حاجت فقیری - خواری - عاجزی -

افکار - ع - بالفتح و کاف عربی جمع فکر کی اور فارسی مین بفتح اول و کاف

فارسی بمعنی زخم زخمی -

افطار - ع - بالکسر روزہ توڑنا - روزہ کھولنا

افدر - ع - بالفتح و دال مہملہ مفتوح برادرزادہ یعنے بھتیجا و خواہرزادہ بہانجا - عم یعنی چچا -

افسار - ع - بالفتح وسین مہملہ لگام ور مہار دوال -

افشار - ع - بالفتح وشین معجمہ ایک گروہ ہی قزلباشون کا -

افتخار - ع - بالکسر فخر کرنا شیخی مارنا

افسونگر - ف - ٹھگیا -

افسر - ف - بالفتح بادشاہ کی ٹوپی تاج

افقر - ع - بالفتح بہت محتاج -

افزار - ع - مصالح جو کھانے مین پڑتا ہی یعنی دہنیا لونگ زیرہ وغیرہ -

افسوس - ف - بالضم بمعنی طنز و تمسخر خوش طبعی ہنسی - دل لگی - کھیل کود اور بالفتح بمعنے حسرت و تلملانا افسوس کرنا

افلاس - ع - بالکسر مفلس ہونا - پیسے کا نہونا - غریبی - درویشی - فقر و فاقہ کا ہونا -

افتراس - ع - بالکسر گردن توڑنا مارنا - سوار ہونا کسی چیز کو علامت و نشان سے پہچاننا -

افراس - ع - بالفتح جمع فرس کی بمعنے

گو ٹرسے کے ہے ـ

افتتاش ـ ع ـ بالکسر ڈھونڈھنا ـ تلاش کرنا ـ

افتحاص ـ ع ـ بالکسر ڈھونڈھنا ـ

افراط ـ ع ـ بالکسر حد سے گذرنا بہت زیادہ کرنا

افراغ ـ بالکسر ڈہالنا ـ چاندی ـ سونے ـ لوہے وغیرہ کو سانچے مین ڈالکر کوئی چیز بنانا ـ

اف ـ ف ـ وہ کلمہ ہے جو کسی مصیبت یا درد کے وقت یا چوٹ لگنے کے وقت زبان پر آتا ہے جو بمعنے پھونک اور زجر کے آتا ہے وہ عربی ہے ـ

افتراق ـ ع ـ بالکسر ایک کو دوسرے سے جدا کرنا ـ

افق ـ ع ـ بضمتین کنارہ آسمان کا ـ

افک ـ ع ـ بالکسر جھوٹھ بہتان طوفان

افلاک ـ ع ـ بالفتح جمع فلک کی کہ بمعنے آسمان کے ہے ـ

افراز دیگ ـ ف ـ گرم مصالح

افضل ـ ع ـ بالفتح صاحب بزرگی سب سے بہتر ـ

افاضل ـ ع ـ بفتح اول و کسر ضاد جمع فاضل لوگ ـ

افیال ـ ع ـ بالفتح جمع فیل کی یعنی ہاتھی

افتیل ـ ع ـ بفتح اول و کسر فا جوان اونٹ

افعال ـ ع ـ بالفتح بہت سے کام جمع فعل کی ہے ـ

افحام ـ ع ـ بالکسر دلیل سے خاموش کرنا

افریشم ـ ف ـ بالفتح بمعنے ابریشم کے جو دواؤن مین مستعمل ہے ـ

افہام ـ ع ـ بالکسر سمجھانا ـ

افانین ـ ع ـ بالفتح درخت کی شاخین

افنان ـ ع ـ بالکسر رنگ برنگ لانا ـ اور بالفتح درخت کی ٹہنیان اور علوم و صنعتین ـ

افسان ـ بالفتح چھری ـ تلوار وغیرہ کے تیز کرنیکا پتھر ـ صلی ـ سان ـ

افغان ـ ف ـ بالفتح فریاد زاری اور ایک قوم مشہور کا نام ہے جمع اسکی افاغنہ ہے اہل تاریخ لکھتے ہین کہ افاغنہ قبطیہ فرعون کی نسل سے ہین جسوقت کہ موسی علیہ السلام اوس قوم پر غالب ہوئے اکثر قبطیون نے توبہ کی اور اسلام قبول کیا اور بعضون نے اسلام قبول نکیا بھاگ کر ہندوستان مین آئے اور کوہ سلیمان پر کہ مابین پشاور و ملتان کے ہے رہنا اختیار کیا اونکے قبائل بہت ہوئے اور کرمان و پشاور وغیرہ ملکون پر اپنا قبضہ کر لیا لاہور کے راجہ نے چاہا کہ اس قوم کو نیست و نابود کر ڈالے لیکن افاغنہ کو کابل وغیرہ کے لوگون نے مدد دی اسوجہ سے بچ گئے چونکہ یہ قوم افغان و غوغا بہت کرتی تھی اسوجہ سے فارسی والون نے اس اسم سے موسوم کیا اور جس مقام پر وہ آباد تھے اوسکا افغانستان نام رکھا اور ہند کے لوگ اوس قوم کو پٹھان کہتے ہین اسکی وجہ تسمیہ معلوم نہین ہوئی ـ

افتتان ـ ع ـ بالکسر و بدلے فوقانی فتنہ اٹھانا ـ جھگڑے مین پھنسنا

افزون ـ ف ـ زیادہ ـ بڑہا ہوا ـ

افسون ـ ف ـ منتر ـ جادو ـ ٹونا

افسون خوان ـ ف ـ جادوگر

افتان ـ ع ـ بالکسر لبھانا ـ فریفتہ کرنا

افشان ـ ف ـ بالفتح بوندین پڑی ہوئین ـ چھڑکی ہوئی پانی مین چاندی یا سونے کو حل کر کے یا چاندی یا سونے کے ورقون کو مہین مہین کاٹ کے کاغذ وغیرہ پر چھڑکتے ہین ہند کے لوگ ہنقش یا گوٹے وغیرہ کو باریک باریک کاٹ کے بناتے ہین عورتین پیشانی اور گالون پر لگاتی ہین

افلاطون ـ ی ـ ایک حکیم کا نام ہے جو ارسطو کا استاد تھا ـ

افیون ـ م ـ بفتح ہمزہ و سکون

وضم یای تحتانی وسکون واو ونون معرب ابیون یونانی کا۔ لبن الخشخاش عربی مشہور چیز ہی تھائی وتھانون فارسی پوست خشخاش سے نکالتے ہین مخدر وسنوم وقابض ہی سرد وخشک ہی اہل ہند افیون کو افیم بھی کہتے ہین۔

افتادہ دندان۔ ف۔ پوپلا۔

افسردہ۔ ف۔ کمحلایا ہوا مرجھایا ہوا

افئدہ۔ ع۔ بالفتح جمع فوائی کہ بمعنے دل کے ہے۔

افواہ۔ ع۔ بالفتح جمع فواہ کی اور فوہ بمعنی منھ افواہ بہت سے منھ مجازی معنے شہرت کے ہین۔

افاغنہ۔ ع۔ بفتح اول وغین معجمہ مکسور ونون جمع افغان کی مشہور قوم ہے۔

افشاندہ۔ ف۔ پھٹکن۔

افضیہ۔ ع۔ بالفتح جمع فضا کی کشادہ اور فراخ مقامات مکانات۔

افسانہ۔ ف۔ بالفتح کہانی قصہ

افاعی۔ ع۔ بالفتح جمع افعی کی یعنی زہردار سانپ۔

افرا تفری۔ ہ۔ ہل چل لوٹ کھسوٹ پڑجانا۔ گھبراہٹ۔

افطاری۔ ہ۔ جس چیز سے روزہ کھولتے ہین فطور وفطوری عربی۔ روزہ کشا فارسی۔

باب الف مقصور مع قاف

اقرام۔ ع۔ بالکسر شرمانا۔ پژمردہ عورت کا کپڑون سے ہونا۔

اقنا۔ ع۔ بالکسر پیدا کرنا۔ پونجی دینا۔ کمانا۔

اقتنا۔ ع۔ بالکسر وتای فوقانی مکسور حاصل کرنا۔

اقتفا۔ ع۔ بالکسر پیروی کرنا۔

اقصا۔ ع۔ بالفتح کنارے۔ فاصلے

اقصیٰ۔ ع۔ بالفتح وصاد مہملہ مفتوح بہت دور سب سے پرے انتہا کو پہونچا ہوا اقصیٰ ایک مسجد کا نام ہی دہ ملک شام مین حضرت داود علیہ السلام کی بنائی ہوئی ہی اوسی کو بیت المقدس بھی کہتے ہین یہودی لوگون کا وہی قبلہ ہے۔

اقربا۔ ع۔ بکسر رائے مہملہ جمع قریب کی ہی رشتہ دار۔ ناشدار رے کو زبر اور پیش پڑھنا درست نہین ہے۔

اقوا۔ ع۔ بالکسر قافیہ کے عیبون مین سے ایک عیب ہی کہ جو بوجہ اختلاف حرکات نہ باختلاف حروف کے واقع ہوتا ہی۔ جیسے قافیہ گل بالکسر کا قافیہ گل بالضم کے ساتھ اور قافیہ دور بالفتح کا دور بالضم کے ساتھ اور لغت مین اقوا کے معنے خرچ و پونجی تمام ہونے کے ہین۔

اقتدا۔ ع۔ بالکسر وتاء فوقانی مکسور پیروی کرنا۔

اقضیٰ۔ ع۔ بالفتح وضاد معجمہ مفتوح حکم کرنے والا۔

اقویٰ۔ ع۔ بفتح اول قوی مضبوط بہت زور آور۔

اقویا۔ ع۔ بالفتح دواو مکسور قوی۔ زور آور لوگ۔

اقتضا۔ خواہش کرنا۔

اقرب۔ ع۔ بالفتح بہت بہت نزدیک بہت پاس۔

اقارب۔ ع۔ رشتہ دار لوگ قرابت کے لوگ۔

اقتضاب۔ ع۔ بالکسر وضاد معجمہ وبار موحدہ کاٹنا۔ بریدن فارسی۔

اقتراب۔ ع۔ بالکسر نزدیک آنا

اقراب۔ ع۔ بکسر اول تلوار میان مین کرنا

اقامت۔ ع۔ بکسر اول ایک جگہہ رہنا۔ قیام کرنا۔ کھڑا کرنا۔ واسطے اطلاع نماز جماعت کے تکبیر کہنا۔

اقوات — ع — بالفتح جمع قوت کی کہ
بمعنے رزق یا خوراک کے ہے —
اقدح — ع — بالفتح بہت ناقص —
بہت معیوب —
اقداح — ع — بالفتح بڑے پیالے
بالکسر کسی کو عیب لگانا —
اقبح — ع — بالفتح بدتر — بہت برا —
اقتراح — ع — بالکسر مانگنا — فرمائش
اقتصاد — ع — بالکسر زیادتی و کمی سے بچا رہنا میانہ روی
اقبال مند — ف — صاحب اقبال —
اقتدار — ع — بالکسر صاحب قدرت —
اقشعرار — ع — بالکسر رونگٹے کھڑے ہونا
اقرار — ع — بالکسر ہاں کرنا —
اقطار — ع — بالفتح کنارے گوشے
اقتصار — ع — بالکسر کوتاہی کرنا —
کثیر اللفظ اور قلیل المعنے کرنا کلام کو —
اقتباس — ع — بالکسر آگ کا لینا —
نور یا روشنی کا حاصل کرنا — کسی سے
علم سیکھنا — بفتحتین آگ کی چنگاری
اور اہل بدیع کی اصطلاح میں تھوڑا سا
قرآن و حدیث وغیرہ سے اپنے کلام میں
بدون اوسکے ذکر کے لانا —
اقلیدس — ی — بضم اول و کسر لام
و دال مکسور ایک کتاب کا نام ہے کہ
علم ہندسہ اور اشکال ریاضی میں ہے
مصنف کے نام سے مشہور ہے اور لغوی
معنے اسکے کلید ہندسہ کے ہیں و اقلی کے
معنے زبان یونانی میں کنجی کے ہیں اور
دس بالکسر بمعنے ہندسہ اور اقلیدس
بکسر اول اور بفتح دال بھی آیا ہے —
اقدس — ع — بالفتح نہایت پاک —
بہت پاک و صاف —
اقتناص — ع — بالکسر شکار کرنا حاصل کرنا
اقتصاص — ع — بالکسر خون کا عوض لینا
اقراض — ع — بالکسر ادھار دینا —
اقتراض — ع — بالکسر ادھار لینا
اقتضاض — ع — بالکسر چیر اتوڑنا
اقساط — ع — بالفتح حصے جمع قسط کی
اقطاع — ع — بالفتح بہ سکنے جاگیریں
اور بکسر اول جاگیر دینا —
اقرع — ع — بالفتح گنجا —
اقلاع — بکسر اول اکھیڑنا —
اقطع — ع — بالفتح ہاتھ کٹا ہوا ٹنڈا
اقتلاع — ع — بالکسر شکستہ کرنا — بالفتح
ٹوٹی ہوئی چیزیں —
اقتناع — بالکسر قناعت کرنا —
اقتطاف — ع — بالکسر میوہ چننا —
پھل پانا —
اقفاف — ع — بکسر اول گر کر رک
ہوجانا مرغی کا انڈے دینا —
اقفال — ع — بالفتح جمع قفل کی ہے —
بالکسر قفل لگانا —
اقتفال — ع — بکسر اول قفل کا بند ہونا
اقبال — ع — بالکسر پیش آنا — سامنے
آنا — دولت کا حاصل ہونا — قبول
کرنا — فارسی والے بمعنے دولت و نصیب
و قوت کے استعمال کرتے ہیں —
اقبیل — ع — بالکسر امالہ اقبال کا ہے
اقل — ع — بفتحتین و تشدید لام بہت
تھوڑا اور عبید اقل غلام بہت کم قیمت
اقیال — ع — بالفتح بزرگ لوگ —
اقوال — ع — بالفتح کہے — باتیں
اقبل — ع — بفتح اول و سکون قاف
و موحدہ مفتوح بھینگا —
اقلال — ع — بالکسر کم کرنا — درویشی
اقزل — ع — بفتح و سکون قاف و
فتح زا بمعنے دونوں پاؤں یا ہاتھ لنگڑا
اقدم — ع — بالفتح سب سے مقدم سب سے اول
اقدام — ع — بالکسر پیش قدمی کرنا —
اور بالفتح جمع قدم کی کہ بمعنے پاؤں کے ہے
اقتحام — ع — بالکسر اختیار کرنا — ظلم کرنا
کسی کو ذلیل و خوار کرنا — گھس پڑنا — کسی
چیز کے اندر آنا —
اقتسام — ع — بالکسر بانٹ لینا —
قسم کھانا —

اقسام ـ ع ـ بالفتح حصے ٹکڑے ـ
ترقسیمن بہانت ـ بہانت تقسیمن بالکسر
قسم کھانا ـ حصہ لگانا ـ
اقتحام ـ ع ـ بکسر اول و حرف دوم
قاف چکہہ جانا کسی چیز کا سبب کہا جانا
ذراسی پہنچ پڑنا ـ سب تحیث کرنا جھاڑ نوپیدا ہونا
اقنوم ـ ع ـ بضم اول و ضم نون جڑ ہر ایک
چیز کی ـ تثلیث پرستون کی اصطلاح مین اقنوم
تین ہین وجود ـ حیات ـ علم اور انکو
اب اور ابن اور روح القدس بھی
کہتے ہین اور عیسائیون کے مذہب کے
تین کتابون کا نام ہے کہ اونمین ہر ایک
کا بیان ہے ـ
اقحام ـ ع ـ بالکسر کسی چیز کو کسی چیز
مین ڈالنا داخل کرنا ـ
اقوام ـ ع ـ بالفتح جمع قوم کی ہے ـ
اقلام ـ ع ـ بالفتح تراشے ہوئی قلم ـ
اقلیم ـ ع ـ بالکسر ولایت کشور سات حصہ ربع مسکون کا کہ عبارت آبادی
زمین سے ہے سات اقلیمین ہین اور
ہر ایک سبعہ سیارہ کے ساتھ منسوب ہے
جیسا کہ ہندوستان زحل سے اور چین
مشتری سے اور ترکستان مریخ سے
اور خراسان شمس سے اور ماوراء النہر
زہرہ سے اور روم عطارد سے اور بر
بلغار قمر سے منسوب ہے اقالیم اسکی جمع ہے
اقحوان ـ ع ـ بضم اول و ضم
حاے مہملہ مشہور گل بابونہ
اقران ـ ع ـ بفتح اول برابر کے لوگ ـ
برابر کے لوگ ـ آپس کے لوگ ـ بالکسر
نیزہ اٹھانا ـ
اقتران ـ ع ـ بالکسر نزدیک ہونا ـ
اقمشہ ـ ع ـ بالفتح و کسر میم جمع قماش
کی یعنی کپڑے سا اسباب ـ پونجی
اقنہ ـ ع ـ بالضم مرغیون کا ڈربا ـ
اقضیہ ـ ع ـ بالفتح و ضاد معجمہ مکسور
جمع قضا کی کہ بمعنے حکم کے ہے ـ
اقالہ ـ ع ـ بکسر اول بیع کو توڑنا
یعنے بعد بک جانے کسی چیز کے بیچنے والا
اور خریدار باہم رضامند ہو کے بکی ہوئی
چیز کو پھیر دین گناہ سے در گذرنا ـ
موقوف کرنا ـ
اقاصی ـ ع ـ بفتح اول و کسر صاد
مہملہ بہت دور کے لوگ ـ

باب الالف مقصورہ مع کاف

عربی

اکفاء ـ ع ـ بالفتح و فا بمعنی ہم جنس
لوگ جمع کفو کی ہے اور بالکسر ایک عیب
ہے قافیہ کے عیبون مین سے اور وہ
یہ ہے کہ حرف ردی یا قید مختلف ہو
بشرطیکہ قریب مخرج کے جیسے صباح سیاہ اور
اور بحر شہر ـ
اکتفا ـ ع ـ بالکسر کفایت کرنا بس کرنا
اکتانا ـ ہ ـ بضم اول کسی کام مین گھبرا جانا
پریشان ہو جانا ملال و ملالہ عربی دل
گرفتن فارسی ـ
اکڑا ـ ہ ـ تشنج عربی تشنجیدہ فارسی
اکڑنا ـ ہ ـ بفتح اول غرور کرنا ناز
کرنا ـ تبختر ـ تعجب عربی نازیدن و بر خود
پیچیدن فارسی ـ
اکڑ کے چلنا ـ ہ ـ بفتح اول تن تن
کے چلنا ـ بن ٹھن کے چلنا ـ سینہ استادہ بہمت
جنبانیدن فارسی تبختر چال عربی ـ
اکھاڑا ـ ہ ـ بفتح اول پہلوان جہان
کشتی لڑتے ہین مصرع عربی جرگہ و
کشتی گاہ فارسی ـ
اکھیڑنا ـ ہ ـ بضم اول کسی چیز کو
جڑ سے نکالنا نزع و قلع تقلیع و
اقلاع عربی برکندن و بر کشیدن فارسی
اکیلا ـ ہ ـ بفتح اول تنہا آدمی منفرد
عربی مجرد ـ تنہا ـ یک تنہا فارسی ـ
اکلوتا ـ ہ ـ جو اپنے مان باپ کا
ایک بچہ ہو ـ
اک پیچا ـ ہ ـ ایک قسم کی پگڑی
ہے جو بہت سا پیچ دار ہوتی ہے شوقین

بانہہ لوگ باندھتے ہین —
اکتارا — ہ — فقیرون کی بجانی کا ساز ہی جسمین ایک تار ہوتا ہی —
اِکّا — ہ — بکسر اول بڑا بھاری مگدر جسے شہزور لوگ طاقت آزمانے کو اوٹھاتے ہین اور ایک بتّی کا شمعدان یا ایک کنول کی بیٹھک جو اکثر اُمرا جلاتے ہین چھوٹی گاڑی جسمین ایک بیل یا ٹٹو لگا ہو — گنجفے کا ایک ورق جسمین ایک صفر یا ایک اکہرا ہو ایک زیور ہی جسے بازو پر باندھتے ہین اور جسمین ایک بڑا نگینہ جڑا ہوتا ہی —
اکّا دکّا — ہ — ایک دو ایکے دکے وہ خال خال اِکّا دُکّا —
اکارت ہونا — ہ — بفتح اول برباد ہونا کام کا نہ رہنا —
اکتالا — ہ — ساڑھے بارہ تالون مین سے ایک تال کا نام ہی —
اکورا — ہ — ایک وزن کا چھوٹا دالان اکثر غریبون کے مکانون مین ہوتا ہی
اکڈالا — ہ — روشنی کے کنول جو دیوارگیری مین لگائے جاتے مین جسمین ایک کنول ہے تو اوسکو اکڈالا اور جسمین دو ہون تو دوڈالا کہتے ہین
اکڑون بیٹھنا — ہ — بضم اول دونون پاؤن کے بھل گھٹنے پیٹ مین لگا کے بیٹھنا —
اکسنگرا — ہ — وہ مکان جسمین دوسری چھت نہو —
اکوتا — ہ — ایک مرض ہی جس سے جلد پر ننھے ننھے دانے نکلتے ہین اور پانی بہتا ہے —
اکہرا — ہ — ایک پکڑا یا ایک تار دوسرے سے نہو —
اکٹھا ہونا — ہ — جمع ہونا —
اکھل کھرا — ہ — بدمزاج تنہائی پسند
اکاذیب — ع — بفتح اول وکسر ذال معجمہ جھوٹی باتین —
اکتیاب — ع — بالکسر دردمند اور غمناک ہونا —
اکتساب — ع — بالکسر کسی چیز کو اپنی کوشش سے حاصل کرنا — کمانا پیدا کرنا — جز کلی کرنا — علم سیکھنا
اکباب — ع — بالکسر اوندھے منھ گرنا — منھ کے بھل گرانا —
اکتتاب — ع — بالکسر لکھنا لکھنا سیکھنا
اکتواب — ع — بالفتح آبخورے
اکتساح — ع — بروزن افتعال جھاڑ دینا یعنی کسیکے مال و اسباب کو لوٹ لیجانا
اکراد — ع — بالفتح ایرانیون کی قوم ہی
اکید — ع — بفتح اول بروزن فعیل محکم مضبوط —
اکدر — ع — بالفتح بہت کالا —
اکّار — ع — بالفتح وتشدید کاف کسان جو کھیتی کرے —
اکثار — ع — بالکسر بہت کرنا بہت کھانا — بہت کہنا —
اکسیر — ع — بالکسر کیمیا —
اکابر — ع — بالفتح بہت بڑے — بڑون کے بڑے — سردار —
اکبر — ع — بالفتح بہت بڑا — بڑون کا بڑا
اکثر — ع — بہت زیادہ سب سے زیادہ
اکیس — ع — بفتح اول وسکون کاف وفتح یای تحتانی بہت سیانا بہت بڑا عقلمند
اکدش — ف — بکسر اول وسکون کاف عربی وکسر دال مہملہ محبوب معشوق اور وہ آدمی کہ جسکا باپ ایک قوم سے اور ماں دوسری نسل سے ہو یا باپ آزاد ہو ماں لونڈی ہو اور گھوڑا عربی کسی دوسری قوم کی گھوڑی پر چھوڑا جائے اوس سے جو بچہ پیدا ہو دوغلا ہوگا یعنی عربی
اکباش — ع — بالفتح جمع کبش کی ہی
اکارع — ع — بفتح اول وکسر رای مہملہ گای بکری کے پاؤن —
اکناف — ع — بالفتح اطراف —

اُگنا - ہ - بضم اول درخت وگھاس وغیرہ کا زمین سے نکلنا نبت عربی روئیدن ورستن وکرشیدن فارسی -

اگن چڑیا - ہ - بفتح اول ایک جانور ہے کہ آگ مین پیدا ہوتا ہے سمندل ہجوئی سمندر فارسی -

اگلا پچھلا - بفتح اول افطاری اور پچھلے کا وقت -

اگولا - ہ - بفتح اول گنّے یا پونڈے کی چوٹی کے پتے -

اُگرا - ف - بضم اول بروزن نُقرا آٹا پانی مین گھلا ہوا - اب اردو والے مطلقاً بدمزہ اور آبائے کھانے کو اُگرا کہتے ہین -

اگر مگر - ہ - عاقبت اندیشی - انجام بینی جیسے کہتے ہین جہان آدمی لکھا پڑھا ہوا اگر مگر کرنے لگا -

اگر - ف - بفتح اول ایک قسم کی لکڑی خوشبودار ہے ملک دکن کے پہاڑون مین اسکے درخت ہوتے ہین عود عربی گرم وخشک دوسرے درجے مین ہے -

اگرسوز - ہ - اگر کی بتیون کی سلگانے کے لیے چھوٹی انگیٹھی تانبے چاندی وغیرہ کی بنتی ہے اگردان بھی کہتے ہین -

اگلے لوگ - ہ - پرانے لوگ - متقدمین -

اُگال - ہ - بضم اول پان وغیرہ کا فضلہ -

اگیا بیتال - ہ - غول بیابانی -

اُگالدان - ہ - بالضم وہ ظرف ہے کہ جسمین گلوری کا اُگال ڈالتے ہین یہ مٹی - پیتل - چاندی - تانبے وغیرہ کا ہوتا ہے -

اگر کی بتیان - ہ - اگر اور صندل وغیرہ خوشبودار چیزون کو بڑادے مین ملا کر بتیان بناتے ہین اکثر مزارون اور مجلسون مین جلاتے ہین -

اگلی باتین - ہ - گذری باتین

اگلا زمانہ اگلا وقت - ہ - گذرا ہوا زمانہ - پرانا وقت -

اگلی پچھلی - ہ - افطار وسحر کا وقت - بوڑھی بڑی پرانی لوگ - ذکر گذشتہ -

اگرئی - ف - ایک قسم کا رنگ ہے اگر کے مشابہ -

اگاڑی - ہ - بفتح اول جو گھوڑے کے آگے رسی باندھتے ہین اوسکو عربی مین طِوال اور فارسی مین تاتورہ وچدار کہتے ہین اور جو رسی گھوڑے کی گردن مین باندھتے ہین اوسکو فارسی مین جلوک کہتے ہین -

اگوائی - ہ - بالفتح استقبال عربی پذیرہ شدن فارسی -

باب الف مقصورہ مع لام

التجا - ع - آرزو کرنا - پناہ -

الا - ع - بکسر اول بمعنے نعمت ویکی وبفتح اول بمعنی جان اور آگاہ ہوا اور فارسی مین بالفتح کلمہ خطاب کا ہے جیسے اے -

التقا - ع - بالکسر باہم ملنا - ملاقات کرنا

التحا - ع - چھیلنا کسی چیز کا چھلکا اتارنا -

القا - ع - بالکسر پہونچانا - ڈالنا -

التوا - ع - بالکسر لپٹنا -

الفا - ع - بالکسر وفا پانا وبضم اول وفتح لام آپس مین دوستی کرنے والے لوگ - دوست رکھنے والے لوگ -

الجا - ع - بالکسر بدی سے بچنا - اپنے کام کو خدا پر چھوڑنا -

الی کمتی - ع - کب تک -

الحا - ع - بالکسر وحای مہملہ جھگڑے مین ڈالنا -

اُلٹا - ہ - بالضم سیدھے کی ضد مقلوب ومعکوس عربی - باژگونہ ووارونہ دواژون فارسی -

اُلٹ جانا - ہ - انقلاب کا ہونا بیہوش ہوجانا خراب کرڈالنا - زنا کرنا

نشے میں چور ہو جانا۔

الٹ دینا۔ ھ۔ ادھر سے ادھر کر دینا۔ اُلٹا دینا۔

الٹ پڑنا۔ ھ۔ واپس آنا۔

اُلٹنا۔ ھ۔ بضم اول قلب عربی۔

اُلٹا جننا۔ ھ۔ خلاف معمول کے جنا یعنی لڑکے کے پہلے پاؤں کا نکلنا بعد سر کا نکلنا یتن عربی۔ فرزند باژگونہ زادن فارسی۔

اُلٹا سوار ہونا۔ ھ۔ جانور کی دم کی طرف منہ کر کے بیٹھنا۔ تشذر عربی۔ از پس دم نشستن فارسی۔

الٹ پلٹ کرنا۔ ھ۔ بضم اول اسباب وغیرہ کا دیکھنے یا مول لینے کے لئے تلے اوپر کرنا۔ قلب تقلیب عربی۔

الٹ پلٹ ہونا۔ ھ۔ اسباب کا تلے اوپر ہونا۔ انقلاب و انقلاب عربی۔ زیر و زبر شدن و تہ و بالا شدن فارسی۔

اُلٹے پاؤں پھرنا۔ ھ۔ بضم اول آنا اور فوراً پلٹ جانا۔

اُلٹا پلٹا۔ ھ۔ بے جوڑ بے تُک زمانے کا۔ کارخانے کا تلے اوپر ہونا۔

اُلٹا دھڑا باندھنا۔ ھ۔ اپنی بات دوسرے پر پلٹ دینا۔

اُلٹیلا۔ ھ۔ البڑ۔ بے پروا۔ شوقین۔

الف ہونا۔ ھ۔ بفتح اول گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر شوخی سے کھڑے ہونا۔ سیدھا ہو جانا قمص عربی۔ سیخ پاشدن و چراغ پاشدن فارسی۔ اور اگر خوش فعلی میں دونوں ہاتھ اٹھا دے تو عربی میں استنان و شباب کہتے ہیں۔ ترکیل ہندی۔

الاپنا۔ ھ۔ گانا شروع کرنا۔ تان لگانا۔

السیٹھیا۔ ھ۔ دغا باز۔ کسی کام میں خلل ڈالنے والا۔

القاب۔ ع۔ بالفتح خطاب اور نام جو بادشاہ یا امیر کبیر کی طرف سے دیئے جاویں۔ اور وہ نام جو مدح یا ذم پر دلالت کریں۔

الباب۔ ع۔ بالفتح جمع لب بالضم و تشدید بائے کہ بمعنے عقل و دانائی ہو۔

التہاب۔ ع۔ بالکسر آگ کا بھڑکنا۔ لو کا اٹھنا۔

الہاب۔ ع۔ بکسر اول بھڑکانا۔ تیز کرنا۔

التعاب۔ ع۔ بالکسر کھیلنا۔

الاپ۔ ھ۔ آواز کا اتار چڑھاؤ۔ سُر ملانا۔ آواز کا کھینچنا۔

التفات۔ ع۔ بالکسر آنکھیوں سے کسی کی طرف دیکھنا۔ توجہ کرنا۔ مہربانی کرنا۔

الست۔ ع۔ بفتح اول و ثانی و سکون سین مہملہ و ضم تائے فوقانی اور فارسیوں کے استعمال میں سکون تائے فوقانی سے آتا ہے یعنے آیا نہیں ہوں میں اور لفظ الست اشارہ آیۂ کریمہ سے ہے۔ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوا بَلٰی۔

الفت۔ ع۔ بالضم عادت کرنا۔ دوستی محبت و بفتح الف و سکون لام و فتح فا [illegible]۔

الوہیت۔ ع۔ بالضم خدائی خداوندی۔

الواث۔ ع۔ بالفتح آمیزشیں۔

الغیاث۔ ع۔ بکسر غین معجمہ داد رسی چاہتا ہوں میں دہائی۔ فریاد۔

التجاج۔ ع۔ بکسر ہر دو جیم عربی دنگا کرنا۔

الحاح۔ ع۔ بالکسر و حائے مہملہ گڑگڑانا۔ منت کر کے کچھ مانگنا۔

الواح۔ ع۔ بالفتح و حائے مہملہ جمع لوح کی ہے جو چیزیں کہ شکل تختے کے جوڑی ہوں۔ لکڑی یا ہاتھی دانت یا تانبے یا لوہے یا شیشے یا پتھر وغیرہ کی تختیاں۔

الوند۔ ف۔ بفتح اول ایک پہاڑ کا

نام ہے جو ہمدان کی طرف ہے۔

الد ۔ ع ۔ بفتحتین و تشدید دال مہملہ سخت خصومت کرنیوالا جھگڑالو۔ لڑاکا۔

التذاذ ۔ ع ۔ بالکسر لذت پانا مزہ پانا

الذ ۔ ع ۔ بفتحتین و تشدید ذال معجمہ بہت لذیذ۔

اللہ اکبر ۔ ع ۔ نام ایک پہاڑ کا ہے جو شیراز میں ہے آور اردو والے انتہائی عظمت خدا کی بزرگی اور مقام استعجاب پر بولتے ہیں بمعنے اذان و ذبح کر بھی آتا ہے۔

الغنجار ۔ ف ۔ بروزن گندم زار ایک میوہ ہے

الھڑ ۔ ہ ۔ بھولا ۔ کم سن نا تجربہ کار۔

البرز ۔ ف ۔ بالفتح و بائے موحدہ مضموم و سکون رائے مہملہ ایک پہاڑ کا نام ہے جو درمیان ایران اور ہندوستان کے ہے۔

الماس ۔ ف ۔ بالفتح ہیرا مشہور و قیمتی پتھر ہے اور ایک قسم ہے فولاد جوہر دار کی اور چھری ۔ تلوار ۔ نشتر ۔ خنجر کو بھی کہتے ہیں۔

الیاس ۔ ع ۔ بالکسر ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ہے کہتے ہیں کہ حضرت خضر علیہ السلام کے بھائی ہیں اور خضر علیہ السلام کے ساتھ آبحیات پیا ہے ہمیشہ سے زندہ ہیں اور حضرت خضر کو خدمت خشکی کی ہے اور حضرت الیاس علیہ السلام کو دریا کی خدمت سپرد ہے۔

التماس ۔ ع ۔ بکسر ا بہنا ۔ خواہش کرنا ۔ برابر والے سے سوال کرنا۔ فارسی میں سوال کرنا ادنی کا اعلی سے

التباس ۔ ع ۔ بالکسر شبہہ کرنا ۔ شک پڑنا۔

الباس ۔ ع ۔ بالکسر کپڑے پہنانا

التمش ۔ ت ۔ بالفتح و تائے فوقانی مفتوح و کسر میم و سکون شین معجمہ آگے کی فوج ہے۔

الش ۔ ت ۔ بضمتین امیروں کے آگے کا بچا ہوا کھانا جو نوکروں کو دیا جاوے

الغرض ۔ ع ۔ بالفتح حاصل مطلب القصہ۔

التقاط ۔ ع ۔ بروزن انتقال چننا۔

التیاع ۔ ع ۔ بالکسر سوزش جو عشق کے سبب سے دل میں ہو۔

التماع ۔ ع ۔ بالکسر و عین مہملہ چمکنا ۔ ضو دینا۔

الغ ۔ ت ۔ بالضم یمین اور آخر میں غین معجمہ بڑا ۔ بزرگ۔

الاغ ۔ ت ۔ بضم اول اور آخر میں غین معجمہ سواری کا گھوڑا ۔ ٹٹو وغیرہ جسکو بیگار میں پکڑیں ۔ قاصد ۔ گھوڑا ڈاک کی چوکی کا۔

الثغ ۔ ع ۔ بفتح ہمزہ و سکون لام و فتح ثائے مثلثہ اور آخر میں غین معجمہ توتلا۔

الطاف ۔ ع ۔ بالفتح مہربانیاں اور بالکسر مہربانی کرنا۔

التفاف ۔ ع ۔ بالکسر ایک کا دوسرے پر لپٹنا بالفتح درختوں کا گھنا پن۔

الطف ۔ ع ۔ بالفتح بہت نازک ۔ بہت پاکیزہ ۔ نہایت ملائم۔

الوف ۔ ع ۔ بضمتین ہزاروں جمع الف کی ہے۔

الحاف ۔ ع ۔ بکسر اول گڑگڑانا

التحاف ۔ ع ۔ بکسر اول اوڑھنا۔

الف ۔ ع ۔ بفتح اول و سکون لام بمعنی ہزار کہ مشہور عدد ہے اور بکسر اول و سکون لام بمعنے خوگر ہونا ۔ دوستی یار دوست و بفتحتین بمعنے خو پکڑنا ۔ دوستی اور بفتح اول و کسر لام بہت بخشش کرنیوالا ۔ سخی ۔ مجرد ۔ ایک حرف ہے منجملہ حروف تہجی کے اور الف فارسی میں کئی قسم کا ہوتا ہے ایک الف فاعل جیسے دانا اور جویا میں دوسرے مفعول

کے لیے جیسے پذیرا باد یعنے قبول کیا گیا
ہو جیسے پیشترکی لیاقت کی واسطے جیسا
کہ خوانا یعنے لائق پڑھنے کی چوتھے متکلم
کے واسطے جیسے ملاذا جای پناہ میری
پانچوین اتصال کے لیے مرادف
با الصاق کی آتا ہی جیسا کہ رنگارنگ
یعنے رنگ برنگ چھٹے قسم کے لیے جیسا
حقا و ربا یعنی قسم حق کی قسم رب کی ساتوین
مصدریہ جیسا کہ پہنا و فراخا یعنی کشادہ ہونا
اور چوڑا ہونا۔ آٹھوان کثرت کی واسطے
جیسا کہ خوشا و لبسا یعنی نوین دعا کی واسطے
جیسا کہ دہا دو کنا و لعنی دیجیو کریو دسوین
واسطے نوحہ کی جیسا کہ دریغا و دردا گیارہوین
گیارہوین ندا کے لیے خدایا۔ کریما۔
مجیبا۔ بارہوین واسطے عطف کے لئے
جیسے شبا روزا اور سراپا تیرہوین
زائد کبھی اول مین لاتی ہین جیسا
اسکندر سکندر اور اشتر شتر اور کبھی
درمیان مین جیسے نگونسار اور کبھی
آخر مین جیسا دردیشا ایک درویش
اور گفتا یعنی کہا چودہوین الف قسیمہ
کہ واسطے تعظیم اور اعلام کی آخر مین
لاتی ہین جیسا کہ جلالا اور نصیرا وغیرہ
پندرہوین واسطے افادہ انحصار
معنے کے جیسا کہ سراپا سولہوین واسطے
نسبت کے جیسا گندا یعنے بدبو دار چیز زیبا
منسوب بزیب سترہوین وہ الف کہ
زبر کی درازی سے پیدا ہو جیسے بار
بمعنی تہار اور آچار بمعنی اچار اور یہ الف
ممدودہ اصل مین دو الف ہین اٹھارہوین
الف تنوین جیسے یقیناً و قطعاً انیسوین
الف جمع کا فارسی مین جیسے یا اور عربی
مین جیسا کہ تدابیر و عناصر و عرائض
مین الف ہی بیسوین الف ابدال جیسے
عصا کہ اصل مین عصو تھا اکیسوین
الف تانیث کہ عربی کی لفظون مین
آتا ہی اور بصورت یا لکھا جاتا ہی جیسے
عقبیٰ و حبلیٰ مین بائیسوین الف مجہول آلا
اوسکو بھی یاسی لکھتے ہین جیسا موسیٰ
عیسیٰ تیئیسوین واسطے معنی سوا اور
طرف کی جیسا راستا دچپا مین چوبیسوین
الف بمعنے لفظ است کہ حرف ربط
کا ہی جیسے زود از دو است۔
التزاق۔ ع۔ بکسر و زای معجمہ
التساق بسین مہملہ التصاق
بصاد مہملہ کسی چیز مین چمٹنا۔ لپٹنا۔
الزاق و الساق و الصاق
کسی چیز مین چمٹنا۔ چپکانا۔
الاق۔ ت۔ بضم اول سواری کا
گھوڑا جسکو بیگار مین پکڑین قاصد
ڈاک کی چوکی کا گھوڑا۔
الخالق۔ ت۔ بفتح اول و ضم لام
مشہور پوشاک ہی جسکو قبا کی نیچے پہنتی ہین
مرزئی ہندی۔
الحاق۔ ع۔ بالکسر کسی چیز کا کسی چیز
مین ملا دینا یا ملنا۔
التباک۔ ع۔ بکسر اول الجھانا۔
النگ۔ ت۔ بضم اول و فتح لام
و سکون نون و کاف فارسی سبزہ زار
فارسی مین بفتحتین دیوار مورچال کا ہوجانا
اوس خندق کو کہتے ہین کہ جو قلعہ کے گرد
کھودتے ہین ہندی مورچہ۔ اردو
مین بمعنے طرف۔ جانب دیوار کی آتا ہی
الگ۔ ہ۔ بفتح اول ہٹا ہوا جدا
دور۔
الگ الگ۔ ہ۔ جدا جدا۔ دور
دور۔ لگانا۔ خفا ہو کے ہٹانا۔
الگ تھلگ۔ ہ۔ کنارہ کش۔
العجل۔ ع۔ بفتح اول و سکون لام
و فتح عین و فتح جیم کمال جلدی کرنے کے
مراد ہے۔
الحال۔ ع۔ بالفتح اب۔ ابھی۔
ال۔ ع۔ بالکسر و تشدید لام وعدہ
پناہ۔ عہد۔ پیمان۔
الحاصل۔ ع۔ خلاصہ کلام کا۔

الجام ـ ع ـ بالکسر گھوڑے کو لگام دینا
الہام ـ ع ـ بالکسر جو کوئی بات خیر یا شر کی ہونیوالی ہو اوسکو خدای تعالے کسیکے دل مین ڈالی ـ
التیام ـ ع ـ بالکسر ایک کا دوسرے سے ملا ہوا ہونا ـ پیوستہ ہونا ـ ساتھ آنا ـ زخم کا بھر آنا ـ گھاو کا ملنا ـ
الزام ـ ع ـ بالکسر لازم کرنا اپنے اوپر یا غیر پر ـ
الزم ـ ع ـ بالفتح وزای معجمہ مفتوح بہت لازم ـ
التزام ـ ع ـ بالکسر کسی کام کو اپنے اوپر لازم کرنا ـ
الم ـ ع ـ بفتحتین درد ـ دکھ ـ
الیم ـ ع ـ دردناک ـ بہت دکھ دینے والا ـ
التثام ـ ع ـ بکسر اول وسکون لام و کسر فوقانی وثای مثلثہ چومنا ـ بوسہ دینا ـ ڈہاٹا یا مذ ہنا ـ
الیوم ـ ع ـ امروز ـ آج ـ
الم علم ـ ھ ـ واہی تباہی ـ
الثان ـ ع ـ بالکسر درد ہ اترنا ـ
الحان ـ ع ـ بالکسر گیت بالفتح آوازین
الکن ـ ع ـ بفتح اول وسکون لام و فتح کاف عربی وہ جو صاف بول نہ سکے کلا ـ

الآن ـ ع ـ بالفتح وتخفیف لام و مد الف دوم بمعنی اب ـ ابھی ـ
الی الآن ـ ع ـ ابتک ـ
السن ـ ع ـ بفتح اول زبانین جمع لسان کی ہے ـ
الوان ـ ع ـ بالفتح بہت سے رنگ ـ
النغاروں ـ ھ ـ کثرت اور زیادتی کے معنون پر آتا ہے جیسے کہتے ہین کہ النغاروں مٹھائی ہے ـ
البیلاپن ـ ھ ـ بھولپن کی باتیں پیاری باتین معشوق پن ـ
الوپ انجن ـ ھ ـ بفتح اول سرمہ ہے کہ جو کوئی لگاتا ہے اوسکو لوگ نہین دیکھتے ہین کحل الخفا عربی ـ سرمہ خفا فارسی ـ
الاؤ ـ ھ ـ بفتح جاڑے مین بہت سی لکڑی وغیرہ جلا کر تاپنا ـ
الو ـ ھ ـ بضم اول ودوم مشدد مشہور پرندہ بوم وبومہ عربی جغد فارسی ہند مین احمق کو بھی کہتے ہین ـ
اللہ ـ ع ـ معبود برحق ـ
البتہ ـ ع ـ بالفتح وبای موحدہ و تشدید تای فوقانی بیشک تاکید ومبالغہ کے واسطے آتا ہے ـ
الکسنہ ـ ع ـ بفتح اول وسکون لام

وکسر سین مہملہ وفتح نون جمع لسان کی کہ بمعنے زبان کے ہے ـ
الیہ ـ ع ـ بالفتح وتحتانی مفتوح چوتڑ دنبے کی چکتی حیوان کی سرین کا گوشت ـ
الویہ ـ ع ـ بالفتح فوج کے نشان ـ
الچہ ـ ت ـ بفتح اول مال واسباب ـ اور قیدی جو غیر ملک پر حملہ کر کے لین ـ
السیٹم ـ ھ ـ جھگڑا ـ دغا ـ
الغوزہ ـ ھ ـ بفتح اول ایک قسم کی بانسلی ہے جو چرواہے بجاتے ہین شبابہ عربی توتک فارسی ـ
المعی ـ ع ـ بالفتح ومیم مفتوح وکسر عین مہملہ عقلمند ہوشیار ـ دانا سیانا ـ اور وہ شخص کہ جسکی رائے ہمیشہ صحیح و درست ہو اور اوسکی فکر کبھی خطا نکرے بغیر پوچھے اپنی عقل سے سمجھ جاوے
الہی ـ ع ـ یہ لفظ مرکب ہے لفظ الہ سے کہ نام اللہ تعالیٰ کا ہے اور یاے متکلم ہے یعنی میرے خدا اور بعض جگہہ یا اس لفظ کے واسطے نسبت کے مفہوم ہوتی ہے جیسا کہ حکم الہی ایسا ہی تہا ـ
النی ـ ف ـ بفتح ہمزہ وسکون لام وکسر نون دروازے کا بازو ـ
الاچی ـ ف ـ بکسر اول خوشبودار مشہور چیز ہے یہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک

ایک چھوٹی جیسے عربی مین قافلۂ صغار
کہتے ہین اور دوسری بڑی جسکی
قافلہ کبار عربی ہی ہیل ہی فارسی ہین
لکھتے ہین۔

اَلسِی ۔ ہ بفتح اول مشہور ہے گیان
عربی تر غیر فارسی۔

اَلکسی ۔ ہ بفتح اول سستی۔
مجہولی۔ کاہلی۔ کسل۔

اَلگنی ۔ ہ بفتح اول وسکون دوم
وفتح کاف فارسی وکسر نون وسکون
تحتانی وہ رسی جسکو کیل وغیرہ مین
اوسکے دونون سری باندھتی ہین اور
کپڑے ڈالتی ہین مغلاق عربی آونگ
آوند فارسی۔

الاچی دانے ۔ ہ ایک قسم کی
شھائی ہی جو شکر کی ہوتی ہی جیسے
حلوائی الاچی کے دانے یا سٹر ڈیڑ
پر شکر کا قوام لپیٹ کے بناتی ہین
اکثر نذر ونیاز مین کام آتے ہین۔

اَللّے تللّے ۔ ہ عیش کرنا خوش
رہنا۔ روپیہ پیسہ خرچ کرنا۔

اَلَم غَلَم ۔ ہ خرافات۔ خراب
واہیات۔

باب الف مقصورہ مع میم

امضا ۔ ع ۔ بالکسر فرمان جاری کرنا
وہ نشان اور علامت جو فرمان اور
قبالہ کی پشت پر بناتے ہین عو طغرا

اُمَرا ۔ ع ۔ بضم اول وفتح ثانی جمع
امیر کی ہے۔

اِنماء ۔ ع ۔ بالکسر نمو کا آنا۔

اِمتلا ۔ ع ۔ بالکسر چھلک جانا۔
پُر ہونا۔ بہت پر ہونا معدی کا غذا
سے۔ بد ہضمی۔

اُمَنا ۔ ع ۔ بضم اول وفتح میم ونون
مفتوح امانت دار لوگ جمع امین
کی ہے۔

اَمعا ۔ ع ۔ بالفتح آنتین معا کی جمع ہے

ام القریٰ ۔ ع ۔ بضم اول ومیم
مشدد مضموم وضم قاف وفتح رائے مہملہ
اور آخر مین الف بصورت یا مکہ معظمہ

اما ۔ ع ۔ بالکسر وتخفیف میم جمع امت
کی لونڈیان یعنی لونڈی کی بفتح اول و
تشدید میم یعنی لیکن ۔ مگر کے آتی ہے

املا ۔ ع ۔ بالکسر پر کرنا ۔ یاد پر کوئی
چیز لکھنا ۔ شروع کرنا اصطلاح مین
رسم الخط یعنی حرفون کی ترکیب کو
باقاعدہ لکھنا۔

امانت رکھنا ۔ ہ ۔ ایداع عربی
ودیعت نہادن فارسی۔

اُمنڈنا ۔ ہ ۔ بضم اول جوش مین
آنا۔ چھا جانا۔

اَمرا کا ڈھمکا ۔ ہ ۔ بفتح اول یہ اشخاص
انجان کی شناخت کے لیے اشارہ تحقیر
کم حیثیت آدمی بیشمار فارسی۔

امید رکھنا ۔ ہ ۔ آس رکھنا۔
امید داشتن فارسی۔

اِمشب ۔ ف ۔ آج کی رات ۔ ام
بالکسر کے معنی آج اور اس کے ہین اس
لفظ کا استعمال تین جگہ ہوتا ہے امشب
امروز امسال ۔ اور کبھی شب گذشتہ
اور شب آئندہ کے معنون مین بھی مستعمل ہوتا ہے

اُمُّ الکتاب ۔ ع ۔ سورۂ فاتحہ
قرآن مجید ۔ لوح محفوظ ۔ آیات محکمات

امراۃ ۔ ع ۔ بالکسر وفتح ثالث زن ۔
عورت۔

اُمنیت ۔ ع ۔ بالضم ونون مکسور
ویاے تحتانی مشدد مفتوح آرزو امید
وبالفتح ونون مکسور وتشدید تحتانی
مفتوح بیخوفی اور امن۔

اماتت ۔ ع ۔ بکسر اول وفتح تاے فوقانی
کسیکو قتل کرنا ۔ مار ڈالنا۔

امارت ۔ ع ۔ بکسر حکومت ۔ راج ۔
وبفتح نشان ۔ علامت۔

اُمّہات ۔ ع ۔ بالضم وتشدید میم
مادران ۔ مائین۔

اشوالت — ع — بالفتح فردوے — لونڈیان —

امت — ع — بفتحتین لونڈی باندی و بضم و تشدید میم مفتوح فرقہ — گروہ آدمیون کے پیرو کسی پیغمبر کے جیسے مسلمان نصاری یہودی —

امارہ — ع — بالفتح و تشدید میم امر کنندہ نفس امارہ یعنی بدی کا سکہانیوالا —

امانت — ع — دہروہر —

امامت — ع — پیشوائی کرنا و پیش نمازی کرنا —

امرت — ہ — بکسر اول آب حیات جسکے پینے سے کبھی نہ مرے ماء الحیاۃ عربی آب حیات انجیوان فارسی شہد اور ہندوالی میٹھی چیز اور خوش ذائقہ کو بھی امرت کہتے ہین —

امرٹ — ہ — نہ مٹنے والی چیز جیسے کہتے ہین کہ تقدیر کا لکہا امرٹ ہے —

ام الخبائث — ع — شراب —

امتزاج — ع — بالکسر بروزن افتعال ایک چیز کا دوسری چیز مین ملجانا — گدمد ہونا —

املج — م — بالفتح آنولہ —

املاح — ع — بالکسر کسی چیز کو نمکین کرنا —

امتلاخ — ع — بکسر اول تلوار کھینچنا —

دانت اوکھاڑنا اتہو چیڑ الینا —

امداد — ع — بالکسر بروزن افعال مدد کرنا — دوات مین سیاہی ڈالنا —

امتداد — ع — بالکسر درازی —

امجد — ع — بالفتح بہت بزرگ —

امجاد — ع — بالفتح بزرگ لوگ —

اماجد — ع — بزرگ لوگ — بزرگوار —

امرد — ع — بالفتح لڑکا جسکی داڑہی اور مونچین نہ نکلی ہون — لونڈا — چھوکرا —

امید — ف — بضم اول و کسرہ میم و یاء مجہول اور کبھی میم کو تشدید اور یاء مجہول کو معروف پڑہتے ہین آس — بھروسا — آسرا —

ام ولد — ع — فقہ مین اوس لونڈی کو کہتے ہین کہ جسکے مالک کے نطفہ سے لڑکا یا لڑکی ہوئی ہو اور مالک کو اپنی حین حیات مین اوس لونڈی کا بیچنا روا نہو اور بعد مرنے اپنے مالک کے آزاد ہوجاوے اسکی میراث مین نہ پہونچے —

املی بید — ہ — ایک قسم کا پہل ہوتا ہے نہایت کھٹا ہی —

امصار — ع — بالفتح بڑے شہر —

امطار — ع — بالفتح جمع مطر کی کہ مینہہ کو باران یعنی مینہہ کہی — بالکسر مینہہ برسنا —

امرار — ع — بالکسر گذرانا —

اموات احمر — ع — مقتول جو شہید ہوگئے —

امر — ع — بفتح اول حکم کام شغل کہہ دینا —

امور — ع — بضمتین بہت سے کام جمع امر کی —

امیدوار — ف — امید رکہنے والا — آس لگانے والا —

امیر — ع — رئیس — سردار —

امتیاز — ع — فرق کرنا تمیز کرنا —

امروز — ف — آج کا دن —

امساس — ع — بالکسر چہونا —

امس — ع — بالفتح کل کا دن —

املس — ع — بفتح اول سادہ نرم صاف چکنا —

امراء القیس — ع — بکسر اول و سکون میم و ضم ہمزہ کہ بصورت واو کے ہے و فتح قاف و سکون تحتانی و سین مہملہ ایک شاعر کا نام کہ فصیح شعرای عرب تہے —

امس — ہ — بضم اول گھمی گرمی ہوا کا رک جانا — گرمی کا ہونا اکثر برسات مین جو مینہہ کے رک جانے کی گرمی ہوتی ہے — [illegible] عربی

املتاس — ف — بفتح اول خیار شنبر
املاص — ع — بالکسر سپٹ گرنا —
امتصاص — ع — بالکسر چوسنا —
امراض — ع — بالفتح جمع مرض کی
امتشاط — ع — بکسر اول کنگھی کرنا —
امتاع — ع — بالکسر فائدہ پہونچانا —
نفع لینا —
امتقاع — ع — بالکسر رنگ فق ہو جانا
امتناع — ع — بالکسر ٹھہر جانا رکنا — رک
امراغ — ع — بالکسر رال بہنا —
امر معروف — ع — حکم کرنا نیک
کامون کا — جو شریعت اسلام مین مشہور
و معروف ہین جیسے صوم صلوۃ حج
زکوۃ صدقہ عید الفطر — قربانی —
املاق — ع — بالکسر مفلسی — ناداری
امام ناطق — ع — عبارت حضرت
امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی
عنہ سے ہے —
املاک — ع — بالکسر کسی چیز کا مالک
کرنا — بادشاہ کرنا بالفتح جمع ملک
بالکسر کی ہے —
امساک — ع — بالکسر روکنا — بند کرنا
بخل کرنا —
امنگ — ہ — بالضم تیزی طراری
جوانی کے ولولے — شباب کے حوصلے
شباب کی ابتدا —
امتثال — ع — بالکسر فرمانبرداری
حکم ماننا —
املال — ع — بالکسر ملول کرنا —
امہال و امتہال — ع — بالکسر
مہلت و رخصت دینا — ڈھیل دینا —
امثال — ع — بالفتح داستانین
قصے مشہور — کہاوتین — صفتین —
امیر نحل — ع — لقب امیر المومنین
حضرت علی کا ہے —
امثل — ع — بڑا برگزیدہ بڑا فاضل
اماثل — ع — بفتح اول و کسر ثاء مثلثہ
جمع امثل کی کہ بمعنے شبیہ و نظیر کے
ہے یا جمع امثال کی کہ جمع مثل کی ہے
یہ لفظ ہمسر کے معنون مین مستعمل ہے
امل — ع — بفتحتین بمعنے امید آس
آسرا —
امسال — ف — بالکسر ابکی برس
اُمّ — ع — مادر یعنی ماں اور اصل
یعنے جڑ ہر چیز کی —
ام العلوم — ع — کنیت علم
صرف کی ہے —
ام ملدم — ع — بکسر میم و سکون لام
و فتح دال مہملہ کنیت تپ دائمی
یعنے ماں موت کی ہے —
اُمم — ع — بضم اول گروہ لوگون کا جمع
امت کی ہے —
امام — ع — بالفتح سامنے اور روبرو
بکسر پیشوا — ہادی — بادشاہ معمار دن
کے سیدھ ملانے کی ڈور ہندی سہاول
اور ہندی مین تسبیح کے اوس دانے
کو کہتے ہین جو تسبیح کے سب دانون کے
آگے لگایا جاتا ہے اور شمار سے علحدہ
ہوتا ہے سب سے بڑا اور لنبا ہوتا ہے
سر گرہ و مقری و امام تسبیح و گل تسبیح
و گل تسبیح فارسی —
امن — ع — بفتح اول و سکون ثانی
بیخوف ہونا بے ہراس ہونا — چین —
آرام — صلح بفتحتین پڑھنا خطا ہے —
امان — ع — بالفتح نڈری — پناہ
و بیخوف ہونا —
امین — ع — امانت دار معتبر —
امعان — ع — بالکسر خوب سوچنا —
کسی کام مین خوب غور کرنا — تاکنا —
غور سے دیکھنا —
ام الصبیان و ام الشیاطین — ع —
دیو کی کا نام ہے جو بچون کو دکھ
پہونچاتی ہے اور طبیبون کے نزدیک ایک
بیماری ہے جو بچون کو ہوتی ہے جسکو
ہندی مین جمو گا کہتے ہین —

امّ غیلان — ع — درخت ببول کا
مغیلان اوسکا مخفف ہی —
اُمّتان — ع — بضم اول و تشدید میم مفتوح
جمع امت کی بطور فارسی کے ہے —
اِمتنان — ع — بکسر اول احسان
رکھنا۔ نعمت دینا —
امتلا زدن — ف — ہیضہ کرنا —
اماکن — ع — بفتح اول و کسر کاف
جمع الجمع مکان کی ہے —
امام مبین — ع — بضم میم سوم و کسر
باء موحدہ لوح محفوظ —
امکان — ع — بالکسر قدرت دینا۔
جگہ دینا — اور فارسیون کی محاورے
مین امکان طاقت اور قدرت کے
معنون مین آتا ہی — اور کبھی امکان
ماسوا اللہ سے مراد ہوتی ہی —
امتحان — ع — بکسر اول آزمانا —
آزمائش کرنا —
امکنہ — ع — بفتح اول و کاف مکسور
جمع مکان کی ہے —
امالہ — ع — بکسر اول کسی چیز کو اوسکی
جگہ سے دوسری طرف رجوع کرنا —
جھکانا — اور اہل عرب کی اصطلاح
مین مائل کرنا زبر کا کسرہ کی طرف اس
طرز پر کہ الف صورت یای مجہول کی
پیدا کرے جیسا کتیب الالہ کتاب پر
اور فارسی کی لفظون مین بھی امالہ
ہوتا ہی جیسے آبید امالہ آباد کا ہی —
امثلہ — ع — بفتح اول و سکون میم
و کسر ثاء مثلثہ جمع مثال کی —
امام شش جہت — ف — تسبیح کا امام —
اَحْیَنہ — ع — بالضم ازمان —
اَمْتعہ — ع — بالفتح جمع متاع کی کہ
بمعنی پونجی کے ہے —
امزجہ — ع — بفتح اول و سکون
میم و کسر زاء معجمہ و فتح جیم عربی۔ جمع
مزاج کی ہے —
امامیہ — ع — شیعہ لوگ جو بجز بارہ امام کے
اور کسی کی ولایت کے قائل نہیں ہین
امام باڑہ — م — اوس مکان کو
کہتے ہین جو واسطے تعزیہ داری کے
بنایا جاتا ہی حسینیہ — روضہ محرم
فارسی اصل اس لفظ کی بنگلے سے
ہی کسواسطے کہ اہل بنگالہ مکان کو
باڑہ کہتے ہین یعنے امام کا مکان
امی — ع — بالضم و تشدید میم وہ شخص
جسکا باپ اوسکی لڑکپن مین مرجاوے
اور وہ باپ کی تربیت سے محروم ہوکر
اپنی مان یا دایہ سے پرورش پاوے
اسی سبب سے ناخواندہ رہجاوے آنحضرت علیہ السلام پر
اور اُمّی لقب ہی ہمارے پیغمبر صلی اللہ
علیہ وسلم کا اسوجہ سے کہ آپنے کسی سے
تعلیم نہین پائی تھی تاکہ فضیلت استاد
کی آپ پر ثابت نہو —
اُمّہانی — ع — بالضم و تشدید میم مکسور
ابوطالب کی لڑکی کا نام ہی حضرت
علی رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن اور چچا
زاد بہن پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی عزیز
اُمّہات سفلی — ع — اربعہ عناصر
خاک ہوا۔ آگ۔ پانی یا طبقات
زمین کے —
امانی — ع — بفتح اول و کسر نون
و تشدید یا ارمان امیدین۔ مرادین
اور فارسی دان بتخفیف یا پڑہتے ہین
اموی — ع — بضم اول و فتح میم و
کسر واو منسوب بنی امیہ سے و امیہ بضم
ہمزہ و فتح میم و تشدید تحتانی نام ہی
کے دادا کا ہی چوتھی پشت مین تھے —

باب الف مقصورہ مع نون

انطفا — ع — بالکسر آگ کا بجھنا چراغ
کا گل ہونا —
اندروا — ف — بفتح اول
لٹکا ہوا۔ سرنگون حیران ہکا بکا —
انجلا — ع — بالکسر و جیم روشن اور
صاف ہونا — ابر کا کھلنا — گھر و وطن سے

باہر جانا۔ غم کا دور ہونا۔
انتحا۔ ع۔ بالفتح وحاء مہملہ جمع نحو کی
کہ بمعنے راہ اور طور کے ہی بمعنے طرف کرنا
ہٹا دینا۔ بھانت بھانت۔ اقسام انواع
انسا۔ ع۔ بضم اول وفتح نون وسین
مہملہ جمع انیس کی کہ ہمدم۔ غمخوار۔ رفیق
کے معنے ہیں اور بکسر اول بھلا دینا
انزوا۔ ع۔ بالکسر وزاء معجمہ بمعنے گوشہ
نشینی خلق سے علحدگی اختیار کرنا
کونے میں بیٹھنا۔
انزاء۔ ع۔ بروزن افعال گھوڑے
کو گھوڑی پر چھوڑنا۔
انتما۔ ع۔ بالکسر کسی طرف منسوب
ہونا۔ زیادہ ہونا۔ بالیدگی۔
انجا۔ ع۔ بالکسر بجیم عربی چھڑانا۔
انہا۔ ع۔ بالکسر خبر دینا۔
انحنا۔ ع۔ بکسر اول جھکنا۔ ٹیڑھا
ہونا۔ کبڑا ہونا۔
انبا۔ ع۔ بالکسر خبر دینا۔ بالفتح خبریں
احوال حقیقتیں۔ باتیں۔
انطوا۔ ع۔ بالکسر لپٹیا جانا۔
انتفا۔ ع۔ بالکسر نیست کرنا۔ نیست
ہونا۔ نہ ہونا۔
انتقا۔ ع۔ بالکسر چننا۔
انقضا۔ ع۔ بالکسر گذرنا۔ مدت کا
پورا ہونا۔
انثی۔ ع۔ بالضم مادہ کہ نر کی مقابلے
میں ہے۔
انشا۔ ع۔ بالکسر پیدا کرنا۔ شروع کرنا
اور نام ایک علم کا ہی کہ جس سے عبارت
نثر لکھنے کی ترکیبیں معلوم ہوتی ہیں۔
انگشت نما۔ ف۔ کامل۔ مشہور
رسوا۔ بدنام۔
انا۔ ع۔ بالفتح ہم لوگ۔ بکسر اول
بمعنی برتن ہی اگر آخر میں بعد الف کے
ہمزہ زیادہ کریں تو معنے ظرف یعنے
برتن کے ہوتے ہیں۔
انبیا۔ ع۔ بالفتح جمع نبی کی ہے۔
انتہا۔ ع۔ بالکسر اخیر۔ انجام۔
انٹی کرنا۔ ہ۔ روپیہ کو چرا کر کمربند
میں چھپا لینا۔ نقود عربی۔ سوت
کا اینٹرن پر پھیرنا۔
اندھا۔ ہ۔ بفتح اول جسکی آنکھوں
میں روشنی نہو۔ اعمیٰ وضریر عربی
کور۔ نابینا فارسی۔ کم جلا۔ بی قلعی چیز
مثل آئینہ وغیرہ کے۔
انڈا۔ ہ۔ بفتح اول یہ مشہور ہی بیضہ
و بیض عربی تخم مرغ وخایہ مرغ فارسی
انڈے دینا۔ ہ۔ مشہور ہی تبیض
عربی۔ بیض دادن و تخم دادن فارسی
انڈے سے بیٹھنا۔ ہ۔ یہ مشہور ہی حضن
وحضانہ عربی بال بر بیضہ کشیدن و بیضہ
پروردن فارسی۔
انکھوا وا کھوا۔ ہ۔ بفتح اول مشہور
ہے بارض عربی۔
انگارا۔ ہ۔ بفتح اول مشہور جمرہ عربی
اخگر فارسی۔
انگڑائی لینا۔ ہ۔ بفتح اول یہ مشہور
ہی تمطی عربی خمیازہ کردن فارسی۔
انگلی چٹخانا۔ ہ۔ بضم اول مشہور
ہی تفقیع عربی۔
انگوٹھا۔ ہ۔ بفتح اول نر انگشت
ابہام عربی۔
انگوٹھی پہننا۔ ہ۔ مشہور ہی تختم عربی
انگیا۔ ہ۔ بفتح اول عورتوں کا
سینہ بند شاماکچہ و بار رنگ فارسی
انڈیلنا۔ ہ۔ بضم اول کسی ظرف سے
کوئی چیز جھکا کے گرانا۔
انکھیارا۔ ہ۔ آنکھوں والا۔
انّا۔ ہ۔ وہ عورت جسکو بچہ کی دودھ
پلانے کی خدمت ہو۔
اندارا۔ ہ۔ پختہ اور بڑا کنواں
اندھیرا واندھیارا۔ ہ۔ تاریکی
وسیاہی کا چھا جانا۔
انوکھا۔ ہ۔ نیا۔ نرالا۔

انتخاب ـ ع ـ بخاء معجمہ بروزن افتعال چُننا پسند کرنا ـ

انحداب ـ ع ـ بجا و دال مہملتین کبڑا ہونا ـ

انتساب ـ ع ـ بالکسر کسی سے نسبت کرنا ـ لگاو ـ

انسب ـ ع ـ بالفتح بہت مناسب

انجذاب ـ ع ـ بالکسر جذب ہونا ـ

انشاب ـ ع ـ بالکسر ناخن گڑونا ـ

انسکاب ـ ع ـ بالکسر پانی یا کسی پتلی چیز کا گرنا ـ ڈہلکنا ـ کسی چیز کا لڑکہنا کہ بارم دبار پڑنا ـ

انسلاب ـ ع ـ بالکسر گم ہونا ـ نیست ہونا ـ

انقلاب ـ ع ـ بالکسر اُلٹ پلٹ ہونا ـ اُلٹا ہونا

انساب ـ ع ـ بالفتح جمع نسب کہ بمعنی اصل خاندان ـ ذاتون کے ہے

انب ـ ع ـ بالفتح بینگن مشہور پہل ہے ـ

انتہاب ـ ع ـ بالکسر لوٹنا غارت کرنا

التہاب ـ ع ـ بالکسر لپٹانا ـ

انبوب ـ ع ـ بالضم وحرف سوم بائے موحدہ درختون کی بانس نیکل وغیرہ کی پورین ـ

انقاب ـ ع ـ بالفتح گرط ہے شترنگین

انصباب ـ ع ـ بالکسر پانی یا کسی پتلی چیز کا گرنا ـ ڈہلکنا ـ

انیاب ـ ع ـ بالفتح درندون کے نوکدار دانت ـ

انکباب ـ ع ـ بالکسر بہپارہ لینا پاؤن پڑنا اوندہے منہ گرنا ـ

انتصاب ـ ع ـ بالکسر بر پا ہونا ـ

انصاب ـ ع ـ بالفتح جمع نصب کی کہ بمعنی بُت کے ہے ـ

انابیب ـ ع ـ پورین گنے وغیرہ کی

انگشت ـ ف ـ اُنگلی ـ

اتعاب ـ ع ـ بروزن افعال تہکانا ـ

انابت ـ ع ـ بکسر اول توبہ کرنا دعا مانگنا ـ بُرے کامون سے بچنا ـ

انگشت ـ ف ـ بفتح اول وکسر کاف تازی کوئلا اور کاف فارسی سے بہی آیا ہے ـ

انات ـ ع ـ بالفتح دیر ـ ڈہیل ـ

انائت ـ ع ـ بکسر اول وفتح ہمزہ کہ چوتہا حرف ہے ـ دیر و آہستگی ـ

انانیت ـ ع ـ غرور گھمنڈ ـ

انصات ـ ع ـ بروزن افعال دم کہانا ـ چُپ رہنا ـ

انارت ـ ع ـ بالکسر روشن کرنا ـ درخت کا کلیانا ـ

انگشت شہادت ـ ف ـ کلمے کی اونگلی ـ

انحتات ـ ع ـ بکسر اول پتی جہڑنا

انوثیت ـ ع ـ بضمتین عورت ہونا

انفراث ـ ع ـ بالکسر پیٹ والی عورت کا جی متلانا ـ

اناث ـ ع ـ بکسر اول آخر مین ثای مثلثہ جمع انثی کی کہ بمعنے مادہ کے ہے عورتین ـ

انمیاث ـ ع ـ بکسر اول وسکون نون ومیم مکسور پانی مین کسی چیز کا گہلنا

انبعاث ـ ع ـ بکسر اول وکسر بائے موحدہ وعین مہملہ وثائے مثلثہ بہر کایا جانا ـ دَوڑ پڑنا ـ برانگیختہ ہونا ـ

اندماج ـ ع ـ بالکسر اندر آنا داخل ہونا

انبج ـ م ـ انبہ کا معرب ہے ـ آم ـ

انموذج ـ ع ـ بالضم ومیم مضموم وذال معجمہ مفتوح نمونہ ـ بانگی فارسی مین بمعنے اندک کے مستعمل ہے ـ

انضاج ـ ع ـ بالکسر گلانا ـ گوشت وغیرہ کا پکانا میوہ کا پکانا ـ اور طبیبون کی اصطلاح مین غلیظ کرنا خلط رقیق کا اور رقیق کرنا خلط غلیظ کا ـ

انجاح - ع - بالکسر و جیم و حای حطی مراد پوری کرنا حاجت روا کرنا۔
انفتاح - ع - بالکسر کشادہ ہونا - کھلنا۔
انجاح - ع - بکسر اول کشتی کا جھولکانا
انشراح - ع - بالکسر دل کا کشادہ ہونا - دل کا کھلنا۔
انتصاح - ع - بالکسر نصیحت قبول کرنا
انسلاخ - ع - بالکسر لکھالینا۔
انتفاخ - ع - بالکسر پھولنا سوجنا۔
انجوخ و انجوغ - ف - جھری جو چہرے پر پڑتی ہے۔
انجاد - ع - بالکسر بروزن اکرام مدد کرنا۔
انجماد - ع - بکسر اول جمنا۔
انقیاد - ع - بالکسر فرمانبرداری عاجزی قید کرنا۔
انتقاد - ع - بالکسر نقد لینا کھرا کرنا دانی کو کھانس سے علیحدہ کرنا غلہ کو صاف کرنا۔
انعقاد - ع - بکسر اول و کسر عین حطی اکٹھا ہونا بستہ ہونا۔
انشاد - ع - بالکسر شعر پڑھنا شعر خوانی
انسداد - ع - بکسر اول راستہ بند ہونا بند کر دینا۔

انفراد - ع - بالکسر اکیلا ہونا تنہا ہونا
انقاذ - ع - بکسر اول چھڑانا۔
انفاذ - ع - بالکسر جاری کرنا - روان کرنا - روان ہونا - بھیجنا۔
اندرو اندرون - ف - درمیان بیچ۔
اندر - ع - بالفتح کھلیان ٹھیک غلہ کا انبار۔
انصار - ع - بالفتح مددگار رفیق اور ایک گروہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تہا کہ ایام ہجرت مین مدینہ مین آنحضرت کی مدد کو آکر
انثار - ع - بالکسر گرد و غبار کا جھڑنا سے ٹے کرنا۔
انتشار - ع - بالکسر پراگندہ ہونا پھیلنا - چٹکنا - آلہ تناسل کا اٹھنا ہونا
انظار - ع - بالفتح نظرین۔
انفجار - ع - بالکسر پانی کا بہ نکلنا چشمے کا پھوٹ کر نکلنا۔
انکار - ع - بالکسر نہ ماننا - مکرنا۔
انگار - ف - بالفتح و کاف فارسی سمجھ جان دھیان کر صیغہ امر کا ہے انگاشتن سے۔
انتظار - ع - کسی کی راہ دیکھنا۔
انکسار - ع - ٹوٹنا - پھوٹنا۔

عاجزی۔
انحصار - ع - بالکسر چھوٹا ہونا - گھیر لینا کسی چیز مین سما جانا۔
انحسار - ع - بکسر اول بال جھڑنا۔
انوار - ع - بالفتح کلیان - روشنیان
انذار - ع - بالکسر و ذال معجمہ ڈرانا دھمکانا نصیحت کرنا۔
انبر - ف - بالفتح سنسی جس سے گرم چاندی سونا لوہا وغیرہ پکڑتے ہین
انجر - ع - بالفتح کشتی کا لنگر۔
انجیر - ف - بالکسر مشہور میوہ ہے تین عربی۔
انبار - ع - بالفتح ڈھیر غلے اور اسباب کا ڈھیر اور فارسی مین مٹی وغیرہ کرنے پر کرنے کے آتا ہے۔
انفطار - ع - بالکسر ٹکڑے ٹکڑے ہونا - پیدا کرنا۔
انکر - ع - بالفتح بدتر۔
انذار - ع - بالکسر و ذال معجمہ افسانہ قصہ کہانی۔
انار - ف - بالفتح مشہور میوہ ہے رمان عربی - نار بھی فارسی ہے اور دوسرے ہندی مین بھی مستعمل ہے۔
انگور - ف - بالفتح مشہور میوہ ہے عنب عربی اور اردو کی اصطلاح مین

زخم کے وہ کنارے جو سرخی مائل ہون
اور ابھر آئے ہون اور یہ کلمہ انگریزی ہے عربی —
انیتار و انتوار — ع — بکسر اول
نور لگانا —
انبہار — ع — بالکسر ہانپنا —
انہار — ع — بالفتح ندیان — نہرین
بالکسر پانی کا جاری کرنا —
اندہڑ — ه — بفتح اول تیز ہوا کا چلنا
عاصف عربی باد تند فارسی —
انداز — ف — بالفتح ناز و ادا — طرز
پسندیدہ ڈول — قیاس — چال —
ارادہ — طاقت —
اندرز — ف — بفتح اول و سوم نصیحت
وپند وصیت —
انباز — ف — بالفتح شریک حال —
ساتھی —
انجاز — ع — بالکسر وجیم وعدہ کا
وفا کرنا — حاجت روا کرنا — کسی کے کام آنا
انتہاز — ع — بالکسر تاک مین رہنا
وقت تاکنا —
انٹی باز — ه — بالفتح جو ر جو ر دے
کو کھائیون مین دبالے — عفات عربی
انکشر — ف — بالفتح وضم کاف فارسی و
زای فارسی آنکس جس سے فیلبان
ہاتھی کو چلاتا ہے —

اناس — ع — بضم اول مردمان —
لوگ — قوم — فرقے — بالکسر آدمی
انس — ع — بالکسر آدمیان — لوگ
بالضم خو پکڑنا آرام پانا — محبت
کرنا — پیار کرنا — پیار —
اندراس — ع — بالکسر و دال مہملہ
مکسور پرانا پن پرانا ہونا —
انتکاس — ع — بالکسر اوندھا ہونا
سرنگون ہونا —
انفس — ع — بفتح اول وضم فا
جمع نفس کی کہ بمعنے ذات — روح
جی — جان کے ہے بفتح اول وثالث
عمدہ اور قیمتی چیزین —
انیس — ع — غمخوار — ہمدم — مصاحب
خو پکڑا ہوا —
انفاس — ع — جمع نفس کی کہ بمعنے
سانس دم کے ہے —
انغماس — ع — بالکسر ڈبکی کھانا —
غوطہ کھانا —
انغراس — ع — بالکسر وغین معجمہ و
رای مہملہ درخت کا اگنا —
انعکاس — ع — بالکسر الٹا ہونا —
آئینہ یا پانی وغیرہ مین کسی چیز کا عکس
دکھائی دینا —
انجاس — ع — بالفتح نجاستین —

ناپاکیان —
انجس — ع — بالفتح بہت ناپاک —
انتعاش — ع — بالکسر بلند ہونا —
نیک ہونا — اور فارسی والے بمعنے عیش
ونشاط کے استعمال کرتے ہین —
انتباش — ع — بالکسر کفن چرانا
برہنہ کرنا —
اندیش — ف — فکر وسوچ —
انفشاش — ع — بالکسر سوجن
کا پچکنا —
انقص — ع — بالفتح بہت کم بہت
عیبدار —
انتقاص — ع — بالکسر کم ہونا کم
کرنا — گھٹنا —
انقاص — ع — بالفتح عیوب بالکسر
کم کرنا — ناقص کرنا —
انقاض — ع — کڑکڑانا — یعنی مرغی
انڈا دیتے وقت بولنا —
انقباض — ع — بکسر اول سکڑنا —
بھچنا — بھنچنا — رکنا —
انتفاض — ع — بروزن افتعال
گرد و غبار کا جھڑنا — پتے وغیرہ کا گرنا
انقضاض — ع — بالکسر دیوار
کا گرنا —
انتہاض — ع — بالکسر اٹھنا — کوچ کرنا

انتقاض ـ ع ـ بالکسر عہد وغیرہ کا توڑنا ـ

انقراض ـ ع ـ بالکسر کٹ جانا ـ مدت کا آخر ہونا ـ

انخفاض ـ ع ـ بالکسر نشیب مین پڑنا

انغطاط ـ ع ـ بالکسر بروزن انفعال ڈبکی کہانا ـ

انخراط ـ ع ـ بالکسر کسی چیز کے اندر سما جانا ـ سوئی مین تاگا ڈالنا ـ کسی گروہ مین شامل ہونا ـ چیلا جانا ـ موتی کو ڈوری مین پرونا ـ

انحطاط ـ ع ـ کسی چیز کا کم ہونا ـ نیچے اوترنا ـ

انضباط ـ ع ـ بالکسر بندوبست ـ مضبوطی ـ

انبساط ـ ع ـ بالکسر کشادہ ہونا ـ چوڑائی ـ گستاخی کرنا اور فارسی مین بمعنے خوشی کے آتا ہی ـ

انعاظ ـ ع ـ بالکسر ذکر کا انتشار کرنا ـ

انواع ـ ع ـ بالفتح جمع نوع کی اقسام بھانت بھانت ـ

انتزاع ـ ع ـ بالکسر زبردستی سے باہر کھینچنا ـ کھوونا ـ اکھاڑا جانا ـ ہاتھ چھوڑ الینا ـ

انصداع ـ ع ـ بالکسر چیرا جانا ـ

انطباع ـ ع ـ بالکسر کسی چیز کا کسی چیز پر نقش ہونا ـ چھپ جانا ـ

انقلاع ـ ع ـ بالکسر کہودا جانا

انخداع ـ ع ـ بالکسر دغا کہانا دم مین آنا ـ

اندفاع ـ ع ـ دور ہونا ـ

انتفاع ـ ع ـ بالکسر نفع حاصل کرنا ـ فائدہ اٹھانا ـ

انقشاع ـ ع ـ بالکسر بدلی کا کہلنا

انقطاع ـ ع ـ بالکسر کٹ جانا ـ

انباغ ـ ع ـ بالفتح سوت ایک مرد کی دو جورو ین وہ آپس مین ایک دوسرے کی سوت ہوتی ہی

انصباغ ـ ع ـ بالکسر رنگین ہونا

اندباغ ـ ع ـ بالکسر بختگی ـ چمڑہ کا دباغت پانا ـ

انحراف ـ ع ـ بالکسر ٹیڑہا ہونا پہر جانا ـ مرادی معنے عدول حکمی کرنو کے ہین ـ

انصراف ـ ع ـ بالکسر پہرنا لوٹنا ـ رجوع کرنا ـ

انعطاف ـ ع ـ بکسر اول پہرنا ـ جھکنا ـ لچکنا ـ مڑ جانا ـ

انزاف ـ ع ـ بالکسر مست ہونو مست کرنا ـ

انکشاف ـ ع ـ بالکسر کہلنا ـ آشکارا ہونا ـ

انتکاف ـ ع ـ بالکسر عار وننگ رکہنا

انکساف ـ ع ـ بالکسر سورج گہن لگنا

انصاف ـ ع ـ بالکسر نیاو چکانا آدہا کرنا ـ آدہون آدہ کرنا ـ

انتصاف ـ ع ـ بالکسر داد پانا ـ آدہا ہونا ـ

انف ـ ع ـ بالفتح ناک ـ

انوف ـ ع ـ جمع انف کی کہ بمعنے ناک کے ہے ـ

انیق ـ ع ـ بفتح ہمزہ وکسر نون اچھا عجیب بہتر ستہرا ـ

انفاق ـ ع ـ بالکسر روزی دینا خرچ کرنا ـ

انتساق ـ ع ـ راہ اور انتظام قبول کرنا ـ

انشقاق ـ ع ـ بکسر اول پہٹنا ـ چرجانا

انساق ـ ع ـ بالکسر دستور درویش ترتیب دینا ـ

اندلاق ـ ع ـ بالکسر اوگل پڑنا ـ تلوار کا میان سے نکل پڑنا ـ

انفتاق ـ ع ـ بکسر اول پہوٹ نکلنا

انزہاق ـ ع ـ بالکسر نیست ہونا ـ

انطباق ـ ع ـ بالکسر برابر ہونا ـ

باہم ملنا۔

انسلاک ۔ ع ۔ کسی چیز کا کسی چیز کے اندر آنا۔

انہماک ۔ ع ۔ بالکسر کسی کام مین کوشش کرنا۔

انفکاک ۔ ع ۔ بالکسر ایک کا دوسرے سے جدا ہونا۔ آزاد ہونا کسی چیز کا رہن سے چھوٹنا۔

انگورنگ ۔ ف ۔ مردمک ۔ پتلی

انسباک ۔ ع ۔ بالکسر سونا چاندی وغیرہ کا گلایا جانا۔

انعال ۔ ع ۔ بکسر اول جوتی بندی باندھنا۔ نعل باندھنا۔

انفال ۔ ع ۔ بالفتح غنیمت کا مال

انحلال ۔ ع ۔ بالکسر کشادہ ہونا۔ کھلنا نیست ونابود ہونا۔ ناچیز ہونا نکمے بے حقیقت ہونا۔

انجیل ۔ ع ۔ مژدہ خوشخبری اور اس کتاب کا نام ہے جو حضرت عیسیٰ پر اتری ہے

انجل ۔ ف ۔ بالفتح بڑی آنکھ۔

اندمال ۔ ع ۔ بالکسر گھاؤ کا بھرنا۔

ابن السبیل ۔ ع ۔ مسافر ۔ پردیسی

انامل ۔ ع ۔ بفتح اول جمع انملہ سرانگشت

انثیال ۔ ع ۔ بالکسر ٹوٹ پڑنا بہت سے آدمیون کا کسی چیز پر چارون طرف سے دفعۃً جمع ہو جانا۔

انفعال ۔ ع ۔ شرمندہ ہونا کسی چیز کا اثر قبول کرنا۔

انتقال ۔ ع ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔

انزال ۔ ع ۔ بالکسر اترنا ۔ اتارنا ۔ حصول سے اتارنا بالفتح مہمانون کے لیے کھانا وغیرہ مہیا کرنا ۔ جھڑنا۔

انفصال ۔ ع ۔ بالکسر جدا کرنا ۔ چک جانا جھگڑے کا فیصلہ ہونا

انجل ۔ ع ۔ بالضم دونون ہتھیلیون کو ملا کر پیالی کی طرح بنا کر کسی چیز کو اٹھانا حفنۃ بعربی۔

انسلال ۔ ع ۔ بکسر اول بروزن انفعال ۔ چھپ کے نکلنا ۔ کھسک جانا

انتقام ۔ ع ۔ بالکسر کسی سے بدلا لینا بغض نکالنا۔

انہدام ۔ ع ۔ بالکسر ویران ہونا ۔ گھر کا گر پڑنا ۔ ڈھا دینا ۔ ڈھے جانا دیوار کا گرنا۔

انصرام ۔ ع ۔ بالکسر کٹ جانا ۔ تمام ہونا انتظام کرنا۔

انخرام ۔ ع ۔ بکسر ہمزہ چھد جانا ۔ کسی سوراخ کا بڑھ جانا۔

انعام ۔ ع ۔ بالکسر نعمت دینا ۔ بخشش کا دینا ۔ اور بالفتح مواشی ۔ چوپائے جانور نعم کی جمع ہے اکثر اونٹ کو نعم کہتے ہین۔

انجم ۔ ع ۔ ستارے ۔ جمع نجم کی ہے

انہزام ۔ ع ۔ بالکسر لشکر کا شکست کھانا۔

انقسام ۔ ع ۔ بالکسر حصہ ہونا ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

انضمام ۔ ع ۔ بالکسر اکٹھا ہونا ملنا

انام ۔ ع ۔ بالفتح مخلوقات جاندار جن وانس۔

انجیر آدم ۔ ف ۔ گولر مشہور پھل ہے

انعدام ۔ ع ۔ بالکسر نیست ونابود ہونا

انفصام ۔ ع ۔ بالکسر ٹوٹ جانا۔

اندام ۔ ف ۔ بالفتح بدن جسم عضو

انجام ۔ ع ۔ بالفتح انتہا ۔ آخر۔

انبرام ۔ ع ۔ بالکسر بند وبست تمام ہونا کام کا۔

انہضام ۔ ع ۔ بکسر اول کھانے کا پچنا

انضام ۔ ع ۔ بالکسر آراستہ ہونا مرتب کرنا۔

انگشت ور چشم کردن وانگشت بچشم کردن ۔ ف ۔ روکنا ۔ کسی پر معترض ہونا۔

انسان ۔ ع ۔ بالکسر آدمی انسان کی

چہل چالیس ہیں جب تک پیٹ میں رہے
اوسکو جنین کہتے ہیں اور پیدائش کے
روز سے ایام شیر خوارگی تک اوسکو طفل
کہتے ہیں اور بعد ایام شیر خوارگی کے
تا حد بلوغ اوسکو صبی کہتے ہیں اور بعد
بلوغ تا چہل سالگی شباب اور چالیس کے
بعد سے ساٹھ برس تک کہل اور ساٹھ
کے بعد سے آخر عمر تک شیخ کہیں گے
انتخاب زدن - ف - چننا -
انگشت زدن و انگشتک
زدن - ف - چٹکی بجانا -
انجدان - ع - ہینگ کا درخت
انسان العین - ع - آنکھ کی پتلی -
انگبین - ف - شہد امرت -
انجمن - ف - بالفتح مجلس و محفل -
جس جگہ بہت آدمی بیٹھے ہوں آدمیوں
کا مجمع -
انفان - ع - بالفتح بڑ لگا -
انثیان و انثیین - ع - بضم اول
ہر دو خایہ -
انبان - ف - پکا ہوا چمڑا - وہ ہو
مشکیزہ - چمڑے کی زنبیل چمڑی کا
ریل بیگ -
اندوہگین - ف - غمگین رنجیدہ
انین - ع - بکسر ہمزہ و کسر نون نالہ -

آواز رونے کی -
انجن - ہ - بالفتح کحل عربی سرمہ
فارسی -
انگشتو - ف - الیدہ - ملیدہ - آٹا
یا میدہ اور گھی و شکر سے بناتے ہیں
مشہور چیز ہے -
انملہ - ع - بالفتح سر انگشت -
اندایہ - ف - بکسر اول کرنی یہ معماروں
کا اوزار ہے جس سے دیوار وغیرہ پر
چونہ کہگل لگاتے ہیں -
اندازہ - ف - قوت - جرأت - تخمینہ
نمونہ - نشان - قصد - مرتبہ -
انوشہ - ف - بضمتین خوش - بادشاہ
نوجوان مجازاً بمعنے نوشاہ یعنی دولہا
کے آتا ہے -
انگارہ - ف - بالفتح و کاف فارسی
و راء مہملہ نقشہ لکھنا قصہ کہانی حساب
کا دفتر - ڈول ناتمام چیز جو پوری
نہ بن چکی ہو - ہیولی -
انتباہ - ع - بالکسر آگاہ کرنا خبردار
ہونا - آگاہی - جاگنا -
انبوبہ - ف - بضم بائے موحدہ
مضموم آفتابہ کی ٹونٹی -
انگلہ - ف - بفتح اول و ضم کاف فارسی
انگرکھے وغیرہ کا تکمہ -

انگوزہ - ف - ہینگ -
اناخہ - ع - بالکسر و خاے معجمہ اونٹ
کا بٹھانا -
انفحہ - ع - پنیر -
انبانہ - ف - بالفتح چمڑی کا تھیلا
چمڑی کا ریل بیگ -
انیقہ - ع - نادر عجیب - انوکھا -
نرالا -
اندیشہ - ف - سوچ - فکر -
انجیرہ - ف - انجیر مشہور میوہ ہے -
انبوہ - ف - ہجوم - بھیڑ - گچھا -
انبہ - ف - بفتح اول و ضم بای موحدہ
مخفف انبوہ کا و بفتح بای موحدہ و
ہای مختفی بمعنی انب و آم -
انسیہ - ع - بالضم خو پکڑنا الفت کرنا
انگشتانہ - ف - سینے پرونے والے
لوگ چمڑے یا پیتل کا خول جو اکثر
انگلی میں پہنے رہتے ہیں -
انار بیدانہ - ف - انار کی قسم
جسکا بیج نرم ہو -
انبلہ - ف - بفتح اول [illegible]
اندوہ - ف - غم -
انگشتری - ف - انگوٹھی -
اندامی - ف - بالفتح [illegible]
اندامیدن - [illegible] کہگل [illegible]

اُنسی — ع — مالک آدمی — عضو کندرونی جانب ہر چیز کا —

انبازی — ف — شریک — ساتھی —

انبلی و املی — ہ — مشہور چیز ہے انبلہ فارسی تمبار و تمر ہندی عربی سرد و خشک ہے —

انٹی — ہ — بفتح اول گھایان — نوٹ عربی یعنے کشادگی میان انگشتان —

اندھی — ہ — بفتح اول زن نابینا — فارسی عمیاء و عمیہ عربی —

انگڑائی — ہ — بفتح اول تمطی عربی خمیازہ فارسی —

انگنائی — ہ — بفتح اول وہ زمین جو دالان وغیرہ کے آگے چار دیواری کے اندر ہو آنگن اصل ہی مگر اردو ہندوستانی مین انگنائی ہوگیا ساحۃ وفناء عربی پیشگاہ فارسی —

انگوٹھی — ہ — بفتح اول بضم دوم خاتم عربی — انگشتری فارسی —

انگیٹھی — ہ — بفتح اول مشہور کانون عربی آتشدان فارسی —

انہیری وانہیاری — ہ — وہ رات جسمین روشنی نہو — دیجور و ظلمۃ عربی شب تاریک و تار و تیرہ شب سیاہ فارسی اور وہ گھوڑا جو گھوڑی کے منھ پر ڈالتے ہین تاکہ شوخی نکرے برقع الفرس عربی چشم بند فارسی

انڈوا ہے یا انڈائی ہوئی ہے — ہ — مرغی انڈا دینے کو ہو بائض عربی

انی — ہ — بفتح اول سنان عربی نوک نیزہ فارسی —

انگلی — ہ — بضم اول اصبع عربی انگشت فارسی —

انتی یا انیتان — ہ — عورتون کے کان کا زیور ہے سونے یا چاندی کے چھوٹے چھوٹے حلقے اوسمین دو موتی اور ایک آویزہ پڑا ہوتا ہے — دو تین کان کی لو مین پہنتی ہین —

باب الالف مقصورہ مع الواو

اولیا — ع — بالفتح نزدیک کے رشتہ دار — دوست — رفیق حمایتی مقربان بارگاہ الہی —

اولی — ع — بفتح اول بہت راست درست سب سے اچھا — بضم اول پہلی مونث اول کا — اور بضم اول و واو غیر ملفوظ و کسر لام بمعنی خداوندان

اوثان — ع — بالفتح جمع وثن کی ہے

اوڑہنا — ہ — بضم اول مشہور ہے التحاف و تعزملی عربی —

اوندہا — ہ — بفتح اول نگونسار مقلوب عربی بازگونہ فارسی —

اوندہانا — ہ — بفتح اول کسی چیز کو پٹرھا کرنا تنکیب عربی سنگون کردن فارسی —

اوندہے منھ گرنا — ہ — منھ کے بھل گرنا — انکباب عربی بررو افتادن فارسی —

اوٹنا — ہ — بضم اول روئی سے بنولہ نکالنا — حلج عربی فلخیدن فارسی

اولا — ہ — بضم اول برد و غراب عربی تگرگ و یخچہ و سنگچہ فارسی —

اونٹ بٹھانا — ہ — بضم اول اناخہ عربی خوابانیدن شتر فارسی —

اوجبا — ع — بفتح اول بہت واجب

اواب — ع — بفتح اول و تشدید واو حق کی طرف رجوع کرنے والا — تسبیح کرنے والا —

اوہن البیوت — ع — بالفتح بہت بودا گھر اور مکڑی کا گھر ہے

اولیا کی دولت — ع — صاحبان سلطنت — رئیس — امیر —

اوٹ — ہ — بضم اول پردہ درمیان کی چیز — حاجز عربی — پردہ فارسی —

اوداج — ع — بالفتح گردن کی رگین

اوج ـ ع ـ بالفتح بلندی کی جانب
ہر چیز کی ـ
اوساخ ـ ع ـ جمع وسخ کی کہ بمعنے
میل وپیپ کے ہے ـ
اوتاد ـ ع ـ بالفتح میخین وتد کی جمع ہے
اوراد ـ ع ـ بالفتح دعائین ـ
وظیفے کہ جو وقت مقرر پر پڑھین ـ
اوحد ـ ع ـ بالفتح یگانہ ـ
اولاد ـ ع ـ نسل ـ بیٹا بیٹی ـ
اوطار ـ ع ـ بالفتح حاجتین ـ
ضرورتین ـ
اوتار ـ ع ـ بالفتح ساز کی تار ـ
اورطاق چیزین کمان کی زہ ـ
اوبار ـ ف ـ بالفتح امر کا صیغہ ہے
اوباریدن سے کہ بمعنے نگلنے کے ہے ـ
اودر ـ ت ـ چچا ـ
اوزار ـ ع ـ بوجھا جو پیٹھ پر اٹھائی جاوے
گناہ اور فارسی مین بمعنی کاریگرون
کے ہتھیار کے ہے ـ
اولی تر ـ ع ـ بہتر ـ لفظ تر زائد ہے
اوار ـ ع ـ بالفتح آگ کی گرمی ـ
آفتاب کی گرمی ـ تشنگی کی گرمی ـ
اوامر ـ ع ـ احکام ـ
اوقر ـ ع ـ بالفتح بہرا ـ
اوپر ـ ہ ـ بضم اول بالا ـ اعلی

عربی ـ
اورمزد ـ ف ـ بر سپت ـ مشتری
اوس ـ ع ـ بالفتح بخشش عوض
قبیلہ عرب کا نام ہے ـ بھیڑیا ـ
اوباش ـ ف ـ بالفتح نالائق ـ
بیباک ـ بدمعاش ـ حرام کار ـ عیاش
لچا ـ گنڈا ـ
اوسط ـ ع ـ بالفتح میان بیچ ـ
منجھولا ـ
اواسط ـ ع ـ بفتح اول جمع وسط
کی درمیان والے ـ بیچ والے ـ
اوجاع ـ ع ـ بالفتح جمع وجع کی ہے
درد و دکھ ـ
اوضاع ـ ع ـ بالفتح جمع وضع
کی ہے ـ حال ـ
اوقاف ـ ع ـ بالفتح وہ مال جو
فقیرون پر وقف ہو ـ
اوصاف ـ ع ـ بالفتح ـ جمع
وصف کی ہے ـ
اوفق ـ ع ـ بالفتح بہت موافق
اوثق ـ ع ـ بالفتح بہت محکم ـ
بڑا مضبوط ـ
اوراق ـ ع ـ بالفتح جمع ورق کی ہے
اورک ـ ف ـ بفتح اول جھولا ـ
اونگشت ـ ف ـ بالفتح انگلی ـ

اورنگ ـ ف ـ بالفتح تخت بادشاہی
عقل ـ زیب ـ حیلہ ـ ونمک ـ خوشحالی
اوائل ـ ع ـ بفتح اول جمع اول کی ہے
اول ـ ع ـ بالفتح پہلا ـ سرا ـ پیشتر
اور ہندی مین بضم اول وسکون واو
مجہول مشہور ہے پر شہن عربی گر و فارسی
انکی عوض تا ادای ردیف کیلو سمجھا دینا
اوہام ـ ع ـ بالفتح جمع وہم کی ہے ـ
اورام ـ ع ـ بالفتح جمع ورم کی ہے
اوثان ـ ع ـ بالفتح جمع وثن کی کہ
بمعنی بت کے ہے ـ
اوطان ـ ع ـ بالفتح جمع وطن
کی ہے ـ دیس ـ زاد و بوم ـ
اوان ـ ع ـ بالکسر بمعنے ایوان
یعنی محل ـ بالفتح بمعنے وقت ـ ہنگام
لمحے ـ لحظے کے ہے ـ
اولین ـ ع ـ بالفتح وتشدید واو
اگلے زمانے والے اور فارسی مین
بزیادت یا و نون مزید علیہ اول کا ہے
مثل نخست ونخستین و کہتر و کہترین ـ
اوقیہ ـ ع ـ بفتح اول و واو معروف
وکسر قاف وتشدید تحتانی چالیس درم
شرعی کا ہے ذر تولہ ۲ ماشہ یا ۲ رتی ماشہ
یا دو تولہ ۹ ماشہ ۲ سرخ اور
بعضے کہتے ہین کہ ایک کا استار ہوتا ہے

جسکے ۲ تولہ ۹ ماشہ ۲ سرخ ہوئے اور بعضون کا قول ہی کہ اوقیہ ۲ تولہ ۹ ماشہ ۶ سرخ کا ہوتا ہی یا بارہ ماشہ کا اور بعضون کا قول ہی کہ سات مثقال کا ہی ۲ تولہ ۷ ماشہ ۴ سرخ — اور بعض کہتے ہین ۱۰ مثقال کا ہی یعنی ۳ تولہ — یا بارہ ماشہ ۴ سرخ — کا ہوتا ہی —

اوارہ — ف — بروزن شرارہ حساب کا دفتر — بہی — کہاتہ —

اوارجہ — م — دفتر حسابی — دیوانخانہ

اواہ — ع — بالفتح و تشدید واو نرم دل مرد مومن — فقیہ — آہ کرنیوالا —

اوہ — ع — بفتح ہمزہ ہای اے —

اوردہ — ع — بفتح اول غیر جنبندہ رنگین

اورہ — ف — بفتح اول رضائی اور قبا وغیرہ کا ابرہ —

اولی اجنحہ — ع — بضم اول و کسر لام و فتح الف و سکون جیم و کسر نون و حا مہملہ صاحب بازدن کنایہ فرشتون سی ہی —

اوجہہ — ہ — بضم اول جانورون مین بجای معدہ کے ہے کرش عربی شکنبہ فارسی —

اوکہہ — ہ — بضم اول گنا قصب السکر عربی نیشکر فارسی —

اولہ — ہ — بضم اول جانورون کو ذبح کرکے اوسکی بال اور پر کو گرم پانی مین جوش کرنا تسموط عربی رود فارسی

اونگہہ — ہ — بضم اول نیند کے غلبہ سے جہونکے لینا — سنہ عربی پینگی فارسی

اواقی — ع — بالفتح جمع اوقیہ کی ہی —

اوانی — ع — بفتح اول و کسر نون ظروف — بہت سے برتن جمع آنیہ کی ہے

اویس قرنی — ع — بفتح اول نام ایک ولی کامل کا ہی مفصل کیفیت اُنکی فقیر نے اخبار الاخیار مین لکہی ہی بسکون را پڑہنا درست نہین ہی —

اوٹہنی — ہ — بضم اول ایک آلہ ہی کہ اوس سے روئی کے بنولے الگ کیے جاتے ہین محلاج عربی — اوٹنی ناقہ

اوٹی روئی — ہ — بضم اول صاف روئی کہ جسمین بنولے نہون محلوج عربی

اوہی یا اوہ — ہ — یہ لفظ مشہور ہی ہر وقت اور ہر ساعت عورتون کی زبان پر جاری رہتی ہی یہ تکیہ کلام ہی ناز و غمزہ اور درد دکہہ کے وقت بہی کہتی ہین وی عربی اور ایران کی عورتین وخ وخ جان کہتی ہین —

اوبہی — ہ — بضم اول اوس گڑہا کو کہتے ہین جو ہاتہی وغیرہ کے پکڑنے کے لیے کہودا جاتا ہی زبیہ عربی —

اوڑہنی — ہ — بضم اول چہوٹا ڈوپٹہ جو کم سن لڑکیان اوڑہتی ہین —

اوکہلی — ہ — بضم اول جسمین اناج وغیرہ کو کوٹتے ہین پہر اس وہاون عربی — ڈہیکی

اونٹ گائے — ہ — بضم اول ایک جانور ہی ہاتہہ لمبے اور پاؤن چہوٹے اور سر مثل اونٹ کے اور گائے کے سی سینگ اور پوست چیتے کا سا اور سم گائے کے سے اور دم ہرن کی سی زرافہ عربی اشترگاو پلنگ فارسی

اونچی نیچی — ہ — بضم اول زمین ناہموار گڑہا گڑہی ارض ذات تسہ عربی نشیب و فراز فارسی —

باب الف مقصورہ مع ہا

اہدا — ع — بالکسر ہدیہ تحفہ بہیجنا —

اَہلاً و سَہلاً و مَرحَباً — ع — جو کوئی دور سے آتا ہی تو عرب کے لوگ یہ تینون کلمے کہتے ہین اَہلاً یعنی آیا تو اپنے گہر کے لوگون یا رشتہ دارون مین سَہلاً یعنی سیر کی تو نے زمین نرم مین اور مَرحَباً یعنی جگہ بڑی فراخ یہ بطور مبارکباد کے ہے —

اہوا — ع — بالفتح خواہشین آرزوئین نفس کی خواہشین — پسند —

اہتدا — ع — راہ پر آنا — ہدایت کرنا —

راہ راست پانا۔
اَہتِراء۔ ھ۔ کندون کو تلے اوپر کرنا۔
اِہاب۔ ع۔ بالکسر چمڑا لگا ہوا۔
تری۔
اَہلیت۔ ع۔ بالفتح ولام مکسور و تشدید تحتانی لیاقت۔ شرافت۔ لائق ہونا۔
اُہبت۔ ع۔ بالضم ساز و سامان اسباب۔
اِہانت۔ ع۔ بالکسر ذلیل سمجھنا۔ بُرا جاننا۔ نفرت کرنا۔
اَہوَج۔ ع۔ بالفتح احمق۔ بوکھل جلد باز۔
اہار۔ ف۔ بروزن بہار پیچ یا پتلی لیپی کو کپڑے یا کاغذ پر لگانا کہ مضبوط اور کڑا ہو جائے تجلی پن جاتا رہے۔ لیکن اردو ی ہندی مین اسکو اہار کہتے ہین جو پتلی لیپی کاغذ وغیرہ پر مہرہ کرنے کے لیے پھیرتے ہین اور کپڑے کو بیچ مین ڈبونے کو کاٹ کہتے ہین۔
اِہتار۔ ع۔ بالکسر سٹھیانا۔
اہیر۔ ھ۔ بفتح اول ایک قوم ہے کہ گائے بھینس پالتے ہین اور دودھ دہی بیچتے ہین لبان دبکتا ر عربی گاؤبان فارسی
اہر ہتر۔ ھ۔ نزع کا عالم۔

اِہتِزاز۔ ع۔ بالکسر دہر دو زا معجمہ کھلانا۔ ہلنا۔ حرارہ۔ وجد کی حالت مین جھومنا۔ خوشحالی کرنا۔ غمخواری ستاری کا چمکنا۔ اونٹ کا حدی کے وقت مست ہو کر گردن ہلانا۔
اِہناف۔ ع۔ بالکسر و انساہو
اَہوال۔ ع۔ بفتح اول جمع ہول کی ہے کہ بمعنے دہشت کے ہے۔
اِہلال۔ ع۔ بالکسر چاند دیکھنا۔
اَہل۔ ع۔ بفتح اول گھر کے لوگ۔ لیاقت۔ انس کرنا۔ گھر والا ہونا۔ صاحبان۔
اِہمال۔ ع۔ بالکسر بمعنی دل مطلب چھوڑنا کسی چیز کو اوسکے حال پر چھوڑ دینا۔
اِہتمام۔ ع۔ بکسر اول غمخواری کرنا کسی کام مین ہمت باندھنا۔ کوشش کرنا۔ دلی توجہ کرنا۔
اَہَم۔ ع۔ بفتحتین و تشدید میم بہت مشکل نہایت ضروری۔
اہرمن۔ ف۔ بروزن گرگردن واہرامن بروزن تردامن و اہرن بروزن بہمن اہریمن بروزن انفرمیدن واہرمیہ بروزن پشمینہ شیطان و دیو مجوب اعتقاد مجوس کے فاعل شر کا ہے اور یزدان فاعل خیر کا ہے۔

اَہوَن۔ ع۔ بالفتح بہت آسان نہایت سہل۔
اَہِلّہ۔ ع۔ بفتح اول جمع ہلال کی پہلی رات کا چاند۔
اہل ذمہ۔ ع۔ کافر جو مطیع بادشاہ اسلام ہون اور بمعنے رعیت کے بھی آتا ہے۔
اہل الجنۃ۔ ع۔ بہشتی۔
اَہلیہ۔ ع۔ جورو۔ گھر کی عورت۔
اَہوِیہ۔ ع۔ بفتح اول جمع ہوا کی نہ بمعنی خواہش کے ہے۔
اَہالی۔ ع۔ بالفتح اشراف و سردار لوگ۔ کام والے جمع اہل کی خلاف قیاس ہے۔

باب الالف مقصورہ مع یائے تحتانی

اِیلا۔ ع۔ بکسر اول بخشنا۔ قسم کھانا۔
ایما۔ ع۔ اشارہ کرنا۔
ایبا۔ ع۔ بکسر اول انگلی کا اشارہ
ایذا۔ ع۔ دکھ۔
ایامیٰ۔ ع۔ وہ مرد جنکے پاس عورت نہو۔ وہ عورتین جنکے مرد نہون۔ رانڈین۔
ایفا۔ ع۔ بالکسر دینا۔ وفا کرنا۔

اُوراکرنا۔ ادا کرنا۔ بھر دینا۔
اِیرِیسا۔ ف۔ بالکسر سوسن کی جڑ۔
قوس قزح۔ دھنک۔
ایطا۔ ع۔ بالکسر پامال کرنا اور علم عروض
میں ایطا اسکو کہتے ہیں کہ قافیے میں
معنے واحد پر تکرار کلمے کی کیجائے اور
اسکی دو قسمیں ہیں جلی اور خفی وہ ہے
کہ جسمیں تکرار ظاہر نہو جیسے دانا وبینا
وآب وگلاب اور جلی وہ ہے کہ جسمیں تکرار
ظاہر ہو جیسے خوشتر و زیباتر وستمگر و
افسونگر و زرین وسیمین گریان وخندان
و یاران وعزیزان یہ بہت بڑا عیب ہے
ایرام۔ ع۔ بالکسر چقماق جھاڑنا۔
ایڑ لگانا۔ ہ۔ بکسر اول گھوڑے
کو ایڑی کی ٹھوکر لگا کر چلانا۔ رکض
ورکل عربی۔ پاشنہ زدن فارسی
ایکلوتا۔ ہ۔ بکسر اول وہ لڑکا جو اور
کوئی بہن بھائی نہ رکھتا ہو اپنے ماں باپ کے
ایک ہی ہو وحید عربی یکتا پسر فارسی
ایلواڑا۔ ہ۔ بکسر اول بکریوں کے
رات کو رہنے کا مکان جو صحرا میں بنا ہو
حظیرہ عربی آغل فارسی۔
ایکا۔ ہ۔ بالکسر اتفاق۔ یکدلی۔
چند آدمیوں کا کسی بات پر یکدل
ایک زبان ہونا۔

ایمان ٹھکانے ہونا۔ ہ۔
بدگمان نہونا۔
ایمان کی کہنا۔ ہ۔ سچ بولنا
حق حق کہنا۔
اینڈنا۔ ہ۔ تنکے۔ بربر کے۔
اتراتے ہوئے ناز سے چلنا۔
نیند کے خمار یا نشے کے اثنا میں انگڑائیاں
لینا۔ کروٹیں بدلانا۔
اینٹھنا۔ ہ۔ جاڑا کھانا۔ سیانا
دغا۔ فریب۔ دھوکے سے کچھ لے لینا
بگڑنا۔
اُتیر بنا۔ ہ۔ ذرا سی بات پر اترانا
شیخی مارنا۔
اُتیرا۔ ہ۔ خود پسند۔ کم ظرف
اترانے والا۔
ایاب۔ ع۔ بالکسر بازگشت۔ رجوع
ایوب۔ ع۔ نام پیغمبر کا ہے بڑے
صابر تھے صبر ایوب مشہور ہے۔
ایجاب۔ ع۔ بالکسر لازم کرنا۔ ماننا
منظور کرنا۔ مقرر کرنا۔
ایالت۔ ع۔ بالکسر سرداری۔
رعیت پر حکومت کرنا۔
اینست۔ ف۔ بالکسر تحسین کا
کلمہ ہے جیسے کہ آفرین شاباش۔
اینٹ۔ ہ۔ بالکسر مشہور چیز ہے

لبن و آجر عربی لبن کچی اینٹ اور
آجر پکی اینٹ خشت فارسی میں ہے
کہتے ہیں کہ پہلے پہل فرعون نے
اینٹ کو پکوایا ہے اور اوسی سے
اپنا محل بنوایا تھا۔
ایراث۔ ع۔ بالکسر مردے کا مال اوسکے
وارثوں کو پہنچانا۔
ایرج۔ ف۔ بالکسر فریدون بادشاہ
کے بیٹے کا نام ہے۔
ایلاج۔ ع۔ بالکسر گھسیڑنا بمعنے مباشرت
کے بھی آتا ہے۔
ایلچ۔ ف۔ بالکسر ہیچ۔ ناکارہ۔ ناچیز۔
ایضاح۔ ع۔ بالکسر روشن و آشکارا کرنا
ایقاد۔ ع۔ بالکسر آگ جلانا۔ آگ
سلگانا۔ چراغ جلانا۔
ایجاد۔ ع۔ بالکسر پیدا کرنا وجود میں لانا
ایعاد۔ ع۔ بالکسر وعدہ کرنا۔
ایراد۔ ع۔ بالکسر کوئی چیز کسی پر
وارد کرنا۔ نیچے لانا۔
ایزد۔ ف۔ بکسر اول اللہ تعالی
کا نام ہے۔
ایلاد۔ ع۔ بالکسر جننا۔
ایساد۔ ع۔ بالکسر للکارنا کتوں کو
شکار کے لیے آمادہ کرنا۔
ایسر۔ ع۔ بالفتح سین مفتوح جانب

چپٹ - بہت آسان -

ایدرسفت - بروزن دیگر گت - اُس جگہ

ایر - ع - بالفتح اول ذکر مرد کے پیشاب کی جگہ اور فارسی مین بکسر الف بتی کو کہتے ہین یہ مشہور بیماری ہے -

ایثار - ع - بالکسر بزرگی کرنا - اختیار کرنا -

ایلغار - ت - بکسر اول دشمن کی فوج پر دھاوا کرنا -

ایسار - ع - بالکسر مالدار ہونا -

ایقار - ع - بالکسر بوجھ لادنا -

اُیتر - ھ - بکسر اول اترانے والا - خودنما - فارسی مصرح و بنظر وا شیر عربی

ایجاز - ع - بالکسر مختصر کرنا بہت باتون کو تھوڑا کرنا -

ایاس - ف - بالفتح نام سلطان محمود غزنوی کے غلام کا ہے یہین ہمزہ یاء سے بدل ہوا ہے -

ایاس - ع - بالکسر سکھانا -

ایبس - ع - بالفتح سوکھا کھنکر -

ایقاظ - ع - بالفتح جاگتے ہوئے لوگ - بالکسر جگانا -

ایقاع - ع - بالکسر واقع کرنا - لڑائی ڈالنا شبخون مارنا - بکسر اول و فتح قاف تال بوزون بہ موسیقی -

ایواع - ع - بکسر اول کسیکا کسیکو کوئی جگہ دینا -

ایداع - ع - بکسر اول دھرانا امانت رکھنا -

ایاغ - ت - بالفتح شراب کا پیالہ -

ایفاغ - ع - بالفتح و سکون تحتانی فا و غین معجمہ چھلکور - کسان - شوخ و چالاک -

ایتلاف - ع - بالکسر آپس مین الفت کرنا - لگاوٹ کرنا -

ایکاف - ع - بالکسر پالان باندھنا -

ایراق - ع - بالکسر درختون مین پتون کا لگنا -

ایلاق - ع - بالکسر چھکنا دشمن بنانا

ایثاق - ع - بالکسر مضبوط باندھنا -

ایہاق - ع - بکسر اول کمند ڈالنا

ایبک - ت - بالکسر بُت - صنم - معشوق - غلام - قاصد -

ایک - ع - بالفتح جنگلی جھاڑی -

اینک - ف - بکسر اول اب - یہ

ایک رنگ - ھ - جس کا رنگ ایک رنگ ہو مضمت عربی یکرنگ فارسی دو شہر سے دوست خالص جیسم عربی دوست یکرنگ فارسی

ایصال - ع - بالکسر پہونچانا -

اِیل - ع - بالفتح و یاء مشدد گوزن بارہ سنگا مشہور جانور ہے - بالکسر و یاے معروف سریانی زبان مین نام خدا تعالی کا ہے ترکی مین بمعنے سال و بکسر و یاے مجہول ترکی مین بمعنی آدمی - قوم - جماعت کے ہے -

ایال - ع - بکسر اول گھوڑے کی گردن کے بال فش و عرف عربی یال فارسی

ایم - ع - بالفتح و کسر یاء مشدد سفید سانپ - سعد یعنی زوجہ بروزن بے شوہر

ایلام - ع - بالکسر درد مند کرنا -

ایتام - ع - بالفتح انسان کے بچے جنکے باپ نہون اور حیوان کے بچے جنکی ماں نہو - جمع یتیم کی ہے -

ایہام - ع - بالکسر غلطی مین ڈالنا - شک مین ڈالنا اور شعر کی ایک صنعت کو بھی کہتے ہین اور وہ یہ ہے کہ ایسا لفظ لائین کہ جسکے دو معنی ہون اور معنی بعید سے مراد لین -

ایام - ع - جمع یوم کی بمعنے دن کے ہے اور فارسی والے بمعنی مطلق وقت اور ہنگام کے استعمال کرتے ہین

ایمن - ع - بالکسر میم مکسور بمعنی خوف -

بڑا اور بالفتح و میم مفتوح بڑا مبارک ۔ داہنے ہاتھ کی طرف ۔

ایوان ۔ ع ۔ بالکسر محل ۔ شہ نشین بڑا دالان ۔

ایدون ۔ ف ۔ بالفتح آب ابھی اور بالکسر اُس جگہ ۔ اُسوقت ۔

اتیان ۔ ع ۔ بالکسر آمدن ۔ آنا ۔

ایرمان ۔ ف ۔ بالکسر طفیلی جو مہمان کے ساتھ آوے اور بمعنے ارمان و ندامت دعاریت کے بھی آتا ہی ۔

ایقان ۔ ع ۔ بالکسر یقین سی جاننا ۔

ایطان ۔ ع ۔ بالکسر وطن اختیار کرنا ۔

ایمان ۔ ع ۔ بالفتح قسمین ۔ قوتین ۔ سیدہی ہاتہہ اور بالکسر امان دینا ۔ گرویدہ ہونا ۔ دل سی خدا پر یقین کرنا ۔ دہرم عقیدہ ۔ اردو مین بمعنی مذہب و ملت قرآن مجید ۔ کعبہ شریف ۔ شیوالہ مندر ۔ پوتھی پران کے آتا ہے ۔

ایّن ۔ ع ۔ بالفتح و نون مفتوح کس جگہ واین بالکسر فارسی مین بمعنے یہ کہ آتا ہی ۔

ایشان ۔ ف ۔ یہ لوگ ۔ یے ۔

اینان ۔ ف ۔ یہ لوگ ۔

اینڈہن ۔ ہ ۔ بالکسر لکڑی جلانے کی حطب عربی ہیمہ و ہیزم فارسی اردو مین نکمی خراب چیز کو بھی کہتے ہین جو سوا ے جلا دینے کے کسی مصرف کی نہو ۔

ایکہ ۔ ع ۔ بالفتح اول جنگل جہاڑی ۔ بن

ائمہ ۔ ع ۔ بالفتح اول و کسر ہمزہ و تشدید میم جمع امام کی ہی سردار پیشوا ۔ اور فارسی مین بالفتح بمعنی اکنون و بیہودہ کے آتا ہی اور بالکسر مخفف اینہمہ کا ہی

ایک منزلہ ۔ ہ ۔ وہ گہر جسکی ایک ہی چھت ہو ذو طبقہ عربی خانہ یک آشیانہ فارسی اسیطرح دو منزلہ جس مکان مین تلے اوپر دو چھتین ہون خانہ دو آشیانہ ہی ۔ فارسی مین آشیانہ بمعنے چہت کے بھی آتا ہی ذو طبقتین عربی ۔

ایادی و ایدی ۔ ع ۔ بالفتح نعمتین نیکیان ۔ بہت سے ہاتہہ ۔ پہلی لفظ بمعنی نعمت اور دوسری لفظ بمعنی ید کے بہت مستعمل ہے ۔

ای ۔ ع ۔ بالفتح حرف ندا کا ہے جیسے او لڑکے او لڑکی بالکسر بمعنے آری و بلی ۔ و بالفتح اول و ضم یای مشدد بمعنی چہ و کدام کے ہے ۔

ایای ۔ ع ۔ بکسر اول و تشدید یای اول و فتح یای ثانی کے ہی بمعنی مجھکو

ایزدی ۔ ف ۔ بالکسر خدائی ۔

ایلچی ۔ ت ۔ بالکسر قاصد ۔ ڈاکیا ۔ فرمان بردار ۔

ایڑی ۔ ہ ۔ بالکسر مشہور ہی عقب عربی پاشنہ فارسی ۔

ایسی ویسی ۔ ہ ۔ بیحقیقت رذیل کم قوم آدمی ۔ بے اعتبار آدمی ۔

ایسی ویسی ۔ ہ ۔ خراب خستہ کم حقیقت بے اصل جیسے کہتے ہین ایسی ویسی چیز ایسی ویسی بات ۔

باب باء عربی مع الف

با ۔ ع ۔ مرد کثیر الجماع ۔ یعنی وہ مرد جو عورتون سی عشق رکہتا ہو ۔ اور با ایک حرف ہی کہ فارسی مین کئی قسم کا ہوتا ہی اول بای زائد دوسری بای ظرفیت تیسری بای علویت چوتھی بای مصاحبت پانچوین بای قسمیہ چھٹی بای علت ساتوین بای تشبیہ آٹھوین بای الصاق نوین بای استعانت دسوین بای قربت گیارہوین بای مفعول بارہوین بای انتہائیہ تیرہوین بای رابطہ اول بای زائد جیسے برفت و بگرفت وغیرہ دوسرے بای ظرفیت جیسے بخانہ او رفتم تیسرے بای علویت جسمین اوپر کے معنی پیدا ہوتے ہین جیسے بر وی او نگاہ کردم یعنے بر او چوتھے بای مصاحبت ہمصحبت و ہمراہی کے معنے پیدا کرتی ہی جیسے بغلامان قسم مین پانچوین

باے قسمیہ جیسے بسر شما و برب کعبہ یعنی قسم تجھے
باے علت او سمین معنے براے کے پیدا
ہوتے ہین جیسے بخاطر شما آمدم یعنی تجھ
ساتوین باے تشبیہ جیسے کہ — ع — بصورت
تو بہ کہتر آفریدہ خدا یعنے معشوق مانند
تیری صورت کے کم پیدا کیا اللہ تعالی نے
آٹھوین باے الصاق کہ معنے از کے
پیدا کرتی ہے — ع — گنہ بیند و پردہ پوشد
بحلم یعنے از حلم نوین باے استعانت جیسے
بسوزن دوختم یعنی ہے دسوین باے
قرابت او سمین معنے نزدیک کے پیدا
ہوتے ہین ع کمر بستہ بہ یعقوب [illegible]
ای نزدیک یعقوب — گیارہوین باے
مفعول کہ معنے را کی پیدا کرتی ہے جیسے
فلان بفلان گنج بخشید یعنی فلان فلان کو
بارہوین باے ابتدائیہ کہ معنے تا کی پیدا
کرتی ہے ع ز مشرق تا بمغرب [illegible] آفتاب
یعنے تا بمغرب تیرہوین باے زائدہ [illegible]
کے درمیان مین آتی ہے جیسے [illegible]
ہین —
[illegible] — ف — اللہ تعالی بزرگ —
[illegible] تعالی پاک —
[illegible] — ف — [illegible] قد و قامت اونچائی
بنائی بادشاہی اکثر ہری اور بالا ہندی
[illegible] چھوٹے بچے کو کہتے ہین —

اور ایک زیور کا نام ہے کہ کانون مین
پہنتے ہین —
بادپا — ف — تیز رفتار گھوڑا تیز رو —
بامیا — ع — بھنڈی مشہور ترکاری ہے
باسا — ع — سختی —
باب السما — ع — کہکشان —
بادپروا — ف — بفتح با فارسی
کھڑکی جو ہوا کے لیے کھولی گئی ہو
بابا — ف — باپ — دادا — نانا —
سردار فقیر آزاد —
بارہا — ف — اکثر بہت کئی بار —
باد صبا — ف — پروا ہوا —
بانوا — ف — آواز دار — فقیر گدا
بات کرنا — ہ — تکلم عربی سخن گفتن
فارسی —
بات بدلنا — ہ — کہتے کہتے کچھ
اور کہنے لگنا تغیر عربی سخن [illegible]
فارسی —
[illegible] — ہ — [illegible]
[illegible] عربی —
بارہ سنگا — ہ — جانور مشہور ہے
[illegible] عربی گوزن [illegible] فارسی —
بات ٹھہرنا — ہ — کسیکی شادی کا
قرار پانا —
باڑ رکھنا — ہ — تلوار چھری وغیرہ

کو تیز کرنا شحذ و سن عربی آب و دم
دادن فارسی —
بات جانا — ہ — اعتبار کا جانا —
باڑھ کر جانا — ہ — چاقو و تلوار و چھری
کا دندانہ دار ہو جانا — فلول عربی رخنہ
کردن شمشیر فارسی —
باڑھیا — ہ — جو تلوار وغیرہ پر باڑھ
رکھے شحاذ و سنان عربی فسان کش
فارسی —
باگ ڈھیلی کرنا — ہ — گھوڑے
کے تیز ہونے کے لیے لگام کو ڈھیلا
کرنا ارخا عربی سبک کردن عنان
فارسی —
باگ کھینچنا — ہ — گھوڑے کے
ٹھہر جانے کے لیے لگام کو کھینچنا
کبح عربی باز کشیدن فارسی
باگ موڑنا — ہ — گھوڑے کا
ایک طرف سے دوسری طرف کو
باگ یا لگام پھیرنا [illegible]
عنان پیچیدن فارسی —
بال بکھیرنا — ہ — بالون کو بسبب
غم و الم کے پریشان کرنا — بالون کو
کھول دینا — سدل و ارسال عربی
مو کشادن فارسی —
بال جھڑنا — ہ — بالون کا گرنا [illegible]

زنی رنجیتن ہو فارسی۔

بال چھپنا۔ ھ۔ بالون کو اکھیڑنا

نتف و نمص عربی۔ برچیدن فارسی

بال سلجھانا۔ ھ۔ کنگھی کر کے

الجھے ہوئے بالون کو کھولنا۔

تسریح عربی۔ راست کردن مو فارسی

بالشت سی ناپنا۔ ھ۔ مشہور ہی

شبر عربی۔ وجب کردن فارسی۔

بانا۔ ھ۔ پود فارسی لحمہ عربی۔

بانٹنا۔ ھ۔ کسیکو کچھ دینا۔ توزیع

و تفریق عربی بخشش کردن فارسی۔

بانڈا۔ ھ۔ دم کٹا۔ ابتر عربی

بلنگ فارسی۔

بانسا۔ ھ۔ مشہور ہی قصبہ الانف

عربی۔ بینی و دیوار کے بینی فارسی

بانسلی بجانا۔ ھ۔ مشہور ہے۔

باب۔ ع۔ دروازہ اور باب

کتاب کا اور فارسی مین بمعنے شائستہ

برابر۔ لائق کے آتا ہی اور بمعنی بابرہ

اور حق کے بھی آیا ہے۔ باپ۔

بارپا ب۔ ف۔ دخل پانیوالا

کچہری مین آنیوالا۔

باب قصاب۔ ف۔ کشتی مین

ایک داو کا نام ہی۔

باوجیہوسپا۔ ف۔ دگشائی۔

بانبی و بام۔ ھ۔ بسکون نون

دبائی موجدہ نام مچھلی کا ہی سانپ کی صورت

ہوتی ہی۔ مجرب یشتر جری عربی

مارماہی فارسی۔

باپ۔ ھ۔ آپ۔ والد عربی۔

پدر فارسی۔

بابت۔ ف۔ لائق سزاوار

واسطے۔ لئے۔

بائث۔ ع۔ بکسر ثالث مثلثہ باعث

باسقات۔ ع۔ بکسر سین مہملہ لمبی

اونچی۔

باقیات۔ ع۔ بچے ہوئے رکھی ہوئے

باقیات صالحات پنج وقتہ نماز

اور نیک کام۔

باغات۔ ع۔ جمع باغ کی۔

بالست۔ ف۔ بفتح لام کنواری

بالشت۔ ف۔ بکسر لام و سکون

شین معجمہ تکیہ اور ۔۔۔ ہندی

مین انگوٹھے کے سرے سی چھنگلیا

تک کو بالشت کہتے ہین شبر عربی۔

بالین پرست۔ ف۔ آرام طلب

کاہل۔

باروت و بارود۔ ف۔ جس سے

بندوق اور توپ وغیرہ سر کرتی ہین

بات بروت۔ ف۔ خر زرشک

بالادست۔ ف۔ صدر مجلس اعلی

بازیافت۔ ف۔ وصول لینا۔

بازخواست۔ ف۔ مطالبہ۔

مواخذہ۔ کسی چیز کا واپس کر لینا۔

بازگشت۔ ف۔ لوٹنا۔ پھر آنا۔

بایست۔ ف۔ بکسر یای تحتانی حاجت

خواہش۔

بادوست۔ ف۔ بدو دال

مہملہ مسرف فضول خرچ مفلس۔

بات۔ ھ۔ کچھ منھ سے نکلنا۔

کلام و منطق۔ عربی سخن۔ و

گفتگو فارسی۔

بانات۔ ھ۔ اونی کپڑا ہے۔

بالوکی دوات۔ ھ۔ مرملہ عربی

دوات ریگ فارسی۔

بانٹ باٹ۔ ھ۔ وہ پتھر جنسے

ترازو مین رکھکر کسی چیز کو تولین

صنجۃ المیزان عربی سنگ ترازو فارسی

باعث۔ ع۔ اٹھانیوالا سبب وجہ

بارحث۔ ع۔ بکسر حاء مہملہ بحث کرنیوالا

باج۔ ع۔ کر محصول ٹیکس

بازنامچہ۔ ع۔ فرد وہ کاغذ جسپر

محرر حساب لکھے۔

باولیج۔ ف۔ بدال مہملہ و کسر لام

و جیم توپ۔

باتیجہ - ع - عقیم و عاقر عربی -
بادمسیح - ف - کنایہ دم مسیح سے
کہ مردون کو جلاتا تھا -
بادپیچ - ف - جھولا -
بادسف - ہوا - کلام سخن تعریف
آہ - افسوس - تیز و تند - غرور - گھمنڈ
صدمہ - ضرب - اور دعا کا کلمہ ہی اور
نام بیماری کا جسکو بادسرخ کہتے ہین
باردہ - ع - ٹھنڈا - سرد کرنیوالا -
فارسی مین بمعنے بیہودہ اور ناخوش
کے آتا ہی اور بجاز بمعنے نامرد کے جو
جو عورت کے کام کا نہو -
باد آورد - ف - بفتح واو خسرو
پرویز کے خزانہ کا نام ہے نام درخت
خاردار کا - اور ایک راگ کا نام ہے
باربد - ف - بفتح حرف چہارم کہ
بای موحدہ ہے نام گوئیے کا ہی کہ خسرو
پرویز کا مصاحب تھا اپنے فن
مین بڑا کامل تھا -
بامداد - ف - صبح -
باسعود - ع - کنیت حضرت
ابوالحسن خرقانی کی ہی کہ ولی کامل تھے
مین نے کیفیت مفصل آپ کی
اخبار الاخیار مین لکھی ہے -
بایزید - ع - کنیت ایک بڑے ولی
کامل کی ہی کہ بسطام مین رہتے تھے
اگر آپکا حال مفصل دریافت کرنا
منظور ہو تو میری کتاب اخبار الاخیار
مین دیکھنا چاہیے -
بازوبند - ف - ایک زیور کا نام
ہے جسکو بازو پر باندھتے ہین -
بادگرد - ف - بگولا -
باقر - ع - بکسر قاف شگافندہ و صاحب علم
صاحب مال شیر درندہ - لقب پانچوین
امام کا ہی امام زین العابدین رضی اللہ عنہ
کے بیٹے تھے -
بنیاسے ۔ ف ۔ بنیاد ۔
بندگی ۔ ف ۔ خدمت غلامی سلام
بنی ۔ ع ۔ جمع بن پسران بیٹے
بنسی ۔ ہ ۔ کٹیا شیص عربی شست فارسی ۔
بنّی ۔ ہ ۔ دولھن ۔

باب بار موحدہ مع واو

بویا ۔ ف ۔ خوشبودار ۔
بوغاء ۔ ع ۔ بالضم خاک اول
بوریا ۔ ع ۔ چٹائی ۔
بوم طلا ۔ ف ۔ وہ چیز کہ جسکی سنہری زمین ہو اور بیل بوٹی دوسری طرح کے ہون ۔
بونڈلا ۔ ہ ۔ بگولا گردباد فارسی
بوڑھا ۔ ہ ۔ پیرمرد شیخ عربی پیر فارسی ۔
بول بالا ۔ ہ ۔ شہرت بلندنامی
بونا ۔ ہ ۔ چھوٹے قد کا آدمی قواش عربی کوتہ پاچہ فارسی ۔
بولانا ۔ ہ ۔ سٹری ہو جانا گھبرانا
بوا ۔ ہ ۔ بہن ۔
بونا ۔ ہ ۔ زرع و بذر عربی کشتن و تخم ریختن فارسی ۔

بوٹا ۔ پھول کے درخت اور نقش و پھول کی کہ کپڑے پر چھاپتے ہین ۔ یا کاڑھتے ہین پتھر یا کاغذ پر بناتے ہین
بوچا ۔ ہ ۔ جس شخص کے کان نہ ہون
بودا ۔ ہ ۔ بزدلا ۔ نامرد ۔
بولنا ۔ ہ ۔ بات کرنا ۔
بوّاب ۔ ع ۔ بفتح بار موحدہ و واو مشدد دربان چوکیدار دروازہ کا
بولہب ۔ ع ۔ پیغمبر صاحب کے چچا کا نام ہے ۔
بوالعجب ۔ ع ۔ انوکھا آدمی جسکو دیکھکر تعجب آوے ۔ بازیگر ۔
بوتراب ۔ ع ۔ کنیت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ہے
بوالبیا ۔ ع ۔ حضرت علیؓ کے باپ کی کنیت ہے ۔
بواعث ۔ ع ۔ جمع باعث کی ۔
بوچ ۔ ف ۔ بالجیم فارسی ٹیڑھا پن
بود ۔ ف ۔ ہستی بدن کی ۔
بوند ۔ ہ ۔ بالضم قطرہ عربی ... وچکہ فارسی ۔
بوتیمار ۔ ف ۔ بگلا یعنی پرند مشہور ہے
بواسیر ۔ ع ۔ نام بیماری کا ہے
بوس و کنار ۔ ف ۔ پیار کرنا بٹھانا ۔ گود مین بٹھانا ۔

بوار ـ ع ـ بفتح خرابی ـ تباہی ـ
بوچھار ـ ہ ـ بالفتح ہوا سے پانی
کے قطرون کا آنا ـ ترشاشہ المطر عربی
سرشک باران فارسی ـ کسیکو بہت سی
گالیان بہت سار دینا اور
بہت سی گولیان بندوق کی مارنا ـ
بوزر ـ ف ـ بفتح موحدہ اور آخر مین
زا معجمہ بھونرا مشہور جانور ہے ـ
بوس ـ ع ـ بضم تنگدستی محتاجی
اور بضم اول وسکون واو بوسہ چومنا
بوقبیس ـ ع ـ بضم قاف پہاڑ کا
نام ہے جو مکہ معظمہ کے قریب وجوار
مین ہے ـ
بوکھوس ـ ع ـ بڑا لالچی ـ
بوش ـ ع ـ کر و فر خود نمائی ـ
ٹیپ ٹاپ ـ اسکی جمع اوباش ہے
بود و باش ـ ف ـ رہنا سہنا
بوتیش ـ ف ـ بالضم ہد ہد ـ
بوتق ـ م ـ بالضم معرب بوتہ گٹھریا
بوارق ـ ع ـ بفتح اول و کسر را
مہملہ جمع بارقہ کی چمکتی ہوئی چیزین ـ
بوق ـ ع ـ بالضم سنکھ ـ قرنا ـ ترہی
بورق ـ م ـ بفتح را مہملہ معرب
بورہ سفید شکر سہاگا ـ
بوائق ـ ع ـ مصیبتین سختیان ـ

بورک ـ ع ـ بالضم سموسہ ـ
بوزک ـ ف ـ بالفتح و زا معجمہ
مفتوح پھپھوندی جو باسی روٹی
یا اچار وغیرہ پر سبز یا سفید سی
لگ جاتی ہے ـ
بوبک ـ ف ـ بالضم ہد ہد ـ کنواری
لڑکی ـ ہندی مین احمق کو کہتے ہیں ـ
بوالفضول ـ ع ـ سست
آدمی جو بیٹھا ہوا باتین بنایا کرے ـ
بوال ـ ع ـ بفتح موحدہ و تشدید
واو مشہور ٹرا ـ
بول ـ ہ ـ بالضم بات ـ قول ـ قول
کا ام عربی گفتار و سخن فارسی مجازاً
فقرات غنا پر اطلاق کیا جاتا ہے اور
صیغہ امر کا بھی ہے یعنی کہہ قل و تکلم عربی
بگو فارسی ـ اور عربی مین بفتح با ء
موحدہ و سکون واو بمعنے پیشاب موت کے ہے
بول چال ـ ہ ـ طرز اور گفتگو کی
روش ـ
بوجھل ـ ہ ـ بھاری چیز ثقیل
و ثقیل تر عربی گران فارسی ـ
بوم ـ ف ـ بالضم زمین جسمین
ہل نہ چلا ہو ـ سرشت طینت ـ
بکسر ـ سرشت میکان ـ جگہ ـ مقام ـ اور
عربی مین ایک پرندہ کا نام ہے ـ

اُلو ہندی ہے ـ
بوقلمون ـ ف ـ بفتح قاف و فتح
لام رنگا رنگ ایک کپڑے کا نام
ہے ـ گرگٹ کو بھی کہتے ہین ـ
بون ـ ع ـ بالضم و بالفتح جدائی
و فرق بالفتح فضل و ہنر مین کسی سے بڑھ جانا
بوستان ـ ف ـ باغ ـ پھلواری
بواطن ـ ع ـ جمع باطن کی ہے
بوداون ـ ف ـ کھلنا آنو نکا
نیم بریان ہونا ـ
بوغدان ـ ف ـ بھیک مانگنے کی
جھولی ـ
بو ـ ف ـ بالضم باس ـ امید ـ لالچ
سراغ ـ محبت خوبی ـ پیشہ ـ شاید ـ
بوبو ـ ف ـ بالضم ہد ہد ـ
بوتہ ـ ف ـ بضم اول چاندی سونا
گلانے کی گھریا بوتقہ عربی ـ اور ترکی مین
اونٹ کا بچہ فصیل عربی چھوٹا درخت
جھاڑی ـ
بوزینہ ـ ف ـ بکسر نون و تشدید تحتانی
و بوزنہ ـ زا معجمہ ـ ف ـ بندر
مشہور جانور ہے ـ
بوسیدہ ـ ف ـ سڑا ہوا گلا ہوا
پرانا ـ مندرس ـ
بورہ ـ ف ـ سہاگا ـ کھانڈ سفید شکر

بومہ ـ ع ـ بالضم چغد الو ـ
بودنہ ـ ف ـ بالضم بٹیر مشہور جانور ہے ـ
بوبیہ ـ ع ـ بالفتح ہُدہُد ـ
بورہ ـ ع ـ سوراخ گڑھا ـ
بوتقہ ـ ع ـ بالضم گھریا ـ
بوالہ ـ ع ـ بفتح موحدہ وتشدید واو ہتھوڑی جو عورت بہت موٹی ہو
بوزہ ـ ف ـ ایک قسم کی ہلکی شراب ہے فقاع عربی ـ بگنی واخسیمہ بھی فارسی
بوسہ ـ ف ـ پیار چومنا ـ
بوغرہ ـ ف ـ ایک قسم کا کھانا ہے
بوتہ ـ م ـ بواو معروف دیا فتیا زور زرک عربی ـ
بوجھ ـ م ـ بواو مجہول بار حمل وثقل عربی ـ
بولی ـ ف ـ بضم اول وسکون واو باولی جو اکثر شکاری جانوروں کو دیتے ہیں ـ
بولسیری ـ ف ـ درخت مولسر
بواقی ـ ع ـ جمع باقی کی ہے ـ
بوادی ـ ع ـ جمع بادیہ کہ بمعنی جنگل کے ہے ـ
بوراقی ـ ف ـ بضم اول دہی میں پانی ملاکر پتلا کرکے نمک مرچ ملاکے
گھی میں بیگن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈالکر بگھارتے ہیں
بوری ـ ع ـ بالضم حقہ ـ
بوائی ـ م ـ بکسر اول پاؤں کا پھٹ جانا فلوق وشقوق عربی کفتگی پا فارسی ـ
بوٹی ـ م ـ بفتح اول گوشت کا چھوٹا ٹکڑا ـ لقمہ ومزعہ وذرہ عربی تکہ فارسی ـ
بولی ـ م ـ بالفتح اول آدمی کی زبان یعنی الفاظ جس سے بات کرے لسان ولغت ولہجہ عربی زبان فارسی
بوندا باندی ـ م ـ تقاطر عربی ہلکا ہلکا پانی کا برسنا ـ
بوندی ـ م ـ بضم اول قطرۃ السحاب عربی چکہ فارسی ـ ایک قسم کی مٹھائی ہے ـ
بوند بھر پانی ـ م ـ تھوڑا پانی ـ قطرۃ من الماء عربی قطرہ آب فارسی

باب بائے موحدہ مع ہائے ہوز

بہار ـ ع ـ بالفتح روشنی رونق زیبائی ـ فارسی میں بمعنی فصل و ربیع کے آتا ہے ـ
بھاٹا ـ م ـ دریا کا الٹ جانا جزر عربی ـ جوار ـ پانی کا چڑھ آنا جسکو مد کہتے ہیں ـ
بہارنا جھاڑنا ـ م ـ بالفتح کوڑے کرکٹ کا دور کرنا جھاڑو دینا ـ کنس عربی ـ جاروب زدن فارسی ـ
بھاگنا ـ م ـ گریختن فارسی ابق عربی ـ
بھالا ـ ف ـ ہتھیار ہے رمح عربی نیزہ فارسی ـ
بھالا مارنا ـ م ـ نیزہ زدن فارسی طعن عربی ـ
بھانجا ـ م ـ بہن کا بیٹا خواہرزادہ فارسی ابن الاخت عربی ـ
بھر لینا ـ م ـ بفتح اول کسی سے اپنا پورا حق لینا استیفا وتوفی عربی
بہانہ کرنا ـ م ـ عذر کرنا اعتذار عربی بہانہ کردن فارسی ـ
بھپارا ـ م ـ دوا کو پانی میں جوش دیکر کسی عضو کو اسکا دھواں پہونچانا تبخیر عربی ـ
بھتیجا ـ م ـ بفتح اول ابن الاخ عربی برادر زادہ فارسی ـ
بھٹکنا ـ م ـ بیراہ ہونا تیہ وضلالت عربی ـ برگشتہ شدن فارسی ـ
بہرا ـ م ـ بفتح اول جو شخص کم سنے اصم واوقر عربی کر فارسی ـ

بھرنا ـ ه ـ سبا القح آسودن فارسی ـ
ٹکلامر عربی بھرنا آلودہ ہونا تلوث عربی
بھروپیا ـ ه ـ بھیس بدلنے والا ـ
صورت باز فارسی ـ
بھڑ بھونجا ـ ه ـ مشہور ہے مخمّص
عربی نخود پز فارسی ـ
بھڑکنا ـ ه ـ آگ کا روشن ہوجانا
اِلتہاب عربی زبانہ کشیدن فارسی
بھڑکانا ـ ه ـ کسیکو بھڑکانا آگ
کو تیز کرنا ـ اِلہاب عربی تیز کردن
فارسی ـ
بھڑکنا ـ ه ـ جانور کا ڈر کر اُچھلنا
کودنا ـ نُفور و نِدار عربی ـ
بھڑوا ـ ه ـ وہ شخص جو عورتوں کو
زناکاری کے واسطے غیر مردوں
کے پاس لیجاوے قوّاد و دَیّوث
عربی کس کش و قلتبان فارسی
قرمساق ترکی ـ
بھڑکانا ـ ه ـ ورغلانا اِغوا عربی
بھگونا ـ ه ـ تر کرنا عرث و نقع
عربی خیسانیدن فارسی ـ
بھرانا ـ ه ـ جانور کا اپنے بچہ کو
دانا کھلانا ـ غرّ ـ غرار ـ و زق ـ
عربی ـ
بھر دینا ـ ه ـ کسیکا کا پورا حق
ادا کردینا ـ اِیفاء و توفیہ عربی
بھروسا ـ ه ـ توقع ـ اعتماد ـ
اِتّکال عربی ـ امید ـ فارسی ـ
بھنا ـ ه ـ سردی دھونکنے والا
حَلّاج سنداف عربی ـ پنبہ ـ وپنبہ زن
فارسی ـ
بھُنبھُنانا ـ ه ـ بالکل ناک میں
بولنا ـ خنخنہ و غُنّہ عربی سکھیونکا
بولنا اِغنان عربی شورش مگسان
فارسی ـ
بھنبھنا ـ ه ـ اغنّ و اخنّ عربی
وہ شخص جو ناک میں بولے ـ
بھنگھوٹنا ـ ه ـ بنگ سا ـ
فارسی جس ڈنڈے سے بھنگ
گھوٹیں ـ
بھگوڑا ـ ه ـ بھاگنے والا ـ
اَبّاق ـ و مِلاخ ـ عربی بسیار گریز فارسی
بھلا ـ ه ـ خوش و نیک ـ طیّب ـ
و حَسَن ـ و زَین عربی ـ
بھلوا دینا ـ ه ـ کسیکو کوئی چیز
فراموش کرانا ـ تنسیہ عربی فراموش
گردانیدن فارسی ـ
بھنگا ـ ه ـ بالکسر ڈھیرہ ـ اَقبل
اَحول عربی کاژ فارسی ـ بضم اول
چھوٹا سا جانور ہے پیراعہ و سمول عربی
بھنگیڑا ـ ه ـ جو شخص پیشہ بھنگ
پلانے کا کرے ـ بنگ ساز فارسی ـ
بھول جانا ـ ه ـ فراموش کردن
ذُہول عربی ـ
بھونا ـ ه ـ کسی چیز کو بریان
کرنا ـ شواء عربی بریان و برشتہ فارسی
بھونکنا ـ ه ـ کتے کا بولنا ـ
نُباح عربی عف عف کردن سگ
فارسی ـ
بھونرا ـ ه ـ کالی بڑی جو پھولوں کا
رس چوستی ہیں الزنبور الاسود عربی
بوز فارسی ـ
بھیگنا ـ ه ـ تر ہونا اِبتلال عربی
بھینسا ـ ه ـ گاؤمیش نر فارسی
جاموش معرب ـ
بھوکا ـ ه ـ جسکو بھوک لگی ہو
جائع و جوعان عربی گرسنہ فارسی
بھولا بسرا ـ ه ـ کسی چیز کا بالکل
بھول جانا کہ ذرا یاد نہو نسیاً منسیاً
عربی ـ
بھونکانا ـ ه ـ اِہنباح عربی بغریدن
آوردن سگ را فارسی ـ
بھنبیا ـ ه ـ پٹیا پانی کی سیل
عربی ـ سیلاب فارسی ـ
بھیڑا ـ ه ـ میش نر فارسی گشن

وخفان عربی۔
بھیڑیا۔ ہ۔ ذیب۔ سِید عربی گرگ فارسی۔
بھیک کا ٹھیکرا۔ ہ۔ شلاقہ عربی۔ کشکول فارسی۔
بھانجی مارنا۔ ہ۔ کوئی بات کسیکے حق مین ایسی کہنا جس سے اوسکی ناکامیابی ہو۔
بھاو کرنا۔ ہ۔ کسی چیز کا مول چکانا۔
بھبھوکا۔ ہ۔ بہت سرخ رنگ
بھبکنا۔ ہ۔ غصہ کرکے کسی سے کوئی بات کہنا۔
بھرا۔ ہ۔ کسی سے اغوا و فریب کی بات کہنا۔
بھراٹا۔ ہ۔ جانورون کے اوڑنے مین پرون کی آواز۔
بھربھرا۔ ہ۔ خستہ۔
بھربھرانا۔ ہ۔ محبت کے قصد سے کسیکی طرف طبیعت کو مائل کرنا۔
بھرپانا۔ ہ۔ کسی سے کسی چیز کا سب وصول کر لینا۔
بھر لینا۔ ہ۔ آلودہ کر لینا۔ کسی چیز کا کسی سے پر کر لینا اپنا کل روپیہ وصول کر لینا۔

بھڑنا۔ ہ۔ مباحثہ کرنا۔ لڑ پڑنا۔
بھک منگا۔ ہ۔ ٹکڑگدا۔
بھکوا۔ ہ۔ مسخرا۔
بھوگا۔ ہ۔ احمق بیوقوف۔
بھلا چنگا۔ ہ۔ تندرست صحیح و درست
بھلانا۔ ہ۔ لڑکون کو رونے نہ دینا دل کو سیر و تماشے کی طرف متوجہ کرنا۔
بھلاوا۔ ہ۔ مغالطہ۔
بھلاوا دینا۔ ہ۔ مغالطہ دینا۔
بھوبھلانا۔ ہ۔ گرم راکھ یا ریت مین رکھکر بھونا۔
بھلسنا۔ ہ۔ جل جانا۔
بہناپا۔ ہ۔ عورتون کا آپس مین رشتہ خواہری کا جوڑنا یعنی بہن بنانا
بھنانا۔ ہ۔ صراف کو پیسہ دیکر کوڑیان اور روپیہ دیکر پیسے اور اشرفی دیکر روپے لینا۔ نوٹ بھنانا نوٹ دیکر روپیہ لینا۔ غلہ بھنانا۔ یعنی غلہ کو بریان کرانا۔
بھنبھوڑنا۔ ہ۔ کتے و جانور درندے کا کاٹنا۔
بھنکنا۔ ہ۔ شیرینی پر مکھیو نکا بیٹھنا۔
بھوچکا۔ ہ۔ حیران۔
بھولا بھالا۔ ہ۔ احمق نادان

بھونڈا۔ ہ۔ بدزیب۔
بھونڈ پیرا۔ ہ۔ منحوس آدمی۔
بھینچنا۔ ہ۔ کسیکو زور سے سینہ سے لپٹانا۔
بہروپ۔ ہ۔ بھیس بدلنا صورت بازی فارسی۔
بھاپ۔ ہ۔ بفتح اول گرم دھوان جو دیگ وغیرہ سے نکلے بخار عربی۔ دود دیگ و تف دیگ فارسی۔
بہتت۔ ع۔ بضم اول و سکون ثانی حیرت۔ تحیر۔
بہت۔ ع۔ بالفتح و بالضم ناگاہ پکڑ لینا۔ کسی پر تہمت لگانا۔ جھوٹ بولنا حیران کرنا۔ حیرانی۔ ہندی مین بفتح اول و بضم دوم بسیار و فراوان فارسی کثیر و جزیل عربی۔
بہشت۔ ف۔ باغ جنت۔
بہجت۔ ع۔ بالفتح خوشی تازگی زیبائی خوبی رونق بالضم غلط ہے۔
بھات۔ ہ۔ پکے ہوئے چاول خشکہ۔ عربی بتہ و بدہ فارسی۔
بھانت بھانت۔ ہ۔ انواع و اقسام۔ اصناف عربی گونہ گونہ فارسی۔

بھُوت — ہ — خبیث مجازاً غصہ کو بھی کہتے ہین —

بھَٹ — ہ — بفتح اول بھیڑیے اور لومڑی کے رہنے کی جگہ ۔ وُلیان وجحر عربی —

بھاٹ — ہ — ہندون مین ایک قوم ہے کہ امرا کے مدح مین کبت وغیرہ پڑھتے ہین تہوارون مین مانگتے پھرتے ہین ۔ مادح ۔ ڈنڈاری عربی ۔ بادفروش ۔ دباد خوان فارسی —

بھَر بھَراہٹ — ہ — بفتح بادرم وبضم باختگی کسی چیز کی —

بہیج — ع — بفتح اول بروزن بخیل خوش برونق —

بہرج — م — بالفتح ورای مہملہ مفتوح کھوٹا سکہ ۔ بدتر چیز سے بہرہ کا معرب ہے —

بھاوج — ہ — بفتح اول بھائی کی جورو ۔ کنّہ عربی ۔ نیکہ فارسی —

بہرام چرخ — ف — مریخ —

بہزاد — ف — ایک مصور کا نام ہے —

بہبود — ف — بھلائی کسی کی خوش اچھی بات ہونا —

بہم برآمد — ف — غصے ہوا غصے مین ہوا —

بھائی بند — ہ — رشتہ دار —

بھید — ہ — راز —

بہادُر — ف — بضم دال شجاع ۔ سُورہ بیر و بفتح دال سی پٹہ ہندا درست نہیز

بہار — ف — بالفتح فصل ربیع بسنت ہر ایک پھول عموماً اور نارنج کے پھول کو خصوصاً بہار کہتے ہین —

بُہر — ع — بالضم ہانپنا —

بہتر — ف — بہت اچھی چیز —

بہر — ف — واسطے ۔ لیے ۔ باعث —

بھیر — ہ — بروزن فقیر فوج اور لشکر کے بازاری لوگ —

بھنور — ہ — دریا مین اوس مقام کو کہتے ہین جہان پانی گھومے ۔ دُردُہ عربی ۔ گرداب ۔ چرخاب فارسی

بھرپور — ہ — تمام وکامل —

بھرمار — ہ — کسی شی کی افراط —

بھُلکڑ — ہ — بالضم جو بات بھول جاتا ہو نسیّ عربی فراموش کار فارسی جو بہت غلطیان کرے مغلاط عربی غلط کار فارسی —

بھیڑ — ہ — بہت آدمیون کا کسی جگہ جمع ہونا ازدحام عربی انبوہ وہجوم فارسی —

بھُٹر — ہ — آدمیون کا ہجوم —

بھیڑ — ہ — بکسر اول مادہ میش فارسی نعجہ عربی —

بِھڑ — ہ — بالکسر جانور پردار سیے زنبور دد بو نیندبار عربی کلیز فارسی —

بھُسنڈ — ہ — جہت موٹے —

بھاگڑ — ہ — کسی جگہ سے لوگونکا بھاگنا —

بُھس — ہ — مشہور ہے ۔ جتی وتبن عربی کاہ فارسی —

بھینس — ہ — مادہ گاؤمیش فارسی جاموسہ عربی —

بھڑاس — ہ — کینہ وغبار —

بھطا — ع — بفتح با موحدہ و ہا و طا مشددہ خشکہ ۔ نبات —

بہق — ع — بفتحتین نام بیماری کا ہے چھیپ ہندی منہ پہ جو داغ پڑجاتے ہین —

بہک — ف — چھیپ —

بھبھک — ہ — شراب وغیرہ کی تیز بو —

بھیک — ہ — مانگنا ۔ گدائی کُدیہ عربی گدیہ فارسی —

بھُوک — ہ — بالضم گرسنگی فارسی جوع مسغبہ عربی —

بھچکا — ہ — ہکبک متحیر و

بھبوش عربی خیرہ - وشکشدر فارسی -
بھبھڑک - آگ کا روشن ہوجانا - وحشت کرنا - ظاہری سامان
بھبھڑک - سلیقہ ہے عورتونکا محاورہ ہے -
بھبھک - صدای ضعیف
بھبھانک - متوحش -
بھبھنگ - مشہور چیز ہے -
بھبھش وقنب عربی بنگ فارسی
بھاگا بھاگ - گریزا گریز
بھبھنگ - بہت سیاہ -
بہلول - ع - بفتح اول ہنس مکھ آدمی نام ایک عارف کا ہے - سردار جماعت -
بہرحال - ف - سب طرح سے ہر حیثیت سے - ہر طور سے -
بھال - سنان عربی نوک نیزہ و تیر فارسی -
بہل - ع - بالفتح نفرین کرنا چھوڑنا اور فارسی مین بکسر تین یعنے بگذار - یعنے چھوڑ - صیغہ امر کا ہے - ہلیدن سی اور ہندی مین بفتحتین گاڑی کی قسم کو ہے بجلہ عربی ارابہ فارسی -

بھونچال - زمین کا ہلنا
بھونچال - زلزلہ و زلزال عربی -
بھوبھل - راکھ کہ آگ کی جلانے سے گرم ہوتی ہے - تلہ عربی خاکستر فارسی -
بہرام - ف - بالفتح عراق کا بادشاہ کا نام ہے اکثر گورخر کا شکار کھیلتا تھا اسلیے اوسکو بہرام گور کہتے تھے اور نام ستارہ مریخ کا ہے کہ پانچوین آسمان پر ہے یاقوت مشہور پتھر ہے
بہائم - ع - بفتح چوپائے اونٹ گائے بیل گھوڑا - وغیرہ -
بھترم - بالفتح اعتبار کے قصبہ ہجرۃ عکلۃ عربی -
بھاری بھترکم - ذی قدر موٹا آدمی -
بہرام چوبین - ف - نام ہے مرزبان نوشیروان کے لشکر کے سردار کا تھا
بھرمان - ف - بروزن قہرمان مشہور پتھر ہے جسکو یاقوت کہتے ہیں
بہترین - ف - بہت اچھی چیز
بہتان - ع - بالضم افترا دو جھوٹھ لگانا - جھوٹھ طوفان - تہمت -
بہمن - ف - بالفتح ماہ شمسی کا

نام ہے جسکو ہندی مین پھاگن کہتی ہیں اور نام بادشاہ کا ہے وہ لڑکا اسفندیار بادشاہ کا تھا اور [illegible] کا بھی نام ہے فرشتہ کا بھی نام ہے -
بہم برآمدن - ف - بگڑنا غصہ ہونا
بہاران - ف - بہار -
بہین - ف - بالکسر بہت بہتر سب سے عمدہ اور تحفہ -
بہرشدن - ف - اچھا ہونا -
بہمان - ف - بالفتح ایک اسم ہے شخص مجہول غیر معین کے لیے جیسے فلان
بہاین بہاین - ف - ویران مکان -
بہن - ف - بفتح اول باجی و خواہر و ہمشیر - فارسی اخت عربی
بھول بھولیان - ف - اوس عمارت کو کہتے ہیں کہ اوسمین متعدد دروازے اور کمرے ایک ہی طور کے ہمیشہ لگے ہین - ایک ہی طرح کی بہت سی مکانات ہوتی ہین جب آدمی اوسمین جاتا ہے کہ راستہ بھول جاتا ہے -
بہشتی [illegible] - ف - سادہ رو
بہو - ع - بفتح اول و سکون تائی محل - گھونسلا - اور ہندی مین

بالفتح اول وضم ثانی لڑکے کی جورو —
کنّہ عربی سُنُہ فارسی —
بہاگو — ہ — بالفتح نرخ سعر عربی
بہاؤ — ہ — جس طرف پانی بہکر جاوے
بہرہ — ف — بالفتح حصہ نصیبہ
قسمت حظ — کتنا —
بہیہ — س ع — بفتح اول وکسر ثانی و
تشدید تحتانی روشن چمکدار —
جگمگاتی —
بہ — ف — بالکسر نام میوہ کا ہے
جسکو بہی کہتے ہین آر دوے ہندی
مین ناک اور کان کے چھید کو
کہتے ہین —
بھیلنہ — ن — بکسر موحدہ پہننا —
بہیمہ — س ع — بفتح اول چوپایہ —
بہلہ — ف — بکسر اول وسکون
دوم وفتح لام چمڑے کا دستانہ
جو میر شکار ہاتھ مین پہنتے ہین
قفاز عربی بالفتح بھی آیا ہے —
بہنانہ — ف — بالفتح بر وزن
بندر مشہور جانور ہے —
بہانہ — ف — وجہ حیلہ حوالہ —
بہیدانہ — ف — بہدانہ —
بھٹیارہ — ہ — خدمتی لوگ جو سرا
مین رہتے ہین طباخ الخان فی الرباط
عربی شیر شاہ بادشاہ نے
اپنے چیلون کو سراون مین مسافرون
کی خدمت کے لیے مقرر کیا تھا
اسواسطے یہ قوم اپنے تئین شیرشاہی
کہتی ہے —
بھٹیار خانہ — جس گھر مین
شور و غل بہت ہوتا ہے —
بھنڈر سی خانہ — ہ — اوس مکان
کو کہتے ہین جسمین پانی اور حقے
وغیرہ رہتے تھا —
بہیمی — س ع — بفتح اول وکسر ثانی
ویاء معروف وکسر میم منسوب
بہ بہیمہ یعنی چارپایہ سے ہے —
بہی — س ع — بفتح اول وکسر ثانی و
تشدید یا روشن و تابان خوب
زیبا فارسی بتخفیف یاء تحتانی بہتر ہین
اور فارسی مین بکسر تین بمعنی بہتری بہبودی
صحت تندرستی کی معنون مین آیا ہے
اور ہندی مین بفتح اول وکسر یا نام
میوہ کا ہے جسکا تخم بہدانہ ہے
سفرجل عربی بہ و آبی فارسی —
اور بفتح اول ہندی مین اوس
کتاب دفتر کو کہتے ہین جسمین
روزمرہ کا حساب کتاب آمدنی و
خرچ وغیرہ لکھین دفتر الحساب
عربی روزنامہ فارسی —
بہبودی — ف — بھلائی بہتری
بھابھی — ہ — بالفتح بھائی کی جورو
زوجۃ الاخ عربی مگر ہند مین بڑے
بھائی کی بی بی کو کہتے ہین —
بھانجی — ہ — بہن کی بیٹی —
بنت الاخت عربی —
بھتہی — ہ — حلوا روٹی جو مردے
کو فاتحہ دلا کر لوگون کو تقسیم کرین
وضیمہ عربی طعام ماتم فارسی —
بھاری — ہ — گران فارسی
ثقیل عربی بیش قیمت قیمتی چیز
ذی مرتبہ — روپیہ والا — دل جان
غمگین —
بھان متی — ہ — وہ عورت
جو طرح طرح کے تماشے کرے
مشعبد عربی حقہ باز وطاس باز
فارسی —
بھائی — ہ — برادر و داور
فارسی — اخ عربی —
بھٹیاری — ہ — بھٹیارے کی
جورو بیٹی —
بھٹیاری سرائے — ہ —
بالفتح مہمانسرائے ومسافرخانہ —
بھٹی — ہ — بکسر اول سربستان

حلبہ عربی —
بھٹی — ہ — آتش خانہ حمام کا —
گلخن فارسی — قمین عربی اور آتشخانہ
لوہارون کی بھٹی کور عربی داشن
وداشہ فارسی —
بھرتی — ہ — بفتح اول درمیان
ابرہ واستر لحاف وغیرہ کے جو
چیز بھرین حشو عربی آگن وآگنہ
فارسی —
بہری — ہ — جو عورت کم سنے
صکاء عربی —
بہشتی — ہ — اوس شخص کو کہتے ہین
جو پانی پلائے سقا عربی — آب کش
فارسی — اور فارسی مین بمعنی اہل جنت
کے آیا ہے —
بھکھاری — ہ — بھک منگا —
درویش — شحاذ عربی —
بھلائی — ہ — خوبی وبہتری فارسی
حسنہ عربی — بھلا ئی — بجا ڈرونی
صورت جس سے لڑکون کو ڈراوین
لولو فارسی —
بھنگی — ہ — بفتح اول جو شخص
گوہ اوٹھاوے اور جھاڑو
دے — کناس عربی کودکش فارسی
بھٹھیری — ہ — بفتح اول ٹڈی

کی قسم سے — ترقان عربی —
بھنڈی — ہ — ترکاری مشہور
ہے — بامیا — وثریا عربی —
بہنوئی — ہ — بہن کا شوہر —
صہر عربی — یزنہ فارسی —
بہنی — ہ — صبح کو دوکان کا پہلے پہل
کچھ سودا بکنا — دوکانداروں کا
یہ شگون ہے کہ جب تک کچھ نقد
بیچ نہین لیتے اوسوقت تک قرض
نہین دیتے ہین اونکے عقیدہ مین
ہے کہ اگر دوکان کھلتے ہی قرض
دیدیا تو پھر دن بھر قرض ہی مال
بکیگا — پہلے نقد بک جاوے تو قرض
دین — دست فال وسفتہ ودش
فارسی —
بھوسی — ہ — سبوس فارسی
نخالہ عربی —
بھیدی — ہ — راز دان ہمراز
فارسی نجی عربی —
بھو بانی — ہ — سب روپیہ لگیا
کچھ باقی نہین رہا —
بھلمنسی — ہ — آدمیت —
بھینی بھینی — ہ — ہلکی ہلکی
تھوڑی تھوڑی جیسے بھینی بھینی
خوشبو روشنی یا دھوپ بولتے ہین —

باب با موحدہ مع یاء تحتانی

بینوا — ف — بالکسر بے سامان بے قوت
بے توشہ بھک منگا ٹکر گدا —
بیا — ف — آ —
بیدا — ع — بفتح با موحدہ وسکون
یاء تحتانی وفتح دال مہملہ جنگل —
بیابان —
بیضا — ع — بالفتح روشن —
سفید — آفتاب — نام ایک
شہر کا ہے کہ ملک فارس مین ہے
بیت المقدس — ع — بیت المقدس
بیت الخلا — ع — پاخانہ —
جا ضرور —
بیحیا — ف — بکسر اول بے شرم —
بیا — ہ — مشہور جانور ہے اکثر
لوگ پالتے ہین — تنوط عربی
کلنجہ فارسی —
بیٹا — ہ — پسر فرزند فارسی —
ابن وولد خلف عربی —
بیٹھنا — ہ — نشستن فارسی
قعود وجلوس عربی —
بیسوا — ہ — رنڈی کسبی —
قحبہ عربی —
بیڑا — ہ — کئی لکڑیون کو ایک جا

باندھنا اور اوسپر بیٹھکر دریا کے
پار اوترنا۔ رمث و طوف عربی
اور سل فارسی اور اگر مشکون کو
پھلا کر ایکسے ایک کو باندھکر
اوسپر بیٹھکر دریا کے پار ہون تو اوسکی
فارسی سناہ ہی۔
بیکھرا۔ ہ۔ بے خانمان خانہ بدوش
بینڈا۔ ع۔ بکسر اول وسکون دوم
مجہول وہ لکڑی جو دروازے پر
کسی کے پیچھے لگاوین تاکہ کھل سکے
شجار عربی۔ سرس وقد رنگ فارسی
بینڈا بیاہ۔ معروف پشتارہ۔
بیونتنا۔ ہ۔ جامہ بریدن فارسی
قطع عربی۔
بینہا ہتھا۔ ہ۔ جو کوئی بائین ہاتھ
سے کام کرے اعسر الفت عربی
چپہ فارسی جو کوئی دونون ہاتھون سے
کام کرے۔ اوسکو عربی مین اضبط
کہتے ہین۔
بیوقت سونا۔ ہ۔ بے ہنگام
خفتن فارسی۔
بیوقت کام کرنا۔ ہ۔ بے ہنگام
کار کردن فارسی۔
بیاہتا۔ ہ۔ وہ عورت جو کسیکے
نکاح مین پہلے پہل آئی ہو۔

بیرلیشا۔ ہ۔ امرد جسکے داڑہی
مونچھین نہون۔ چھوکرا۔
بیٹھکا۔ ہ۔ نشست گاہ۔
بے ڈھنگا۔ ہ۔ نالائق بچھوڑ
بے رخ ہونا۔ بے رحمی کرنا
بے مروتی کرنا۔
بے ادب۔ ف۔ سیئی الادب
عربی ناتراشیدہ بھی فارسی۔
بے ڈھب۔ ہ۔ بے قابو۔
بے روپ۔ ہ۔ بد نما۔
بیست وبست۔ ف۔ بیس عدد
بیات۔ ع۔ بفتح اول ثانی
شام کا وقت۔ باسی روٹی۔
بیتوتت۔ ع۔ بالفتح کسی جگہ
شب باشی کرنا۔ بسیرا۔
بیت۔ ع۔ بفتح گھر حویلی شعر
خاندان۔ گھرانا۔
بیوت۔ ع۔ بضمتین بمعنے مکانات
بیوتات۔ ع۔ محل شاہی جسمین
بیگمین رہتی ہون۔
بینات۔ ع۔ بالفتح والتشدید تحتانی
مکسور سچے گواہ۔ دلیلین
روشن کرنیوالی واضح اور صاف احکام
بیخواست۔ ف۔ بے بلائے ہوے
بے تلاش۔

بیعت۔ ع۔ بالفتح عہد وپیمان
فرمانبرداری کرنا۔ مرید ہونا اخلاص
بیپستا۔ ہ۔ مشہور درخت ہی۔
بید فارسی۔ خیزران عربی۔
بیسٹا۔ ہ۔ پنجال فارسی۔
بینسٹا۔ ہ۔ دستہ فارسی نصاب
وتقبض عربی۔
بیاج۔ ہ۔ سود فارسی ربا عربی
بیج۔ ہ۔ تخم فارسی۔ اہل لغت
نے تخم گیہون وجو وغیرہ کو بذر بذال
معجمہ اور ریاحین اور بقول وغیرہ
کے تخم کو بزر بزای معجمہ لکھا ہی۔
اصل بجرہ۔
بیچ۔ ہ۔ فارسی درمیان۔ وسط
عربی۔ میان فارسی۔
بیچوں بیچ۔ ہ۔ میان میانہ
فارسی بحبوحہ وحاق عربی۔
بید۔ ع۔ بیابان بہت سے جنگل بالفتح بیوند
ہلاک ہونا۔ اور بالکسر فارسی مین
نام ایک درخت کا ہی اور ہندی
مین ہندؤن کی کتاب کا نام ہی
جسکو برہمن لوگ آسمانی کتاب
کہتے ہین اوسکے چار دفتر ہین اول
رگ بید۔ دوسری ججر بید تیسرے
سام بید۔ چوتھے اتھربن بید۔

سے ہو اور بفتح اول و تشدید و کسر ثانی بمعنی آشکارا۔ ظاہر۔ بیّن بیّن بفتح یکم و ضم دوم میانہ اور ہندی مین بکسر بائے موحدہ و یائے معروف نام ایک باجے کا ہے۔

بیان۔ ع۔ بالفتح کسی چیز کو ظاہر کرنا فصاحت کھلی بات کسی بات کو کھولکر کہنا۔

بیگاہان۔ ف۔ غضب کا وقت۔

بیلزن۔ ف۔ کسان۔

بیاض العین۔ ع۔ پھلی۔

بئس القرین۔ ع۔ بد مصاحب بد صحبت۔

بید مجنون۔ ف۔ ایک قسم درخت بید کی ٹہنیان نازک نازک ہوتی ہین۔

بیرون۔ ف۔ باہر۔ خارج۔

بیخ گرفتن۔ ف۔ جڑ پکڑنا۔ درخت کا جم جانا۔

بیچون۔ ف۔ یکتا۔ بے مانند۔ مراد خداتعالے سے ہے۔

بینی زدن۔ ف۔ انکار کرنا۔

بیمارستان۔ ف۔ دار الشفا۔ اسپتال۔

بیک ناگاہ گرفتن۔ ف۔ اچانک پکڑ لانا۔

بیحضور شدن۔ ف۔ بیمار ہو بے نماز ہونا۔

بیضہ دادن۔ ف۔ انڈے دینا۔

بیضہ پروردن۔ ف۔ انڈے سینا۔

بیچین۔ ھ۔ بیقرار۔

بین از بیان۔ ھ۔ بفتح اول عورتون کا مردے کی صفات بیان کرکے رونا۔ ندبہ عربی۔ مویہ فارسی۔

بیگن۔ ھ۔ بالفتح مشہور ترکاری ہے۔ بادنجان فارسی۔

بیلن۔ ھ۔ بکسر اول اکثر لکڑی کی ہوتی ہے روٹی پوری وغیرہ اوس سے بڑھاتے ہین مشہور چیز ہے سر گھوڑے مسطح دو فرقان عربی چوبہ و چوبہ عربی۔

بیرو۔ ف۔ بیمر دشت۔

بیگانہ۔ ف۔ غیر۔ اجنبی۔ نادر۔ انجان۔

بےسکہ۔ ف۔ بیقدر۔ بے مقدار۔

بیّنہ۔ ع۔ بالفتح دلیل روشن کھلی بات۔ نشانی۔ شاہدی۔ شہادت۔ گواہ۔

بیت التمویہ۔ ع۔ قمار خانہ۔

بیضہ۔ ع۔ بالفتح تخم مرغ۔ انڈا خود۔ جماعت گروہ شہادت کی گرجی شہر کا بیچ۔

بیارہ۔ ف۔ بروزن غرارہ بیل جیسے کدو وغیرہ کے۔

بیرانہ۔ ف۔ بالکسر جنگل ویرانہ۔

بیچہ۔ ف۔ بیائے معروف مشہور ودھ بیگہ و بیگاہ۔ ف۔ بالکسر شام کا وقت۔

بیلہ۔ ف۔ بیائے مجہول بروزن حیلہ خشکی جو دریا یا نہر مین واقع ہو جزیرہ ٹاپو۔ گال فرمان۔ قبالہ۔

بیجویہ۔ ف۔ وہ خیمہ جسمین جیب نہو۔

بیشابہ۔ ف۔ بیشک و بیشبہ و بیشل۔

بیشہ۔ ف۔ جنگل جہان شیر رہین۔ نیچ۔

بیعانہ۔ ف۔ سائی جو کچھ فروخت کے واسطے پہلے دین عربان و عربون دستگان عربی۔ رکون فارسی۔

بیمہ۔ ھ۔ بخوف ضائع ہونے مال کے جو کسی ساہوکار کو محصول کسی نقد یا مال کے پہونچانے کا دیا جاوے۔ اور وہ اسکا ذمہ دار ہو

بیواه و بیوه ۔ ف ۔ رانڈ جس عورت کا شوہر مرگیا ہو ۔
بیمارخانه ۔ ف ۔ دار الشفا ۔ اسپتال ۔
بیجاده ۔ ف ۔ بالکسر ایک جوہر ہے ۔
بیهوده ۔ ف ۔ بیفائده ۔
بی سر و دلانه ۔ ف ۔ بی پروائی کی طرح
بے محاسبه ۔ ف ۔ جس شخص سے کچھ محاسبه نہو دے مرفوع القلم عربی بر وقلم نیست فارسی ۔
بیعه ۔ ع ۔ بکسر اول کلیسا گرجا ۔
بیاه ۔ ھ ۔ شادی کتخدائی ہوا باد فارسی عرس عربی ۔
بیلچه ۔ ھ ۔ جس سے کھودیں مجرفه عربی بیل فارسی ۔
بیضاوی ۔ ع ۔ منسوب طرف شہر بیضا کے فارس کے شہروں میں سے ایک شہر کا نام ہے ۔
بیضوی ۔ ع ۔ انڈے کی صورت ۔
بیکوئی ۔ ف ۔ بکاف عربی
بیکس ۔ بے رفیق ۔
بیقرینگی ۔ ف ۔ یکتائی کسی کام میں لاثانی ہونا ۔
بیشتی ۔ ف ۔ زیادتی ۔

بیوگانی ۔ ف ۔ بفتح موحده و ضم تحتانی و کاف فارسی شادی بیاه ۔
بیمروتی ۔ ف ۔ بیمروتی ۔
بیرنگی ۔ ف ۔ ظہور وحدت کا ۔
بیجگری ۔ ف ۔ بزدلی ۔
بینی ۔ ف ۔ ناک ۔ انف عربی بکسر اول و سکون دوم عرف دروازے کے ایک پٹ میں لمبی لکڑی لگائی جاتی ہے تاکہ اس سے دونوں پٹ برابر بند ہوں مزلاج عربی ۔ بینی در بھی فارسی ہے
بیمارداری ۔ ف ۔ بیمار کا کام کاج کرنا تمریض عربی رنجورداری فارسی
بیحضوری ۔ ف ۔ بیماری
بے اندامی ۔ ف ۔ بُرا آدمی ۔
بیکلی ۔ ھ ۔ بیچینی ۔
بیساکھی ۔ ھ ۔ بیساکھ کے خربوزے اور وہ ستون جو چھپروں میں لگایا جاتا ہے اور وہ لاٹھی جسکو لنگڑا کر بغل میں لگا کے اوسکے سہارے سے چلتے ہیں ۔
بیری ۔ ھ ۔ دشمن ۔
بیچینی ۔ ھ ۔ بیقراری ۔
بے ٹھکانے ۔ ھ ۔ بے گھرا کی موقع بات کہنا ۔

بیت بازی ۔ ھ ۔ باہم شعرخوانی کرنا اس طور سے کہ ایک دوسرے سے ایسی بیت مانگے کہ اوسکا حرف اول اس شخص کے بیت کا حرف آخر ہو اور اگر طرف ثانی ایسی بیت نہ پڑھ سکے تو مات ہو جاتا ہے ۔
بیپاری ۔ ھ ۔ جو کوئی تجارت کرے سوداگر فارسی ۔ تاجر عربی
بیٹی ۔ ھ ۔ دختر دخت فارسی بنت عربی ۔
بیحیائی ۔ ھ ۔ بیشرمی وقاحت عربی
بیڑی ۔ ھ ۔ وہ جسکو قیدی کے پاؤں میں ڈالیں ۔ ادہم و مرکل عربی ذراولانه فارسی ۔
بیربہوٹی ۔ ھ ۔ چھوٹا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے سرخ مخمل کا سا ہوتا ہے عروسک فارسی ۔
بیری ۔ ھ ۔ درخت کنار فارسی سدرہ عربی ۔
بیگاری ۔ ھ ۔ وہ شخص کہ جس سے کام لیں اور مزدوری نہ دیں ۔ سخرہ عربی ۔

باب بارہ فارسی مع الف

پا ۔ ف ۔ بنیاد ۔ قدر مرتبہ ۔ تحت ٹانگ ۔ پاؤں ۔

پاشنا - ف - بروزن آشنا ایڑی -

پاے ترسا - ف - شراب پینے کا پیالہ -

پارسا - ف - پرہیزگار فقیر پاک دامن

پالا - ف - کوتل گھوڑا -

پابرجا - ف - ثابت قائم ہمیشہ

پاٹا - ہ - وہ تختہ یا پتھر کی چٹان جسپر دھوبی کپڑے کو مار مار کر دھوتا ہے مرجاض - د مغسلہ عربی - گورکہ و جامہ کوب فارسی -

پاٹھا - ہ - ہاتھی کا بچہ و جغل عربی - فیل بچہ فارسی -

پاٹنا - ہ - سانپنا - اشتن فارسی - کبس عربی -

پاونا - ہ - گوز کرنا - فسیٰ عربی گوزیدن فارسی -

پالا - ہ - اوس جو درختوں پر گرتے کے درختوں کو جلا دیتی ہے اور جمنے سے درد سکے ہیں - صقیع و جلید عربی

پالنا - ہ - بسکون لام - تربیت عربی پروردن فارسی - گہوارہ مہد عربی -

پارا - ہ - مشہور چیز ہے - زیبق عربی سیماب فارسی -

پاس پاش کرنا - ہ - ٹکڑے ٹکڑے کرنا تفتیت عربی پارہ پارہ کردن فارسی -

پالان باندھنا - ہ - پالان نہادن - فارسی - اکاف عربی -

پالس ڈالنا - ہ - غلیظ جسکے مٹی ہو جاوے اوسکو کھیتوں اور درختوں میں ڈالنا تاکہ زمین میں طاقت پیدا ہو اور خوب ہو - زبل و زبیل عربی - سر دادن زمین را فارسی

پالسا - ہ - ہڑی کے پہل دار ٹکڑے جسکو پھینک پھینک کے گنوار لوگ کھیلتے ہیں ان ٹکڑوں کو جو زمین پر ڈالتے ہیں - ٹکڑے کعب عربی

پالسا پلٹنا - ہ - اقبال کا ہونا -

پالسا پھینکنا - ہ - کعبتین پھینکنا فارسی - ضرب الکعبتین عربی -

پانی پینا - ہ - شرب عربی آب خوردن فارسی -

پانی پانی ہوا - ہ - شرمندہ ذائب من الحیاء عربی از شرم آب شدن فارسی -

پائنچہ چڑھانا - ہ - تشمیر عربی پائنچہ بالا زدن فارسی -

پانی گرانا - ہ - سکب عربی - آب ریختن فارسی -

پاوں پڑنا - ہ - کسی کے پاؤں پر سر رکھنا - انکباب وخضوع عربی - برپاے کسی افتادن فارسی -

پاوں جھنجھنانا و سو جانا - ہ - سردی وغیرہ میں پاؤں کا بیحس و حرکت اور سن ہو جانا - خدر الرجل عربی بخواب رفتن پاے فارسی -

پاوں چلنا لڑکے کا - ہ - پا دا شدن طفل فارسی - ترعرع عربی

پاوں جوتی کرنا اور دوڑنا - ہ - کوشش و سعی عربی استعمال کردن فارسی

پاوں پھیرنا - ہ - نئی دولہن یا زچہ کا اپنے عزیزوں کے گھر جانا یہ محاورہ عورتوں کا ہے -

پاپڑ بیلنا - ہ - مصیبت اٹھانا

پارچیا - ہ - پارچہ فروش -

پانوں چھوٹنا - ہ - عورتوں کو بکثرت حیض کا آنا -

پاکی لینا - ہ - موے زیر ناف کو مونڈنا -

پالا پوسا - ہ - پرورش کیا ہوا

پان پتا - ہ - لوازم خانہ داری وغیرہ

پانی کا بلا - ہ - انسان کا دم جہیز

فنا ہوجاتا ہے۔
پادلا۔ ہ۔ چونی۔
پائی کوب۔ ف۔ ناچنے والا
پاروب۔ ف۔ جھاڑو جیسے
پابرکاب۔ ف۔ مستعد روانگی
مستعد بسفر جانیکو طیار۔
پازیب۔ ف۔ ایک زیور کا
نام ہے کہ پاؤنمین پہنا جاتا ہے۔
پاشنہ کوب۔ ف۔ بھاگے ہوئے کا
پیچھا کرنے والا۔
پاسے تراب۔ ف۔ نقل مکان
پایاب۔ ف۔ تھوڑا پانی جسمین
سے آدمی پیدل نکل جاسکے۔
پای رخصت۔ ف۔ رخصت
کا بیڑہ۔
پای تخت۔ ف۔ دارالسلطنت
وہ شہر جہان بادشاہ رہتا ہو۔
راجدہانی۔
پابستہ۔ ف۔ عمارت کی نیو
مضبوط۔ گرفتار۔
پاہیکاشست۔ ف۔ وہ کسان
جو دوسرے گانون سے کسیکے گانون
مین جوتنے آوے۔
پاٹ۔ ہ۔ جامہ یک لخت
فارسی سرفق عربی۔ چکی کا پلا۔

ضرہ عربی۔ پرگہ آسیا۔ فارسی
دریا کی چوڑائی۔
پای رنج۔ ف۔ انعام۔
پازاچ۔ ف۔ دائی جنائی۔
پانچ۔ ہ۔ پنج خمس۔ اور کنایہ
نہایت عقلمندی سے ہے۔
پاسخ۔ ف۔ بفتح سین مہملہ جواب
پای بند۔ ف۔ رسی جال۔ بیڑی
کسی کام مین پھنسا ہوا۔
پایمرد۔ ف۔ برای مہملہ مددگار
مدد دینے والا۔
پابند۔ ف۔ پچھاڑی وہ رسی
جو گھوڑے وغیرہ کے پاؤن باندھتے ہین
پازہر۔ ف۔ دست پناہ۔
پاچشا۔ نام ایک کتاب کا ہے کہ جو دین
آتش پرستی مین ہے۔
پایکمزد۔ ف۔ بزای معجمہ مزدوری
جو قاصدون کو ملتی ہے۔
پاچہ خرو۔ ف۔ اونٹ۔
پاو۔ ہ۔ گوز ریز فارسی ضراط
ودرام عربی۔
پانڈ۔ ہ۔ جس عورت کی چھاتیان
نہون اور دودھ نہو فارسی شاد
عربی۔
پازہر۔ ف۔ زہر مہرہ۔

پاگار۔ ف۔ پیادہ تحصیلی کا۔
چپراسی مذکوری خدمتگار مزدور
بھنگی۔ خاکروب۔
پاپیکار۔ ف۔ وہ جگہ جہان
مصالح جمع کرکے عمارت کے
نیچے ڈھیر کرین۔
پاافشار۔ ف۔ کھڑا ہونا۔
پاافزار۔ ف۔ جوتا۔
پار۔ ف۔ سال گزشتہ پارسال۔
پارار۔ ف۔ تین سال گزشتہ۔
پارہ کار۔ ف۔ شوخ لچا۔
پایدار۔ ف۔ مضبوط ہمیشہ۔
پاس خاطر۔ ف۔ لئے خاطر رکھنا
خاطر سے واسطے کسی کے۔
پاغر۔ ف۔ فیل پا مرض مشہور
پاسدار۔ ف۔ طرفدار۔ نگاہبان چوکیدار
پاگھر۔ ہ۔ جو جھول چادر کی لوہے
کی بنی ہوتی ہے۔ لڑائی مین گھوڑے پر
اوڑھاتی ہین۔ تجفاف عربی۔
برگستوان۔ بجیم و کچین فارسی
پالغز۔ ف۔ پاؤن پھسلنے کی جگہ
ٹھوکر۔ خرابی۔ جرم۔ خطا۔
پاسبز۔ ف۔ میاں جی۔ شلالی۔
نحس قدم۔
پاافزار۔ ف۔ جوتی۔

پانیز - ف - بروزن پرتاثیر - پت جھڑ -

پا انداز - ف - وہ بچھونا جو اندور فت کی جگہ دروازے کی چوکھٹ کے پاس بچھاتے ہین -

پاکش انداز - ف - اپنے ہم پیشہ یا حریف کو زیر کرنا -

پارہ دوز - ف - خیمہ دوز -

پاکباز - ف - نیک آدمی - زاہد - مجرد -

پالیز - ف - خربوزہ تربوز - ککڑی کا کھیت - اور مطلق سبزہ کے معنے بھی ہین اور نباہ اور اوجڑ کے بھی معنے مین آتا ہے -

پاموز - ف - جس کبوتر کے پانون پر ہون حمامۂ مسرول عربی کبوتر پا بلو فارسی -

پارس - ف - ایک ملک کا نام ہے جسکو فارس کہتے ہین -

پابوس - ف - پانون چومنا یا پانون چومنے والا -

پاتراس - ف - بکسر فوقانی و سکون الف فارسی جراءت - بدلا بری کا -

پاس - ف - پہرا - محافظت - حصہ - چوتھائی دن یا رات کا یعنی تین گھنٹہ ملکا پہر - واسطے -

پالس - ھ - وہ غلیظ جو خاک بھر گیا ہو - انبار فارسی - سماد عربی

پانوش - ف - کافور جو نا الفتح

پالایش - ف - صاف کرنا -

پاداش - ف - بدلا - عوض - پلٹا -

پاغوش - ف - بغین و شین معجمہ و واو معروف ڈبکی - غوطہ

پاپوش - ف - جوتا - پیزار -

پاش - ف - چھینٹنا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - پراگندہ ہونا -

پاے توغ - ف - بفتح تاے فوقانی و واو مجہول ٹلٹن کا نشان کلگی

پاورق - ف - ایک لفظ جو پائین صفحہ مین اوسکے سامنے والے صفحہ کی لکھین جسکو ترک کہتے ہین -

پایک - ف - بفتح پیادہ -

پاچنگ - ف - بروزن ناوک - مزبلہ - شکنڈا -

پاک - ف - جسمین کچھ ناپاکی نہو - بیگناہ - تمام -

پاونگ یا ونگہ - ف - پتھر جسمین بچون کے دہان کو ستے کی ڈبیکی کاغذ کوٹتے اور کاغذ بنانے کی کل -

پالہنگ - ف - باگڈور - وہ رسی جو گھوڑے کی لگام مین باندھتے ہین اور کوتل گھوڑے کو اوس سے پکڑ کر لیجاتے ہین -

پاسنگ - ف - وہ پتھر جو ترازو کے پلڑون کے برابر کرنے کو رکھتے ہین عین عربی پاسنگ

پائمال - ف - خراب -

پا واشدن طفل - ف - لڑکے کا پانون چلنا -

پاچال - ف - جولاہے کے پانون لٹکانے کا گڑھا - کرگا -

پای درگل - ف - گرفتار - پھنسا ہوا - حیران -

پان پھول - ھ - لڑکا کا نازک بدن

پارسال - ھ - گذشتہ سال پچھلا برس السنۃ الماضیۃ و السنۃ السابقۃ عربی پار و پیرار فارسی -

پال - ھ - چھوٹا خیمہ - تخفیف عربی کشتی کا پردہ شراع و بجل عربی بادبان فارسی - گدر میوہ کو توڑ کر گھانس پھوس مین رکھکر پکانا - جیسے آم وغیرہ کو پکانا - خاشہ رس فارسی -

پائل - ھ - بکسر ہمزہ ایک زیور ہے جسکو پانون مین عورتین پہنتی ہین

خلخال - عربی - پابرنجن و پاریحن
فارسی اور جو بچہ پانون کی طرف سے
پیدا ہو - تُرجُل و نُشُوتون عربی
نگونسار زادہ فارسی -
پاے دام - ف - ایک قسم جال
کی ہے -
پاردُم - ف - دُمچی جو گھوڑے
کے زین مین لگاتی ہین -
پاژنین - ف - ایڑی پانون کی
پارہ دادن - ف - رشوت دینا
پارہ گرفتن - ف - رشوت لینا
پای پیچک نہادن - ف -
اڑنگا کشتی گیرون کا پیچ ہے -
پارہ پارہ کردن - ف -
پاش پاش کرنا -
پاپیدان - ف - جوتی اتارنے کی جگہ
پاس اشفتن - ف - بچانا کسی چیز
کی حفاظت کرنا -
پای کوفتن و پای بازی کردن -
ف - ناچنا - گت ناچنا -
پارگین - ف - چھوٹا حوض جہان
پانی مکان اور غسلخانہ کا جھرا رہے
پالان - ف - اونٹ کا گٹھی جو
اونٹ کی پیٹھ پر رکھکر سوار ہوتے
اوسکو عربی مین رَحْل - اور جو گدھے
کی پیٹھ پر گدا رکھکر سوار ہون
عربی مین اکاف کہتے ہین -
پاسبان - ف - چوکیدار سپاہی
پاچک سوختن - ف - اُپلی جلانا
پاستان - ف - اگلا گذرا ہوا
پاشنہ زدن - ف - ایڑ لگانا -
پائین - ف - نیچے تحت - زیر -
پایان - ف - انتہا - آخر انجام
پاپیچان - ف - درخت کی بیل
پاکدامن - ف - پارسا -
عفیف عربی -
پابرنجن - ف - خلخال پائل
عورتون کے پانون کا زیور ہے کڑا
پانچ - مشہور ہے جسکو اکثر
ہندوستانی کہا یا کرتے ہین -
پانچوان - ہ - پنجم تو پنجمین
فارسی خامس عربی -
پانون و پاؤن - ہ - پای مردم
رِجل عربی - اور جانورون کے
پانون کو قائمہ کہتے ہین -
پاتالی کنوان - ہ - وہ کنوان
جسمین آدمی ڈوب کر مرجاتا ہے
پانی سو کھجانا زمین مین -
پانی کا خشک ہوجانا نصب
وغیض عربی - فرو شدن آب
در زمین فارسی -
پاکیزہ - ف - پاک صاف ستھرا
پاتلہ و پتیل و پتیلہ - ف - چوڑے
منھ کا ظرف ہے جسمین سالن وغیرہ
پکاتے ہین اور بعضے کہتے ہین
کہ کڑاہی پتیلا یا دیگ کو کہتے ہین
پارینہ - ف - پورانا - قدیم
پایگاہ و پایگہ - ف - قدر و
رتبہ - اصطبل - طویلہ -
پادشاہ - ف - تخت کا مالک
باے فارسی سے درست ہے
نہ باے عربی سے مگر ہندوستان
مین لفظ پادر مکروہ اور قبیح ہے
اس وجہ سے بجاے باے فارسی
کے باے عربی مستعمل ہے
پایہ - ف - مرتبہ و رتبہ - تخت زینہ
پایجامہ و پاجامہ - ف - جو کپڑا
ٹانگون مین پہنتے ہین - تنبان و
شلوار - و زیر جامہ فارسی سراویل
عربی اور عورتون کے پایجامہ کو
فارسی والے یہان پاو بیان پاپچہ
کہتے ہین -
پاغندہ - ف - بضم غین معجمہ پونی
روئی کا گالا -
پارسہ - ف - گدائی و فقیری -

پاچلہ ۔ف ۔ بکسر جیم فارسی موزہ وجراب ۔

پاچاہ و پاچاہہ ۔ف ۔ کھڈی جولاہون سے ۔ پانون لٹکانے کا گڈہا ۔ کرگا ۔

پائنچہ ۔ف ۔ بروزن پارچہ پلیچہ وشلوار و تپیان فارسی اردو ہندی مین پائنچہ بخفا نون نصف پاجامہ کو کہتے ہین ۔ رجل عربی

پارہ ۔ف ۔ ٹکڑا ۔ حصہ ۔ رشوت منھ بھرائی ۔ تحفہ ۔ تبرک ۔

پارچہ ۔ف ۔ کپڑا ۔ چھیتڑا ۔ لتا ۔

پادیرہ ۔ف ۔ سہارا ۔

پانہ و فانہ ۔ف ۔ پچڑ ۔ پچھانا ۔ پچڑ ۔ چھوٹی چوڑی لکڑی جو پلنگ وغیرہ کے پایہ کے سوراخ مین ٹھونکیں تاکہ مضبوط ہوجاوے ۔ اور پچھانا ۔ گھٹنی گاودم لکڑی جو آرہ کش آرہ چلانے کے وقت لکڑی کے شگاف مین ٹھونک دیتا کہ آرہ نہ رکے ٹھیک ۔ بیاز ۔ مجہول

پاشنہ ۔ف ۔ پانون کی ایڑی

پاخیرہ ۔ف ۔ بنیاد ۔ نیو ۔ جڑ دیوار کی ۔

پالودہ ۔ف ۔ پاک و صاف چھنا ہوا کیا ہوا ۔ اور ایک قسم کی بیچ چاولون کی جمی ہوئی پکا کر شربت مین ملا کر پیتے ہین ۔

پالونہ ۔ف ۔ شراب بھنگ چھاننے کا کپڑا ۔ صافی ۔

پاتابہ ۔ف ۔ جراب موزہ چمڑے کا ۔

پالگانہ ۔ف ۔ بلام و کاف فارسی اونچا کوٹھا ۔ جھروکا ۔ ترازو کا پاسنگ

پاخانہ ۔ف ۔ جگہ بیخانہ بھرنے کی بیت الخلاء ۔ کنیف عربی آبخانہ ادب خانہ فارسی ۔

پاڑھو ۔ھ ۔ معمار لوگ لکڑی کو زمین مین گاڑ کر اوسپر تختہ رکھکر دیوار بناتے ہین ۔ یا استرکاری کرنے کے لیے بیٹھتے ہین خود و چوب بست فارسی ۔

پاکی ۔ھ ۔ استرا ۔ صفائی ۔

پاجی ۔ف ۔ بجیم عربی نالایق کمینہ آدمی ۔ شودر ۔ پیچ ۔ رذیل عربی دون فرومایہ فارسی ۔ لواجہ جیم پاجی کی آئی ہے ۔ یہ تصرف فارسی والون کا ہے ۔

پارگی ۔ف ۔ بکاف فارسی پھٹنا پن ۔ چھوٹا حوض جسمین پانی

پاحمام کا پانی بھرے ۔

پاکوبی ۔ف ۔ ناچ ۔

پاتستانی ۔ف ۔ دیرینہ ۔

پایمردی ۔ف ۔ مددگاری ۔ سنگل لوہ

پارکابی ۔ف ۔ بکسر را ۔ مہملہ کم مقدار

پابوسی ۔ف ۔ پانون چومنا قدمبوسی

پاسداری ۔ف ۔ طرفداری ۔ نگاہبانی ۔

پالائی ۔ف ۔ صاف کرنیوالا ۔

پاچلیدگی ۔ف ۔ لنگڑا ۔ اپلا ۔

پاسنے ۔ف ۔ پاؤن ۔ پا ۔

پائین پرستی ۔ف ۔ خدمتگاری

پادری ۔ھ ۔ نصاری کا عالم ۔ قسیس عربی ۔ کیشش بروزن رئیس فارسی ۔

پاپی ۔ھ ۔ کنجوس ۔ مجرم ۔

پائے ۔ھ ۔ پایہ بکری و گاے وغیرہ کا ۔ کراع عربی ۔

پلیے اسے تحت السر عربی ۔

پارسی ۔ھ ۔ بکسر سین مہملہ جو آتش پرست ۔ مجوس عربی پاسیان فارسی

باب بائے فارسی مع بائے فارسی

پپانا ۔ھ ۔ زخم مین پیپ کا آنا ۔ اشتر کات ۔ وتقیح عربی ریم کردن

فارسی۔
پپوٹا۔ ہ۔ بفتح اول آنکھ کے ڈھیلے پر کی کھال جسمین پلکین ہین۔ بام چشم و بنام چشم۔ و پلک فارسی جفن عربی۔
پپڑی۔ ہ۔ بفتح اول پوست خشک فارسی قشر و قشارہ عربی۔

باب بائے فارسی مع تائے فوقانی۔

پتا۔ ہ۔ بفتح اول و تشدید دوم بڑے کو پتا اور چھوٹے کو پتی کہتے ہین۔ برگ فارسی ورق عربی عورتون کے کان کا زیور گر کر چاندی سونے کا ہوتا ہی مجازاً ہلکی چیز کو بھی کہتے ہین بکسر اول و تشدید دوم اوس عضو کا نام ہے جسمین صفرا پیدا ہوتا ہی مرارہ عربی زہرہ فارسی کنایہ صبر و تحمل غصے کو ضبط کرنے سے بفتح بتخفیف دوم وہ نشان جسسے آدمی اپنے مطلب کو پہونچے نشان و سراغ فارسی علامت و سمت عربی۔
پتا لگنا۔ اور ملنا۔ ہ۔ کھوئی ہوئی چیز کا نشان ملنا۔
پتا تلہ۔ ہ۔ ہوش باختہ ہونا۔

رنگ ہونا۔
پتلا۔ ہ۔ بفتح اول باریک مہین ہلکا۔ رقیق۔ و دقیق عربی تنک فارسی۔ بالضم تصویر تمثال عربی پیکر فارسی۔
پترا۔ ہ۔ بفتح اول و دوم مشدد وہ کاغذ یا کتاب جسمین ایک سال کے احکام نجوم لکھے ہون۔ تقویم جنتری
پتنگا۔ ہ۔ بفتح اول و سکون نون دکان فارسی آگ کی چھوٹی چھوٹی چنگاریان جو ہوا مین اوڑتی ہین پرکالۂ آتش فارسی شرارۂ آتشین عربی پتنگا ایک چھوٹا پردار جانور ہے شمع و چراغ کا عاشق ہی اوسکے گرد پھرتا ہی پروانہ فارسی فراش عربی
پتھراو کرنا۔ ہ۔ کسی جگہ پتھر پھینکنا سنگ باران کردن فارسی امطار الحجر عربی۔
پتھر مارنا۔ ہ۔ سنگسار کردن فارسی رجم عربی۔
پتی جھاڑنا۔ ہ۔ درخت سے پتی گرانا اگر بڑے ہین تو یائے مجہول اور اگر چھوٹے ہین۔ تو یائے معروف گھینگے شش۔ وحت عربی برگ افشاندن فارسی۔

پتھر برسنا۔ ہ۔ اولے پڑنا۔
پتھر پڑنا۔ ہ۔ آفت زدگی۔
پتھر چٹا۔ ہ۔ گھانس کا نام ہی
پتھر پر لگانا۔ ہ۔ چھری تلوار کو پتھر پر گھسنا تاکہ تیز ہوجاوے
پتھیانا۔ ہ۔ کسی امر کا یقین کرنا۔
پتھر سا مارنا۔ ہ۔ سخت کلامی کرنا
پتھر لڑھکانا۔ ہ۔ کسیکی خرابی اور موت چاہنا۔
پتی جھڑنا۔ ہ۔ درخت سے پتی گرنا۔ برگ ریختن فارسی انحطاط عربی۔
پتیلا۔ ہ۔ بالفتح ایک چوڑے منھ کا ظرف ہی جسمین سالن و دال خشکا وغیرہ پکاتے ہین اکثر تانبے کا ہوتا ہی۔ قدر عربی۔ پتیل یا تلہ فارسی۔
پت۔ ہ۔ بالکسر ایک خلط کا نام ہی۔ صفرا مرہ عربی تلخہ فارسی بالفتح آبرو و عرض عربی۔ اور فارسی مین بمعنے اچھوانی کے آتا ہی۔
پتر۔ ہ۔ بفتح اول و دوم مشدد لوہے و تانبے کے چوڑے چوڑے تختہ سا ٹکڑے صفیحہ عربی بفتحتین فارسی ہی۔ تختی جسپر نقش یا دعا کندہ ہو

پتوا - ہ - بفتح وبنا کشتی فارسی سکان عربی
پتھر - ہ - سنگ فارسی حجر حجارہ عربی - مجازاً ہر چیز سخت وام دشوار کو کہتے ہین -
پت جھڑ و پت جھاڑ - ہ - خریف عربی - خزان و برگ ریز فارسی
پتواز - ف - پتواس بازوغیرہ شکاری جانورون کے بیٹھنے کا اڈا
پتلی آواز - ہ - نرم آواز مہین آواز -
پتواس - ف - بفتح اول اڈہ جسپر شکاری جانور بیٹھے سگندہ - پیشگہ عربی - پتواز فارسی -
پتنگ - ف - بضم بار فارسی و سکون تار فوقانی و کاف تازی ہتھوڑا -
پتنگ - ف - بروزن خدنگ چھوٹا خوشنما لنگورکا
پتنگ - ہ - کاغذ کی بنتی ہے جسکو ڈور مین باندھ کر اڑاتے ہین کاغذ باد و ہوائی فارسی طائرہ عربی اور ایک لکڑی سرخ رنگ کی ہے جس سے سوت و ریشم رنگتے ہین بقم فارسی بقم عربی -
پتلی کاسانگ - ہ - کاغذ کے پتلے اور ہاتھی گھوڑے وغیرہ بناکر مہین کپڑے کا پردہ ڈالکر رات کو چراغ جلاکر تماشا کرتے ہین یہ مشہور کھیل ہے - شب بازی - لعبت بازی فارسی -
پتیل - ہ - مہین - باریک -
پتلا حال - ہ - ضعف و ناتوانی
پتھر کا مکان - ہ - مکان سنگین فارسی - مرضوم عربی -
پتھراو - ہ - کسیکو برابر پتھر مارنا
پتوہ - ف - ڈونگی چھوٹی کشتی
پتیارہ - ف - بکسر بار فارسی و سکون فوقانی بلا آفت -
پتلی - ہ - بالضم بکسر تشدید لعبت عربی اور سیاہی آنکھ کی کہ جس سے دکھائی دیتا ہے - مردمک فارسی انسان العین عربی - بالفتح مہین باریک چیز
پتھری - ہ - جس پتھر سے چاقو وغیرہ تیز کرین - سفسان و سان فارسی مسحد عربی - اور وہ پتھر جس سے آگ جھڑے اور بندوق مین لگایا جاوے سنگ چقماق فارسی - قداح عربی وہ پتھر ہے جو گردہ و مثانہ مین پیدا ہوتا ہے - سنگ مثانہ فارسی - حصاۃ المثانہ عربی - اور سنگریزہ حصلی و حصبہ عربی -
پتی - ہ - بفتح اول و دوم مشدد و یاے مجہول عود نون کو کان کا زیور اور یاے معروف برگ درخت کو کہتے ہین چھوٹے کو پتی اور بڑے کو پتا کہتے ہین - بکسر اول و دوم مشدد و یاے مجہول ایک مرض کا نام ہے کہ دفعۃً آدمی کے بدن مین دودورے ودوری سی پڑجاتی ہین اور کھجلی ہوتی ہے - شری عربی انبر فارسی - کسی خرید ہوئی چیز کے حصے کو بھی کہتے ہین -
پتیلی - ہ - ایک برتن ہے جسمین دال و چاول وغیرہ پکاتے ہین - کفت عربی بڑے کو پتیلا اور چھوٹی کو پتیلی کہتے ہین -

باب بار فارسی مع تار ہندی

پٹا - ہ - بفتح اول کپڑے یا چمڑے کا گول حلقہ سا بنا کر کتے کے گلے مین ڈالتے ہین اور اوسمین رسی باندھتے ہین اوسکو عربی مین مخنقہ اور فارسی مین قلادہ کہتے ہین اور اگر بلی یا بکری یا ہرن وغیرہ کے گلے مین ڈالین تو عربی مین حنافس کہتے ہین
پٹارا - ہ - بکسر اول اکثر بانس بید وغیرہ سے بنکر بنائی جاتی ہین

حفاظت کے لیے اوسمین کپڑے یا
برتن وغیرہ اور چیزین رکھتے ہین
سَلّہ عربی۔

پٹخنا۔ ھ۔ بفتح اول سوجن کا بیٹھ جانا
اِنْفِشاش عربی۔ فرونشستن آماس
فارسی۔

پٹاخا۔ ھ۔ زن بدکار شوخ۔
چنچل۔

پٹکا۔ ھ۔ بفتح اول جس کپڑے کو
کمر مین باندھین۔ مِنْطَقَہ و نِطاق
عربی کمربند فارسی۔

پٹکنا۔ ھ۔ بفتح اول کسی چیز کو زمین
دے مارنا۔ کُو و لَبْط عربی۔ سوجن کا
کم ہوجانا۔

پٹوا۔ ھ۔ بفتح اول جو کوئی شخص
سوت یا ریشم کا کام کرے یا گہنا
گوندہے۔ علاقہ بند فارسی مگر اب
اردوے ہندی مین جو ہندو گہنا
گوندہے یا ریشم سوت کا کام کرے
اوسکو پٹوا کہتے ہین اور جو مسلمان
یہی کام کرے اوسکو علاقہ بند کہتے ہین

پٹھا۔ ھ۔ بفتح اول پے فارسی عَصَب
عربی۔ اور پٹھا کبوتر وغیرہ پرند
جانورون کے بچے کو بھی کہتے ہین
فرخ عربی۔ جوزہ۔ وجوجہ فارسی۔

چوڑا لچکا جسکو عورتین اپنے دوپٹے
وغیرہ مین لگاتی ہین۔ پہلوان
نوسکھیا۔ کھانے کی تنباکو کا پتا

پٹرا۔ ھ۔ لکڑی کا چوڑا تختہ۔

پٹیلا۔ ھ۔ جس لکڑی مین دونون
طرف چھید کرکے اوسمین رسی ڈالکر
کھیت کی زمین کو برابر کرین۔
مِسْلَفَہ عربی۔ مالا و کراز فارسی۔

پٹنا۔ ھ۔ گڑھے کا مٹی سے
بھرنا یا چھت وغیرہ پر مٹی کا ڈالنا۔
قرض کے روپے کا وصول ہونا۔

پٹس پڑنا۔ ھ۔ مردے کو رنڈا
اپنے تئین پیٹنا۔

پٹاپٹ۔ ھ۔ درخت سے پہلون
کے گرنے کی آواز۔ یا کسیکی مارنے
کی آواز۔

پٹیت۔ ھ۔ دشمن بیری۔

پٹ۔ ھ۔ بفتح اول اوندہے منہہ
گرنا۔ نگون فارسی۔ مُکِبّ عربی۔
اور دروازہ کا پلہ۔ مِصْراع عربی۔
تختہ در فارسی۔

پٹپر۔ ھ۔ میدان جہان گہانس
درخت پانی نہو۔ قفر و جُرز عربی۔
دشت سادہ فارسی۔

پچھو۔ ھ۔ کسیکے ساتھ پیچھے پیچھے

پٹی۔ ھ۔ بفتح اول کپڑے کا لنبا
اور پتلا ٹکڑا جو سر پر باندھتے ہین
اوسکو عربی مین عِصابہ کہتے ہین
سربند فارسی اور جو زخم وغیرہ پر
باندہین اوسکو عِصاب عربی مین
اور زخم بند و رگ بند فارسی مین
کہتے ہین۔ اور ایک قسم کی مٹھائی
ہے۔ اور اوس لکڑی کو کہتے ہین
کہ جو پلنگ یا تخت کے کنارے مین
لگائی جاتی ہے۔ اور کاغذ کے
تختہ کے طول مین سے جو ٹکڑا
اوتارا جاوے۔

پٹاری۔ ھ۔ بکسر اول ایک چیز ہے
جسمین گہنا اور چیزین وغیرہ رکھتے ہین
بانس اور بید کی ہوتی ہے اور تاڑ
پتیل بیٹن وغیرہ کی بھی بنائی جاتی ہے
مختلف صورتون کی ہوتی ہے۔ حُقّہ
عربی۔ اگر چھوٹی ہے تو پٹاری اور
اگر بڑا ہے تو پٹارہ کہینگے۔

پٹری۔ ھ۔ روش۔ خیابان۔

پٹیتی۔ ھ۔ دشمنی۔ بیر۔

باب باء فارسی مع جیم عربی

پجاوا۔ ھ۔ بفتح اول جہان
اینٹین پکاوین۔ کُورَۃُ اللَّبِن عربی
پزادہ۔ و داش فارسی۔

پچوڑا — م — بفتح اول سود بیج زر ذلیل عربی فرومایہ و کمینہ و دون فارسی

باب بائے فارسی مع جیم فارسی

پچانا — م — کھانے کا ہضم کرنا۔ منہضم عربی۔

پچھتانا — م — بفتح اول افسوس کرنا۔ تلہف و تلفکن عربی۔ افسوس خوردن فارسی۔

پچڑ لگانا — بفتح اول لکڑی کا ٹکڑا چوڑا پلنگ وغیرہ کے پایہ کے سوراخ میں ٹھونکنا۔ کہ تنگ ہو جاوے۔ گوشہ عربی۔ لکڑی کا ٹکڑا کسی لکڑی کی سوراخ میں ٹھونکنا۔

پچلونا — م — وہ دوا جس سے کھانا ہضم ہو۔ ہاضم عربی۔

پچنا — م — کھانے کا ہضم ہونا۔ انہضام عربی۔ راز کی بات کا چھپانا۔

پچھاڑیں کھانا — م — درد و غم سے بار بار اپنے تئیں زمین پر گرانا۔ زمین پر اپنے تئیں دیدی مارنا۔ تجزع عربی۔

پچھلے پاؤں پھرنا — م — آزہی پلٹ جانا۔ رجوع علی العود عربی۔ برقفا برگشتن فارسی۔

پچھنا — م — وہ آلہ جس سے بدن کا خون نکالیں۔ مشرط عربی۔ کالک فارسی۔

پچھنے لگانا — م — پچھنے سے خون نکالنا۔ تشریط عربی۔ کالک زدن فارسی۔

پچھوا و پچھیاو — م — پچھم کی طرف کی ہوا۔ دبور عربی۔ باد تیسلہ و باد مغربی فارسی۔

پچھوڑنا — م — غلہ کو پھٹک کر صاف کرنا۔ کشف عربی۔ غلہ افشاندن فارسی۔

پچ کرنا — م — کسیکی جانبداری کرنا۔

پچارا و پچیارا — م — بضم اول لکڑی پر کپڑا باندھ کر تیل میں ڈبو کر کسی چیز پر لگانا۔ تمله عربی۔

پچپچا — م — جسمیں پانی اور نمی ہو بخوبی نہ پکا ہو یا خراب ہو گیا ہو۔

پچکنا — م — کسی سے ڈرنا۔ دبنا۔

پچھاڑنا — م — کسیکا کسیکو زمین پر دے مارنا خصوصاً کشتی لڑ کر حریف کو دے پٹکنا۔

پچھتا — م — لنبے قد کا جوان۔

پچھلا — م — آخر شب۔ پہر رات کو ماہ صیام میں سحری کھانا۔

پچھواڑا — م — پشت مکان۔

پچی ہو جانا — م — کسی بھاری چیز کے نیچے کسی چیز کا دب جانا۔

پچھیت — م — پیچ جاننے والا۔ پہلوان۔ کشتی باز۔ فریبیا۔

پچ — م — سخن پروری۔

پچر — م — بفتح اول و دوم مشدد و رائے مہملہ آخر میں لکڑی جو پلنگ وغیرہ کی چول میں دیجاوے تا کہ مضبوط ہو جاوے۔ شکہ عربی۔

پچھلا پہر — م — پہر رات رہے۔

پچشک — ن — بکسر سوم ذہ و جیم فارسی حکیم۔ بید۔ ڈاکٹر۔

پچھواک — ن — ترجمان۔ مترجم

پچھم — م — مغرب عربی۔ خاور و باختر فارسی۔

پچھوڑن — م — غلہ کو صاف کرنے سے جو بچے۔ نسافہ عربی۔

پچھلگو — م — جو کسی کے پیچھے پیچھے پھرے۔

پچاو — م — کھانے کا ہضم ہونا۔

پچیتی — م — فریب دہی۔

پچکاری — م — بکسر اول مشہور ہے جسمیں پانی وغیرہ بھر کر دور پھینکیں۔ مضخہ عربی۔ دگیر فارسی۔ اور جسمیں دوا بھر کر کسی عضو میں پہونچاویں۔ مزرقہ عربی۔

پچھاڑی — م — رسی جو گھوڑے کے

اور گدہے کے پاؤں میں باندھیں
شطن و شکال عربی پابند فارسی ـ

باب بار فارسی مع خار معجمہ

پخ ـ ف ـ بضم بار فارسی برانگو
پخچ ـ ف ـ بفتح اول و سکون خار
معجمہ و جیم فارسی کوتاہ و پست ـ پژمردہ
پختہ خوار ـ ف ـ آرام طلب فقیر دانو
پختہ کار ـ ف ـ جاندیدہ ـ تجربہ کار
پخس ـ ف ـ بفتح اول و سکون خار
معجمہ مرجھایا ہوا ـ
پختہ ـ ف ـ بفتح اول ڈھنکی ہوئی مٹی کا
گالا ـ بالضم پکا ـ جاندیدہ پختہ کار ـ

باب بار فارسی مع دال مہملہ

پدانا ـ ہ ـ کسیکو گوز کرانا تضریط
عربی ـ گوزانیدن فارسی ـ
پدوڑا ـ ہ ـ جو شخص بہت پادے
ضراط عربی گوزن و گوزندہ فارسی
پدرود ـ ف ـ بالفتح و بالکسر رخصت کرنا
پدید ـ ف ـ ظاہر ـ
پدر ـ ف ـ بالکسر و فتح دوم بروزن
قمر باپ ـ
پدیدار ـ ف ـ بفتح اول ظاہر نمودار
پدرام ـ ف ـ بکسر اول آراستہ
خوش ـ خرم ـ
پدرانہ ـ ف ـ باپ کے مانند ـ
پدرہ ـ ف ـ بروزن صفرہ ـ حصہ
پدری ـ ف ـ باپ کا ـ
پدوڑی ـ ہ ـ جو عورت بہت
پادے ـ ضراطہ عربی زن گوزندہ فارسی

باب بار فارسی مع ذال معجمہ

پذیرا ـ ف ـ بفتح و بکسر مقبول
استقبال کرنا ـ
پذیر ـ ف ـ مان قبول کر ـ
پذیرہ شدن ـ ف ـ استقبال ـ
اگوائی ـ
پذیرہ ـ ف ـ بکسر مقبول استقبال کرنا
پذیرائی ـ ف ـ قبولیت ـ

باب بار فارسی مع رار مہملہ

پر شکستہ ـ ف ـ بالضم عاشق و معشوق
پروا ـ ف ـ بالفتح توجہ رغبت میل
التفات ـ آرام ـ خوب لبتی
پردہ سرا ـ ف ـ خیمہ ڈیرا گوتا
پرہما ـ ف ـ کلغی ـ
پرپا ـ ف ـ پاموز کبوتر ـ
پرانا ـ ہ ـ ف ـ بضم اول کہنہ
و دیرینہ فارسی عتیق عربی ـ
پر جھاڑنا ـ ہ ـ جانور کا پر گرانا
نفض عربی پرافشانی فارسی ـ
پر جھڑنا ـ ہ ـ جانوروں کے
پروں کا گرنا ـ نسل عربی ـ پرافتادن
فارسی ـ
پردہ اٹھانا ـ ہ ـ پردہ برکشیدن
فارسی رفع و کشف عربی ـ
پردہ ڈالنا ـ ہ ـ پردہ برافگندن
فارسی ـ سدل عربی ـ
پڑدادا ـ ہ ـ دادا کا باپ جد الاب
عربی ـ فرجد فارسی ـ
پرسہ دینا ـ ہ ـ مردے کے وارثوں
کو دلاسا دینا انکے ساتھ غم کرنا ـ
پرسہ لینا ـ ہ ـ مردے کے وارثوں کا
رونا غم کرنا ـ
پر کترنا ـ ہ ـ پر و بال بریدن فارسی
قص عربی ـ
پرکھنا ـ ہ ـ روپیہ اشرفی کا کھرا
کھوٹا معلوم کرنا انتقاد و تحلل عربی
سرہ کردن فارسی ـ
پڑگری لگانا ـ ہ ـ تیر پر پر لگانا
قذذ و ریش عربی پر تیر نشاندن فارسی
پرنالا ـ ہ ـ جس سے چھت کا پانی
زمین پر گرے ـ میزاب و مرزاب
عربی ناودان فارسی ـ
پرنانا ـ ہ ـ ماں کے باپ کا باپ
اب الجد لام عربی فرجد بروزن گنجد
فارسی ـ
پر نوچنا ـ ہ ـ جانوروں کی پروں کو

پرپرت – ف – بفتح اول و یاء مجہول
و ہر دو رائے مہملہ پرسون کا دن –
پرہیزگار – ف – بچنے والا –
پردۂ زنبور – ف – جالیدار برقع
پری پیکر – ف – خوبصورت
شکیل – معشوق –
پُرشہر – ہ – پکر ونس –
پروار – ہ – خانوادہ عشیرہ عربی
پرویز – ف – بروزن لبریز بادشاہ
کا نام ہے جسکو خسرو کہتے ہین شیرین کا
عاشق تھا ہرمز کا بیٹا نوشیروان
کا پوتا مجھلی فتحمند – عزیز پیارا –
پرواز – ف – بالفتح و دال مہملہ و زاء معجمہ
مہین مہین – باریک باریک خط –
جو تصویر اور نقوش کے چارون طرف
مصور کھینچتے ہین – آرایش سنوارنا –
پرواز – ف – اوڑنا شکار کرنا –
پروز – ف – بفتح اول و سکون
دوم و فتح واو آخرین زاء معجمہ سنجاف
دامن وغیرہ کی
پرہیز – ف – بچنا گناہ یا کسی چیز سے
پریروز – ف – پرسون کا دن –
پُرس – ف – پوچھ –
پردیس – ہ – خلاف وطن
دار الغربت عربی –

پُرس – ہ – مقدار دم بلطی عربی –
پریدوش – ف – کل کی رات
شب گذشتہ –
پرکالۂ آتش – ف – پتنگا –
پرخاش – ف – لڑائی جھگڑا
دنگا دشمنی –
پردہ پوش – ف – بھید چھپانیوالا
پروش – ف – بروزن شرش
پھکسی –
پرستش – ف – عبادت پوجا –
پرسش – ف – پوچھنا –
پوچھ پاچھ کرنا –
پرورش – ف – پالنا حکمت علم
پریش – ف – بفتح اول و یاء
مجہول پریشان کر پریشان کرنیوالا –
پرستوک – ف – بالفتح ابابیل
مشہور پرند ہے –
پرستک – ف – بکسر اول و کسر ثانی
و سین مہملہ و ضم تا و کاف عربی ابابیل
پرچک – ہ – طرفداری حمایت
پُردل – ف – بہادر – سورما –
پرۂ قفل – ف – جھڑ –
پرتگال – ف – بالفتح فرنگیون کے
ملک کا نام ہے – ایک قسم کی شراب ہے
جو سات بار کھنچے ہو –

پر و بال – ف – پنکھ بازو – قوت –
پر بالی پیکر – ہ – موسے دیدہ فارسی
الشعر المنقلب عربی –
پرچم – ف – بالفتح جھنڈے کا
جھبا – پہاڑی گائے کی دم کے بال
مجازاً بمعنے زلف و کاکل کے آتا ہے –
پرسیم – ف – بالفتح و ضم سین مہملہ
خشکی جس سے روٹی بڑھاتے ہین
بلیتھن –
پریدن چشم – ف – آنکھ پھڑکنا
پرواز کردن – ف – اوڑنا –
پرچین – ف – بروزن پروین
کانٹون اور درختون کی شاخون
کی باڑھ جو چوگردا کھیت یا باغ
کے لگاتے ہین – کسی چیز مین مضبوط
میخ گاڑنا –
پریشان – ف – بفتح اول و یاء مجہول یا
معروف بکھرا ہوا – پراگندہ مصیبت زدہ
پُرسان – ف – پوچھنے والا –
پرانیدن – ف – اُڑانا –
پرنیان – ف – بالفتح پھولدار
چینی اطلس –
پرسیم آلودن – ف – خشکی لگانا
پرویزن – ف – چھلنی جسمین آٹا
چھانتے ہین – غربال عربی –

پروین۔ ف۔ بالفتح چھ ستارے ملے ہوئے ہین۔ ثریا۔ عربی۔
پرن۔ ف۔ ثریا چھ ستارون کا جھمکا۔
پری خوان۔ ف۔ جادوگر جھوجھکا کرنیوالا۔ عامل۔
پردہ کشیدن وبرگرفتن۔ ف۔ پردہ اٹھانا۔
پردہ افگندن و انداختن۔ ف۔ پردہ ڈالنا۔
پریدن۔ ف۔ گھمنڈ کرنا۔ اڑنا۔ بدن کا پھڑکنا۔
پرداختن۔ ف۔ بالفتح مشغول ہونا۔ سجا بجانا۔ خالی ہونا۔ سنوارنا۔ تمام ہونا۔ انجام کو پہونچنا۔
پرہ بستن۔ ف۔ پرہ باندھنا۔
پردہ نشین۔ ف۔ عورت جو مردون سے چھپے۔
پرسون۔ ہ۔ جو دن کہ روز گزشتہ کے پہلے گذر گیا ہو۔ پریر فارسی۔ قبل الامس عربی اور جو روز کہ آئندہ روز کے بعد آنیوالا ہو۔ پس فردا۔ فارسی۔ بعد الغد عربی۔
پرو۔ ف۔ بالفتح ثریا جھمکا۔
پرستو۔ ف۔ بکسر اول وکسر ثانی وسکون سین مہملہ وضم تاء فوقانی ابابیل مشہور چڑیا ہے۔
پرتو۔ ف۔ بفتح اول روشنی۔ روشنی۔ کرن۔ عکس۔ پرچھائین۔
پرمیو۔ ف۔ بالفتح سوزاک۔
پرخو۔ ف۔ بالفتح بخاری گھر کے کسی کونے مین کچھ بنادین کہ اوسمین غلہ رکھا جاوے۔
پرزدہ۔ ف۔ شافہ جسکا معرب فرزجہ ہے کپڑا جسمین دوا لگا کر انگلی یا پیشاب یا پاخانہ کے مقام پر رکھین۔
پری زدہ و پری گرفتہ و دیوزدہ و دیوگرفتہ۔ ف۔ آسیبی۔
پرسہ۔ ف۔ بالضم پرسا ماتم پرسی میت کے وارثون کو دلاسا دینا۔ تعزیت عربی۔
پرہودہ۔ ف۔ سخن بیہودہ۔
پرقازہ۔ ف۔ مو قلم مصورون کا قلم پر کا قلم۔
پروانہ۔ ف۔ نام ایک جانور کا ہی جسکو ہندی مین پتنگا کہتے ہین اور پروانہ بمعنے حکمنامہ حکم جو کسی حاکم کی طرف سے اونکے ماتحتون کو لکھا جاتا ہے۔ جیسے پروانہ جاگیر پروانہ تنخواہ۔ پروانہ راہداری پروانہ نوکری۔ پروانجات اسکی جمع ہے۔
پرکالہ۔ ف۔ بالفتح ٹکڑا حصہ پارچہ۔
پرستہ۔ ف۔ لونڈی۔
پرگنہ۔ ف۔ بفتح اول چند دیہات کہ انسے مالگذاری لین مگر اب اوس قصبے یا موضع کو کہتے ہین کہ کئی گانو اوسکے متعلق کیے جاوین۔ پرگنہ ایک مرکب خوشبو ہے۔ ارگجہ ہندی۔
پرہیزانہ۔ ف۔ پرہیزی کھانا۔
پرستارزادہ۔ ف۔ لونڈی بچہ۔
پردازدہ و پرازدہ۔ ف۔ بفتح باء فارسی وفتح زاء معجمہ و دال مہملہ آٹے کا پیڑا۔
پروہ۔ ف۔ ستارے ثریا کی جھمکا۔
پرزہ۔ ف۔ بضم صوف جو دوات مین ڈالتے مین ٹکڑا چیتھڑا پرزہ زن پرزہ۔ شیاف دوا جو آنکھ یا مقعد مین لگا دین۔
پردہ۔ ف۔ حجاب وستر عربی پردہ چک چلمن کپڑے کا پردہ تبتے اورت کہی آتا ہی ملو رجو پیتل چاندی وغیرہ کا بنا کر طنبورہ وغیرہ پر باندھتے ہین۔ مقامات موسیقی۔
پرہ۔ ف۔ بالفتح وتشدید ثانی

صفت لشکر اردوے ہندی مین مخفف
راستعمل پر خفیف عزلی سگھانس کی
ٹٹی یقفل کی جھجر - گراری کنوین کی -
پرونده - ف - بالفتح گٹھری -
پرنده - ف - حیوان جانور پرواز
طائر عربی - مرغ بھی فارسی پکھ -
پکھیرو ہندی -
پرہازه - ف - سوختہ جسکو
چقمک پتھری مین لگا کر آگ سلگاتے ہین
پرچہ - ف - ٹکڑا حصہ -
پرورده - ف - پالا ہوا -
پری - ف - بالفتح اول ویاے معروف
مطلق جن مرد ہو خواہ عورت مگر
اردوے ہندی مین جن کی عورت کو
کہتے ہین جنیہ عربی اور مطلق خوبصورت
چیز کو بھی کہتے ہین اور بیاے مجہول فارسی
مین بہتنے گذرے ہوئے دن یعنی
پرسون کے آتا ہے اور ایک کپڑے کا
نام ہے مخمل کی طرح ہوتا ہے -
پریخوانی - ف - افسونگری عزیمت
خوانی - جھاڑ پھونک -
پرده عنبی - آنکھ کے سات طبقون
مین سے تیسرا طبقہ ہے -
پرده زنبوری - ف - جالیدار
مکان وہ جالیدار کپڑا جسکو عرب

وعجم کی عورتین منھ پر ڈالتی ہین -
پرده بازی - ف - مرادف شعبدہ بازی
پرپائی - ف - پاموز کبوتر -
پرافشانی - ف - ترک علائق کرنا
پردگی - ف - پرده نشین پوشیدگی
دربان - چوبدار -
پراگندگی - ف - تتر بتر ہونا -
پھیلنا -
پرسیدگی - ف - لائق پوچھنے کے
پرواری - ف - موٹا تازه -
چربی دار -
پروانگی - ف - اجازت -
پره بینی - ف - نتھنے کا پرده -
پریشانی - ف - پراگندگی -
پرچھی - ہ - بالفتح اول خرجی جسمین
اسباب بھر کر گھوڑے وغیرہ جانور کی
پیٹھ پر لادین - خرج عربی - بار دان
خرجین فارسی -
پردادی - ہ - باپ کے دادا کی
بی بی جدة الاب عربی جده پدر فارسی
پردے کی بی بی - ہ - عورت
پرده نشین - مخدره عربی -
پردیسی - ہ - مسافر - غریب
ابن السبیل عربی غربت زده فارسی
پرگیری - ہ - تیر مین پر لگانا -

ریش السہم وقذه عربی پر تیر فارسی -
پرتالی - ہ - گھوڑے کے دونون
سرینون کے درمیان مین جو ایک فاصلہ
طیاری و فربہی کا پیدا ہو جاوے -
ناو کفل - فارسی -
پرچھتی - ہ - پھونس کی ٹٹی بنا کر
برسات مین دیوارون پر ڈالتے ہین
تاکہ دیوار پانی سے بھیگ کر نہ گرے

باب بای فارسی مع رای ہندی

پڑاو مارنا - ہ - بفتح اول دشمن
کی فوج پر چھاپا مارنا - اگر رات کو
چھاپا مارین تو اوسکو شبخون فارسی
اور تبییت عربی مین اور اگر دن کو
ہو تو روزخون فارسی مین کہتے ہین
پڑھانا - ہ - کسیکو پڑھنے کی ترغیب
کہنا - اقرا عربی اور کسیکو کچھ سکھانا
تعلیم عربی - آموختن فارسی - اور
کسیکو سبق دینا - تدریس عربی - درس
دادن فارسی - کسیکو کسی امر مین
ہوشیار اور آگاه کر دینا -
پڑھا لکھا - ہ - قابل و خوانده آدمی
پڑھنا - ہ - خواندن فارسی
قراءة عربی - علم سیکھنا
تعلم عربی - آموختن فارسی
اور کسی سے سبق لینا -

درس عربی - درس گرفتن فارسی -

پڑیا - ہ - بضم اول کاغذ کا ٹکڑا جسمین کوئی تھوڑی چیز رکھکر لپیٹتے ہین تکلشتہ - فارسی -

پڑارا - ہ - بڑی پڑیا جسمین بہت سی چیز رکھیں -

پڑا پانا - ہ - کیسی گری پڑی چیز کا مل جانا کیسی چیز کا مفت ملنا -

پڑاقا - ہ - آتشبازی کی قسم سے ہے - اور پٹاخا بھی کہتے ہین

پڑا لگڑا - ہ - شخص بے حقیقت ذلیل -

پڑجانا - ہ - لیٹ جانا -

پڑھیت - ہ - منتر پڑھنا -

پڑا سے کی گوٹ - ہ - وہ گوٹا جسمین دو طرح یا کئی طرح کے رنگ کا کٹرا لگا ہو -

پڑوس - ہ - بفتح اول جوار عربی - ہمسایگی - فارسی -

پڑوسن - ہ - وہ عورت جو ہمسایہ مین رہتی ہو - زن ہمسایہ فارسی جارہ عربی -

پڑاو - ہ - جہان لشکر اوترے لشکرگاہ - فارسی معسکر عربی اور جس جگہ قافلہ یا سوداگر اوترین اوسکو عربی مین محط القافلہ اور فارسی مین فرودگاہ قافلہ و کاروان کہتے ہین -

پڑوسی - ہ - ہمسایہ جار و جارہ عربی -

باب بار فارسی مع زار معجمہ و زار فارسی

پژوہش - تلاش کھوج لگانا

پزشک - ف - بکسر مین و کسر ثانی زار معجمہ و ساکن شین معجمہ کاف عربی طبیب - بید - ڈاکٹر

پژمان - ف - بفتح اول و ضم زار فارسی بیرونی سے مرجھایا ہوا

پژبان - ف - بالضم آرزو و خواہش

پژاوہ - ف - بالفتح اوا مٹی کے برتنوں کے پکانے کا اور اردو سے ہندی مین پجاوہ اوسکو کہتے ہین کہ جہان اینٹین پکائین کورۂ آجرپزی - کورۂ الفخار عربی -

پژولیدہ - ف - بکسر اول و زار فارسی - پریشان کیا ہوا -

پژمردہ - ف - بکسر اول و میم مضموم مرجھایا ہوا کمھلایا ہوا بیرونق

پژناک - بالفتح بھی آتا ہے -

پژشکی - ف - طبابت پیدکی ڈاکٹری -

باب بار فارسی مع سین مہملہ

پس فردا - ف - پرسون -

آیندہ روز - بعد الغد عربی -

پسنہارا - ہ - بکسر اول جو مرد غلہ کو پیسے - طحان عربی آسیاکش و آردگر فارسی -

پسینا - ہ - بفتح اول نمی کہ مسامات سے بدن پر نکل آتی ہے عرق عربی - خوے فارسی -

پسیجانا - ہ - کسی پر عاشق ہو جانا یا کسی چیز کا پس جانا -

پسرنا - ہ - لیٹ جانا عورت کا مرد کے آگے پڑ جانا -

پسیجنا - ہ - ہاتھون مین پسینے کا نکلنا - ترس کھانا -

پسینے پسینے ہو جانا - ہ - بہت پسینے کا آنا کسی بات سے شرمندہ ہو

پسترپس فردا - ف - اترسون

پست - ف - بالفتح نیچا - کمتر بالکسر ستو -

پسا دست - ف - ادھار قرض

پسوج - ف - بفتح اول و ضم واو معروف و فتحہ اول -

پسند - ف - خوشی رنجیدہ -

پسر - ف - لڑکا - بیٹا -
پسندر - ف - بروزن سکندر - سوتیلا بیٹا -
پس پریروز - ف - اترسوں -
پس خیر - ف - پہلوان کا وہ شاگرد جسکو سب کے بعد استاد زور دلاتا ہے - پٹھا -
پس - ف - بالفتح تب - تو - پہلے آخرش - پیچھے - بالضم پسر لڑکا -
پس و پیش - ف - سوچ بچار - دھکم پکڑ -
پس ہنگ - ف - چنداول پچھلی فوج - پچھلا لشکر -
پستان - ف - چوچی - چھاتی -
پسین - ف - پچھلا -
پس رو - پیچھے چلنے والا -
پستو - ہ - بکسر اول جانور کا نام ہے جوں سے چھوٹا کیک فارسی برغوث عربی -
پسیو و پلپساد - ہ - گرم پانی جو چاول کے جوش اور نیم پخت ہونے کے بعد نکالیں - سر جوش فارسی نوارہ عربی -
پسندہ - ف - بالفتح اول ثانی ایک قسم کا کباب ہے -

پستہ - ف - بکسر اول مشہور میوہ ہے اور بالفتح اول ٹھگنا - ٹھگنا - کوتاہ قد -
پس آوردہ - ف - وہ لڑکا جو عورت پہلے خاوند کا اپنے ساتھ لا وے -
پس افگندہ - ف - گوبہیٹ وہ چیز جو خرچ میں سے کسی وقت کے واسطے بچا رکھیں کہ ضرورت کے وقت کام آوے - جھوتی -
پسندیدہ - ف - بفتحتین برگزیدہ -
پس خوردہ - ف - جھوٹا - بچا ہوا کھانا -
پسائی - ہ - بکسر اول جو اجرت آٹا پیسنے کی دیں - برگہ عربی -
پسنہاری - ہ - جو آٹا پیسنے کا پیشہ کرے - طحانہ عربی - آردساو آردگر فارسی -
پسلی - ہ - بالفتح اول پہلو کی ہڈی - وند فارسی - ضلع عربی -

باب باء فارسی مع شین معجمہ

پشتک مارنا - ہ - بضم اول گھوڑے کا دولتی مارنا - جفتہ زدن فارسی -
پشیمان ہونا - ہ - خجالت و ندامت عربی - پشیمان شدن فارسی -
پشت خار - ف - لوہے یا پیتل یا سینگ یا دانت وغیرہ کا آدمی کے ہاتھ کے پنجے کی شکل پر بنا ہوتا ہے اوس سے پیٹھ کھجلاتے ہیں -
پشیز و پشیزو - ف - دمڑی پیسہ پائی - سکہ - قلب -
پشت انداز - ف - کوئی گانٹھ -
پشک - ف - بالکسر و بالضم و کاف عربی بکری و چوہے وغیرہ کی مینگنی -
پشتک - ہ - بالضم گھوڑے گدھے وغیرہ کی دولتی -
پشکال - ف - بالضم برسات کا موسم -
پشکل - ف - بالکسر و کاف عربی مکسور مینگنی بکری کی چوہے وغیرہ کا گوہ -
پشم - ف - ساون -
پشیمان - ف - شرمندہ پچتانیوالا خجل نادم عربی - شرمسار فارسی -
پشت پا زدن - ف - ٹھوکر مارنا -
پشت دادن - ف - بھاگ جانا -
پشتیبان - ف - سہارا دینے والا مددگار - لکڑی جو دیوار کے

استحکام کے لیے کھڑی کریں
لزاز عربی - جو لکڑی تخت مین تختون
کی مضبوطی کے لیے لگاوین اوسکو
عربی مین شجار کہتے ہین —
پشم دین - ف - یہ حقارت کے
وقت اکہتے ہین —
پشت پناہ - ف - حامی —
پشتہ - ف - بالضم دیوار کا پشتہ
اطارۃ البیت عربی - تودہ ٹیلا
پشت مازہ - ف - ریڑھ کی ہڈیان -
پشمینہ - ف - اون کا کپڑا -
پشتارہ - ف - گٹھا -
پشتوارہ - ف - پوٹ - بوجھ
گٹھا - پشتارہ اسکا مخفف ہے -
کسی چیز کا ڈھیر - کہ ہاتھ سے
نہ اوٹھ سکے —
پشہ - ف - مچھر —
پشتون سے - ھ - ابا عن
جد عربی زاد برزاد فارسی - اور اگر
بجاے سی کے تک کہین تو لڑکون
سے لڑکے مراد ہونگے - نسلاً بعد نسلٍ
وبطنا بعد بطن عربی - تخمہ در تخمہ
فارسی —
پشیمانی - ف - پچھتاوا -
پشتبانی - ف - [illegible] تائید - [illegible]

باب بار فارسی مع فاء

پف - ف - بالضم منہ بند کرکے
زور کے ساتھ ہوا نکالنا - پھونک
پفو - ف - بالفتح ہوا نکالنا -

باب بائے فارسی مع کاف عربی

پکا - ھ - پختہ و رسیدہ فارسی
مطبوخ و نضیج عربی - اور بمعنے پختہ
راے کے بھی آتا ہے - نضیج الراے -
عربی - پختہ کار - فارسی کنایہ ہوشیار
و جہاندیدہ آدمی سے ہے —
پکانا - ھ - بفتح اول انضاج و طبخ عربی
پکنا - ھ - گوشت وغیرہ کا پکنا
نضج عربی - اور کسی پھل یا میوہ کا پکنا
رسیدن فارسی اور چونے کا
پانی ڈالنے کے بعد پھٹ پھٹ جانا
پکا پیپا - ھ - مرد چالاک ہوشیار
یہ عورتون کی زبان پر جاری ہے -
پکار کے کہنا - ھ - چلا کے
کوئی بات کہنا - جہر عربی - اور
چیخ کے کہنا - علن عربی برہنہ
حرف زدن و فاش گفتن فارسی
پکڑے جانا - ھ - مجرمون کا
گرفتار ہونا —
پکی کرنا - ھ - پکا وعدہ لینا —

پکار - ھ - تلاش و جستجو -
پکڑ دھکڑ - ھ - گنہگارون کی
گرفتاری -
پکڑ - ھ - بات کی گرفت و دو پہلوانون کا
کشتی لڑنا -
پکوان - ھ - پوریون وغیرہ
کی قسم سے جو کچھ گھی یا تیل مین
تلا جاوے —
پکنہ - ف - بفتح اول و سکون
ثانی پستہ قد موٹا آدمی -
پکھیرو - ھ - جانور پرندہ طائر
عربی پرندہ فارسی —

باب بائے فارسی مع کاف فارسی

پگڑی باندھنا - ھ - بفتح
اول دستار کو سر پر باندھنا -
تعمم عربی -
پگڑی رکھنا - ھ - دستار کو
سر پر رکھنا - وضع العمامۃ عربی
پگڑ - ھ - بہت بڑی پگڑی -
پگ - ھ - بڑی پگڑی —
پگاہ و پگہ - ف - دونون مین
فتح اول اور کاف فارسی [illegible]
پگڑی - ھ - دستار فارسی
عمامہ عربی —

باب بار فارسی مع لام

پلا – ہ – بالکسر کتے کا بچہ جرو عربی
سگ بچہ فارسی بالفتح سر یا پیٹھ کا
بوجھ بار پشت فارسی حمل عربی
اور قینچی کا ایک پلہ مطرحیفت مقراض
فارسی جلم عربی پلا دری
فارسی تحد عربی - او تیر پرتاب
حد ہو پہنچنے تیر کو کہتے ہیں - مسافہ سہم
عربی دوشالہ کا کنارہ - ٹوپی کا پلا
دونوں ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا -
ترازو کا پلڑا -

پلٹنا - ہ - بکسر جون کی جگہ لسبب
دلاوری کے چلے جانا - بالفتح
پرورش پانا -

پل پڑنا - ہ - بکسر اول لڑائی
کے وقت یکایک کسیکے پاس فساد
کی نیت سے آجانا - ہجوم عربی -

پلپلانا - ہ - پوپلے کا کسی چیز کو
منھ میں رکھکر مسوڑھون سے
دبانا یا کسی شخص کا کسی سخت چیز کا
جیسے ڈلی وغیرہ کو منھ میں رکھنا
تاکہ نرم ہو کر بآسانی حلق سے اتر جاوے

پلڑا - ہ - بفتح پلہ ترازو فارسی
رکفہ عربی -

پلک لگنا - ہ - غنودگی کا آجانا
فرہ بر فرہ خوردن فارسی انطباق
الاشفار عربی -

پلک مارنا - ہ - چشم زدن فارسی
کرفتہ العینین عربی -

پلیتھن لگانا - ہ - آٹے کی
پیڑے میں خشکی لگانا تاکہ
ہاتھ میں نہ چپٹے - تدقیق عربی -
پرسم آلودن فارسی -

پلوٹھی یا پلیوٹھی کا لڑکا - ہ -
جو لڑکا پہلے پہل پیدا ہو -

پلید - ف - ناپاک - پلیجہ پلیدہ

پلک نواز - ہ - باریتعالی
کی صفت ہے یعنی ایک دم میں مالامال
کر دیتا ہے -

پلاس - ف - بالفتح ٹاٹ ڈھاک
کا درخت جسکے پھول کو ٹیسو کہتے ہیں
موٹا کھدڑ پشمینہ - کمل - گزی
موٹا سوتی کپڑا - کم قیمت -
موٹی جاجم بچھانے کی - سمجھنے
مکر و حیلہ کے بھی آتا ہے -

پلک - ف - بفتحتین آنکھ کے
پردہ کے بال - بکسر اول و سکون
ثانی پپوٹا

پلارک - ف - بالفتح تلوار
وغیرہ کا جوہر -

پلنگ - ف - بفتحتین ایک درندے
کا نام ہے - جو لوگ پے کو مکسور اور
لام کو مفتوح پڑھتے ہیں اور اسکو
چیتا سمجھتے ہیں یہ غلط ہے کیونکہ
چیتا دوسرا جانور درندہ ہے جسکو یوز
کہتے ہیں - اور پلنگ وہ درندہ ہے
جسکو عربی میں نمر کہتے ہیں اور
چارپائی جسپر سوتے ہیں -

پل - ہ - بضم اول دریا یا پانی
وغیرہ پر راہ بنی ہوتی ہے جسپر سے
آدمی اترتے ہیں - قنطرہ عربی -
اور کبھی تختون اور ناؤن سے
بناتے ہیں - اوسکو عربی میں جسر
کہتے ہیں - پلیسہ مچھلی کی پیٹھ کا چھلکا
اور ہندی میں پل بالفتح ساٹھواں
حصہ درجہ کا ہے جسکو عربی میں دقیقہ
کہتے ہیں -

پلخم - ف - بفتح بار فارسی گوپھن

پلکان - ف - بالکسر و لام مشدد
مفتوح سیڑھی لکڑی کا زینہ -

پلوان - ف - بضم بار فارسی و
سکون لام کھیت کی مینڈ -

پلخمان - ف - بفتح بار فارسی
گوپھن -

پلیتھن - ہ - بفتح اول سوکھا آٹا

جسکو خشکی بھی کہتے ہین آٹے کے
پیڑے مین لگاتے ہین تا کہ گیلا آٹا
ہاتھ مین ممپٹ نجاوے۔ لواش عربی۔
پرسم فارسی۔
پلاو۔ ف۔ بالفتح مشہور کھانا ہے
نعمت اور پے کو پیش غلط ہے۔
پلہ۔ ف۔ بفتحتین وتخفیف لام در خت
ڈھاک کا۔ اور بالفتح وتشدید لام
بمعنے درجہ مرتبہ ترازو کا پلڑا سیڑھی
کا پایہ۔
پلہ چفتہ۔ ف۔ گلی ڈنڈا۔ چنانچہ
پلہ چھوٹی لکڑی اور چفتہ بڑی لکڑی
پلیتہ۔ ف۔ بتی چراغ کی۔ اور
بندوق چھوڑنے کا توڑا۔
پلوندہ۔ ف۔ بالفتح گٹھری۔
پلغشہ۔ ف۔ بفتحتین وسکون فا
چنگاری۔
پلیچی۔ ف۔ بالضم وجیم فارسی
کوڑی ہے۔
پلنگڑی۔ ہ۔ چھوٹا پلنگ۔

باب بارِ فارسی مع نون

پنجپا۔ ف۔ کیکڑا۔
پنج وقتا۔ ف۔ کنایہ نماز پنجگانہ
سے ہے۔
پنجہ کرنا۔ ہ۔ مشہور ہے۔ پنجہ کردن
فارسی۔ مشابکہ عربی۔
پنجہ لیجانا۔ ہ۔ پنجہ کرنے مین حریف پر
غالب آنا۔ پنجہ بردن فارسی۔
پنچورا۔ ہ۔ بفتح اول ایک ظرف
ہے کہ اوسکے نیچے ایک چھید ہوتا ہے
پس جسوقت کہ اوسکے سر کو بند کر لیتے ہیں
تو نیچے کے سوراخون سے
پانی ٹپکنے لگتا ہے۔ سراقہ عربی۔
آب دزدیدن فارسی۔
پنجا۔ ہ۔ بفتح اول پنجشاخہ جسپر
فلیتے لگا کر روشنی کرتے ہین اور
ایک لکڑی مین پنجشاخہ لگاتے ہیں
اور اوسی سے کسان اناج کو
سمیٹتے ہین۔ اور پھیلاتے ہین
تا کہ دانہ الگ ہو جاوے اور
بھوسا اوسکی حرکت سے اوڑ کر الگ
ہو جاوے۔ چنک فارسی۔ مخشم
عربی۔ پنجا کسی بڑے جانور کی پسلیان
جیسے حلال خور گوہ وغیرہ اوٹھاتے ہیں۔
پنکھا۔ ہ۔ بفتح اول مشہور ہے
بہت طرح کا ہوتا ہے۔ دستی کو عربی
مین مروحہ۔ اور فارسی مین بادکش
اور بادزن وبادبیزن کہتے ہین۔ وہ
بڑا پنکھا جو چھت مین لٹکا ہوتا ہے
اوسکو عربی مین خیش کہتے ہین۔
سقفی پنکھے کا موجد ہارون رشید ہے۔
پنواڑا۔ ہ۔ افسانہ۔ کلام طول طویل۔
پنکھیا۔ ہ۔ چھوٹا پنکھا۔ اور ایک
چھوٹا سا پردار جانور ہے۔ چراغ اور
شمع کا عاشق ہے۔
پنیروالا۔ ہ۔ پنیر فروش فارسی
جُبّان عربی۔
پنپنا۔ ہ۔ دبلے کا موٹا تازہ ہونا۔
پنڈا۔ ہ۔ تن بدن یہ محاورہ
عورتون کا ہے۔
پنڈا پکا ہونا۔ ہ۔ تحقیق بچا کا ہونا
پن کپڑا۔ ہ۔ جس کپڑے کو پانی
سے بھگو کر زخم پر باندھین۔
پنج نوبت۔ ف۔ پانچ وقت کی
نوبت۔ جو امیرون کے دروازے پر
بجائی جاتی ہے۔ یہ سلطان سنجر کے
زمانہ سے مقرر ہوئی ہے۔ پانچ وقت کی
اذان اور مراد پانچ باجون سے بھی
ہے۔ ڈھول۔ تاشا۔ شہنائی۔
دھونسا۔ نقارہ۔
پنچایت۔ ہ۔ بفتح اول وہ حکم
جو حکم درمیان دو شخصون کے کسی
جھگڑے کے وقت دیں۔ حکومت
عربی۔ داوری فارسی۔
پنیا سوت۔ ہ۔ جس تانا ابدین

پانی زمین سے نکلے۔
پنج گنج۔ ف۔ حواس خمسہ
پنجوقتہ نماز۔
پنچ۔ ہ۔ بفتح اول جو درمیان دو آدمیون کے فیصلہ کرے حاکم وحکم عربی داور فارسی۔
پند۔ ف۔ نصیحت بھلی بات۔
پنج وچہار۔ ف۔ نو طبق آسمان یا حواس خمسہ۔ اور اربعہ عناصر
پندار۔ ف۔ غرور سمجھ اٹکل۔
پنیر۔ ف۔ مشہور چیز ہے جیکو ...
پنجر۔ ف۔ مخفف پنجرہ کا ہے ایک چیز جالیدار ہوتی ہے جسمین جانور رکھتے ہین قفص وقفس عربی کونجان فارسی۔ کٹہرا لکڑی کا جسمین درندے جانور رہین۔ یا کابک کبوترون کی۔
پنڈ کھجور۔ ہ۔ بکسر اول خرمای تر فارسی رطب عربی۔
پنبہ دوز۔ ف۔ گدڑیا جو پرانے کپڑے سیئے۔
پنجروزہ۔ ف۔ تھوڑی مدت جیساکہ کہتے ہین کہ دنیا پنجروزہ ہے۔ پنج روز اسواسطے کہتے ہین کہ آدمی ایام ہفتہ مین ایک روز پیدا ہوتا ہے اور

ایک دن مرجاتا ہے۔ اب پانچ دن ہفتہ مین باقی رہے یہی ایام عیش کے ہین۔
پنگ۔ ف۔ بکسر بار فارسی وکاف فارسی چٹکی۔
پنبہ دہان۔ ف۔ کم گو۔ کم سخن
پنگان۔ ف۔ بالکسر وکاف فارسی گھڑی کا کٹورا جسکی پیندی مین سوراخ ہوتا ہے جسکو پانی مین ڈالکر گھڑی کا اندازہ کرتے ہین
کٹوری۔ پیالی۔ تھال۔ پیالہ۔
پنج ارکان۔ ف۔ پانچ ارکان اسلام کے۔ یعنی کلمہ۔ نماز۔ روزہ حج۔ زکوۃ۔
پنہان۔ ف۔ چھپا ہوا۔
پنجہ کردن وزدن۔ ف۔ پنجہ کرنا۔
پنجہ در پنجہ زدن۔ ف۔ پنجہ کرنا
پنجہ بردن وتافتن۔ ف۔ پنجہ لینا
پنبہ زن۔ ف۔ دہنیا۔
پنجگاہ۔ ف۔ پانچ وقت کی نماز۔ حواس خمسہ۔
پنجاہ۔ ف۔ بفتح پچاس ۵۰۔
پنبہ۔ ف۔ بالضم وبالفتح روئی۔
پنبہ زدہ۔ ف۔ روئی کا گالا۔

پنبہ دانہ۔ ف۔ بنولا۔
پناہ۔ ف۔ بچاو بچنے کا ٹھکانا
پنجہ۔ ف۔ چنگل۔
پنجشنبہ۔ ف۔ جمعرات کا دن
پنجرہ۔ ف۔ جھروکا۔ قفص۔
پنتھہ۔ ہ۔ پیشہ حرفہ۔
پنجپایہ۔ ف۔ کیکڑا۔
پنبکی۔ ف۔ پنبی۔
پنبی۔ ف۔ روئی دار کپڑا قطنی عربی۔ پنبکی فارسی۔
پنجری۔ ہ۔ چھوٹا پنجرا جسمین چڑیمار شکار کرکے جانورون کو پھیرا بھٹکی مشہور عربی۔ قفص صیاد فارسی
پنڈلی۔ ہ۔ بالکسر ساق عربی۔ کلک پا فارسی۔
پنساری۔ ہ۔ جو دوا بیچے گرم زمانے مین جو ہندو دوا بیچتا ہے اوسکو پنساری اور جو مسلمان دوا بیچتا ہے اوسکو عطار کہتے ہین اگر کوئی شخص مسی سرمہ اور دوا دارو گلی گلی بیچتا پھرے اوسکو فارسی مین پیلہ ور کہتے ہین۔
پنچکی۔ ہ۔ جو چکی پانی سے چلتی طاحونہ عربی۔ آسیاب و آسیاے آب فارسی۔

پنڈُبّی — م — ایک جانور پرندہ ہی
پانی مین غوطہ لگا کر مچھلی پکڑ لاتا ہی —
بجز مچھلی کے اور کچھ نہین کھاتا ہے
غَطّاس عربی —
پنجیری — م — ایک چیز ہی کہ ردا
اور شکر اور سونٹھ وغیرہ کو ملا کر گھی سے
بھون کر شادی بیاہ مین بانٹتے ہین
پنکھڑی — م — پھول کی پتّی —
پنواڑی — م — جہان پان بکنے جاوین

باب بار فارسی مع واو

پوپا — مذ — دوڑنے والا دو اونٹ
پوپلا — م — جسکے دانت گر گئے ہون
اَدْرَدْ عربی دندان ریختہ فارسی —
پو پھٹنا — م — صبح کی روشنی کا
ظاہر ہونا صبح دمیدن فارسی —
فَلَق عربی —
پوتا — م — لڑکی کا لڑکا — سبط
وَلَدِ وَلَد عربی نواز اده — نبیره فارسی
اور تیلی مٹی جو دیوار پر پھیری جاوے
سیم گل فارسی —
پوٹا — م — چڑیون کا معدہ —
چینہ دان فارسی — حَوْصَلہ عربی —
پوجا — م — پرستش فارسی
عِبادت عربی —
پودھا — م — نونہال فارسی —
فَسِیْل عربی —
پورا — م — تام دوانی عربی کامل
مقدورت — وقوت —
پورا تولنا — م — کم نہ تولنا —
تَوفِیَہ عربی —
پوسالا — م — زبان بھاکھا مین
سبیل کو کہتے ہین جہان پانی پلایا جاوے
سِقایَہ عربی —
پولا — م — واو معروف دستگاہ
فارسی حُزمَۃُ التِّبن عربی —
پولا — م — واو مجہول نرم لچین —
پونکنا — م — پتلا پاخانہ آنا
تَلَطُّط عربی — رقیق ریدن فارسی
پوجنا — م — عبادت کرنا کسیکو
اپنا رو پسبے وجہ دیکرانا —
پوچھنا — م — بیمار پرسی کرنا کسیکی
جانب متوجہ ہونا —
پونی کرنا — م — روئی کو کاتنے
کے لیے بیٹنا —
پویون جانا — م — گھوڑے کی
چال چلنا —
پورب — م — مشرق عربی —
باختر فارسی —
پوپ — مذ — بضم بار فارسی
پرند کی چوٹی —
پوست — مذ — کوکنار و پوست
خشخاش — قشر الخشخاش عربی چھلکا
بدگوئی —
پوست تخت — مذ — مرگ چھالا
ہرن کی کھال کہ اکثر فقیر اپنے پاس
رکھتے ہین —
پوت — مذ — بواو مجہول کلیجا — احشا
پوٹ — م — پشتوارہ — فارسی
ضُبارہ عربی —
پورا بانٹے — م — پوری سبتے
تَضْحِیَہ وافیہ عربی —
پوچ — ف — بضم واو معروف بیہودہ
خالی — دو مغز — نالائق بیہودہ گوئی
پود — ن — بضم واو معروف بانا
تانا بانا —
پولاد — مذ — بواو مجہول فولاد ایک
قسم لوہا ہی —
پور — مذ — بروزن نور — پسر
لڑکا — بیٹا — اور بواو مجہول جوڑ
ہے انگلی وغیرہ کی دو نون پیوند
کا فاصلہ — انگلی کے تین ٹکڑون
مین ہر ٹکڑے کو پور کہتے ہین —
پوطہ وار — مذ — خزانچی تحویلدار
پوز — مذ — بضم بار فارسی چوپایہ
کا چہرہ — حیوانات کی ناک — تھوتھنی

پوزش - ف - عذر معذرت -
پوشش - ف - لباس کپڑے
پوش - ف - غلاف - زرہ - چوڑ
پوشاک - ف - لباس کپڑے
پوشک - ف - گربہ - بلی -
پول - ف - سپاری - ڈلی
پول - ف - پیسہ - دریا کا پل -
پوزمال - ف - رسی کا پھندا -
گھوڑے کے تھوتھنے پر رکھکر بل
دین تاکہ نعل باندھنے کے وقت
شوخی نکرین - لواشہ فارسی -
پوستین - ف - چمڑے کا لباس
عیب - بدگوئی - ندامت -
پوست کندہ گفتن - ف - صریح
و برملا کہنا -
پو - ہ - سبیل -
پویہ - ف - دوڑنے کے قریب
ایک قسم کی گھوڑے کی چال ہے
نہ آہستہ نہ تیز - پوئی ہندی -
پوست کندہ - ف - صریح آشکارا
پوست تختہ - ف - برگ چھال
پودنہ - ف - پودینہ - بٹیر
پودینہ - ف - مشہور ہی نعناع
عربی -
پول سیاہ - ف - پیسہ -

پوشیدہ - ف - خلعت سرکاری
کا پھندا - جال ڈھکا ہوا -
پوڑہ - ہ - کسی گانون مین
کسی جگہ پھر چند آدمیون کا آباد
ہونا - معمورہ عربی -
پونچھ - ہ - دم ذنب عربی -
پوٹی - ہ - پوٹہ فارسی حب عربی
پوپلی - ہ - جس عورت کے
دانت گر گئے ہون -
پوٹلی - ہ - مشہور ہی عقدہ
عربی - گرابچہ فارسی -
پوری - ہ - آٹے کی ٹکیہ بناکے
گھی یا تیل مین تلتے ہین - چلپک
فارسی -
پوتی - ہ - بیٹی کی لڑکی حافدہ
عربی - نوادہ فارسی -
پونجی - ہ - تھوڑا اسا روپیہ یا
مال جس سے خرید فروخت کاروبار
کرے - مایہ - سرمایہ - فارسی -
راس المال عربی -
پونی - ہ - روئی کا فتیلہ سا
کاتنے کے لیے بناتے ہین - پاغند
فارسی -
پولی - ہ - بضم بای فارسی و سکون
واو معروف گیہون - جو وغیرہ کی

کڑی خوشہ درخت رہ عربی کران
ولبندک فارسی -
پوائی - ہ - ایک پاپوش
پوستی - ہ - پوست پینے والا -

باب بای فارسی مع ہای ہوز

پھا - ف - چوڑائی - چوڑا -
پھاڑنا - ہ - بضم اول خرق و
تخرق عربی دریدن فارسی -
پھاڑ کھانا - ہ - کسیکو بہ نگاہ
غضب دیکھنا کسی سے غصے سے بولنا
پھانا و پھنی - ہ - وہ لکڑی
جسکو بڑھی تختہ وغیرہ کے شگاف
مین آرہ کشی کے وقت ٹھونکتے ہین
تاکہ آرہ جلدی جلدی چلے -
پھاندنا - ہ - بفتح اول بر جستن
فارسی وثوب - وطفرہ عربی -
پھانکنا - ہ - بفتح اول بکف
خوردن فارسی - اشتفاف عربی
پھاوڑا - ہ - بفتح اول آلہ آہنی
ہے کہ جس سے زمین اور عمارت کو
کھودتے ہین مسحاۃ عربی - کلند و
کلنگ فارسی -
پھپھوندی لگنا - ہ - بفتح
اول کسی چیز پہ سبزی سی لگنا
تکرج و لثغہ عربی - کرہ برآوردن

فارسی۔
پھپھولا۔ ہ۔ بفتح اول آبلہ فارسی۔ نفاخ و نفقطۃ عربی۔
پھٹکارنا۔ ہ۔ بکسر اول لعنت و ملامت کرنا۔ خسو عربی راندن فارسی
پھٹکنا۔ ہ۔ بفتح اول غلیل وغیرہ کے رودہ کے درمیان مین شو سے بتکر لگا دیتے ہین۔ یا تھوڑا چمڑا سی دیتے ہین اوسمین غلہ رکھکر مارتے ہین۔ تعین عربی۔ اور غلہ وغیرہ کو چھاج مین ڈالکر کوڑا کرکٹ اوس سے دور کرنا۔ نسق عربی۔ غلہ افشاندن فارسی
پھٹنا۔ ہ۔ کسی چیز مین شگاف پڑ جانا۔ انشقاق عربی۔ کفیدن فارسی۔ یا دودھ کا خراب ہونا۔ تفلق عربی۔ از ہم پاشیدن شیر فارسی
پھڑکنا۔ ہ۔ بفتح اول پریدن اعضا فارسی خلوج عربی کنایہ ہے کسی پر عاشق ہو جانے سے۔ بفتح اول کسی جانور پرند کا جال مین یا پکڑنے کے وقت تڑپنا اضطراب عربی یا کسی حلال کیے ہوئی جانور کا تڑپنا تشحط عربی۔
پھڑکنا و پھڑنا۔ ہ۔ بچے کا پیٹ مین جنبش کرنا ارتکاض عربی
پھرنا۔ ہ۔ بکسر اول گشتن فارسی طوف و سیر و دور عربی بکسر اول کہین سے جاکر پھر آجانا۔ باز آمدن فارسی رجوع و عود عربی۔ سفر سے اپنی جگہ پر واپس آنا۔ قفول عربی۔ از سفر باز آمدن فارسی۔
پھریرا۔ ہ۔ بفتح اول وہ کپڑا جو نشان مین باندھتے ہین علم عربی بیرق فارسی زخم کا ذرا ذرا خشک ہونا۔
پھریری لینا۔ ہ۔ بضم اول کسی جانور کا اپنے بدن کو جھاڑنا تنفش عربی کسیکی بدن کی بالون کا کھڑا ہو جانا۔
پھسلانا۔ ہ۔ بضم اول کسیکو فریب دینا۔ فریب دادن فارسی غرور و خدع عربی بکسر اول لغزیدن فارسی۔ استنزال عربی۔
پھڑیا۔ ہ۔ بضم اول چھوٹا پھوڑا۔ ریش فارسی۔ خراج و قرحہ عربی۔
پھسلنا۔ ہ۔ بکسر اول کیچڑ کے سبب پاؤن کا بہک جانا۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ زلل و زلق عربی
لخشیدن فارسی۔
پھنسنا۔ ہ۔ بفتح اول گرفتن استخوان در گلو فارسی نشوب عربی شکار کا دام مین آجانا علق عربی کسیکے عاشق ہونے سے کنایہ ہے اور تلوار کا میان مین اٹکنا۔ لحج عربی اور تیر کا کمان کے پیٹ مین پھنسنا عضلت لحامل عربی۔۔
پھنکنا۔ ہ۔ بفتح اول بول دان و کیمز دان فارسی۔ مثانہ عربی اور کسی کا جلنا۔
پہلا۔ ہ۔ نخستین اول۔
پھلڑا۔ ہ۔ بفتح اول تلوار جسمین قبضہ نہ لگا ہو۔ تیغہ فارسی نصل عربی
پھپھلا و پلپلا۔ ہ۔ بضم اول جو کوئی چیز کسی چیز مین خوب بھولنسم ٹھوس بھری ہو متخلخل عربی
پھل کھانا۔ ہ۔ برخوردن فارسی۔ نقلہ عربی۔
پھل لگنا۔ ہ۔ بارآوردن درخت فارسی اثمار عربی۔
پھلی پڑنا۔ ہ۔ آسیفہ انزال عربی بیشتر تگل افتادن فارسی۔
پھونچا و پہنچا۔ ہ۔ ساعد دست سے کہنی تک ساعد و زند عربی۔

پہونچنا و پہنچنا ہ - رسیدن فارسی
وصول و بلوغ عربی -
پہونچانا و پہنچانا - ہ -
رسانیدن فارسی ایصال و ابلاغ عربی
پھوٹ بہنا آنسو کا - ہ -
کسیکا زار زار رونا آنسوؤں کا جاری
ہونا - تبق عربی -
پھوٹ کر رونا - ہ - بہت رونا
پھوٹ بہنا پانی کا - ہ -
پانی کا توڑ کر نکلنا - انبثاق عربی -
پھوٹ ڈالنا - ہ - دو شخصون
مین جدائی ڈلوانا - تفریق عربی -
پھوٹ پڑنا - ہ - کنایہ ہے
دو شخصون مین نفاق ہونے سے
پھوٹنا - ہ - ٹوٹنا - انکسار عربی
شکستہ شدن فارسی کسی بھید کا
ظاہر ہوجانا - آبلے یا پھوڑے کا
ٹوٹنا - مرض جذام سے بدن کا پھٹنا
سیاہی کا دوسری جانب ظاہر ہونا
پھوٹنا - ہ - ٹوٹنا کسی ظرف کا
پھوڑا - ہ - دمل عربی - ... فارسی
پھوسڑا - ہ - ریشہ - ریزہ جامہ
فارسی - ... عربی -
پھولنا - ہ - کلی کا کھلنا شگفتن
فارسی تفتح عربی - اور سوجنا -

آماسیدن -
فارسی - انتفاخ عربی - غرور کرنا
آپے سے باہر ہوجانا -
پھونکنا - ہ - منہ سے پھونکنا
بدمن و میدن فارسی نفخ عربی -
جلانا - سوختن فارسی -
احراق عربی -
پھیپھڑا - ہ - شش فارسی ریہ عربی
پھیر دینا - ہ - کسی لی ہوئی چیز کو
واپس کرنا - بازدادن فارسی
رد عربی -
پھیر لانا - ہ - بازآوردن فارسی
استرداد عربی -
پھیر لینا - ہ - دی ہوئی چیز کو
پھیر لینا - رجوع عربی -
پھیکا - ہ - جس کھانے مین نمک
اور جو میوہ شیرین نہو بیمزہ ہو
تلخ فارسی - ... عربی - کنایہ ہے کسی
چیز کے بدرنگ و بے رونق ہونے کا
پھیلانا - ہ - واکردن جامہ
فارسی - بسط و مد عربی -
پھیلنا - ہ - پراگندگی فارسی
انتشار عربی -
پھینک دینا - ہ - کسی چیز کو ہاتھ سے
گرا دینا - ... و طرح عربی -

پھاڑ کاٹنا - ہ - کنایہ ہے کسی امر
دشوار کے کرنے سے -
پہاڑ کے پتھر ڈھونا - ہ - کمال
محنت و مشقت اور جفاکشی سے
کنایہ ہے -
پھانسنا - ہ - کسیکو فریب مین لانا
پھانسی دینا - ہ - کسی گنہگار
کے گلے مین سوت یا تانت وغیرہ
کا پھندا ڈالنا تاکہ گلا گھٹ کر دم
نکل جائے -
پھاہا - ہ - مشہور ہے اور پھایا
بجائے ہائے دوم کے یائے تحتانی
سے بھی بولا جاتا ہے -
پھبا - ہ - زیب دیا -
پھپسنا - ہ - بدن کا موٹا ہونا
اور درخت کا بڑھنا -
پھٹاکا - ہ - معاملہ کا یکسو ہونا
پھٹکنا - ہ - کسی مقام پر آمد و رفت کرنا
پھٹے مین پاؤن دینا - ہ -
کسی کام مین دخل دینا -
پھدپھدانا - ہ - بدن کے
کسی مقام پر دانون کا نکل آنا -
پھدکنا - ہ - جست کرنا -
پھر جانا - ہ - کسیکا کسی سے
برگشتہ ہوجانا - مول لی ہوئی چیز کا

واپس ہونا۔

پھانچڑی پھوڑنا۔ ہ۔ کوئی بات فساد انگیز کہکر دو شخصوں مین نفاق ڈلوانا۔

پھاٹکا۔ ہ۔ سبک اور چھوٹی روٹی

پھل کرنا۔ ہ۔ کسی کام مین سبقت کرنا۔

پھلنا۔ ہ۔ درخت کا بار آور ہونا کسی چیز کا مبارک ہونا اور دانون کا بشدت بدن پر نکلنا۔

پھلیندا۔ ہ۔ بڑی جامن۔

پھنکا۔ ہ۔ خشک چیز کا پھانکنا

پھول اترنا۔ ہ۔ پھول کا ٹہنی سے توڑنا۔

پھول پڑنا۔ ہ۔ شرارہ آتش کا کسی شی پر گر پڑنا۔

پھول جھڑنا۔ ہ۔ پھول کا ٹہنی سے گرنا۔

پھولنا پھلنا۔ ہ۔ درخت کا سرسبز ہونا۔ انسان کا خوشحال ہونا

پھویا۔ ہ۔ روئی کا فیتا جسکو دودھ مین بھگو کر بچے شیر خوارہ کو دودھ چوساتے ہین۔

پھرت۔ ہ۔ حرکت و گردش

پھنگیت۔ ہ۔ لکڑی پھینکنے کا

فن کا ماہر۔

پھندیت۔ ہ۔ جو ہاتھی کو پکڑا دے اور ہرن شکار کرادے اور پرانا پیر جو شکار کھیلنے کے وقت بوسے اور پیڑ جال مین اوسکی آواز سنکر پھنس جاوے۔

پہاڑ سی رات۔ ہ۔ بڑی رات

پھٹ و پھیل۔ ہ۔ یکہ و تنہا۔ فرد و طاق۔

پھٹپھٹ۔ ہ۔ جوتے کی آواز۔ دخدخہ عربی۔

پھپنٹ۔ ہ۔ شور و غل فصیح

پھوٹ۔ ہ۔ ایک چیز مشہور ہے۔ خیار دشتی فارسی۔ اور قثاء البر عربی۔ اور کنایہ جدائی و نفاق سے ہے۔

پہنا۔ درست۔ چوڑا۔

پھوہار و پھار۔ ہ۔ ہلکا ہلکا پانی برسنا۔ بندیاد کا ہونا۔ ژالہ فارسی رہمہ و طل عربی۔

پہر۔ ہ۔ بفتح اول دن یا رات کا چوتھا حصہ۔ پاس بھی فارسی ہے ربع النہار و ربع اللیل عربی۔

بکسر اول باز فارسی نعم عربی۔

پھنکار۔ ہ۔ سانپ کی سانس

قشت فارسی لحم و شحم عربی۔

پہاڑ۔ ہ۔ کوہ جبل و علم و طور عربی کنایہ ہے بڑی دلبنی اور سخت چیز سے۔

پھوہڑ۔ ہ۔ بی سلیقہ عورت خرقاء عربی۔

پھکڑ۔ ہ۔ پوچ بیہودہ بیجا

پھڑ۔ ہ۔ وہ جگہ جہان جواری بیٹھکر جوا کھیلتے ہین اور جہان کپڑا بچھایا جاتا ہے۔ اور جہان اینٹین بیچی جاوین۔

پھانس۔ ہ۔ لکڑی یا نرکا ریشہ جو انگلی وغیرہ مین لگ جاوے خس فارسی شظیہ عربی کنایہ رنج سے ہے۔

پھپھس۔ ہ۔ بڑا موٹا ابھرا ککڑی وغیرہ۔ بہت موٹی و پلپلی

پھاٹک۔ ہ۔ بڑا دروازہ رتج عربی

پھانک۔ ہ۔ خربوزہ۔

پھرا ککڑی وغیرہ کا ٹکڑا تراش ترکی۔ برین و برش فارسی قطعہ عربی۔

پھونک۔ ہ۔ پہنک فارسی آفت عربی کنایہ ہے دعا و افسون سے

نفع بدوا آسیب کو دفع ہونے کے
لیے کرتے ہین —
پھوگ — ہ — کسی چیز کا ثفل
عصیر عربی —
پھننگ — ہ — بالضم کونڑے
اور درخت کی پھنگی —
پھال — ہ — اوس لوہے کو
کہتے ہین کہ جسکو ہل کی لکڑی کے
سرے پر لگا کر اوس سے زمین کو جوتتے ہین
آہن گاو فارسی — سکہ عربی —
پھل — ہ — بار و بر و میوہ فارسی
حمل و ثمر و فائدہ عربی — اور پھل برون
خلل کسی کام کی ابتدا مین کہتے ہین
اور وہ بہنی روائی کے چوڑے
ٹکڑے پر بھی اطلاق ہوتا ہے —
پہلا پہل — ہ — نوبادہ و نوبر فارسی
باکورہ و بشکار عربی —
پھول — ہ — گل فارسی و زہرہ عربی
پھن چشم — ف — شوخ بیحیا —
پہلو تہی کردن — ف — کسی کام
سے کنارہ کرنا —
پھبن — ہ — زیبائش —
پہن — ف — بالفتح اول و سکون
دوم فراخ — چوڑا — پھیلاو —
پھاڑسا دن — ہ — بڑا دن
جیسے گرمی وغیرہ کا دن —
پھٹکن — ہ — افشانده فارسی
کساقہ عربی —
پھچن — ہ — بفتح بار فارسی
کفچہ مار فارسی — راس الحیہ عربی
پھسلن — ہ — لغزش فارسی
زلہ عربی —
پھین — ہ — کفک فارسی
زبد عربی —
پہلو — ن — بفتح اول و ثالث
ایک شہر کا نام ہے جہان سے پہلوی زبان
نکلی ہے — و لاور — بالدار
آدمی — اور بفتح اول و ضم لام
بیٹھا — اور سینہ کے دونون
طرف کی جگہ جنب عربی بفتح مدہ
پھیلاو — ہ — فراخی پہن فارسی
سعۃ عربی —
پھنو — ہ — نرہ کودک فارسی
زب الصبی عربی — لڑکے کے
پیشاب کا مقام —
بہ — ن — بالفتح خوشا — درتحسین
تحسین کا کلمہ ہے —
بہ بہ — ہ — بالفتح ہر دو بار فارسی
واہ واہ — کلمہ تحسین کا ہے
پھسلنی جگہ — ہ — لغزشگاہ
فارسی مزلۃ عربی
پہلوی — ن — ایک فارسی زبان کا
نام ہے منجملہ سات زبانون کے
پہنائی — ف — چوڑائی —
پہاڑی — ہ — کوہچہ فارسی —
قرب عربی —
پھاندی — ہ — لبتہ نی وبندنی فارسی
طنۃ عربی — بندنیشکر فارسی —
قصب السکر — وحزمہ عربی —
پھانسی — ہ — پھندا جو راہزن
مسافرون کی گلی مین ڈالتے ہین
گلوکش فارسی — خناق عربی — اور
جو مجرمون کو دیجاتی ہے جس سے گلا گھٹ جاتا ہے
پھاوڑی — ہ — ایک آلہ کا
نام ہے — کہ جس سے خاکروب
کیچڑ مٹی وغیرہ زمین سے کھرچ
کے اوٹھاتے ہین — پاروب
فارسی — مجراب عربی —
پھپھوندی — ہ — ایک چیز ہے
کہ روٹی اور شراب کی سطح اور
سرکہ وغیرہ پر لگ جاتی ہے —
کرہ وشیپچہ فارسی — کرج عربی
پھپھی — ہ — باپ کی بہن —
عمۃ عربی —
پھٹکری — ہ — زاک فارسی

زاج و شب عربی ـ

پھٹکی ـ ہ ـ بالفتح وہ چیز ہے کہ جس سے چڑیمار چڑیاں پکڑ کر رکھتیں قفس صیاد فارسی مقنصہ عربی اور بضم بار فارسی جمے ہوئے خون میں سے تھوڑا سا علقہ عربی ـ

پھرکی ـ ہ ـ بکسر اول گول چمڑا یا کاغذ جسکے بیچ میں دو چھید ہوئے ہیں اور جسمیں ڈورا ڈالکر لڑکے گھماتے ہیں یاد فرو فرفرہ فارسی اور خذروف عربی ـ لڑکے کاغذ کو گول کتر کر لکڑی کے سرے پر لگاتے ہیں اور وہ ہوا سے گھومتا ہے ـ آسیا کاغذ فارسی ـ

پھریری ـ ہ ـ بضم اول بدن کے بالوں کا کھڑے ہو جانا ـ فرانجیدن فارسی ـ قشعریرہ عربی

پھسکی ـ ہ ـ پاد جسمیں آواز نہو جس ـ فارسی ـ حبیق عربی ـ

پھکنی ـ ہ ـ یہ آلہ ہے جس سے آگ کو پھونکتے ہیں ـ دمہ آتش افروز فارسی ـ منفاخ عربی ـ

پھلجھڑی ـ ہ ـ آتشبازی کی قسم ہے ـ گلریز و گلفشان فارسی

پھلواری ـ ہ ـ گلزار فارسی روضۃ الازہار عربی ـ

پھیلی ـ ہ ـ بضم اول و کسر لام مشدد آنکھ کے ایک مرض کا نام ہے ـ نجک و گل دیدہ فارسی ـ بیاض العین عربی ـ بفتح اول و کسر لام و سکون تحتانی معروف غلاف ثمرت

پھنچی و پونچی ـ ہ ـ ایک زیور کا نام ہے ـ دستینہ فارسی ـ و رشوانی عربی ـ

پھنسی ـ ہ ـ چھوٹا دانہ جو بدن پر نکلے ـ بثر عربی ـ بثور جمع ہے و سیلی و جوش اندام ـ و پیرزش فارسی

پھنکی ـ ہ ـ بفتح اول سفوف

پھنگی ـ ہ ـ بالضم نوک بنی از نبہ ـ و بخرہ عربی ـ بضم اول سر شاخ درختان غذب عربی ـ

پھینٹی ـ ہ ـ بفتح اول وہ لکڑی جسکو بڑی لکڑی پر وقت لکڑی کے پھاڑنے میں ٹھوک دیتے ہیں ـ فانہ و لغار فارسی ـ

پہیلی ـ ہ ـ چیستان و لگروک فارسی ـ لغز عربی ـ

پھرتی ـ ہ ـ چالاکی ـ

باب بای فارسی مع یای تحتانی

پیلپا ـ ف ـ ایک مرض کا نام ہے جو پاؤں میں ہوتا ہے ـ داء الفیل عربی بڑی صراحی ـ گرز آہنی ـ

پیشوا ـ ف ـ راہنما ـ سر گروہ

پیلوا ـ ف ـ جڑ یں کی پیا استعمال دوا فروش ـ

پیل بالا ـ ف ـ ہاتھی کے قد کے برابر ـ

پیش پا ـ ف ـ ٹھوکر ـ

پیرا ـ ف ـ بنانے مجہول سنوار صیغہ امر کا ہے پیراستن سے

پیرنا ـ ہ ـ شناوری کردن فارسی ـ سباحۃ عربی ـ

پیلا ـ ہ ـ بکسر اول بمقدار ایک بالشت جانب نوک شمشیر ـ سر شمشیر فارسی ـ مضرب عربی ـ

پیٹ کو لگنا ـ ہ ـ بھوک لگنا

پیٹ چلنا ـ ہ ـ دستوں کا جاری ہونا ـ شکم رفتن فارسی ـ استطلاق البطن عربی ـ

پیٹ پھاڑنا ـ ہ ـ شکم دریدن فارسی ـ بعج عربی ـ

پیٹ بھرا ـ ہ ـ روپیہ والا

پیٹ رہنا ـ ہ ـ بار گرفتن فارسی ـ حبل و علوق عربی ـ

پیٹ پالنا ـ ہ ـ شکم پروری

پیٹ گرانا — ہ — بار افگندن فارسی — اِسقاط عربی —

پیٹ رکھوانا — ہ — عورت کا حاملہ ہونا —

پیٹ گرنا — ہ — بچہ از شکم افتادن فارسی — اِنلاص عربی —

پیٹ سے ہونا — ہ — [illegible] حمل سے ہونا —

پیٹ کا دھندا — ہ — کنایہ تدبیر اکل و شرب سے —

پیٹ کا ہلکا — ہ — جو کوئی شخص راز کی بات ہر ایک سے کہدے ضبط نہ کرسکے —

پیٹھ پیچھے بُرا کہنا — ہ — در غیبت بد گفتن فارسی — اِغتیاب عربی —

پیٹھ لگنا — ہ — کسی جانور کی پیٹھ کا زخمی ہوجانا — اِعتقار عربی — پشت ریش کردن فارسی عقر عربی —

پیٹھ لگانا — ہ — پشت بزمین رسانیدن فارسی — سُتاق عربی —

پیر چھوٹنا — ہ — عورت کو خلاف عادت کے خون آنا — استحاضہ عربی —

پیڑا — ہ — روٹی پکانے کے لیے آٹے کا گولہ بنانا — فرزدقہ عربی —

زرد آلہ و پرازوہ فارسی —

پیسنا — ہ — آس کردن فارسی — طحن عربی — دوا کا پیسنا — سحق و دق عربی —

پیشاب بند ہونا — ہ — کمیز گرفتن فارسی — اِحتقان عربی —

پیغام پہونچنا — ہ — پیغام فرستادن فارسی — اِرسال رسالت عربی —

پیغام پہونچانا — ہ — پیغام رسانیدن — اِبلاغ و تبلیغ عربی —

پیغام دینا — ہ — پیغام دادن فارسی —

پیغام لے آنا — ہ — پیغام آوردن فارسی —

پیغام لیجانیوالا — ہ — پیغامبر فارسی — رسُول و مُرسَل عربی —

پیغام لیجانا — ہ — پیغام بردن فارسی — الذہاب بالرسالۃ عربی —

پیلا — ہ — زرد فارسی اصفر عربی

پیمان توڑنا — ہ — شکست و نقض العہد عربی —

پینا — ہ — نوشیدن فارسی — شرب عربی — تِل کی کھلی — ثفل کنجد [illegible] عربی — کنجارہ فارسی

پیندا — ہ — پائین ظرف — بُن فارسی سافِل عربی —

پیوند لگانا — ہ — کپڑے میں جوڑ لگانا ترقیع عربی — اور ایک درخت کی شاخ کو دوسرے درخت کی شاخ میں پیوند کرنا — اور ایک درخت کو دوسرے درخت میں پیوند کرنا —

پیاسا — ہ — تشنہ فارسی عطشان عربی

پیاس بجھنا — ہ — کنایہ ہے تشنگی کے رفع ہونے سے —

پیاس لگنا — ہ — پیاسے ہونا

پیاس مارنا — ہ — تشنگی کا ضبط کرنا —

پیٹا — ہ — اُڑتی ہوئی پتنگ کی ڈور جو راہ یا سکانون پر تنی ہو —

پیٹا توڑنا — ہ — اُڑتے ہوئے کنکوے کی ڈور کو بیچ سے توڑنا —

پٹیاپ پیٹا — ہ — رونا دھونا

پیچھا — ہ — آگے کی ضد —

پیچھا لینا — ہ — کسیکے در پے آزار ہونا —

پیچھے کو پھرنا — ہ — بر پس پشت برگشتن فارسی — نکوص عربی —

پیس ڈالنا — ہ — کسیکو رنج دینا

اور آزار پہونچانا۔
پیشاب۔ ف۔ بَول عربی۔
موت ہندی۔
پیر ہر اندیپ۔ ف۔ کنایہ
آدم علیہ السلام سے ہے۔
پیپ۔ ہ۔ ریم زرد آب فارسی
پیشدست۔ ف۔ نائب پیشکار
غالب۔ مددگار۔
پیش خدمت۔ ہ۔ امیرون
کے عورتوں کی خدمتی عورت۔
پیٹ۔ ہ۔ بار شکم حمل وحبل
عربی۔ اور شکم فارسی بطن عربی
پیچ۔ ہ۔ آنجوش پیچ فارسی
پیچ دارۃ الدار عربی۔
پی منفید۔ ف۔ نقش قدم۔
پیلبند۔ ف۔ شطرنج کی چال ہے
پیشداو۔ ف۔ پیشگی سائی۔
پیش آمد۔ ف۔ سلوک۔
و رعایت۔
پیش نہاد۔ ف۔ ارادہ۔
منظور خاطر۔
پیش خورد۔ ف۔ نہاری
صبح کو تھوڑا کھانا۔
پیوند۔ ف۔ جوڑ ٹکڑا۔ رقعہ عربی
پیکار۔ ف۔ بالفتح وکاف عربی

لڑائی جنگ۔
پیرانہ سر۔ ف۔ بوڑھا۔
پیلہ ور۔ ف۔ بر وزن [illegible]
شیشہ گر دوا فروش عطار کہیں اور
وہ بساطی جو سوئی تاگا۔ ریشم وغیرہ
عورتوں کی آرائش کی چیزیں گلی گلی
بیچا پھرے۔
پیلور۔ ف۔ عطار دوا فروش
پیر۔ ف۔ بوڑھا شیخ۔
پیداوار۔ ف۔ فصل کی پیدائش یا
حاصل۔
پی سپر۔ ف۔ بکسر سین مہملہ وضم بائے
فارسی۔ پامال خراب۔
پیشکار۔ ف۔ پیشدست پیشگار
نائب۔ نوکر۔
پیغمبر و پیمبر۔ ف۔ رسول اللہ
نبی۔ و پیغام خدا کا پہونچانیوالا
خصوصاً۔
پیغام آور۔ ف۔ پیام لیجانیوالا
پیکر۔ ف۔ پتلا۔ مہر۔ صورت
پیزار۔ ف۔ پاپوش۔
پیرار۔ ف۔ ہر دو [illegible] پار سال
پیار۔ ہ۔ مہربانی شفقت۔
دوستی و محبت۔
پیپل۔ ہ۔ درخت شجر۔

پینہ دوز۔ ف۔ کپڑے میں پیوند
لگانیوالا۔ جوتا گانٹھنے والا۔
ٹکڑے ٹکڑے جوڑنے والا۔
پیشواز۔ ف۔ استقبال کرنا۔
استقبال کرنیوالا۔ ہند میں زنانہ
جامہ جو پشواز مشہور ہے۔
پیروز۔ ف۔ فتحمند۔
پیش باز۔ ف۔ پیشکار۔
پیاز۔ ہ۔ بصل عربی۔
پیس۔ ف۔ بکسر برص کوڑھ۔
پیش رس۔ ف۔ میوہ پختہ جو
اپنے موسم کے میووں سے پہلے پکا ہو
پیاس۔ ہ۔ تشنگی عطش عربی۔
پیاز موش۔ ف۔ کاندا ایک
جڑ ہے پیاز کی صورت پر۔
پیشن۔ ف۔ لڑا ہوا حضور
آگے آنے سامنے۔ روبرو۔
پیشکش۔ ف۔ نذر اور [illegible]
پیچش۔ ف۔ پیچ تاب [illegible] ایک
مرض ہے مغص عربی۔
پیش طاق۔ ف۔ [illegible]
امیروں یا بادشاہوں کے محل
کے آگے کا صحن۔
پیچاک۔ ف۔ پیچ وخم [illegible]
و زلف۔

پیک - ف - قاصد تیز رو ہرکارہ
فیج عربی -
پیرائی - م - پیرنے والا سابح
عربی - شناور فارسی -
پینک - م - مہراق المتبول عربی
پینک - م - نشے کے سبب سے
خفیف غنودگی - پینکی فارسی وسنہ
نعاس عربی -
پیچک - م - سوت یا تاگا کسی
لکڑی وغیرہ پر لپٹا لپٹا ہوا چھوٹا
تنبہ - جسکی نال بیدار ہو -
پیش آہنگ - ف - مقدمۃ الجیش
پیر اول -
پینگ - م - جھولے کی حرکت
پیچال - ف - بیائے معروف
پرندوں کی بیٹ -
پیل - ف - ہاتھی - فیل عربی -
پیر زال - ف - بڑھیا -
پیرسال - ف - بوڑھا -
پیتل - م - برنج فارسی شبہ عربی
پیپل - م - دار فلفل عربی فلفل دراز
فارسی -
پیپلا مول - م - بیخ درخت
فلفل فلفلمونیہ عربی -
پیام و پیغام - ف - سندیسا -

کچھ بات کہلا بھیجنا - خبر دینا -
رسالۃ و ملوکۃ عربی -
پیہم - ف - برابر لگاتار -
پیراہن و پیرہن - ف - کرتہ -
پیرامون - ف - بالفتح گرداگرد
آس پاس چاروں طرف -
پیرامن - ف - گرداگرد چار طرف
پیش بین - ف - دانا -
پیر کنعان - ف - کنایہ یعقوب
علیہ السلام سے ہے -
پیش پا خوردن - ف - ٹھوکر کھانا
پیش دندان - ف - نہاری
وہ چیز جو نہار منہ کھاویں -
پیمان - ف - عہد و قول و قرار -
پیر مغان - ف - آگ کا پجاری
معشوق - پیر مرشد - گرو - بزرگ
شخص سے بھی کنایہ ہے -
پیزن - ف - چھلنی -
پیغولہ ران - ف - چڈھا -
پیشین - ف - اگلا -
پیشینیان - ف - اگلے زمانے
کے لوگ -
پیکان - ف - گانسی تیر کی -
پیرزن - ف - بڑھیا -
پیلبان - ف - مہاوت -

پیش دامنچی - ف - خادم خدمتی -
پی کردن - ف - کوچے کاٹنا -
عاجز کرنا -
پی سپران - ف - مسافر لوگ -
جانے والے لوگ -
پیکدان - م - اوگالدان -
تفل دان فارسی متفلہ عربی -
پیچوان - ف - ایک قسم حقے کی ہے
پیشرو - ف - بفتح رائے مہملہ خادم
راگ گانا - بلند آواز سے شعر پڑھنا -
پیرو - ف - پچھلگو -
پیلو - ف - جسکی جڑ کی مسواک
بناتے ہیں -
پیرطرہ - م - زہار فارسی کس عربی
پیٹو - م - بہت کھانیوالا -
پیٹ - اشکم فارسی بضم و بطن عربی
پیرایہ - ف - بالکسر دیا - مجہول
آرائش - لباس زیور - اور یا -
معروف سے پڑھنا بہتر ہے -
پیغارہ - ف - بالفتح سرزنش طعنہ
پیغولہ - ف - گوشہ کنارہ
پیلستہ - ف - ہاتھی دانت -
پیلہ - ف - بالکسر ریشم کا کیڑا -
آنکھ کی پلک -
پیشگاہ - ف - صدر مجلس انگنائی -

تاسا۔ ف۔ اندوه ملال اضطراب بیقراری۔
تاپنا۔ ھ۔ جاڑے مین آگ جلاکر اوسکے گرد گرمی کے لیے بیٹھنا اصطلاء عربی۔
تاج رکھنا۔ ھ۔ تاج برسر نہادن فارسی تتویج عربی۔
تاڑنا۔ ھ۔ دریافتن فارسی تفرس عربی۔
تاکین رہنا۔ ھ۔ در انتظار ماندن فارسی ترتقب عربی۔
تاک لگانا۔ ھ۔ انتظار کرنا
تاکنا۔ ھ۔ بغور دیکھنا امعان عربی
تاکنا۔ ھ۔ دیکھنا رویۃ عربی۔
تانوا و بچھانا۔ ھ۔ وائی جوبچہ کا نانوانگان سے اوٹھاتی ہے۔ دغر عربی۔ نباگوش کردن فارسی۔
تاگا۔ ھ۔ رشتہ فارسی خیط و سلک عربی۔
تانبا۔ ھ۔ مس فارسی نحاس عربی
تالا۔ ھ۔ کلیدان فارسی۔ مغلاق و قفل عربی۔
تالی بجانا۔ ھ۔ دست بر دست زدن۔ فارسی تصفیق عربی۔
تانا۔ ھ۔ فرت و کلات فارسی سدی عربی بمعنے تان جولاہگان خسد لود۔
تانتنا۔ ھ۔ تیندن فارسی۔ اشتداد عربی۔
تار بتار ہونا۔ ھ۔ ابتر ہونا۔
تال دینا۔ ھ۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا کہ اصول کے ساتھ آواز نکلے
تالی بجانا۔ ھ۔ مشہور ہے۔
تالی دینا۔ ھ۔ کسیکو ذلیل کرنا
تانتیا۔ ھ۔ دبلا پتلا مرد۔ سوکھا سہما سوکھٹیا۔
تانسنا۔ ھ۔ چشم نمائی کرنا۔
تاورا۔ ھ۔ اپنے مکان کے گرد کبوتروں کو اڑانا۔
تاو پیچ کھانا۔ ھ۔ غصہ مین آنا
تانتا۔ ھ۔ آدمیون اور جانورونکا کثرت سے کسی طرف جانا۔
تاڑنا۔ ھ۔ امتحان کرنا ایک پتھر یا بانٹ کو دوسرے سے ہموزن ہونے کو دریافت کرنا۔
تاب۔ ف۔ طاقت۔ جگر۔ رونق روشنی۔ گرمی۔ پیچیدگی۔
تائب۔ ع۔ توبہ کرنیوالا۔ باز آنے والا۔
تاہب۔ ع۔ بفتح اول و ثانی و تشدید ہا کے مضموم مستعد آمادہ ہونا
تادیب۔ ع۔ ادب اختیار کرنا زبان دانی سیکھنا۔
تادیب۔ ع۔ ادب دینا۔ زبان سکھانا۔
تالاب۔ ت۔ پانی رکا ہوا تال
تابوت۔ ع۔ بضم بائے موحدہ صندوق مردے کا۔ جنازہ صندوق
تارۃ۔ ع۔ یکبار و ایک مرتبہ
تارات۔ ع۔ جمع تارۃ کی ہے
تامات۔ ع۔ بسکون ثانی و تشدید میم جمع تامہ کی ہے کہ بمعنے تمام و کمال کی ہے
تاخت۔ ف۔ سپاہ کا حملہ دھاوا
تانت۔ ھ۔ رود فارسی وتر عربی
تانیث۔ ع۔ عورت۔
تاج۔ ع۔ مکٹ بادشاہی ٹوپی کلاہ فارسی قلنسوہ عربی۔
تاجیج۔ ع۔ بروجیم آگ کا شعلہ
تاراج۔ ف۔ غارت کرنا لوٹنا غارت۔
تاپیچ۔ ھ۔ پیچ و تاب سے عبارت ہے۔
تاریخ۔ ع۔ کوئی دن مہینے کا واقعات حادثات کا علم ایک حادثہ عرصہ زمانہ کا کسی چیز یا کام کا وقت

ظاہر کرنا۔

تائید ۔ ع ۔ مدد کرنا۔

تاؤد ۔ ع ۔ بروزن تفعّل ۔ ٹیڑھا ہونا۔

تالد ۔ ع ۔ بکسر لام پرانا مال بہت دن کی چیز۔

تاکید ۔ ع ۔ بار بار کہنا ۔ پختہ کرنا ۔ قدغن۔

تابید ۔ ع ۔ ہمیشہ کرنا۔

تاچند ۔ ف ۔ کب تک۔

تار و پود ۔ ف ۔ تانا بانا۔

تار ۔ ف ۔ تاگا کپڑے کا تاگا یعنی تانا ۔ اندھیرا ۔ درخت تاڑ کا ۔ پیتل لوہے چاندی سونے کا تار و تیرہ ع عربی چڑیا اس معنی مین مخفف تاریک کا ہے

تار تار ۔ ف ۔ ریزہ ریزہ کرنا۔

تاجر ۔ ع ۔ بکسر جیم سوداگر بیپاری بالفتح و بالضم پڑھنا محض غلط ہے

تار و مار ۔ ف ۔ زیر و زبر ۔ تیڑ بیڑ ۔ پراگندہ ۔ تتر بتر۔

تابعدار ۔ ف ۔ حکم ماننے والا فرمانبردار یہ لفظ غلط ہے اسلیے کہ تابع اسم فاعل ہے لفظ دار کی حاجت نہین ہے اسکی جگہ فرمانبردار کہنا چاہیے

تاثر ۔ ع ۔ اثر قبول کرنیوالا۔

تاثیر ۔ ع ۔ اثر کرنا۔

تاجدار ۔ ف ۔ بادشاہ۔

تاجور ۔ ف ۔ بادشاہ۔

تاخر ۔ ع ۔ بروزن تفعّل ۔ دیر کرنا پیچھے ہونا۔

تاخیر ۔ ع ۔ بروزن تفعیل دیر کرنا ڈھیل دینا۔

تابنے تاثیر ۔ ھ ۔ عورتون کے محاورے مین اوس چیز کو کہتے ہین جو ضرورت سے کم ہو۔

تاز ۔ ف ۔ بسکون زای ہوز معشوق پیارا ۔ دوڑنا ۔ تازی گیا

تاج خروس ۔ ف ۔ کلغا ۔ ایک پھول کا نام ہے سرخ ہوتا ہے ۔ مرغ کا کیس۔

تانس ۔ ع ۔ کسی چیز سے خوگر ہونا

تاسیس ۔ ع ۔ بنیاد رکھنا مضبوط کرنا۔

تازش ۔ ف ۔ بکسر زای معجمہ دوڑنا۔

تارکش ۔ ف ۔ تار کھینچنے والا۔

تاشن ۔ ف ۔ خداوند یا شریک

تابش ۔ ف ۔ چمک طاقت گرمی

تالاش ۔ ف ۔ بروزن شاباش سعی جستجو ظاہر یہ لفظ غلط ہے۔

تابلد ۔ ع ۔ بالفتح و تشدید بالفعل مین داب لینا۔

تاج شمع ۔ ف ۔ شعلہ شمع کا شعلہ

تابع ۔ ع ۔ ماتحت ۔ نوکر ۔ فرمانبردار پیرو۔

تاسع ۔ ع ۔ نوان ۔ (دیکھو)

تاسف ۔ ع ۔ افسوس کرنا۔

تالیف ۔ ع ۔ ترتیب سے جمع کرنا ۔ دو چیزون یا چند چیزون کو باہم ربط دینا ۔ چند کتابون سے مطلب لیکر ایک کتاب کا بنانا الفت ڈالنا۔

تانف ۔ ع ۔ بالفتح نون مشدد ننگ و عار کرنا۔

تار لشرلیت ۔ ف ۔ ایک سخاوت

تالف ۔ ع ۔ بروزن تاسف باہم الفت کرنا ۔ محبت کرنا ۔ دوستی ۔ کسی کا دل ہاتھ مین لینا

تالق ۔ ع ۔ بکسر ہمزہ انڈے کو پکڑا کر پھیلنے والا۔

تالق ۔ ع ۔ بالفتح اول و فتح ہمزہ و ضم تاء فوقانی مشدد از زرد و سفید بدبو ہونا۔

تاریق ۔ ع ۔ بکسر راء جگانا کسیکو سونے نہ دینا۔

تاک - ف - درخت انگور ہند میں بمعنے انتظار اور ہنگام کے آتا ہے

تاجیک وتاجک - ف - بکسر جیم وہ آدمی جو عرب میں پیدا ہوا ہو اور عجم میں پرورش پائی ہو -

تارک - ف - بفتح رام تھالیہ بیچ سرکا - مانگ - اور عربی میں بکسر را معملہ چھوڑنیوالا - تارک الادب گستاخ

تارتنک - ف بفتح تای فوقانی و نون وکاف تار ی عنکبوت یعنی مکڑی -

تاریک - ف - سیاہ کالا جسکے آرپار نظر نجا سکے -

تابناک - ف - روشن چمکدار

تاصل - ع - بروزن تفعل پکڑنا

تاپال - ف - کندہ موٹی بھاری لکڑی درخت کا تنہ -

تال ومال - ف - پریشان پراگندہ - تتر بتر -

تامل - ع - بروزن تفعل - خیال کرنا - اندیشہ کرنا - سوچنا -

تاہل - ع - بروزن تامل - شادی کرنا - جورو کرنا - کنبہ والا ہونا - لڑکے بالے والے ہونا -

تاجیل - ع - بروزن تفعیل - مہلت دینا - ڈھیل دینا -

تاویل - ع - بروزن تفعیل - بیان کرنا آشکارا کرنا - حیلہ شرعی کلام کو ظاہر سے پھیرنا - اور اوسکے اور ہی معنے بیان کرنا - خواب کی تعبیر -

تال - ہ - موزون بہ علم موسیقی

تالاب فارسی - غدیر عربی

تالیل - ہ - رسم وراہ -

تالم - ع - درد پانا -

تایم - ع - بہ تشدید زائد طہ ہونا -

تام - ع - بہ تشدید میم تمام کامل - پورا -

تمام - ع - پورا کامل -

تابین - ع - پیروی کرنیوالا کسی چیز کے درپے ہونا -

تاراج دادن - ف لٹانا -

تابدان - ف - روشندان

تافتن - ف - بٹنا -

تاردان - ف - ستار و طنبور کے تار رکھنے کا ڈبہ -

تازیان - ف - عرب کے لوگ دوڑنے والے -

تاریجان و رشتہ بیجان - ف کچا دھاگا -

تابعین - ع - محدثین کی اصطلاح میں مسلمانوں کی اوس جماعت اور گروہ سے مراد ہے کہ جسنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے ملاقات کی ہو اور تبع تابعین وہ کہ جنھوں نے تابعین کو دیکھا ہو

تابان - ف - چمکدار چمکتی ہوئی

تابستان - ف - گرمی موسم گرما

تاوان - ف - عوض جرمانہ ڈانڈ

تامجان وتامدان - ہ - امیروں کی ایک سواری کا نام ہے جسکو کہار اوٹھاتے ہیں اوسکو ہوا دار بھی کہتے ہیں -

تانو - ف - بضم نون گربہ - بلی -

تاہو - ف - ایک قسم کی شراب ہے

تالو - ہ - کام فارسی تحنک عربی بچہ شیر خوارہ کا یا فوج کہ بہت ہی نرم ہوتا ہے -

تاو - ہ - گرمی طاقت غصہ کاغذ کا تختہ

تاخیرہ - ف - لکھنا - بہرہ حظ -

تاغو - ف - خالو -

تاسہ - ف - اندوہ - ملال ہیقراری

تابخانہ - ف - حمام - جالی دار مکان وہ مکان جہاں دھواں یا تنور ہو اور جہاں پیچ وتاب حاصل ہو -

تابہ۔ ت۔ توا جسپر روٹی پکاتے ہین
تاوہ۔ ع۔ بفتحتین و تشدید واو کراہنا۔
تافتہ۔ ف۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ہے۔
تازیانہ۔ ف۔ کوڑا۔ چابک ہنٹر۔ سانٹا۔
تألہ۔ ع۔ حق پرستی۔
تاتورہ۔ ف۔ بروزن ناتورہ رسی جو گھوڑے خچر کے آگے پیچھے باندھین۔ اگاڑی پچھاڑی۔
تادیہ۔ ع۔ بکسر دال مہملہ و فتح یاے تحتانی ادا کرنا۔ پہونچانا۔ گذارنا۔
تازہ۔ ف۔ نئی چیز اور وہ چیز جسپر رات نگذری ہو جیسے تازہ میوہ فوراً کا توڑا ہوا۔ تازی روٹی آج ہی کی پکی ہوئی روٹی۔ جدید۔ اور طری عربی۔
تارہ۔ ف۔ کوکب و نجم عربی۔ ستارہ۔ و اختر بھی فارسی ہے۔
تازی۔ ف۔ عربی زبان عربی گھوڑا شکاری کتا۔ تازی منسوب ہے تاز کی طرف اور تاز کے معنے تاخت کرنیوالے کے ہین چونکہ ابتداے اسلام مین اہل عرب تاخت و تاراج کرتے تھے اسوجہ سے اہل فارس اونکو تازی کہنے لگے۔
تانی۔ ع۔ بفتح اول و ثانی و تشدید نون مکسور دیر کرنا۔ تاخیر کرنا۔
تاسی۔ ع۔ بفتح اول و ثانی و تشدید سین مہملہ مکسور اطاعت و پیروی کرنا۔
تاسے۔ ف۔ کپڑا۔ عدد۔ تہ۔ تختہ کاغذ کا۔ طاق ضد جفت۔
تازہ دماغی۔ ف۔ دانائی خوشحالی۔
تالی۔ ع۔ پیچھے چلنے والا پیرو۔
تاکے۔ ف۔ کب تک۔
تاری۔ ف۔ مخفف تاریک کا ہے۔
تاجوری۔ ف۔ بادشاہت
تاریکی۔ ف۔ اندھیرا۔
تازگی۔ ف۔ تازہ پن۔
تاجی۔ ف۔ تاج بادشاہ کا پہرا ہوا۔
تاب تلی۔ ہ۔ مرض طحال

باب تا فوقانی مع با موحدہ

تبرا۔ ع۔ بروزن تمنا۔ بیزار ہونا۔ نفرت کرنا۔ بری ہونا۔
تب کا موتنا۔ ہ۔ بخار مین ہونٹھون پر چھالون کا پڑجانا۔
تپ۔ ف۔ بفتح اول و سکون باے موحدہ۔ حرارت بخار حمی عربی۔ بہار عجم اور مصطلحات وارستہ مین باب تا فوقانی مع با موحدہ مین لکھا ہے۔ اور مویدالفضلا مین بھی تا فوقانی و با موحدہ سے ہے اور لکھا ہے کہ با فارسی سے غلط ہے (یعنی تپ) مگر صاحب انالسن نے با فارسی سے لکھا ہے۔
تپ دق۔ حمی الدق عربی۔ یہ مشہور بیماری ہے۔
تباب۔ ع۔ زیانکاری ہلاکت
تبت۔ ف۔ بروزن علت نام ایک شہر کا ہے۔ وہان کا مشک اچھا ہوتا ہے۔ کشمیر کے قریب ہے۔
تبییت۔ ع۔ بالفتح چھاپا مارنا شبخون مارنا۔ شبخون زبان فارسی
تبعیت۔ ع۔ بفتحتین و کسر عین و تشدید تحتانی فرمانبرداری حکم ماننا۔ پیرو ہونا۔
تبعات۔ ع۔ بفتح اول و ثانی پیرو لوگ۔ کسی چیز کے لوازم عذاب۔ و کچھ سختی۔
تبرکات۔ ع۔ بالفتح برکت دینے کی چیزین۔ جمع تبرک کی ہے

تباعد – ع – نزدیک اور آپس سے
دور ہونا –
تبلّد – ع – بروزن تولد کند ذہنی
تبرید – ع – سرد ہونا ٹھنڈھائی
تبرزد – ف – قند سفید مصری
تبر – ف – بالفتح ایک قسم کی
کلھاڑی ہے – سپاہی رکھتے ہین
فاس عربی – اور عربی مین بالکسر
معنے کندن – سونے کے آتا ہے
تبادر – ع – کسیکے کام مین تقدیم
کرنا پیشی کرنا – باہم دوڑنا –
تبحر – ع – بروزن تفکر – مثل
دریا کے علم مین ہونا علم کا بہت ہونا
تبار – ف – بالفتح خاندان –
نسل سگھرانا – عربی مین بمعنے
ہلاکی اور بربادی کے آتا ہے –
تبختر – ع – بفتح اول وثانی وسکون
خاء معجمہ وضم تاء فوقانی ناز سے
چلنا مٹک کر چلنا – اکڑنا –
تبخیر – ع – بالفتح دھوان بنا کر
اوٹھانا – دھونی دینا – بخار بنانا
لو کا اٹھنا –
تبصر – ع – دیکھنا –
تبشیر – ع – بروزن تفعیل –
خوشخبری دینا –

تبور – ع – بفتح اول وضم بائے موحدہ
ٹوٹا نقصان کاہلی – ہلاک –
تبہ کار – ف – برباد اجڑا ہوا
تبذیر – ف – بفتح تا و حرف
سوم ذال معجمہ پراگندہ کرنا –
بے اندازہ خرچ کرنا – فضول خرچی
روسیاہ اوڑانا گھاس کا زمین سے اگنا
تباشیر – ف – ایک دوا کا نام ہے
اول صبح کی روشنی –
تباغض – ع – آپس مین
عداوت رکھنا –
تبییض – ع – بروزن تفعیل
مسودہ کا صاف کرنا –
تبیع – ع – بروزن ربیع ایک
سالہ گائے –
تبع – ع – بفتحتین پیروی کرنا
پیرو – پیرو لوگ –
تبایع – ع – سودا باہم
دو شخصون کے خرید و فروخت کا ہونا
تبرع – ع – بروزن تصرف
کوئی چیز بخشنا – کوئی کام کرنا –
جو واجب نہووے – مجاز اعبادت
نفل کی معنون مین آتا ہے –
تبرقع – ع – بالفتح برقع ڈالنا
تبلیغ – ع – پہونچانا کسی کے پاس

کچھ روانہ کرنا –
تبر چوب شگاف – ف –
کلھاڑا –
تبوراک – ف – نقاری –
وہ لکڑیان جس سے کسان چڑیان
اوڑاتے ہین کھٹکا کفچہ آہنی
چھلنی – خوان –
تبوک – ع – بالفتح ایک گاؤن کا
نام ہے طرف شام مین وہان کا غزوہ
اور جنگ مشہور ہے
تبرک – ع – مبارک لینا متبرک
اور وہ چیز جس سے برکت لیجاوے
پرشاد –
تبت یدا – ع – ٹوٹ جاوین
دونون ہاتھ تیرے –
تبارک – ع – بالفتح مبارک ہونا
بلند ہونا – پاک ہونا زیادہ ہونا
بزرگ ہونا – نام ایک سورہ
قرآنی کا ہے –
تبنک – ف – بضم فوقانی و
سکون ثانی و ضمہ ثالث و فتح نون آخرین
طباق تازی – سانچہ – قالب –
تبقل – ع – بالفتح خط کا نکلنا
سبزے کا نمو ہونا –
تبجیل – ع – بروزن تفعیل تعظیم

بزرگ رکھنا۔ عزت کرنا۔ تعظیم کرنا
تبعل ۔ع۔ بضم عین مہملہ شوہر کا
خاوند ہونا۔
تبتل ۔ع۔ بفتحتین و تشدید تاء فوقانی
مضموم دنیا کو چھوڑنا۔ خدا سے
لو لگانا۔
تبتیل ۔ع۔ بالفتح گناہ کو ترک کرنا
خدا سے دل لگانا۔ خاص للہ کسی کے لیے
کام کرنا۔
تبادل ۔ع۔ بروزن تفاعل
بدل کرنا۔ باہم ایک دوسرے سے
معاوضہ کرنا۔
تبدیل ۔ع۔ بالفتح بات بدلنا
کسی چیز کو کسی چیز سے بدلنا۔
تبسم ۔ع۔ بالفتح مسکرانا۔ آہستہ
سے ہنسنا۔ کلی کا کھلنا۔
تبرم ۔ع۔ بروزن تبسم تنگ ہونا
عاجز ہونا۔ ملول ہونا۔ بیزار ہونا
تبیان ۔ع۔ بالکسر خوب بیان کرنا
معنے کی شرح کرنا۔ واضح اور
آشکارا کرنا۔
تبر چوب شکن ۔ف۔ کلہاڑی
تبرزین ۔ف۔ ایک قسم کا تبر ہو کر
سپاہی یا لوگ گھوڑے کی زین سے لٹکاتے ہیں
تبیین ۔ع۔ بروزن تمییز بیان کرنا۔

بتلانا۔ آشکارا کرنا۔
تبن ۔ع۔ بکسر اول و سکون ثانی
بھس۔ سوکھی گھاس کٹھوتی۔
کٹھلی۔ لکڑی کا وہ برتن جس میں
آٹے کو خمیر کرتے ہیں۔
تبرخون و طبرخون ۔ف۔
لال صندل۔ یا مجیٹھ۔
تباین ۔ع۔ بالفتح و ضم یاء تحتانی
تفاوت و فرق ہونا۔ جدائی
دو چیزوں میں۔
تب لرزہ گرفتن و افتادن
وزدن ۔ف۔ جوڑی آنا
تب کردن و گرفتن و کشیدن
بخار آنا۔
تبخالہ و تبخال ۔ف۔ بالفتح
وخاء معجمہ چھوٹا سا آبلہ جو تب کی
گرمی سے ہونٹھوں کے گرد
نکل آتا ہے یہ علامت مفارقت
تب کی ہے۔ بجھالا۔
تبیارہ ۔ف۔ بالفتح تپ و لرزہ۔
جوڑی۔ تپیارہ بزاء معجمہ بھی
آیا ہے۔
تبعہ ۔ع۔ بفتح اول و ثانی و
فتح عین مہملہ جمع تابع کی بمعنے
پیرو کے ہیں کسی چیز کی لوازم

اور لواحق۔ اور بفتح و کسر باء موحدہ
بدانجام۔ بدکام۔ بدنتیجہ۔ عذاب
تبقیہ ۔ع۔ بروزن تصفیہ۔
باقی رکھنا۔
تبارک اللہ ۔ع۔ بفتح راء مہملہ
بزرگ ہوا اور پاک ہوا اللہ تعالےٰ
اکثر استعمال اسکا تعریف
اور تعجب کے وقت ہوتا ہے۔
تبیرہ ۔ف۔ بفتح اول و کسر باء موحدہ
و یاء معروف طبل نقارہ۔ ڈھول
تبصرہ ۔ع۔ بفتح اول و سکون
ثانی و کسر صاد۔ بینا کرنا۔ کبھی عینک
سے مراد لیتے ہیں۔ سمجھانا۔
تبہ و تبہرہ و تباہچہ و تباہہ
کباب۔
تبتی ۔ف۔ منسوب بشہر تبت
ایک شہر ہے قریب کشمیر کے۔
تبنی ۔ع۔ بالفتح بیٹا بنانا۔
گود لینا۔ راس بٹھانا۔

باب تاء فوقانی مع باء فارسی

تپنا ۔ہ۔ دھوپ سے مکان کا
گرم ہونا۔
تپکنا ۔ہ۔ پھوڑے سے ٹیس زخم
کا ہونا۔
تپش ۔ف۔ بفتح اول و کسر دوم

اضطراب و حرکت جو بسبب گرمی کے ہو۔ اور ہندی مین بمعنے شدت گرمی کے آتا ہے۔

تپاک ۔ ف ۔ بروزن ہلاک تب و بمعنے اضطراب اور تپش دل کے ہے ۔ اور اردو ے ہندی مین بمعنے اظہار مہربانی و اختلاط ۔ اور اظہار محبت اور گرم جوشی کے آتا ہے ۔

پتنگ ۔ ھ ۔ بفتح اول پھوڑے کی سوزش و درد ۔ بیک بخش عربی

پتہ ۔ ف ۔ بفتح فوقانی و بار فارسی مشدد ۔ ٹیلا ۔

باب تار فوقانی مع تار فوقانی

ترّی ۔ ع ۔ بفتح فوقانی و سکون رار مہملہ و الف مقصورہ لگاتار ۔

تُتلانا ۔ ھ ۔ بضم اول لُتغہ عربی

تتّا ۔ ھ ۔ مرد جری ۔ بہادر ۔

تتا لوا ۔ ھ ۔ وہ شخص جو ہر بات مین آمادۂ فساد ہو ۔

تتر ۔ ت ۔ بفتحتین مخفف تاتار کا کہ نام شہر کا ہے ۔

تتر بتر ۔ ھ ۔ متفرق و پریشان ۔ تند و تیز عربی ۔ تار و بار فارسی ۔

تترس ۔ ع ۔ بفتح ہر دو تار فوقانی وضم رار مہملہ آخر مین سین مہملہ ۔ ڈھال کرنا ۔

تتابع ۔ ع ۔ بضم بار موحدہ پے در پے ہونا ۔

تتبّع ۔ ع ۔ بفتح ہر دو تار فوقانی و بار موحدہ مشدد مضموم ۔ پیروی کرنا تلاش ۔ جستجو ۔

تتق ۔ ف ۔ بضمتین سراپردہ ۔ آخر اس لفظ کو بعضے عربی کہتے ہین ۔

تتمیم ۔ ع ۔ بروزن تعظیم ۔ پورا کرنا ۔ انجام کو پہونچا دینا ۔

تتن ۔ ع ۔ بضمتین تماکو ۔

تتو تھمو ۔ ھ ۔ سوانگ ۔ اور نیا یہ عورتون کی بولی ہے ۔

تتمہ ۔ ع ۔ بفتح تار اول و کسر تار ثانی و تشدید میم مفتوحہ بقیہ ۔ اور آخر کسی چیز کا ۔

تتری ۔ ف ۔ بفتح ہر دو تار فوقانی مخفف تاتاری کا کہ نام ملک کا ہے ۔ ملک تاتار کا رہنے والا ۔ یا اوس ملک کی کوئی چیز ۔

تتلی ۔ ھ ۔ ایک پردار جانور ہے فر و حشاف الجن عربی ۔ باد ریپری فارسی ۔ اور ایک گھانس ہے ۔ دواؤن مین کام آتی ہے ۔ فنجکن عربی ۔ سداب فارسی ۔ گرم و خشک دوسرے درجے مین ہے ۔

باب تار فوقانی مع ثار مثلثہ

تثریب ۔ ع ۔ بالفتح الزام لگانا ملامت کرنا ۔

تثقیب ۔ ع ۔ بالفتح سوراخ کرنا

تثاؤب ۔ ع ۔ بفتح اول و ثار مثلثہ وضم ہمزہ و بار موحدہ جمائی لینا ۔

تثلیث ۔ ع ۔ تین حصون مین تقسیم کرنا ۔ اور نجومیون کی اصطلاح مین آسمان کے اوس تیسرے حصہ کو کہتے ہین جو بحساب درجات درمیان چاند اور مشتری کے ہو ۔

تثمیر ۔ ع ۔ بالفتح میوہ چننا ۔ نفع پانا ۔

تثاقل ۔ ع ۔ بھاری بوجھ ہونا ۔ گرانی خاطر ۔

تثنیہ ۔ ع ۔ دوہرانا کسی کام کا دوبارہ کرنا ۔ دوگنا ۔

تثنّی ۔ ع ۔ بروزن تفعّل کسی چیز یا ناو ہر کا جھکنا ۔ یا مڑ جانا ۔

باب تار فوقانی مع جیم عربی

تج دینا ۔ ھ ۔ کسی کام کا چھوڑ دینا ۔ اور دیدہ و دانستہ کسی چیز کو کھوا دینا ۔

تجنا ۔ ھ ۔ رنج و غم سے دبلا ہونا ۔

تجارب ۔ ع ۔ بروزن تفاعل

ایک کا دوسرے کو آزمانا۔ اور بکسر را مہملہ جمع تجربہ کی یعنی آزمانا۔

تجنیب ۔ع۔ دور ہونا یکسو ہونا

تجاذب ۔ع۔ بالفتح کھینچا کھینچی کرنا

تجارت ۔ع۔ بالکسر سوداگری سوداگری کرنا۔ سوداگرنا۔

تج تج ۔ع۔ بکسر اتی تی۔ مرغوں اور مرغیوں کے ہکانے کی صدا۔

تجریح ۔ع۔ بالفتح گھائل کرنا۔

تجرید ۔ع۔ بالفتح سنگوارنا۔ اصلاح دینا کسی چیز کی زوائدات کو دور کرنا تنہائی ننگا کرنا۔

تجرد ۔ع۔ بالفتح تا و فتح جیم و تشدید را مکسور ننگا ہونا علیحدگی۔ تنہائی۔ دنیا کو چھوڑ دینا۔ علائق کو ترک کرنا۔

تجوید ۔ع۔ بالفتح اچھا کرنا۔ خالص کرنا حروف کو مخارج سے ادا کرنا۔

تجدید ۔ع۔ بالفتح نیا کرنا سر نو سے بنانا۔

تجلد ۔ع۔ بضم لام مشدد دشمن کے مقابلہ میں جلدی کرنا۔

تجلید ۔ع۔ بروزن تاکید جلد باندھنا۔ نقارہ کا مڑھنا۔

تجاہد ۔ع۔ بروزن تفاعل۔ اچھی بات کی فکر کرنا۔ کوشش کرنا۔

تجبر ۔ع۔ حرف سوم بائے موحدہ مضموم مشدد نافرمانی۔ غرور کرنا

تجاسر ۔ع۔ دلیری کرنا شوخی کرنا و گستاخی کرنا۔

تجار ۔ع۔ بروزن کفار۔ سوداگر لوگ۔ تاجر کی جمع ہے۔

تجر ۔ع۔ بالفتح سوداگری۔ سوداگری کرنا۔

تجربہ کار ۔ف۔ آزمودہ۔ آزمائش کیا ہوا۔

تجہیز ۔ع۔ بروزن تجویز۔ دلھن کا جہیز بنانا مردے کا اسباب مہیا کرنا۔ سامان کرنا

تجہز ۔ع۔ بروزن تفعل۔ آمادہ ہونا مستعد ہونا۔ بنانا

تجاوز ۔ع۔ بالفتح گذرنا۔ حد سے گذرنا۔

تجویز ۔ع۔ بالفتح جائز کرنا رائے دینا۔ کوئی بات نکالنا

تجسس ۔ع۔ بالفتح ڈھونڈھنا دیکھ بھال کرنا۔ سراغ لگانا۔ خبر ٹوہ ڈھونڈنا۔

تجنیس ۔ع۔ بالفتح ہم جنس کرنا۔ یکسان کرنا۔

تجمش ۔ع۔ بالفتح بال مونڈنا۔ مہین آواز۔

تجرع ۔ع۔ بفتحتین و ضم را مشدد و عین مہملہ گھونٹ گھونٹ پینا۔ تھوڑا تھوڑا پینا۔

تجویف ۔ع۔ بالفتح خالی کرنا پولی چیز۔ کھوکھلا۔

تجفیف ۔ع۔ بالفتح خشک کرنا۔

تجفاف ۔ع۔ بکسر فوقانی و سکون جیم پاکھر لوہے کی جو لڑائی میں گھوڑے پر ڈالتے ہیں

تجاہل ۔ع۔ بالفتح جان بوجھکر انجان بنا۔

تجمل ۔ع۔ بالفتح زیبائش شان و شوکت سے ٹھاٹھ دکھانا

تجرم ۔ع۔ بالفتح فوقانی و فتح جیم و را مہملہ مشدد مفتوح گنہگار ہونا

تجسم ۔ع۔ بسین مہملہ تناور و تندار ہونا۔ کسی کام کا ارادہ کرنا۔ بڑے کام میں مشغول ہونا۔

تجشم ۔ع۔ بشین معجمہ رنج و غم و مشقت کھینچنا۔

تجزیہ ۔ع۔ بالفتح و بزاء معجمہ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جیسے تجزیہ لگانا۔ کسی چیز کو تقسیم کرنا۔

تجربہ - ع - بفتح اول و سکون جیم و کسر
رار مہملہ آزمانا - جانچنا -
تجلیہ - ع - بالفتح آشکارا کرنا -
روشن کرنا - صیقل کرنا - زنگ چھوڑانا
تجاہ - ع - بالضم بالفتح روبرو -
آمنے سامنے آگے -
تجلی - ع - بفتح اول بروزن تسلی -
روشن ہونا - آشکارا ہونا - آشکارا کرنا -
جلوہ کرنا - فارسی مین کنایہ غلبۂ
نور الٰہی سے ہے کہ حضرت موسٰی
علیہ السلام کو ہوا تھا - اور کبھی تجلی کو
تجلا پڑھتے ہین اگرچہ یار ماقبل مکسور کو
الف پڑھنا بخلاف قاعدہ
عربیت کے ہے - مگر یہ تصرف
بطریق تفریس کے ہے - دیدار معشوق
جھمکڑا - جھمکا -
تجنی - ع - بفتح فوقانی و نون مشدد
مکسور مجرم ٹھہرانا - گنہگار بنانا -
کسی پر گناہ رکھنا -
تجزی - ع - تقسیم جزو جزو ہونا
تجاری - ہ - بخار جو ایک دن
بیچ آوے - غب عربی -

باب تار فوقانی مع حار حطی

تحت الثریٰ - ع - زیر زمین سے
عبارت ہے - ثریٰ بفتح اول و ثانی
آخر مین الف بصورت یا - سیلی زمین
تحاب - ع - بتشدید با آپس مین
محبت رکھنا - یار غار ہونا - ایک جان
دو قالب ہونا -
تحلب - ع - بروزن تفعل
منھ مین پانی بھر آنا -
تحارب - ع - بضم رار مہملہ -
آپس مین لڑائی و جنگ کرنا -
تحت - ع - نیچے -
تحدث - ع - بالفتح بروزن تفعل
کہانی کہنا - قصہ بنانا - خبر کہنا -
تحمید - ع - بالفتح حمد کرنا - بہت
تعریف کرنا - پے در پے تعریف کرنا
تحدید - ع - بالفتح تیز کرنا -
کسی چیز کی حد پیدا کرنا -
تحذیر - ع - بالفتح ڈرانا - دھمکانا
تحریر - ع - بفتح لونڈی یا غلام کو
آزاد کرنا - لکھنا - صاف کرنا -
اچھی بات کہنا - فارسی مین تصویر کے
گرد کے مو قلم کے باریک خطوط -
گلکری کے معنون مین آتا ہے
کتاب کی جدول -
تحجر - ع - بفتح اول و حار مہملہ و
ضم جیم مشدد کسی چیز کا مثل پتھر کے
سخت ہونا -
تحیر - ع - بالفتح بھونچکا ہونا -
حیران ہونا -
تحسر - ع - بالفتح حسرت کرنا -
افسوس کرنا -
تحسیر - ع - بالفتح بروزن تفعیل
گریز ہونا - پرند کی پر گرنا - حسرت
مین ڈالنا -
تحقیر - ع - بالفتح ذلیل کرنا -
حقیر سمجھنا -
تحشیر - ع - بشین معجمہ جورو بچونکو
روٹی کپڑا ندینا -
تحویلدار - ف - خزانچی روکڑیا
تحزیز - ع - بہر دو زاے معجمہ
تیز کرنا -
تحرز - ع - بروزن تصرف -
بتقدیم رار مہملہ پرہیز کرنا - اپنے تئین بچانا
تحریش - ع - بالفتح لڑائی ڈالنا
ہکارنا - کتے کو شکار کے لیے
آمادہ کرنا -
تحریض - ع - بالفتح کسیکو
لڑائی کے لیے آمادہ کرنا - ورغلانا
تحویط - ع - بالفتح دیوار بنانا -
تجعجع - ع - بضم پچھاڑین کھانا -
تحت الشعاع - ع - کنایہ
دو یا تین دن سے ہے کہ ہر مہینے

سے آخر مین آتے ہین اور ان دنون مین جرم قمر کا بوجہ قریب ہونے سورج کے زیر شعاع شمس ہوتا ہے نظر نہین آتا ہے ان ایام کو عوام منحوس جانتے ہین۔

تحف ـ ع ـ بضم اول و فتح ثانی عمدہ چیزین جمع تحفہ کی ہے ـ

تحریف ـ ع ـ بالفتح بات یا کسی چیز کی وضع اور حالت کو بدل ڈالنا ـ حرف بدلنا ـ قلم کو محرف کاٹنا ـ

تحقق ـ ع ـ ثابت ہونا ـ موجود ہونا ـ

تحقیق ـ ع ـ بکسر تا ڈھونڈنا ـ

تحقیق ـ ع ـ کھوج لگانا ـ دریافت کرنا ـ

تحلیق ـ ع ـ بفتح اول لبالب بھرنا ـ گلے تک بھرنا ـ

تحریک ـ ع ـ بروزن تفعیل حرکت دینا ـ ہلانا ـ ورغلانا ـ ہمت دینا ـ

تحرک ـ ع ـ بالفتح ہلنا ـ کلبلانا ـ ہلانا ـ

تحلیل ـ ع ـ بروزن تفعیل کسی جگہ اترنا ـ حلال کرنا ـ کسی چیز کو گلا کر فنا کرنا ـ پچا دینا ـ کسی چیز کو کھول دینا

تحویل ـ ع ـ بالفتح لوٹنا ـ پھرانا ـ لوٹانا ـ سپرد کرنا ـ حوالہ کرنا ـ داخل ہونا ـ بدل دینا ـ پھیرنا ـ

تحمیل ـ ع ـ بالفتح لادنا ـ بوجھ لادنا

تحمل ـ ع ـ بالفتح سہنا ـ برداشت کرنا

تحتم ـ ع ـ بروزن تکلم ـ واجب ہونا

تحجم ـ ع ـ بالفتح حجامت کرنا ـ چوسنا ـ باز رکھنا ـ چھاتیون کا ابھرنا ـ ہر ایک چیز کا ابھرنا ـ

تحکم ـ ع ـ بالفتح دعوی کرنا ـ غلبہ کرنا بزور حکومت کرنا ـ

تحشلم ـ ع ـ بفتحتین و ضم شین معجمہ مشدد و قہر کرنا ـ لوگون کا مالک ہونا ـ

تحزن ـ ع ـ بروزن تاسف غمگین ہونا ـ

تحصن ـ ع ـ بالفتح قلعہ مین ہونا ـ

تحین ـ ع ـ بالفتح وقت تاکنا ـ

تحنن ـ ع ـ بضم نون مشدد مہربانی کرنا ـ

تحسین ـ ع ـ بالفتح تعریف کرنا ـ اچھا کہنا ـ

تحریمہ ـ ع ـ بفتح اول جو نماز مین نیت کے بعد اللہ اکبر کہا جاوے اور معنے اصلی اسکے حرام کرنا ہے کیونکہ کلام دنیا اور دوسری حرکتون اور معاملات دنیادی کو ـ

تحیہ ـ ع ـ بفتح اول و کسر حاء مہملہ و فتح یاء مشدد سلام و درود ـ ملک بادشاہی ـ مبارکباد دینا ـ زندگانی دینا

تحلیہ ـ ع ـ بالفتح شیرین کرنا ـ زیور باندھنا ـ کسیکی تعریف کرنا ـ

تحفہ ـ ع ـ بالضم ہدیہ سوغات اور فارسی مین بمعنے عجیب و غریب کے مستعمل ہے ـ

تحری ـ ع ـ بروزن تسلی بہتری ڈھونڈھنا ـ راستی ڈھونڈھنا ـ قبلہ کی جانب منہ کرنا ـ قصد کرنا ـ

تحاقی ـ ع ـ بکسر فا اچھا ہونا ـ جدا ہونا ـ نیک ہونا ـ

تحفگی ـ ف ـ خوبی عمدگی ـ

تحاشی ـ ع ـ ایکسو ہونا ـ

باب تاء فوقانی مع خاء معجمہ

تخم حنا ـ ف ـ مہندی کے بیج ـ

تخت تباہ ہونا ـ ہ ـ تباہ ہونا ـ اجڑنا ـ

تخریب ـ ع ـ بالفتح خراب کرنا ـ اجاڑنا ـ گھونسلا نوچنا ـ مسمار کرنا ـ

تخت ـ ع ـ بالفتح وہ لکڑی کے تختے جنمین کپڑے اور پشمینہ کستے ہین تاکہ کیڑا نہ لگے اور فارسی مین وہ لکڑی کی بنی ہوئی شی جسپر بیٹھتے ہین ـ

عربی سریر بروزن امیر دیہیم اورنگ فارسی جس تخت پر بادشاہ بیٹھے اوسکو عرش کہتے ہین ـ اور جس تخت پر مردے کو لٹا دین اوسکو نعش کہتے ہین ـ اور جسپر عروس کو بٹھا دین اوسکو اریکہ کہتے ہین اور اردو کے محاورے مین معنے کلان کے آتا ہے جیسے تخت گانون یعنی بڑا گانون ہے ـ

تختہ تابوت ـ ف ـ جنازہ ـ

تخالج ـ ع ـ بضم لام شک وسوسہ کا دل مین پیدا ہونا ـ

تخریج ـ ع ـ بالفتح باہر لانا ادب اور نیکی کی بات سکھانا ـ

تختہ بند ـ ف ـ حبس قید ومحبوس قیدی ـ سکھا چین جو ٹوٹے ہاتھ وپاون مین باندہتے ہین ـ

تختہ نرد ـ ف ـ وہ تختہ جسپر گوٹین رکھکر کھیلین ـ

تخسیر ـ ع ـ بروزن تفعیل گھاٹ تولنا ـ کمی ـ ہلاک کرنا ـ

تخمیر ـ ع ـ بالضم خمیر اٹھانا ـ آٹا اوٹھانا ـ ڈھانکنا ـ

تخش ـ ف ـ بالفتح آتشبازی کا تیر ـ چھوٹا تیر ـ

تخبش ـ ع ـ بالفتح ادھر ادھر سے جمع کرنا ـ

تخصیص ـ ع ـ بالفتح خاص کرنا خصوصیت ـ

تخلیص ـ ع ـ بالفتح خلاص کرنا چھوڑا دینا ـ

تخلص ـ ع ـ بالفتح چھٹکارا ـ بچاو ـ شاعر جو اپنا مختصر نام مقرر کر کے شعرون مین لکھا کرتے ہین جیسے سعدی ـ حافظ ـ جامی ـ نظامی وغیرہ ـ

تخلیط ـ ع ـ بروزن تکلیف آمیزش کرنا ـ کلام مین جھوٹ ملانا ـ

تخشع ـ ع ـ بروزن تکلف عجز کرنا ـ فروتنی کرنا ـ

تخم مرغ ـ ف ـ انڈا ـ

تخویف ـ ع ـ بالفتح ڈرانا ـ خوف دلانا ـ دھمکانا ـ

تخاوف ـ ع ـ آپس مین خوف کرنا ـ ڈرنا ـ

تخالف ـ ع ـ بضم لام مخالفت کرنا ـ

تخلف ـ ع ـ بروزن تصرف وعدہ مین خلاف کرنا ـ پیچھے رہنا ـ

تخفیف ـ ع ـ بالفتح ہلکا کرنا ـ بوجھ اتارنا ـ کم کرنا ـ

تخطف ـ ع ـ بروزن تفعل ـ اچک لیجانا ـ

تخزیق ـ ع ـ حصہ کرنا ـ ٹکڑا کرنا ـ

تخلق ـ ع ـ بالفتح خلق کرنا ـ خو گرنا ـ خوشخو ہونا ـ

تختۂ مشق ـ ف ـ لڑکون کی تختی ـ

تختہ اول ـ ف ـ لوح محفوظ وابجد والف باتا ـ

تخلل ـ ع ـ بالفتح خرابی وتباہی رخنہ ہونا ـ بیچ مین آجانا ـ خلال کرنا ـ

تخییل ـ ع ـ بروزن تفعیل خیال کرنا ـ کسیکو خیال مین لانا ـ

تخیل ـ ع ـ بروزن تفعل خیال مین لانا ـ

تخلخل ـ ع ـ خاء اول مفتوح وخاء دوم مضموم کسی چیز کے اجزا کا کسی دوسری چیز سے جدا ہونا ـ

تخجیل ـ ع ـ شرمندہ کرنا ـ

تخم ـ ف ـ بیج گری ـ ہر چیز کی اصل

تخوم ـ ع ـ بضمتین دو زمین کی حد اور نشانات ڈہیرا ـ سرحد ـ

تختم ـ ع ـ بالفتح انگوٹھی پہننا ـ

تختہ تعلیم ـ ف ـ لڑکون کے مشق کرنے کی تختی ـ

تخمین ـ ع ـ بالفتح اندازہ کرنا ـ

اُنگل - انکنا -
تخم دادن - ف - انڈے دینا -
تخمہ کشیدن - ف - ماجیرہ غذا کا فساد -
تخمہ - ف - بضم اول وسکون دوم بمعنے اصل پیدائش - اولاد کی آس - اور عربی مین بضم اول وفتح دوم وسوم بمعنے بدہضمی - اجیرن کی آنا ہی -
تخمہ در تخمہ - ف - پشتینون تک -
تخوخہ - ع - بضم فوقانی وفتح خاء معجمہ خمیر کا کھٹا ہونا -
تخمینہ - ع - سرسری حساب - اٹکل سے حساب کرنا - اندازہ - وہم وقیاس سے تخمیناً - اندازے سے انکلون سے -
تخلیہ - ع - بروزن تفعلہ خالی کرنا چھوڑنا - توپ بندوق کو مشر کرنا - سر کرنا -
تخطیہ - ع - بروزن تعقیہ کسیکے کام مین خطا پکڑنا -
تختہ - ف - بڑا لکڑی کا چوڑا ٹکڑا - لوح عربی - اور جس تختے کے نیچے پشمینہ وغیرہ رکھکر کسن دین اوسکو عربی مین تخت کہتے ہین -
تختگاہ - ف - دارالسلطنت -

گورنمنٹ کے رہنے کی جگہ -
تختی - م - چھوٹا اور چوڑا لکڑی کا ٹکڑا جس پر لڑکے لکھنے کی مشق کرتے ہین - لوح عربی سلم فارسی -

باب تاء فوقانی مع دال مہملہ

تدریج - ع - بالفتح آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا - درجہ بدرجہ ہونا -
تدحرج - ع - بالفتح غلطیدن - ڈھلکنا -
تدبیر - ع - بالفتح کسی کام کے پیچھے پڑنا کسی کام مین پڑنا کسی کام مین غور کرنا - انجام کار کو دیکھنا - جتن -
تدابیر - ع - بالفتح تدبیرین - تجویزین - بندوبست -
تدبر - ع - بالفتح انجام کار سوچنا -
تدمیر - ع - بالفتح ہلاک کرنا - کسیکو ہلاکی مین ڈالنا -
تدویر - ع - بالفتح کسی چیز کو چارون طرف سے چکر دینا - پھرانا - گھومانا -
تدریس - ع - بالفتح درس دینا - پڑھانا -
تدلیس - ع - بالفتح مخفیل رہنی؟ بھرنا - عیب مین لتھوانا -

تدرع - ع - بالفتح زرہ پہننا -
تذریق - ع - بالفتح پلیتھن لگانا - یعنے آٹے کے پیڑے مین خشکی لگانا کہ آٹا ہاتھ مین نہ چپٹے -
تدقیق - ع - بالفتح باریک کرنا - خوب کوٹنا - باریک بات کا نکالنا -
تدارک - ع - بضم راء مہملہ کسی فوت ہوئی چیز کا دریافت کرنا -
تدلک - ع - بفتح تاء بضم وتشدید دال مہملہ اپنا بدن ملنا -
تداخل - ع - بالفتح آپس مین ایک دوسرے سے ملنا - اطبا کی اصطلاح مین غذا سے منہضم اور غیر منہضم کو ملانا -
تداول - ع - بضم واو نوبت بنوبت ایک دوسرے سے لینا دست بدست ایک دوسرے کو لینا -
تدوین - ع - بالفتح جمع کرنا - تالیف کرنا -
تدین - ع - بفتح الاول وثانی وضم تحتانی مشدد دیندار ہونا -
تدخین - ع - بالفتح دھوانا - دھوان لگنا -
تدہین - ع - بالفتح تیل لگانا - چکنانا -

تدفین - ع - بالفتح زمین مین گاڑنا - توپنا -
تدسیہ - ع - بالفتح سین مہملہ مکسور تباہ کرنا - گمراہ کرنا -
تدویہ - ع - بالفتح ملائی پڑنا -
تدلیہ - ع - بروزن تفعیل لبھانا - فریفتہ کرنا -
تدلی - ع - بالفتح فوقانی و دال مہملہ و لام مشدد و مکسور لٹکنا - بہت نزدیک ہونا - بفتحتین و آخر مین الف مقصور نزدیک ہوا - لٹکا ہوا -
تداوی - ع - بالفتح دوا علاج کرنا -

باب تاء فوقانی مع ذال معجمہ

تذنیب - ع - بروزن تقریب کسی چیز مین دم لگانا -
تذبذب - ع - بفتح اول و ثانی و سکون موحدہ و ضم ذال معجمہ دوم دو دلا ہونا - متردد ہونا - ڈگمگا کرنا - ڈگدھا - شک و شبہ - کسی چیز کا ہوا سے ہلنا -
تذہیب - ع - بالفتح مطلا کرنا -
تذہیب - ع - بالفتح سنہری کرنا -
تذویب - ع - بروزن تفعیل - چاندی سونے کا گلانا -

تذکار - ع - بالفتح چرچا - ذکر کرنا - اور بالکسر پڑھنا خطا ہے -
تذکر - ع - بتشدید کاف مضموم - چرچا کرنا - یاد کرنا - یاد آنا -
تذکیر - ع - بفتح اول یاد دلانا - یاد دہی کرنا - ذکر کرنا - سمجھانا -
تذلل - ع - بالفتح عجز کرنا - اپنے تئین رسوا رکھنا -
تذرو - ف - بفتح اول و ثانی کہ ذال معجمہ ہو - پرندہ ہے - اور بعضے کہتے ہین کہ تدرو بدال مہملہ ہے -
تذکرہ - ع - بکسر کاف یادداشت یاد دلانا نصیحت کرنا - سمجھانا - نشانی - وہ چیز جس سے کوئی شخص یاد آوے -
تذریہ - ع - بالفتح اسانا یعنے کھلیان کو بھوسے کوڑہ کرکٹ سے صاف کرنا -

باب تاء فوقانی مع راء مہملہ

ترسا - ف - بالفتح نصرانی آتش پرست ڈرنے والا -
تراہا - ہ - وہ جگہ جہان تین راہین ہون - چوراہا - جہان چار راہین ہون -

ترارا - ہ - گھوڑی کی جست -
ترارا بھرنا - گھوڑی کا جست کرنا -
ترقنا و ترخنا - ہ - کسی خشک چیز کا پھٹ جانا - انشقاق عربی ترکیدن فارسی -
ترکی تمام ہونا - ہ - کسی کے غرور کا دور ہونا - مٹ جانا -
تراہ تراہ کرنا - ہ - فریاد کرنا -
ترپھلا - ہ - ہڑ بہیڑا - آنولہ -
ترتراتا کھانا - ہ - جس کھانے مین گھی بہت پڑا ہو -
ترتریا - ہ - فر فر بولنے والا - جلدی جلدی باتین کرنیوالا -
ترسنا - ہ - کسی چیز کی تمنا رکھنا جو ہاتھ نہ آتی ہو -
ترشاوا - ہ - لیمو - نارنگی - وغیرہ کے درخت -
ترنا - ہ - ادنی سے اعلے ہونا - نامور ہونا -
ترطیب - ع - بالفتح تر کرنا - مزاج مین تری لانا -
ترتیب - ع - بالفتح ہر ایک چیز ٹھکانے سے رکھنا - ہر چیز کو راست و درست کرنا -
ترہیب - ع - بالفتح پارسا اور عابد ہونا -

ترتب - ع - بروزن نصرت راست و درست ہونا۔
ترویب - ع - بالفتح دہی جمانا
ترعیب - ع - بالفتح جغرات دہی
تراب - ع - بالضم مٹی خاک خشک
ترب - ع - بالکسر ہم عمر ہمجولی۔ ہمنشین۔ فارسی مین بالضم مولی کو کہتے ہین۔ مشہور ترکاری ہے۔
ترائب - ع - بفتح اول و کسر ہمزہ کہ چوتھا حرف ہے۔ سینے کی ہڈیان مجازاً بمعنے سینہ کے آتا ہے۔
ترازوی قلب - ف - وہ ترازو کہ جس مین پاسنگ ہو۔
ترحب - ع - بالفتح مرحبا کہنا
ترحیب - ع - بالفتح تعظیم
ترقب - ع - بفتح امید رکھنا۔ امید و انتظار۔
ترہیب - ع - بفتح ڈرانا۔ دھمکانا۔
ترکیب - ع - بروزن تفعیل مرکب کرنا کئی چیزون کو ملا کر بنانا کسی چیز کا کسی چیز مین جڑنا۔ نگینہ انگوٹھی وغیرہ مین بٹھانا۔
تراکیب - ع - بالفتح ترکیبین
ترغیب - ع - بالفتح رغبت دلانا۔ لالچ دینا۔

تریت و مریت - ف - بفتح اول و فتح میم و سکون ہر دو رامہملہ زیر و زبر پیچ اور پنچ۔
تربت - ع - بضم بمعنے خاک مجازاً بمعنے قبر گور کے آتا ہے۔
ترہات - ع - بالضم و رامہملہ مشدد جھوٹی باتین۔ مہملات۔ خرافات۔ ژٹل۔ گپین۔
ترنیث - ع - بالفتح لڑکے کو سلانے کے لیے تھپکنا۔ پالنا
تردست - ف - چالاک۔ چست۔ مشاق۔ ہنر مین کامل۔ تیز دست۔
تردوات - ع - مشکوک۔
ترت - ہ - جلد و شتاب۔ فوز عربی ہماندم و حالی فارسی۔
ترت پھرت - ہ - چالاکی۔ شتابی۔
ترویج - ع - بالفتح رواج دینا چلانا۔
ترنج - ف - بضمتین مشہور پھل کہ لیمو کی قسم سے ہے۔ اترج عربی۔ بوٹہ جو چادر اور دوشالہ وغیرہ کے کونون پر ریشم یا کلابتون سے بناتے ہین۔ بمعنے شکن چین کے بھی آتا ہے۔

ترجیح - ع - بالفتح غلبہ دینا۔ غالب ہونا۔ ایک چیز کو دوسری چیز پر زیادہ کرنا۔
ترجح - ع - بروزن تفعل جھولنا۔
ترویح - ع - بالفتح راحت دینا خوشبودار کرنا۔
تراویح - ع - بالفتح بیس رکعت نماز نفل کی جو رمضان کے مہینے مین راتون کو مسلمان لوگ پڑھتے ہین۔
تروح - ع - بالفتح ہوا کھانا۔ پنکھا ہلانا۔
ترح - ع - بفتحتین غم و اندوہ۔
ترشح - ع - بفتح ٹپکنا۔ چھلکنا۔ مجازاً بمعنے تھوڑی تھوڑی بارش کے آتا ہے۔
ترشیح - ع - بفتح پانی دینا۔ ایک صنعت کا نام ہے وہ یہ ہے کہ چند اشعار اسطرح سے کہے جاوین کہ ہر مصرعہ کے پہلے حرف سے کسیکا نام نکلے۔
تربد - ع - بالضم دوا کا نام ہے۔ نسوت۔
تردید - ع - بالفتح لوٹانا۔ پھیر لانا۔ فاسد کرنا۔ رد کرنا۔

کسیکی بات کا جواب دینا۔
تردد ۔ ع ۔ بالفتح و راء مہملہ و تشدید
دال اول پھرنا۔ آمد و شد کرنا۔
مجازاً بمعنی فکر و اندیشہ کے ہے۔
ترصد ۔ ع ۔ بالفتح امید رکھنا۔
امید۔ گھات لگانا۔
ترجیع بند ۔ ف ۔ لغت مین اسکے
معنے بند کا پھیرنا ہے۔ اور شاعرون کی
اصطلاح مین اوس نظم کو کہتے ہین
کہ شاعر چند بند ایک بحر مین مختلف
قافیون کے تصنیف کیے اور
بعد ہر بند کے ایک بیت کہ متفق الوزن
اور مختلف قافیہ کی ہو بار بار لاوے
بشرطیکہ وہ بیت مکرر ساتھ مضمون
بیت آخر ۔ ہر بند کے مربوط ہو
ترکیب بند ۔ ف ۔ اوسکو کہتے ہین
کہ شاعر چند بند ایک بحر مین مختلف
قافیون کے لکھے اور درمیان
ہر بند کے ایک بیت علیحدہ غیر
مکرر متفق الوزن اور مختلف قافیہ
کے لاوے۔
ترکی تمام ۔ مشدد ۔ ف ۔ کسیکا غرور
جاتا رہا۔
ترمینا ۔ بالفتح بہت تازہ آبدار۔
صاف پاکیزہ ۔ نام ۔ وشہر مشدد ہ

بھیگا ۔ ہندی مین بالضم اول وہ
لکڑی جسپر جولاہے کپڑا بنتے وقت
کپڑا لپیٹین۔ مثال عربی نحو و
فارسی۔
تریا چلتر ۔ ہ ۔ عورتون کا
مکر و فریب۔
ترکتاز ۔ ف ۔ بالضم دوڑنا۔
سپاہی ۔ لٹیرا ۔ دوڑ دھوپ۔
حملہ ۔ ہلہ ۔ دھاوا مارنا۔
تریز ۔ ف ۔ بکسر تین و یاء معروف
دامن کی کلی ۔ تکونا لمبا ہوا کپڑا۔
تراز ۔ ف ۔ بالفتح بیل بوٹہ ۔
کپڑے کا ۔ زینت آرایش ۔ ایک
شہر کا نام ہے ۔ ترکستان مین
وہان کا حسن مشہور ہے ۔ اور طراز
لفظ اسکا معرب ہے۔
ترزیز ۔ ع ۔ بالفتح مہرہ کرنا
گھونٹنا۔
تربوز ۔ ہ ۔ تربز ہندوانہ ۔
فارسی بطیخ ۔ عربی۔
ترس ۔ ف ۔ بالفتح خوف و
ڈر ۔ دہشت ۔ بکسر اول بالضم تا
و سین مہملہ عربی مین سپر بمعنے ڈھال
فارسی مین بمعنے سخت چیز کو آتا ہے
تراس ۔ ۔ بالضم فوقانی و راء ۔

مہملہ مشدد ۔ دیگر سپر ساز۔
تراش ۔ ف ۔ بالفتح افزار ۔
آرایش ۔ نفع طمع ۔ امید کا جلنا ۔
کٹاو ۔ وضع۔
ترش ۔ ف ۔ بضمتین و بفتح اول
وسکون ثانی ۔ کھٹا ۔ چوک ۔
تراوش ۔ ف ۔ بالفتح ٹپکنا ۔ ٹپکا
ترشیش ۔ ع ۔ بالفتح چھینٹا
پڑنا ۔ تھوڑا سا برس کے رہجانا ۔
ترکش ۔ ف ۔ تیر رکھنے کا خانہ
جعبہ ۔ عربی۔
ترہ فروش ۔ ف ۔ کنجڑا ۔ کبڑیا
تراش خراش ۔ ف ۔ وضع
و آراستگی۔
ترصیص ۔ ع ۔ بالفتح مضبوط
بنانا ۔ پاس پاس بنانا ۔ کسی چیز پر
رانگا چڑھانا ۔ کسی چیز کی پوری
مضبوطی کرنا ۔
ترقیص ۔ ع ۔ بالفتح نچانا ۔
ترخیص ۔ ع ۔ بالفتح رخصت
کرنا ۔ اجازت دینا ۔
تربص ۔ ع ۔ بروزن تصرف
کسی چیز کی راہ دیکھنا ۔ امید رکھنا
توقف کرنا ۔ بیچنے کے لیے
غلہ بھرنا ۔

تراضی - ع - بالفتح اول آپس مین رضامند ہونا -
ترجیع - ع - بالفتح پھیرنا - لوٹنا - مصیبت مین اِنّا للّٰہ و اِنّا الیہ راجعون کہنا -
ترفع - ع - بالفتح بلندی ڈھونڈھنا تکبر و غرور سے کنایہ ہے -
تراجع - ع - بضم جیم و سکون عین مہملہ - لوٹنا - منقلب ہونا رجوع کرنا ستارون کا رجعت کرنا -
ترویع - ع - بالفتح ڈرانا -
ترع - ع - بضم اول فتح ثانی سبزہ زار باغات -
ترعرع - ع - بالفتح نشو و نما ہونا لڑکے کا بڑھنا - لڑکے کا پاؤن چلنا -
تربیع - ع - بالفتح درمیان چاند اور دوسرے ستارون کے چار یا دس برج کا تفاوت ہونا جیسے قمر اگر برج حمل مین ہو تو زہرہ برج سرطان مین علی ہذا القیاس -
تربیع - ف - بالفتح چار زانو بیٹھنا -
ترصیع - ع - بالفتح جڑاو کرنا کسی چیز مین جواہر بٹھانا شاعری کی

اصطلاح مین برابر ہر کلمے کے دوسرا کلمہ لانا کہ وزن و قافیہ مین برابر ہو -
ترقیع - ع - بالفتح پیوند لگانا -
تردماغ - ف - نیم مست وہ شخص جسکا نشہ اعتدال پر ہو عقلمند
ترادیف - ع - کئی چیزین جو باہم ایک دوسرے کے مشابہ ہون -
ترادیف - ع - بالفتح کسی کے پیچھے ایک ہی گھوڑے پر سوار ہونا دو لفظون کے ایک ہی معنی ہونا
ترف - ف - بالفتح پنیر -
ترفق - ع - بروزن تخلق - مہربانی کرنا - نرمی کرنا -
ترقیق - ع - باریک کرنا -
تردیق - ع - بروزن تفعیل پشت کا موٹنا -
تریاق - م - معرب تریاک ایک دوا مرکب ہے چند دواؤن سے ملکر بنتی ہے - دافع زہر کے ہے
ترسناک - ف - خوفناک - ڈرا ہوا -
ترک - ف - بالفتح دکان بھرنی چھوڑنا - ٹوپی - گوشہ کلاہ اور بالضم ایک قوم کا نام ہے مجازاً بمعنے سپاہی و معشوق کے

آتا ہے - ہندی مین بالفتح اوس پتلی سی لکڑی کو کہتے ہین جو کھڑکی وغیرہ کے درمیان مین ڈال کر چھپاتے ہین - اور اوس لفظ کو کہتے ہین جو صفحہ کے آخر مین دوسرے صفحہ کی پہلی سطر کی لفظ کو لکھتے ہین -
ترک فلک - ف - کنایہ آفتاب و مریخ سے ہے -
ترنگ - ف - بفتحتین و کاف فارسی کمان کی آواز جو تیر چلاتے وقت ہوتی ہے اردو مین بمعنے غرور - و ڈینگ کے آتا ہے
ترنگا ترنگ - ف - تلوار کی آواز جو سخت چیز پر پڑنے سے ہو -
ترسیل - ع - بالفتح روانہ کرنا بھیجنا -
ترذیل - ع - بالفتح ردی چیز بنانا
ترجیل - ع - بالفتح کنگھی کرنا
ترحال - ع - بالکسر کوچ کرنا جانا
ترازوی عدل - ف - ترازو کہ تولنے مین جسکے دونون پلے برابر ہون -
ترتیل - ع - بالفتح صاف صاف

ٹھہر ٹھہر کے پڑھنا۔ قرآن کو مخارج
حروف سے ادا کر کے آہستگی سے
پڑھنا۔
ترہل ۔ع۔ بروزن تجمل عضو کا
نرم ہونا۔ سست ہونا۔
ترخیم ۔ع۔ بخاء معجمہ نرم کرنا۔
گرانا حرف کا کلمہ منادی اور
غیر منادی کے آخر سے۔
تراکم ۔ع۔ بروزن تفاعل ہجوم
وانبوہ۔
ترنم ۔ع۔ بضم نون گانا۔
ترحم ۔ع۔ بروزن تفعل مہربانی
ترس کھانا۔ رحم کرنا۔
ترمیم ۔ع۔ مرمت کرنا۔
ترقیم ۔ع۔ لکھنا۔ رقم لکھنا۔
تردامن ۔ف۔ بدوضع۔
بدکردار۔ زانی۔
تریان ۔ف۔ بالفتح ٹوکری۔
ڈلیا۔
ترزبان ۔ف۔ فصیح شیریں آنتر تر
تر تریا۔
ترازوی سنگ زن ف
ترازو جس میں اسنگ ہو۔
ترجمان ۔م۔ بالفتح وجیم مضموم
فصیح تر زبان۔ خوش تقریر۔

دو زبانون کا جاننے والا کہ ایک
زبان سے دوسری زبان میں سمجھائے
اور یہ ترزبان کا معرب ہے اور
ضم جیم اس سبب سے ہے کہ زبان
بضم جیم بھی آیا ہے اور ترجمان بفتح
جیم بروزن اذان بھی آیا ہے۔
ترکمان ۔ت۔ بالضم ترکیون میں سے
ایک قوم کا نام ہے۔
ترقین ۔ع۔ بفتح اول وکسر قاف
کتاب کی سطریں نزدیک لکھنا
کتاب کو نقطے اور زیر و زبر دینا۔
کتاب کو آرائش دینا۔ مہندی کا
خضاب کرنا۔
ترن ۔ف۔ شیوتی کا پھول
ترکیدن ۔ف۔ ترخنا۔
ترقیدن ۔ف۔ شق ہونا۔
ترنگبین ۔ف۔ ایک دوا کا نام
ہے جسکو ترنجبین کہتے ہیں۔
ترنجبین ۔م۔ بفتح اول وثانی
وسکون نون وضم جیم معرب ترنگبین
یہ مشہور دوا ہے۔
تریدن ۔ف۔ بفتح کھینچنا۔ بضم پہونچنا
ترکان ۔ف۔ بالفتح عورتوں کا لقب
جیسے بیگم و بی بی وغیرہ۔
ترخان ۔ف۔ بالفتح رئیس و سردار

ترانہ کشیدن و برآوردن بوزن
ف۔ گانا۔
ترسان ۔ف۔ ڈرنیوالا۔ ڈرتا ہوا
ترکی تمام شدن و کردن ف
کسی کے غرور کا آخر ہونا۔
ترازو ۔ف۔ تلا۔ مشہور چیز ہے
میزان عربی۔
ترش رو ۔ف۔ خفا۔ ناراض
عبوس عربی۔
ترہ ۔ع۔ بکسر اول وفتح ثانی کینہ
وعداوت۔ بالفتح اول وکسر ثانی باطل
فارسی میں بفتحتین و بتخفیف و بتشدید ساگ
ترجمہ ۔ع۔ بفتح اول وسکون ثانی
وفتح جیم بروزن دحرجہ ایک زبان کا
مطلب دوسری زبان میں بیان کرنا۔
اور بعض کہتے ہیں کہ بفتح اول و
ضم سوم بھی درست ہے۔
ترقوہ ۔ع۔ بالفتح گلے کی وہ ہڈی
جسکو ہنسلی کہتے ہیں۔
تراشہ ۔ف۔ نام ایک لوہے کی
اوزار کا ہے جس سے پتھر کاٹتے ہیں
چھلکا۔ تراشہ ہوا۔ چھیلن۔ کترن
ترو شہ و ترشہ ۔ چوکا ایک قسم
ترکاری کی ہے بہت کھٹی ہوتی ہے۔
ترکہ ۔ع۔ بفتح تاء وکسر راء مہملہ وفتح

کاف عربی مردوے کا مال ہے۔
ترفیہ۔ ع۔ بالفتح وکسر فا وسکون تحتانی آسودگی آرام دینا۔
ترفہ۔ ع۔ بفا مشددہ مضموم آسودگی۔ دولتمندی۔
ترانہ۔ ف۔ نغمہ وسرود راگ گیت ایک قسم کا گانا ہے رباعی
ترسندہ۔ ف۔ ڈرنیوالا۔
ترنجیدہ۔ ف۔ بضمتین ترش رو رنجیدہ۔
ترنانہ۔ ف۔ بالفتح سالن۔
تردامنی۔ ف۔ گنہگاری بدکرداری بدفعلی۔
ترجی۔ ع۔ بفتحتین وکسر جیم مشدد ایسی چیز کی امید رکھنا جو ممکن ہو۔
تریاکی۔ ف۔ افیونی۔
ترنوازی۔ ف۔ خوش آوازی
تردماغی۔ ف۔ تازگی و حت عقلمندی۔ شعور۔ شراب کا نشہ جو نہ زیادہ ہو نہ کم ہو۔
ترخانی۔ ف۔ بالضم منصب تبہ جو سلاطین ترکستان سے کسیکو ملا ہوا ور خدمت معاف ہو سنجر راج
تراجی۔ ع۔ بالفتح باہم مراد رکھنا۔
تراخی۔ ع۔ بروزن فراخی

کوتاہی کرنا۔ کاہلی۔ دیر کرنا۔
تراہی۔ ف۔ بالفتح تازہ میوہ نیا پودہ۔
ترکتازی۔ ف۔ سپاہی چالاک آدمی دوڑ۔ ہلہ۔ حملہ۔ لوٹ پڑنا۔
تری۔ ف۔ بیدماغی یا خوشی خوش طبعی۔ سختی۔ آزردگی۔
تراضی۔ ع۔ بالفتح آپس میں راضی ہونا۔ خوش ہونا۔
تراقی۔ ع۔ بالفتح جمع ترقوہ کی کہ چنبر گردن۔ ہنسلی۔
تردی۔ ع۔ بالفتح چادر اوڑھنا
ترشی۔ ف۔ کھٹائی۔ خفگی۔
ترقی۔ ع۔ بلند ہونا۔ اوپر چڑھنا
ترکی۔ ف۔ زبان قوم ترک کی۔
ترمتی۔ ہ۔ ایک پرندہ شکاری ہے۔ ترمتائی۔ فارسی۔
ترہی و ترئی۔ ہ۔ مشہور چیز کہ اکثر بیاہ شادی میں بجاتے ہیں سرنائی و سرغین فارسی۔
ترائی۔ ہ۔ دریا کے کنارے کی زمین جسمیں کھیتی کریں۔

باب تائے فوقانی مع رائے ہندی

ترٹپنا۔ ہ۔ بیقرار ہونا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔ دست و پا زدن

فارسی۔ سہف عربی۔
تڑکا۔ ہ۔ صبح کی سفیدی کا وقت تجر بالتحریک عربی اور کر بجہ فجر بالفتح فا وسکون جیم بجاد سکے صبح بالفتح اول وسکون بائے موحدہ نگاہ۔ فارسی۔
تڑاقا۔ ہ۔ کسی چیز کا قحط اور نایابی اور شدت کی گرمی اور شدت کی پیاس۔
تڑتڑا۔ ہ۔ دوا دن کو پانی میں جوش کرکے کسی عضو دردمند یا آفت رسیدہ پر ڈالنا۔ نطول عربی۔ اسپرم فارسی۔ کسی دوا یا کپڑے کو جو بھوسے کے لیے اوس پر زور سے پانی ڈالنا۔
تڑبڑ۔ ہ۔ جلدی جلدی بے سوچے جواب دینا۔
تڑاتڑ۔ ہ۔ جوتی اور ہاتھ اور لکڑی کے مارنے کی آواز۔
تڑاق پڑاق۔ ہ۔ جلدی اور بتالاکی سے کوئی کام کرنا۔

باب تائے فوقانی مع زائے معجمہ

تزویج۔ ع۔ جفت کرنا۔ نزدیک کرنا۔ مرد کو عورت اور عورت کو مرد کرنا۔
تزاید۔ ع۔ چرپستن شکستن

یا وناله آواز ہو۔ پُھسکی۔
تسلس۔ ع۔ بروزن تملق مکاری
تسلط۔ ع۔ غالب ہونا غلبہ کرنا
حاکم ہونا۔ کسی پر قدرت پانا۔
تسبیط۔ ع۔ بالفتح نگاہ ڈالنا۔
تسرع۔ ع۔ جلد کرنا۔
تسویغ۔ ع۔ بالفتح روان کرنا۔
جاری کرنا۔ روا رکھنا۔
تسویف۔ ع۔ دیر کرنا۔ فریب
کے وعدہ کرنا۔
تسقیف۔ ع۔ بالفتح چھت
پاٹنا۔
تسلق۔ ع۔ بفتح اول بروزن
تفعّل دیوار پر چڑھنا۔
تسللیاً۔ ع۔ بالفتح بروزن
تفعلل۔ سٹکنا۔ چھپ کے چلے جانا۔
تسجیل۔ ع۔ بالفتح ذکر کا لکھا ہوا ہونا
تسلسل۔ ع۔ رواں ہونا۔
سلسلہ بندی۔ لڑی باندھنا۔
اصطلاح مین تسلسل عبارت ہے
وجود امور غیر متناہیہ سے ایک
وقت میں بر سبیل توقف کے
یعنی ایک دوسرے پر موقوف ہو
دوسرا تیسرے پر موقوف ہو۔
الی غیر النہایۃ۔ ایسی حرکت سے
چلا جاوے۔
تسبیح سال۔ ف۔ سالگرہ کا
ڈورا۔
تسوئل۔ ع۔ کوئی کام سنوار نا آنا
سوال کرنا۔ افترا۔ بہتان۔
سخن آرائی۔ بات بنانا۔
تسہیل۔ ع۔ آسان کرنا۔
سہل کرنا۔
تساہل۔ ع۔ آسان کرنا۔
غفلت کرنا۔
تسالم۔ ع۔ آپس مین صلح کرنا
تسلیم۔ ع۔ بالفتح سلام کرنا۔
ماننا۔ حکم کو منظور کرنا۔ گردن
جھکانا۔ سلامت رکھنا۔ سونپنا۔
تسنیم۔ ع۔ بہشت کی نہرون
مین سے ایک نہر کا نام ہے۔
تساوی الطرفین۔ ع۔
دونون طرف برابر ہونا۔
تسخین۔ ع۔ بالفتح خاے معجمہ
مکسور گرم کرنا۔ بالکسر کفش۔
تسنین۔ ع۔ بالفتح دانت
کا مسّی لگانا۔
تسمین۔ ع۔ بالفتح فربہ کرنا۔
موٹا کرنا۔ کسیکو گھی کھانے کیلیے دینا
تسکین۔ ع۔ بالفتح آرام دینا۔
ڈھارس۔ تسلی۔
تسجین۔ ع۔ بالفتح بندی خانہ مین
کرنا۔ قید کرنا۔
تسنہ۔ ع۔ بفتح اول و لبنا
پھپھوندی لگنا۔
تسویہ۔ ع۔ بالفتح برابر کرنا۔
سیدھا کرنا۔ ٹھیک بنانا۔
یعنے کسی چیز کو اچھی طرح سے بنانا
تسعہ۔ ع۔ نو۔ ۹۔ نہ۔ عدد
مشہور ہے۔
تسمیہ۔ ع۔ بالفتح و میم مکسور و
تخفیف تحتانی مفتوح نام رکھنا
بسم اللہ کہنا۔
تسمہ۔ ف۔ چمڑے کا لمبا ٹکڑا۔
و دال بھی فارسی ہے۔ تسمہ غزلی
تسلیہ۔ ع۔ بالفتح تسکین خاطر دینا
تساوی۔ ع۔ بالفتح دو چیز کا
برابر ہونا۔ برابری۔
تسلی۔ ع۔ تسکین خاطر جمع دہار س
تس نفسی۔ ف۔ بالضم بیہودہ گوئی
تسمہ بازی۔ ف۔ دغا۔ فریب۔

باب تاء فوقانی مع شین معجمہ

تشبیب۔ ع۔ شباب کے
احوال کا ذکر کرنا۔ معشوق کی تعریف کرنا

غزل کہنا۔ آگ بھڑکانا۔
تشعب ۔ع۔ شاخ در شاخ ہونا
گروہ در گروہ ہونا۔
تشرب ۔ع۔ پینا۔ پلانا۔
تشتت ۔ع۔ بفتح اول وثانی تا
مشدد مضموم پریشانی۔ پراگندہ ہونا
تتر بتر۔ وغیرہ۔
تشت ۔ف۔ بروزن ہشت
طشت اسکا معرب ہے۔ طشت مشہور
برتن ہے۔
تشبث ۔ع۔ بفتح اول وتشدید
موحدہ مضموم وثاء مثلثہ چنگل مارنا۔
تشنج ۔ع۔ بالفتح عضو کا
اینٹھ جانا۔ ایک قسم کی بیماری ہے
جسمین ہاتھ پانون کھنچتے ہین۔
تشنج آنا۔ جیسا کہ صرع وغیرہ مین
ہوتا ہے۔
تشطیح ۔ع۔ بکسر تاء فوقانی و
حاء مہملہ بیحیائی کرنا۔ اصطلاح
مین ظاہر شرع کے خلاف کلمات کہنا
تشریح ۔ع۔ بالفتح کمال وضاحت
سے بیان کرنا۔ شرح کرنا۔ کھولنا۔
اطبا کی اصطلاح مین اعضاء درونی
وبیرونی کا حال بیان کرنا۔ اور
رگ پٹھے ہڈیون کی شمار تعداد کا

لکھنا۔ اور آنکی شکلین بتانا۔
تشیخ ۔ع۔ شیخی مارنا۔ اپنی
تعریف آپ کرنا۔
تشدید ۔ع۔ سختی کرنا۔ سوار کرنا
تشدد ۔ع۔ سختی کرنا۔
تشہد ۔ع۔ بروزن تولد۔ کلمہ
شہادت پڑھنا۔ اشہد ان لا الہ
الا اللہ کہنا۔
تشاہد ۔ع۔ بفتح اول وضم ہا باہم
گواہی دینا۔ ملاقات۔ حاضر ہونا
تشیید ۔ع۔ بالفتح دیوار پر گونہ
لگانا۔ نیو اونچی کرنا۔ مجازاً
بمعنے محکم ومضبوط کے آتا ہے۔
تشحیذ ۔ع۔ تلوار اور چاقو کا تیز کرنا
تشہیر ۔ع۔ بروزن تفعیل
کسیکی رسوائی کو شہرت دینا۔
جیسا کہ کسیکو گدہے پر سوار کرکے
شہر مین پھرانا۔ ہنڈھانا۔
تشمر ۔ع۔ بفتحتین کمر مین دامن
باندہنا۔ دامن کھینچنا۔ آستین چڑہانا
پائچہ چڑھانا۔ مجازاً بمعنے چستی
وچالاکی کے آتا ہے۔
تشویر ۔ع۔ اشارہ کرنا۔
شرمندہ ہونا۔ شرمندگی۔
تشذر ۔ع۔ بفتح اول اُلٹا

سوار ہونا۔
تشمیس ۔ع۔ بالفتح دہوپ
دکھانا۔
تشویش ۔ع۔ پریشان کرنا۔
فکر مین ڈالنا۔ فکر۔
تشوش ۔ع۔ متفکر ہونا۔
پریشانی۔
تش ۔ف۔ بالکسر مخفف آتش
تشخیص ۔ع۔ کوئی چیز معین کرنا
اجارہ لینا۔ جانچنا۔
تشخص ۔ع۔ معین کرنا۔ مقرر کرنا
تشحط ۔ع۔ بروزن تفعل
پھڑکنا۔ نیم بسمل کا تڑپنا۔
تشنیع ۔ع۔ کسیکو برا بھلا کہنا
کسیکو لعنت ملامت کرنا۔
تشیع ۔ع۔ شیعہ مذہب ہونیکا
دعوی کرنا۔ اپنی تئین شیعہ کہنا
تشریف ۔ع۔ بزرگ کرنا۔
بزرگ رکہنا۔ اور فارسی مین خلعت
کے آتا ہے۔ جو بادشاہ امیر کسیکو
عزت بڑہانے کے لیے دے
تشویق ۔ع۔ بالفتح کسیکو آرزو
کے ساتھ لانا۔
تشرق ۔ع۔ بفتحہ اول وضم ب کہنا
تشوق ۔ع۔ آرزومند کرنا۔

تشکک ـ ع ـ شک مین پڑنا
شبہ مین پڑنا ـ
تشکیک ـ ع ـ کسیکو شک مین
ڈالنا ـ
تشارک ـ ع ـ ایک دوسرے
کے شریک ہونا ـ
تشبیک ـ ع ـ بالفتح پنجہ کرنا
تشبک ـ ع ـ بروزن تفعل
پھنسنا کسی چیز کا کسی تنگ چیز
مین پھنسنا ـ
تشنگ ـ ف ـ بفتح فوقانی
وسکون شین معجمہ وفتح نون وکاف
تازی ـ تالو ـ
تشابک ـ ع ـ بضم با موحدہ
آپس مین ملنا ـ ایک چیز کا دوسری
چیز مین ملنا ـ انگلیان ملانا ـ انبوہ
بھیڑ ـ
تشویک ـ ع ـ بالفتح کانٹے
دیوار پر لگانا ـ کلیانا پرندون کے
پر نکلنا ـ
تشکیل ـ ع ـ بالفتح شکل کھینچنا
صورت بنانا ـ
تشکل ـ ع ـ بروزن توکل
صورت پکڑنا ـ تصویر بنانا ـ
تشاکل ـ ع ـ بالفتح باہم ایک
شکل ہونا ـ
تشمیم ـ ع ـ بالفتح سونگھنا ـ
تشئین ـ ع ـ بالفتح شان پانا
عزت دار بنا ـ
تشنہ خون ـ ف ـ خونکا پیاسا
تشنہ ـ ف ـ بروزن اشنہ تیل کی
پلی کپی ـ
تشویہ ـ ع ـ بروزن تصفیہ بھونا
تشبیہ ـ ع ـ کسیکو دوسرے
سے مثال دینا ـ مشابہ کرنا ـ
تشابہ ـ ع ـ بالفتح مشابہ ہونا
تشفی ـ ع ـ بالفتح تسکین پانی
اور شفا پانا ـ دلکے بھپھولے
ٹوٹنا ـ
تشنگی ـ ف ـ پیاس ـ
تشکی ـ ع ـ گلہ شکوہ کرنا ـ
تشہی ـ ع ـ آرزو کرنا ـ

باب تاء فوقانی مع صاد مہملہ

تصویب ـ ع ـ براستی
راست درست رکھنا ـ
تصلیب ـ ع ـ بالفتح سولی دینا
تصفح ـ ع ـ بفتح اول وثانی و
فا مشدد مضموم وحاء مہملہ کسی کام مین
اچھی طرح سے نظر کرنا ـ صفحہ صفحہ
دیکھنا ـ تلاش وجستجو ـ
تصافح ـ ع ـ بضم فا مصافحہ کرنا
باہم ہاتھ ملانا ـ
تصحیح ـ ع ـ راستی اور درستی
کرنا ـ سپاہ کی حاضری لینا ـ
تصریح ـ ع ـ ظاہر کرنا ـ
تصالح ـ ع ـ بالفتح ملاپ ہونا ـ
تصعد ـ ع ـ بالفتح چڑھنا ـ
تصعید ـ ع ـ اونچی جگہ چڑھ جانا
تصاعد ـ ع ـ اونچی جگہ پر چڑھنا
بلند ہونا ـ باہم ملکر بلند ہونا ـ
تصید ـ ع ـ شکار کرنا ـ
تصور ـ ع ـ بالفتح کسی چیز کی
صورت دل مین باندھنا ـ دھیان
خیال ـ
تصویر ـ ع ـ صورت بنانا ـ
تصاویر ـ ع ـ جمع تصویر ـ
تصویر سایہ دار ـ ف ـ وہ بت
جو پتھر یا لوہے وغیرہ کا ہو ـ
تصدیر ـ ع ـ دیباچہ لکھنا
مقدم کرنا ـ
تصغیر ـ ع ـ چھوٹا کرنا ـ
تصنع ـ ع ـ بالفتح خوشامد
چاپلوسی ـ نیک چالی وچلن اپنا
دکھانا ـ بناوٹ ـ درستون کا

بنا و سنگار کرنا ۔ کاریگری کرنا ۔
تصدیع ۔ ع ۔ بالفتح دردسر تکلیف دینا ۔
تصبیغ ۔ ع ۔ بالفتح رنگنا ۔
تصلف ۔ ع ۔ بروزن تصرف بیہودہ بکنا ۔ ڈینگ ہانکنا ۔ شیخی مارنا ۔
تصریف ۔ ع ۔ گردانین کرنا گردشین ۔ پھیرنا ۔ شیٔ واحد کا اشیاء کثیر کی طرف پھیر ۔
تصوف ۔ ع ۔ پشمینہ پہنا ۔ ماخوذ صوف بالضم سے کہ بمعنے پشم کے ہے ۔ اصطلاحی معنے خواہش نفسانی سے پاک ہونا اشیاء عالم کو مظہر حق جاننا ۔ چونکہ اکثر اہل اللہ اور تارک الدنیا صوف پہنتے ہین اس لیے مجاز اً اونکے اعمال اور افعال کا تصوف نام رکھا یا تصوف ماخوذ صوف بالفتح سے ہے کہ بمعنے ایکسو ہونے اور منھ پھیرنے کے ہے چونکہ اللہ والے لوگ دنیا سے منھ موڑ کر اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہین اونکے کام کا تصوف نام رکھا ۔ ایک علم کا نام ہے جسکو صوفی لوگ پڑھتے ہین یعنے علم فقیری ۔

تصنیف ۔ ع ۔ بالفتح قسم قسم کرنا ۔ بعض قسم کا بعض قسم سے جدا کرنا ۔ جمع کرنا ۔ کتاب بنانا ۔ دل سے کوئی مضمون نکالنا ۔
تصانیف ۔ ع ۔ کتابین تصنیف ہوئین ۔
تصحیف ۔ ع ۔ بالفتح لکھنے مین خطا کرنا ۔
تصدّی ۔ ع ۔ بالفتح بروزن تفعّل ۔ دخل کرنا ۔ کچھ کا کچھ کر دینا کسی کام کو شروع کرنا ۔
تصفیف ۔ ع ۔ بالفتح پرا باندھنا ۔
تصدق ۔ ع ۔ بالفتح صدقہ کرنا صدقہ دینا ۔ وارنا ۔ وسیلہ ۔
تصفیق ۔ ع ۔ ایک برتن کر دوسرے برتن مین شراب ڈھلنا دستک دینا ۔ تالی بجانا ۔
تصدیق ۔ ع ۔ بالفتح سچ سمجھنا صدقہ لینا ۔
تصادق ۔ ع ۔ باہم دوستی میں سچے ہونا ۔
تصادم ۔ ع ۔ بالفتح دھکا کھانا ۔ انبوہ ۔ ہجوم ۔

تصمیم ۔ ع ۔ خالص کرنا ۔ مضبوط کرنا
تصنیف نہادن ۔ ف ۔ بہتان رکھنا ۔
تصدیعہ ۔ ع ۔ دردسر تکلیف زیادتی ہا سے غلط ہے تصدیع بدون ہا کے صحیح ہے ۔ ہان اگر یون کہا جاوے کہ تصدیعہ مین تاء فوقانی ہے کہ بوجہ وقف کے ہا ہو گئی ہے بمعنے مرۃ کے ہے یعنی ایکبار دردسر یا ایکبار تکلیف دینے کے معنون مین مستعمل ہووے تو درست ہو جاویگا ۔
تصلیہ ۔ ع ۔ بالفتح سینکنا
تصفیہ ۔ ع ۔ پاک کرنا ۔ صاف کرنا
تصدی ۔ ع ۔ بروزن تسلی آگے آنا سامنے آنا ۔
تصابی ۔ ع ۔ امرد پرستی یعنے لونڈون کو پیار کرنا ۔ عاشق ہونا ۔

باب تاء فوقانی مع ضاد معجمہ

تضمیخ ۔ ع ۔ بضاد معجمہ و میم جیم باب تفعیل سے خوشبو لگانا ۔
تضاد ۔ ع ۔ بتشدید دال مہملہ باہم دشمنی کرنا ۔ ایک دوسرے کا ضد ہونا ۔
تضمید ۔ ع ۔ بالفتح لیپ لگانا
تضوّر ۔ ع ۔ بالفتح بروزن

تغل بلبلانا۔ بیقرار ہونا۔
تضرلیط۔ ع۔ بالفتح پڑانا۔
تضییع۔ ع۔ بدویار تحتانی
ضائع کرنا۔ کہونا۔ بیفائدہ۔
برباد کرنا۔
تضرع۔ ع۔ بالفتح زاری کرنا۔
گڑگڑانا۔ منت کرنا۔
تضعیف۔ ع۔ بالفتح دوچند کرنا
تضاعف۔ ع۔ دوچند ہونا۔
دوچند۔
تضایق۔ ع۔ تنگ ہونا۔
تھوڑی جگہ مین سمانا۔
تضحیک۔ ع۔ ہنسانا
تضرم۔ ع۔ بفتح اول وثانی
ورائے مہملہ مشدد مفتوح
آگ بھڑکانا۔
تضمین۔ ع۔ ضامن کرنا۔
کسیکو اپنی پناہ مین لینا۔ کسیکا
مشہور شعر اپنے شعر مین لانا
قبول کرنا۔ کسی چیز کو درمیان
مین رکھنا۔
تضمن۔ ع۔ پیٹ مین لینا۔
بیچ مین ملا لینا۔

باب تاء فوقانی مع طاء مہملہ

تطاسب۔ ع۔ بالفتح وثانی
ویار تحتانی مشدد مضموم و بار موحدہ
خوشبودار کرنا۔ خوشبودار ہونا۔
تطییب۔ ع۔ بروزن تفعیل
خوشبو کرنا۔ خوش کرنا۔ پاک کرنا
تطہیر۔ ع۔ پاک کرنا۔ ستھرا کرنا
تطیر۔ ع۔ بالفتح بدشگنی۔
تطوع۔ ع۔ بفتح اول وثانی
وواو مشدد مضموم و عین مہملہ
حکم ماننا۔ جو اپنے اوپر واجب لازم
نہو اُسکو بجا لانا۔ یعنی مستحبات و
نوافل کا ادا کرنا۔
تطابق۔ ع۔ مطابقت باہم
پیدا ہونا۔
تطبیق۔ ع۔ مطابق کرنا۔
تطلیق۔ ع۔ بفتح اول عورت کو
چھوڑنا۔ طلاق دینا۔
تطرق۔ ع۔ بفتح اول راہ پانا۔
شکستہ ہونا۔ راہ کرنا۔
تطریق۔ ع۔ بروزن تفعیل
راہ دینا۔
تطوق۔ ع۔ بالفتح سانپ کا
گنڈلی مارنا۔ اور بفتح فوقانی واو
مفتوح مشدد ہنسلی پہننا۔
تطاول۔ ع۔ بالضم تکبر ظلم
گردن کشی۔ درازدستی۔
تطویل۔ ع۔ دراز کرنا۔
تطعم۔ ع۔ بروزن تفعل دانا بولنا
تطیین۔ ع۔ بروزن تفعیل
لیسنا۔ مٹی لگانا۔
تطفیہ۔ ع۔ آگ ٹھنڈی کرنا
تطلیہ۔ ع۔ بالفتح لیپ لگانا

باب تاء فوقانی مع ظاء معجمہ

تظاہر۔ ع۔ مددگاری کرنا۔
مدد دینا۔
تظفر۔ ع۔ بالفتح ناخن گڑونا
تظایل۔ ع۔ سایہ ڈالنا۔
تظلم۔ ع۔ ظلم سے فریاد کرنا۔
ستم کے باعث سے رونا دہائی دینا۔

باب تاء فوقانی مع عین مہملہ

تعدا۔ ع۔ بفتح اول وثانی و
تشدید دال ظلم۔ اصل مین تعدی
ہے مگر فارسی والونکے اعراب سے
تعدا ہوا ہے۔
تعالی۔ ع۔ بفتح لام بلند ہوا
یہ صیغہ ماضی کا ہے اللہ کے نام
کے ساتھ حالی واقع ہوتا ہے۔
جیسا کہ حق تعالی اپنے خدا بزرگ برتر
تعصب۔ ع۔ بفتح اول وثانی
صاد مہملہ مشدد و بار موحدہ بیج کرنا
طرفداری کرنا۔ حمایت کرنا۔

پدرو دینا۔

تعب ۔ع۔ بفتحتین رنج دکھ بفتح فوقانی وکسر عین مہملہ تعب کشیدہ یعنی ماندا

تعاقب ۔ع۔ بھاگے ہوئے کے پیچھے دوڑنا۔

تعقب ۔ع۔ پیچھا کرنا۔

تعضب ۔ع۔ تیز زبانی۔

تعجب ۔ع۔ اچنبھا انوکھا پن۔

تعذیب ۔ع۔ بالفتح دکھ دینا۔ عذاب کرنا۔ سزا دینا۔

تعینات ۔ع۔ بالفتح تشخصات خصوصیات۔

تعینات ۔ع۔ بعد عین دو بار تحتانی بروزن تحقیقات جمع تعین کی ہے فارسی دان بمعنے متعین کے استعمال کرتے ہیں۔

تعزیت ۔ع۔ ماتم پرسی کرنا۔ پرسا دینا۔

تعمیت ۔ع۔ بالفتح پوشیدہ بنانا

تعنت ۔ع۔ بروزن تصرف کسیکا عیب ڈھونڈھنا۔ بدگوئی۔

تعییش ۔ع۔ بالفتح بروزن تفعیل جلانا۔

تعداد ۔ع۔ بالفتح شمار کرنا۔

تعدد ۔ع۔ گناہی تو شمار کرتا ہے او۔

تعقید ۔ع۔ چھپا کر باتیں کرنا کہ جسکو کوئی دریافت نہ کر سکے گرہ میں دینا۔

تعیید ۔ع۔ بالفتح حاضر کرنا۔

تعدید ۔ع۔ شمار کرنا گنتی کرنا

تعقد ۔ع۔ بفتحتین وتشدید قاف گانٹھ پڑنا۔

تعند ۔ع۔ دنگا کرنا۔ دشمنی کرنا بیر رکھنا۔

تعہد ۔ع۔ ضامنی کرنا۔ کسیکے کام کا سر انجام اپنے ذمے لینا۔

تعبد ۔ع۔ عبادت کرنا پوجنا

تعود ۔ع۔ بالفتح عادت پکڑنا خوگر ہونا۔

تعوید ۔ع۔ بفتح تا وسکون عین مہملہ وکسر واو بروزن تفعیل خوگر کرنا

تعویذ ۔ع۔ لغوی معنی پناہ مین دینا۔ پناہ مین لانا۔ مجازاً دعا یا اللہ کے نام کے عدد لکھکر واسطے دفع ہونے بلیات وغیرہ کے بازو پہ باندھنا۔ یا گلے مین ڈالنا۔ کہا ہے فارسی اور ہندی مین تعویذ نشان قبر کو بھی کہتے ہین۔

تعزیر ۔ع۔ اول زا معجمہ بعد را مہملہ سزا دینا۔ سیاست کرنا اس اندازے کہ مصلحت وقت ہو۔

تعاکر ۔ع۔ بروزن تفاعل لڑائی مین طرفین کی سپاہ کا گڈمڈ ہونا

تعسر ۔ع۔ دشواری مشکل۔

تعاسر ۔ع۔ بالفتح چوکنا۔

تعطیر ۔ع۔ خوشبو کرنا۔ بسانا۔

تعطر ۔ع۔ بالفتح عطر لگانا۔

تعییر ۔ع۔ سرزنش یعنی ملامت کرنا

تعبیر ۔ع۔ بیان کرنا خواب کے معنے کہنا۔

تعذر ۔ع۔ عذر کرنا دلیل لانا کام کا مشکل ہونا۔ دشوار ہونا۔

تعذیر ۔ع۔ عذر کرنا معذور رکھنا

تعمیر ۔ع۔ بالفتح عمارت بنانا آباد کرنا۔ بسانا۔

تعریس ۔ع۔ مسافر کا پچھلی رات کو ٹھہرنا۔ مقام کرنا۔

تعطیس ۔ع۔ بروزن تفعیل۔ چھینکانا۔ کسیکو چھینکین دلانا۔

تعیش ۔ع۔ بروزن تصرف عیش کرنا۔ عیش کے سامان اکٹھا کرنا

تعطش ۔ع۔ بروزن تصرف پیاس۔ پیاسا ہونا۔

تعریش ۔ع۔ تخت۔ یا محل بچھانا۔ سر اوٹھانا۔ گدھے کا منھ کھولنا۔

تعریض - ع - کنایۃً بات کہنا - پیش آنا - چھیڑنا -

تعرض - ع - بالفتح کسیکے آگے آنا - پیش آنا - چھیڑنا - دیکھنا - کسی چیز میں مشغول ہونا -

تعارض - ع - جھگڑا کرنا - کسیکے سامنے آنا -

تعطف - ع - بالفتح مہربانی - نوازش -

تعسف - ع - بیراہ چلنا - گمراہ ہونا

تعفف - ع - پارسائی - پرہیزگاری

تعارف - ع - کلام روزمرہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچاننا - جان پہچان

تعاطف - ع - باہم مہربانی کرنا -

تعنف - ع - سرزنش کرنا - ستم کرنا - سختی کرنا -

تعرف - ع - بروزن تصرف پہچاننا - بتانا -

تعریف - ع - بالفتح معنے بیان کرنا - جتانا -

تعویق - ع - بالفتح باز رکھنا - رد کرنا - بند کرنا - دیر کرنا -

تعشق - ع - بروزن تفعل عاشق ہونا

تعلیق - ع - بفتح اول و سکون ثانی و کسر لام و سکون تحتانی کسی چیز کو لٹکانا - ٹانگنا -

تعمیق - ع - بالفتح کسی کام میں غور کرنا - سوچنا - دور اندیشی کرنا - گہرا کرنا -

تعمق - ع - بروزن تفعل غور کرنا - کسی چیز کی کنہ کو پہنچنا -

تعانق - ع - گلے ملنا - بغلگیر ہونا -

تعلق - ع - بالفتح لگاو - علاقہ - لاگ - لپٹنا - لٹکنا - دل لگانا -

تعدیل - ع - بالفتح راست و درست کرنا - کسی چیز کو کسی چیز سے برابر کرنا -

تعجیل - ع - بالفتح کسی کام میں اوسکے وقت سے پہلے جلدی کرنا - جلدی کرنا -

تعطیل - بالفتح کسیکو بیکار کرنا - خالی چھوڑنا -

تعطل - ع - بیکار رہنا -

تعلل - ع - بالفتح علت اوٹھانا - بہانہ کرنا - سبب پوچھنا - دیر کرنا - حجت و دلیل اوٹھانا - دیر و تاخیر

تعلیل - ع - وجہ بیان کرنا - دلیل لانا -

تعقل - ع - کسی کام میں فکر کرنا - سمجھنا - جاننا -

تعال - ع - بیا یعنی آ -

تعمیل - ع - بروزن تفعیل - کام دینا -

تعزیل - ع - عہدہ سے برطرف کرنا - معطل کرنا -

تعمل - ع - عمل میں لانا -

تعویل - ع - بھروسا کرنا - اعتماد کرنا

تعمیم - ع - عام کسی چیز کو شامل کرنا

تعلیم - ع - بالفتح سکھانا - پڑھانا

تعلم - ع - بفتح اول و ثانی و لام مشدد و مضموم کسی سے کچھ سیکھنا پڑھنا - بفتح اول و ثانی و لام مشدد مفتوح سیکھ امر کا صیغہ ہے -

تعتم - ع - بتشدید تا مضموم دیر کرنا - تاخیر کرنا -

تعسم - ع - بسین مہملہ لالچ رکھنا -

تعمم - ع - بروزن تفعل پگڑی باندھنا

تعظم - ع - بزرگ ہونا -

تعظیم - ع - عزت کرنا -

تعجیم - ع - بالفتح حروف کو نقطہ دینا -

تعشم - ع - بشین معجمہ بڈھا ہونا - خشک ہونا -

تعیین - ع - بدو یاء تحتانی مقرر کرنا - خاص کرنا - یا کسی چیز دل سے ایک چیز کو مخصوص کرنا - [illegible]

ایک یا کو حذف کرتے ہین ۔
تعیین ۔ ع ۔ مخصوص ہونا ایک چیز کا چند چیزون مین سے ۔
تعدیل ارکان ۔ ع ۔ رکوع اور سجود وغیرہ کو آہستگی ادا کرنا ۔
تعفن ۔ ع ۔ بضم فا مشدد بدبو ہونا گندہ ہونا ۔ سڑ جانا ۔ بدبو تی ۔
تعاون ۔ ع ۔ بضم واو آپس مین مدد کرنا ۔
تعدیہ ۔ ع ۔ گذرانا ۔ فعل لازمی کو متعدی کرنا ۔
تعبیہ ۔ ع ۔ آراستہ کرنا ۔ سنوارنا پوشیدہ کرنا ۔ کسی چیز کو چھپانا ۔ ایسی چیز بنانا جو انوکھی معلوم ہو ۔
تعمیہ ۔ ع ۔ نابینا کرنا ۔ چھپانا ۔ معما کہنا ۔
تعلقہ ۔ ع ۔ لگاو علاقہ ۔
تعلیقہ ۔ ع ۔ اسباب کا ضبط کرنا
تعریہ ۔ ع ۔ بفتح تاء فوقانی و سکون عین مہملہ و کسر راء مہملہ ننگا کرنا
تعدی ۔ ع ۔ حد سے بڑھ جانا مجازاً بمعنے ظلم و ستم کے آتا ہے ۔

باب تاء فوقانی مع غین معجمہ

تغلب ۔ ع ۔ بفتح اول و ثانی و تشدید لام مضموم غلبہ کرنا ۔ غالب ہونا ۔ زبردستی سے کسیکا مال لے لینا ۔
تغشیہ ۔ ع ۔ بالفتح ڈھانکنا ۔
تغویث ۔ ع ۔ بالفتح دہائی دینا
تغرید ۔ ع ۔ بر وزن تفرید ۔ زمزمہ گنگری ۔
تغیر ۔ ع ۔ بفتحتین و ضم یاء تحتانی بگڑنا ۔ روٹھنا ۔
تغییر ۔ ع ۔ بر وزن تشریف ۔ بات بدلنا ۔ فارسی والے ایک یے کو حذف کرتے ہین ۔ تغیر پڑھتے ہین ۔ یہ تفرلیس ہے ۔
تغار ۔ ف ۔ مٹی کا کونڈا کیھولا آتی اردو سے ہندی مین اوس گڑھے کو کہتے ہین کہ عمارت بنانے کے وقت زمین مین لمبا لمبا کھود کر اوسکو اور چونا اوسمین ڈال کر ملاتے ہین
تغایر ۔ ع ۔ فرق باہم مغایر ہونا
تغویر ۔ ع ۔ بر وزن تفعیل دو پہر کو اترنا ۔ دوپہر کو چلنا ۔
تغرغر ۔ ع ۔ بالفتح غرغرہ کرنا ۔ ڈبڈبانا ۔ آنکھون مین آنسو بھر آنا
تغضیض ۔ ع ۔ بالفتح ہونٹھ چبانا ۔
تغمیض ۔ ع ۔ بالفتح آنکھ بند کرنا ۔
تغوط ۔ ع ۔ بر وزن تفعل ہگنا
تغیظ ۔ ع ۔ بر وزن تفعل جھنجھلانا
تغلوق ۔ بضم اول و سوم سردار نام ایک بادشاہ کا ہے ۔
تغریق ۔ ع ۔ بالفتح ڈوبانا ۔
تغافل ۔ ع ۔ غفلت کرنا ۔ جان بوجھ کر غافل بننا ۔
تغسیل ۔ ع ۔ بالفتح نہلانا ۔
تغریم ۔ ع ۔ بالفتح ڈانڈ لینا ۔
تغابن ۔ ع ۔ کسیکو نقصان مین ڈالنا ۔ نقصان کے سبب سے فریب دینا زیانکاری ۔ نہین کھاتا ۔ پچھتانا افسوس کرنا ۔
تغطیہ ۔ ع ۔ بالفتح سرپوش ڈھانکنا ۔ کسی چیز کو ڈھانکنا ۔
تغذیہ ۔ ع ۔ بالفتح کھانا دینا ۔ پالنا
تغدیہ ۔ ع ۔ ناشتا کرانا ۔
تغمہ و تغمات ۔ ت ۔ یہ غلط مشہور ہے تمغا صحیح ہے ۔ نشانی اور مہر چھاپ
تغارہ ۔ ف ۔ تغاری ۔ مشہور ظرف ہے ۔
تغدی ۔ ع ۔ بفتح تاء فوقانی و فتح غین معجمہ و کسر دال مشدد نہاری کھانا یعنی دن چڑھے کھانا ناشتا کرنا
تغشی ۔ ع ۔ بفتح اول و ثانی و شین معجمہ ڈھانپنا ۔ چھپانا ۔ غش لانا
تغنی ۔ ع ۔ بالفتح گانا ۔

ناخن کا میل۔

تفلسف ۔ع۔ بفتحتین وسکون لام وضم سین معلہ حکمت ۔ دانائی۔

تفوق ۔ ع ۔ برتری کرنا۔ اوپر ہونا

تفریق ۔ ع ۔ بالفتح فرق کرنا۔ فاصلہ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ بانٹنا۔ پھوٹ ڈالنا۔

تفاریق ۔ع۔ بالفتح تفریق کی جمع ہے کہ بمعنے جدا کرنے کے ہے ۔ جدائیاں تفریقین۔

تفلق ۔ ع ۔ بلفا بروزن تفعل دودھ کا پھٹنا۔

تفتیق ۔ ع ۔ بالفتح حصہ کرنا۔ ٹکڑا کرنا ۔ کھولنا۔

تفتق ۔ع۔ بالفتح فوقانی ودوم مشدد مضموم کلی کا کھلنا۔

تفک و تفنگ ۔ ف ۔ بندوق

تف دیگ و دود دیگ بھاپ ۔ بخار۔

تفصیل ۔ ع ۔ بفتح تا جدا کرنا ۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ فصل فصل کرنا کتاب کا پارہ پارہ کرنا۔

تفاصیل ۔ ع ۔ جمع تفصیل کی ہے

تفضل ۔ ع ۔ بزرگی بڑائی فضیلت

تفاصل ۔ ع ۔ آپس سے جدا ہونا۔

فرق کرنا۔

تفل ۔ ع ۔ بضم اول وسکون ثانی تھوکنا۔

تفتیل ۔ ع ۔ بروزن تفعیل مونچھوں پر تاو دینا۔

تفاضل ۔ ع ۔ ایک دوسرے سے آپس میں زیادہ ہونا۔

تفول ۔ ع ۔ بفتح اول وثانی وتشدید وضم ہمزہ کہ بصورت واو کے ہے ۔ نیک فال ونیک شگون لینا

تفأل ۔ ع ۔ بروزن تفعل نیک شگون لینا۔

تفقل ۔ ع ۔ بالفتح بروزن تفعل کڑ جانا۔

تفرق اتصال ۔ ع ۔ اطبا کی اصطلاح میں زخم وجراحت کو کہتے ہیں

تفخیم ۔ ع ۔ بجا بعجمہ بڑھانا ۔ بزرگ کرنا۔

تفحیم ۔ع۔ بجا معلہ سیاہ کرنا اندھیری رات میں سفر کرنا۔

تفہیم ۔ ع ۔ سمجھانا۔

تفہم ۔ ع ۔ بالفتح تھوڑا تھوڑا سمجھ جانا۔ سمجھنا۔

تفنعم ۔ ع ۔ بالفتح وغین مشدد ۔ روئی کو دھننا۔

تفنن ۔ ع ۔ شاخ درشاخ ہونا۔ رنگ برنگ ہونا۔

تفسان ۔ ف ۔ جو چیز آگ یا آفتاب سے گرم ہوئی ہو۔ ایک قسم کی روٹی ہے جسکو پراٹھا کہتے ہیں۔

تفسیدن ۔ ف ۔ گرم ہونا ۔ جلنا ۔ کسیکو خفا کرنا۔

تفکن ۔ ع ۔ پچتانا

تف انداختن و تف افگندن ۔ ف ۔ منھ پر تھوکنا۔

تفو ۔ ف ۔ بضمتین تُھڑی تھوک۔

تفتہ ۔ ف ۔ بالفتح سخت گرم جلا ہوا عاشق۔

تفشہ ۔ ف ۔ بفتح فوقانی وسکون فا وفتح نون جالا جسمیں مکڑی انڈے دیتی ہے

تفرقہ ۔ ع ۔ بفتح اول وکسر را وفتح قاف ہے اور جو لوگ بفتح فا وسکون را پڑھتے ہیں غلط ہے ۔ فرق کرنا ۔ درمیان دو یا چند چیزوں کے جدائی ۔ فاصلہ۔

تفلیہ ۔ ع ۔ بالفتح جوئیں دیکھنا

تفسہ ۔ ف ۔ بالفتح اول وثانی وکسر فا وسکون ہا ہمزہ وہ چیز جسمیں مزہ نہو پھیکا ۔ سیٹھا۔

تفوہ ۔ ع ۔ بالفتح تا فوقانی وفا و تشدید

واو مضموم باہم کرنا۔
تفکّہ۔ ع۔ بفتح اول وثانی وکاف
مشدد مضموم دا میوہ کھانا پھل کھانا
تفکیہ۔ ع۔ بروزن تسمیہ حقیر ہونا
خوار ہو جانا۔
تفنگچہ۔ ف۔ طمنچہ مشہور ہتھیار ہے
تفیدہ۔ ف۔ جو آفتاب یا آگ مین
گرم کیا ہوا ہو۔
تفصّی۔ ع۔ بصاد مہملہ بروزن
ترقی تنگی۔ اور مشکل سے خلاصی پانا
تفنگچی۔ ف۔ بندوقچی۔

باب تاء فوقانی مع قاف

تقوی۔ ع۔ بفتح اول وفتح واو
خدا سے ڈرنا۔ گناہ سے بچنا۔
نیک کام۔ ادب۔
تقا۔ ع۔ بضم اول پرہیزگاری۔
تقاضا۔ ع۔ خواہش۔ مانگنا
تقبّل۔ ع۔ بفتحتین وتشدید موحدہ
قبا پہنی۔
تقریباً۔ ع۔ تخمیناً۔
تقدیر آزمانا۔ م۔ بخت آزمائی
سے عبارت ہے۔
تقدیر کا الٹ جانا۔ م۔ بخت کا
برگشتہ ہو جانا۔
تقدیر کا بگڑ جانا۔ م۔ کنایہ ہے
ناسازی بخت سے۔
تقدیر کا پھر جانا۔ م۔ برگشتگی
بخت سے عبارت ہے۔
تقدیر کا جاگنا۔ م۔ بخت کی
بھلائی۔
تقدیر کا پھوٹنا۔ م۔ بخت کی
برائی۔
تقدیر کا چمکنا۔ م۔ ترقی بخت۔
تقدیر سیدھی ہونا۔ م۔
قسمت کا موافق ہونا۔
تقدیر کا بدا۔ م۔ سامر شدنی سے
عبارت ہے۔
تقدیر کا سو جانا۔ م۔ بخت کا
ناموافق ہونا۔
تقدیر کا لکھا۔ م۔ نوشتہ تقدیر
سے عبارت ہے۔
تقدیر کا اٹھ جانا۔ م۔ کارسازی
بخت سے عبارت ہے۔
تقلیب۔ ع۔ بالفتح اوندھانا
پھرانا۔ پلٹنا۔ بدلنا۔ اولٹ پلٹ کرنا
تقالیب۔ ع۔ زمانہ کی گردشیں
زمانے کا انقلاب۔
تقلّب۔ ع۔ بالفتح گردش جلنا
پھرنا۔ پلٹنا۔ درد کی شدت مین
لوٹنا۔ اسباب کا الٹ پلٹ ہونا۔
تقریب۔ ع۔ نزدیک کرنا۔
اس طرح سے بات کہنا کہ مستلزم
مطلوب کا ہو۔
تقارب۔ ع۔ باہم قریب ہونا
یا ہم پاس ہونا۔
تقرّب۔ ع۔ نزدیکی۔
تقویت۔ ع۔ بالفتح قوت دینا
طاقت۔ ڈھارس۔
تقیید۔ ع۔ بدو یاء تحتانی بروزن
تفعیل۔ بند کرنا قید کرنا۔
تقیّد۔ ع۔ تاکید کرنا بضم تحتانی
مضموم صحیح ہے اور یاء تحتانی کو
مفتوح پڑھنا خطا ہے۔
تقلّد۔ ع۔ بروزن تعلّم پگڑی
کسی کام کے ذمہ دار ہونا۔
تقاعد۔ ع۔ بضم عین مہملہ کسی کام سے
باز رہنا۔
تقلید۔ ع۔ گردن بند گلے مین
ڈالنا۔ کسی کام کی ذمہ دار ہونا۔
کوئی کام کسیکے ذمہ کرنا۔ پیچھا کرنا
کسی کے بدون دریافت اوسکی
حقیقت کی پیروی کرنا۔
تقتیر۔ ع۔ بجورو بچون کے
نفقے مین تنگی کرنا۔
تقصیر۔ ع۔ کسی کام مین کمی کرنا

ششتی۔ کوتاہی کرنا۔ خطا۔ قصور۔

تقصیر وار۔ ف۔ خطادار۔ گنہگار آدمی۔

تقریر۔ ع۔ بات کہنا۔ قرار دینا۔

تقاریر۔ ع۔ جمع تقریر کی ہے

تقرر۔ ع۔ بالفتح قرار پکڑنا۔ مقرر کرنا۔ ٹھہرنا۔ چکنا۔

تقشیر۔ ع۔ چھلکا اتارنا۔ کسی میوہ کا چھیلنا۔

تقطیر۔ ع۔ ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ ڈالنا۔

تقاطر۔ ع۔ بروزن تفاعل۔ لگاتار بوندیاں پڑنا۔ پے در پے قطرے ٹپکنا۔

تقدیر۔ ع۔ بالفتح اندازہ کرنا۔ سا دھنا۔ جو اندازہ خدا نے پہلے سے کر لیا ہے۔

تقادیر۔ ع۔ جمع تقدیر کی ہے

تقدیر کا پھیر۔ ہ۔ برگشتگی بخت

تقلیس۔ ع۔ بالفتح بروزن تفعیل بہ دست۔ کسی امیر کے آگے ننگی تلواروں سے کثرت دکھانا۔

تقویس۔ ع۔ بالفتح تیر کمان میں رکھنا۔

تقدس۔ ع۔ پاک کرنا۔ پاک ہونا۔

تقدیس۔ ع۔ پاکیزہ کرنا۔ پاکی سے

منسوب کرنا۔

تقطیع لباس۔ ع۔ لباس کی آرائش۔ پوشاک کی زیب و زینت

تقدمۃ الجیش۔ ع۔ بفتح اول و سکون ثانی و کسر دال لشکر کا پیشوا

تقادحس۔ ع۔ پھڑکنا۔ اوپر چڑھ جانا۔ کسی چیز کا کودنا۔

تقریط۔ ع۔ بالفتح چراغ کا گل لینا۔

تقلیع۔ ع۔ بفتح اول اکھیڑنا۔

تقفع۔ ع۔ بفوقانی و قاف و فاد عین مہملہ بروزن تفعّل سردی سے اعضا کا ٹھٹھرنا۔

تقطیع۔ ع۔ بالفتح ٹکڑے کرنا۔ قطعدار بنانا۔ آرائش عجب۔ دودھ پھاڑنا۔

تقریع۔ ع۔ برا کہنا۔ ملامت کرنا۔ کوسنا۔ بیقراری۔

تقاطع۔ ع۔ آپس میں ایک دوسرے کا قطع کرنا۔

تقشف۔ ع۔ تنگی معاش سے اوقات بسر کرنا۔

تقدم بالشرف۔ ع۔ تقدم پیش ہونا کسی شی کا دوسرے شے کے اوپر۔

تقاق۔ ف۔ بالضم بچھو۔

تقبیل۔ ع۔ بالفتح چومنا۔ بوسہ دینا۔

تقبل۔ ع۔ بفتحتین و تشدید موحدہ مضموم قبول کرنا۔ منظور کرنا۔

تقابل۔ ع۔ باہم مقابل ہونا

تقاتل۔ ع۔ ایک کا دوسرے کو قتل کرنا۔

تقلیل۔ ع۔ کم کرنا۔ تھوڑا کرنا۔

تقلقل۔ ع۔ بفتحتین و قاف ثانی مضموم۔ بیقراری۔ اندوہ۔ آواز صراحی کی۔

تقدیر کا بل۔ ہ۔ کنایہ ہے تقدیر کی برائی سے۔

تقدیر کا کھیل۔ ہ۔ کنایہ ہے بخت کے کرشموں سے۔

تقویم۔ ع۔ بالفتح و سکون قاف و کسر واو قیمت کرنا۔ سچ بتلانا۔ کوئی چیز قائم کرنا۔ سیدھا کرنا۔ صورت اور جنتری نجومیوں کی۔ ترہ بر بہون کا اب یہاں تقویم اون احکام کو کہتے ہیں کہ نجومی لوگ نوروز کے دن سال بھر کے احکام لکھتے ہیں ہیچ سال میں جس روز تحویل آفتاب برج حمل میں ہوتی ہے اوسکو نوروز کہتے ہیں۔

تقاویم - ع - جمع تقویم کی ہے -
تقسیم - ع - حصہ کرنا - بانٹنا -
تقحم - ع - بالفتح بروزن تفعّل - گھس پڑنا -
تقلیم - ع - بروزن تفعیل ناخن کا کاٹنا
تقدم - ع - بضم دال مشددہ پیش ہونا - آگے ہونا - بفتح دال مہملہ مشدد آگے ہو -
تقدیر کا بناو - ہ - کنایہ ہے مساعدت بخت سے -
تقدمہ - ع - بروزن تکملہ پیش کرنا پیش ہونا - کام کے پہلے کاریگر کو روپیہ دینا - یہ اصطلاحی معنے مین جسکو فارسی مین پیشداد اور ہندی مین پیشگی یا سائی کہتے ہین پیشوا -
تقبّی - ع - بروزن تفعّل قبا پہننا
تقضی - ع - بروزن ترقی - مدت آخر ہونا -
تقی - ع - بتشدید یا بروزن فعیل خدا سے ڈرنے والا - پرہیزگار -
تقاوی - ع - بفتح اول قوت دینا اصطلاح مین اوس روپیہ کو کہتے ہین جو بطور قرض کے نادار کسانون یا زمیندارون کو سرکار واسطے ترقی پیداوار و زراعت کے دیوے -
تقلیدی - ع - جو کسیکا پیرو ہو -

باب تار فوقانی مع کاف عربی

تکلا - ہ - مشہور چیز ہے مغزل عربی دوک فارسی -
تکیہ لگانا و تکیہ دینا - ہ - تکیہ زدن و تکیہ دادن فارسی - اتکا و استناد عربی -
تکیہ کرنا - ہ - کسی پر اعتبار کرنا -
تکرار کرنا - ہ - کسی امر مین بحث کرنا
تکنا - ہ - بحسرت کسیکو دیکھنا
تکونا - ہ - مثلث -
تکبیب - ع - بالفتح کباب لگانا -
تکذیب - ع - بالفتح جھٹلانا - جھوٹا کرنا -
تکرّج - ع - بفتح اول وثانی وضم رار مہملہ مشددہ کھانے کے رنگ و مزے کا بدلنا - پھپھوندی لگنا
تکمید - ع - سکور گرم پوٹلی سے بدن کا سینکنا -
تکسد - ع - بالفتح گھونسلا -
تکاثر - ع - بضم ثار مثلثہ افزون ہونا - زیادتی کثرت -
تکثر - ع - بہت زیادہ ہونا - زیادہ کثرت
تکثیر - ع - بہت کرنا - زیادہ کرنا -
تکسیر - ع - کسی چیز کو توڑنا عاملون کی اصطلاح مین کسی اسم کے اعداد کو اسطور پر تقسیم کرنا کہ نقش کے ہر خانہ مین ایسا عدد لکھا جاوے کہ ہر طرف سے شمار مین برابر آجاوے اگر ہر طرف سے ایک ہی عدد آتا ہے تو نقش صحیح ہوتا ہے ورنہ غلط نقش سلیمانی و مجربات سلیمانی وغیرہ مین اسکے مفصل کیفیت لکھی ہے -
تکسر - ع - ٹوٹا ہوا -
تکرار - ع - بار بار پھیرنا - بار بار پھرانا -
تکریر - ع - بار بار پھرنا - پھر پھر کر کوئی بات کرنا -
تکفیر - ع - کسیکو کافر کہنا کفارہ دینا - چھپانا -
تکبر - ع - اپنے تئین بڑا سمجھنا اینٹھنا - اترانا - گھمنڈ کرنا -
تکبیر - ع - بزرگ کرنا - بڑا کہنا اللہ اکبر کہنا -
تکدر - ع - مکدر ہونا - تیرہ ہونا -
تکش - ت - بفتح شین ترکون کے بادشاہ کا نام ہے -
تکلفات - ع - بفتح تار فوقانی و

بفتح و تشدید لام اپنے اوپر تکلیف
اٹھانا - یا وہ بات دکھلانا - جو
اپنے مین نہو - بناوٹ غیر موجود چیز
کو موجود کرنا -
تکلیف - ع - دکھ - کسیکو رنج مین
ڈالنا - کسی سے وہ کام لینا جو
اوسکی طاقت سے باہر ہو - فارسی مین
مطلق کام فرمانے کے معنے مین ہے
تکالیف - ع - تکلیف کی جمع ہے
تکاثف - ع - بضم ثاء مثلثہ
ڈبل - موٹا - سخت ہونا - جمع ہونا -
تکثیف - ع - موٹا اور سخت کرنا
اکٹھا کرنا -
تکیف - ع - بروزن تصرف
حقیقت جاننا -
تک - ہ - بھاکھا مین سجع کو
کہتے ہین - اگر نظم مین ہو تو قافیہ
اور اگر نثر مین ہو تو سجع کہتے ہین
تک تک - ہ - گاڑیبان
بیلون کے ہکانے کے وقت
کہتے ہین - شق شق عربی -
تکاسل - ع - اپنے تئین کاہل و
سست کرنا - یا دکھلانا مجہول بنانا
تکسل - ع - کاہل و سست ہونا
تکاہل - ع - اپنے تئین کاہل بنانا

تکمیل - ع - کامل ہونا - پورا ہونا
تکفل - ع - ضامن ہونا کسی چیز کا
ذمہ وار ہونا -
تکفیل - ع - کفالت کرنا ضامن ہونا -
تکرم - ع - بفتحتین و راء مفتوح صیغہ
امر کا تکرم سے کہ بفتحتین و تشدید
راء مضموم مصدر ہے بمعنے بخشنا -
تکارم - ع - آپس مین کرم کرنا -
آپس مین عیش کرنا -
تکریم - ع - عزت کرنا - بڑا جاننا
تکویم - ع - ڈھیر کر دینا -
تکلم - ع - بفتحتین و تشدید لام مضموم
باتین کرنا - و بفتحتین و تشدید لام مفتوح
بگو بول -
تکلیم - ع - بالفتح گفتگو کرنا بات کہنا
تکیہ کلام - ہ - بعض آدمیون کی
عادت ہوتی ہے کہ ایک لفظ کو ہر بات
مین مکرر سہ کرر کہتے ہین - اور
بغیر اوس لفظ کے کچھ جملہ شروع
نہین کرتے - حرف بازگیر فارسی -
تکوین - ع - بالفتح پیدا کرنا -
وجود مین لانا -
تکیہ بستن و نہادن و کردن -
ف - گھنڈی لگانا -
تکفین - ع - مردے کو کفن پہنانا -

تکیہ زدن - ف - بھروسا کرنا -
تکیہ لگانا -
تکلان - ع - بالفتح توکل اعتماد
تکون - ع - بالفتح ہوجانا - وجود پانا
تکمن - ع - بالفتح و سکون کاف
و ضم میم مشدد گاڑا بیٹھ - یعنے حریف
کے انتظار مین کسی جگہ بیٹھنا -
تکان - ہ - کسی شی متحرک سے
کچھ صدمہ پہونچنا -
تکمہ - ع - کپڑے یا سوت یا ریشم کا
حلقہ جسمین گھنڈی لگاتے ہین اور
فارسی مین گھنڈی پر اطلاق کیا جاتا ہے
انگلہ فارسی - عروۃ القمیص و عکمہ
عربی -
تکہ - ف - بضم اول و فتح کاف عربی
مشدد و تیر جسکی گانسی گول ہو - تکہ
بکسر اول و تشدید کاف مضموم بوٹی
گوشت کا چھوٹا ٹکڑا جسکو کباب وغیرہ
کے لیے کاٹین - مزعہ عربی -
ہر چیز کا ٹکڑا اور عربی مین بالکسر
التکہ بند
و تشدید کاف عربی بمعنے ازاربند کو ہے
تکیہ - ف - پیٹھ کا سہارا - پیٹھ کی
ٹیکن جسپر سہارا لگایا جاوے -
بالش فارسی - مسند و حسبانہ عربی
بمعنے اعتماد و پشت کو بھی آتا ہے

فقیروں کے رہنے کا مقام
اور تکیہ بمعنے گورستان کے بھی
آیا ہے سند اسکی ہمنے مصطلحات
مین لکھی ہے۔
تکافی۔ ع۔ باہم برابر ہونا۔
تکینی۔ ھ۔ چھوٹا تکیہ جسکو اکثر
پہلو مین رکھتے ہین۔

باب تاء فوقانی مع کاف فارسی

تگ وتاز۔ ف۔ اپنے پاؤن سے
دوڑنا۔ گھوڑا دوڑانا۔
تگا۔ ھ۔ جسکے پاون ٹیڑھے ہون
تگنا۔ ھ۔ سہ چند۔
تگاب۔ ف۔ بالفتح تیفت۔
تگ وتاز۔ ف۔ دوادوش
دوڑ دھوپ۔
تگاور۔ ف۔ بفتح اول وکاف
فارسی وفتح واو تیز گھوڑا۔
تگ۔ ف۔ گہرائی کنوین کی
تہ۔ جڑ۔ دوڑنا تک۔ قدم۔ یہ
لفظ کاف عربی سے بھی آتا ہے
ارقہ۔ ع۔ بمعنے پرورش
اور بعض کہتے ہین کہ کاف فارسی
صحیح ہے۔ کاف عربی سے پڑھنا
خطا ہے۔
تگرگ۔ ف۔ اولا جسکو ژالہ
کہتے ہین۔

تگاپو وتگاپوی۔ ف۔ بکاف
فارسی وکاف عربی بہت دوڑنا۔
دوڑ دھوپ کرنا۔ جلدی جلدی
آمدورفت کرنا۔
تگ ودو۔ ف۔ دوڑ دھوپ
تلاش۔ دوادوش۔ سعی۔
تگ وپوی۔ ف۔ تلاش دوڑ دھوپ
تگامشی۔ ف۔ بفتح اول وکاف
فارسی وفتح میم وکسر شین معجمہ
بہت دوڑنا۔

باب تاء فوقانی مع لام

تلالا۔ ع۔ بالفتح بمعنے روشنی
فقیروں کا نعرہ۔
تلقاء۔ ع۔ بالکسر منہ کے سامنے
دیکھنا۔ دیدار کرنا۔ دیکھنا۔
تلا۔ ع۔ بکسر زر۔ سونا فارسی مین
طلا طا سے لکھتے ہین۔
تلوا۔ ھ۔ کف پا فارسی۔
اخمص عربی۔
تلوار کھینچنا۔ ھ۔ آہیختن شمشیر
فارسی اصطلاح عربی۔
تلوار پر ہاتھ رکھنا۔ ھ۔
تلوار کے قبضہ پر ہاتھ رکھنا۔
کھینچنے کے لیئے دست بشمشیر بردن
فارسی اخلاف عربی۔

تلوار میان مین کرنا۔ ھ۔
شمشیر در نیام کردن فارسی اغماد عربی
تلوار ملنا۔ ھ۔ جلا دادن شمشیر
فارسی۔ جلو بضم صقل عربی۔
تل بیٹھنا۔ ھ۔ وہ یہ ہے کہ
ترازو کے ایک پلے مین آپ بیٹھتے ہین
اور دوسرے مین سونا اور چاندی
تانبا غلہ مشک زعفران وغیرہ رکھکر
تولتے ہین اور اسکو تصدق کرتے ہین
تلپٹ کرنا۔ تلپٹ ہونا۔ ھ۔
رائگان کرنا۔ گم ہونا کسی چیز کا کھل جانا
تلنا۔ ھ۔ بضم اول کسی کام پر آمادہ ہونا
تلملانا۔ ھ۔ بیتاب ہونا۔ بیقرار ہونا
تلنا۔ ھ۔ بفتح اول پوری۔ ترکاری
وغیرہ کو تیل یا گھی مین تلنا۔
تل نظرا۔ ھ۔ جو ہر وقت نیچے
نگاہ رکھے۔ بد نظرا۔
تلوون سے لگنا۔ سر پر بجھنا۔
ھ۔ کنایہ ہے نہایت غصہ ہونے سے
تلووں کی چھلنی ہوجانا۔ ھ۔
بہت پھرنا۔
تلوے دھو دھو کر پینا۔ ھ۔
کنایہ ہے کمال اطاعت سے
تلوے سہلانا۔ ھ۔
کسیکی خوشامد کرنا۔

تلے اوپر ہونا - ہ - انقلاب کا ہونا - اُلٹ پلٹ ہونا -
تلب - ع - بالضم گردہ جھنجھنا -
تلہب - ع - بضم ہا مشدد شعلہ کا بھڑکنا -
تلقیب - ع - ملقب کرنا - لقب دینا -
تلبیب - ع - بفتح اول گریبان پکڑ کے لانا -
تلاوت - ع - بکسر تا پڑھنا - قرآن کا پڑھنا -
تلخ کمیت - ف - وہ گھوڑا جسکا رنگ مائل بسیاہی ہو -
تلچھٹ - ہ - جو چیز پانی یا شراب وغیرہ مین تہ نشین ہو دُرد فارسی ثفل عربی -
تلپٹ - ہ - رائگان -
تلوث - ع - بالفتح لتھڑنا - بھرنا -
تلاج - ف - بالفتح شور و غوغا
تلجلج - ع - بروزن تفعلل منہہ چلانا
تلحج - ع - بروزن تموج حرص -
تلمنج - ع - بالفتح سر کے بالون کا چلکنا -

تلمیح - ع - بحاء مہملہ کیسی کی طرف نظر حقارت سے دیکھنا اپنے کلام مین آیات قرآن یا احادیث کا شامل کرنا - یا کسی قصے کی طرف اشارہ کرنا -
تلویح - ع - بحاء مہملہ اشارہ کرنا روشن کرنا ظاہر کرنا -
تلطخ - ع - بالفتح لتھڑنا -
تلخ - ف - بسکون لام کڑوا - سیاہ رنگ - ناگوار - الایم -
تلبد - ع - بالفتح سر کے بالون کا چلکنا -
تلمیذ - م - بالکسر شاگرد یہ معربہ تلمیذ بالفتح کا ہے -
تلامیذ - ع - شاگردان جمع تلمیذ کی ہے -
تلمذ - ع - بفتح اول و ثانی و میم مشدد و ذال معجمہ شاگردی -
تلذذ - ع - بالفتح مزہ لینا لذت اوٹھانا -
تلوار - ہ - شمشیر و تیغ فارسی حسام و حُراز عربی -
تل دھار اوپر دھار - ہ - شدت کی بارش -
تلبیس - ع - کپڑا پہنانا -

مکر و فریب -
تلاش - ت - بروزن خراش کوشش و جستجو - تالاش - بروزن شاباش پڑھنا خطا ہے - مگر لکھنا درست ہے - یہ لفظ ترکی ہے بمعنے سعی کے ہے - فارسی اور اردو مین بھی مستعمل ہے اور فارسی اردو مین بھی بمعنے جستجو کے ہے - تفحص عربی -
تلخیص - ع - خلاصہ کرنا - پاک و صاف کرنا -
تلقط - ع - بلام و قاف و طاء مہملہ بروزن تفعل چگنا پرند جانور کا دانہ کھانا -
تلفظ - ع - الفاظ کا منھ سے نکالنا -
تلمع - ع - بفتح اول و ثانی و ضم میم مشدد روشن کرنا چمکنا -
تلقاع - ع - بکسر تا و لام و قاف مفتوح مشدد حاضر جواب -
تلفع - ع - بروزن تفعل منہہ لپیٹ لینا -
تلف - ع - بفتحتین ہلاک ہونا تباہ ہونا - کھو دینا -
تلفیف - ع - باہم لپیٹنا -

تلافیف ـ ع ـ خوب لپیٹنا ـ
جمع تلفیف کی ہے ـ
تلقف ـ ع ـ بفتح و ضم قاف مشدد
کسی چیز کو جلد لینا ـ چالاکی کرنا ـ
نگلنا ـ
تلہف ـ ع ـ بالفتح افسوس
و غم و اندوہ چھپانا ـ
تلطف ـ ع ـ مہربانی کرنا ـ
تلاق ـ ع ـ بالفتح ملنا ملاقات
کرنا ـ یوم التلاق ـ دن ملاقات کا
مراد قیامت سے ہے ـ
تلفیق ـ ع ـ جمع کرنا ـ ترتیب دینا ـ
تلک ـ ف ـ پیمانہ ـ ناپ ـ ہندی میں
بمعنے پیشوا کے مستعمل ہے
اور تلک ٹیکا جو ہندو لگاتے ہیں
تشقہ عربی ـ اور بکسر اول و سکون
لام و فتح کاف تازی عربی میں
ترجمہ این اسم اشارہ قریب کے لیے ہے
ہے ـ ہندی میں تلک بروزن
فلک لفظ تک کا مرادف یا مزید علیہ
ہے انتہا و نہایت کے معنوں میں
آتا ہے لیکن فصحا ئے متاخرین
کے نزدیک تلک متروک الاستعمال ہے
تلنگانہ ـ ہ ـ بکسر اول و فتح لام
نام ملک کا ہے حیدرآباد اسی کا

دار الملک ہے اور فارسی میں
بکسر تین انگلیوں سے دف بجانا
بضم تا حاجت خواہش ـ
تل ـ ع ـ بالفتح و تخفیف لام
و نیز بالتشدید اونچی زمین ـ ٹیلہ ـ
ٹیکرہ ـ تودہ ـ اور ہندی میں
خال دشنامہ عربی ـ اور تل ـ
کنجد فارسی ـ سمسم عربی ـ
تلال ـ ع ـ بکسر اول ٹیلے ـ
ٹیکرے ـ پشتے ـ تودے ـ
تلثیم ـ ع ـ بروزن تکریم چومنا
بوسہ دینا ـ
تلاطم ـ ع ـ آپس میں طمانچہ بلند
دریا کا موج مارنا ـ
تلثم ـ ع ـ بروزن تفعل ڈھاٹا
باندھنا ـ
تلویم ـ ع ـ نفرت ملامت کرنا ـ
کسی کو برا بھلا کہنا ـ پھٹکارنا ـ
تلازم ـ ع ـ باہم لازم ہونا ـ
تلقین ـ ع ـ بالفتح سمجھانا ـ
تعلیم کرنا ـ
تلوین ـ ع ـ بالفتح رنگ برنگ ہونا ـ
طرح بطرح ہونا ـ
تلون ـ ع ـ بضم واو مشدد
رنگا رنگ ہونا ـ رنگ برنگ کرنا ـ

ہزار رنگ بدلنا ـ
تلیین ـ ع ـ نرم کرنا ـ ملین کرنا ـ
تلألؤ ـ ع ـ بفتح اول و ضم لام ثانی
آخر میں ہمزہ بصورت واو ـ چمک
درخشندگی ـ چمکنا ـ
تلو ـ ع ـ بفتح اول و سکون لام
اونٹ کا بچہ جو اپنی ماں کے پیچھے چلے
تلامذہ ـ ع ـ بفتح اول و کسر میم شاگرد لوگ جمع تلمیذ
تلخہ ـ ف ـ بالفتح خلط صفراوی ہے
تلعب ـ ع ـ بالفتح کھیل ـ
تلنگانہ ـ ف ـ فقیرانہ ـ
تلنگ وایرہ ـ ف ـ انگلیوں سے
دف بجانا ـ
تلبیہ ـ ع ـ بروزن تذکرہ
حاجیوں کا لبیک کہنا ـ
تلواسہ ـ تلواسہ ـ ف ـ غم و
بیقراری ـ و فکر ـ
تلہ ـ ف ـ بکسر اول و تشدید لام
سونا ـ معرب اسکا طلا ہے ـ
ترکی میں بفتحتین تخفیف لام ایک
قسم کا چڑی ماروں کا پھندا ہے ـ
تلاقی ـ ع ـ بالفتح باہم ملاقات کرنا
ملنا ـ
تلافی ـ ع ـ بالفتح ہاتھ میں لینا
دریافت کرنا ـ تدارک پانا ـ تلافی کرنا

خلقان ۔ع۔ بضم اول و سکون لام بعدہ قاف پرانا۔ پرانا کپڑا۔
خلع بدن ۔ع۔ اپنی روح کو دوسرے کے جسم مین ڈالنا اس عمل کو سیمیا کہتے ہین۔ یہ جوگیون کا عمل ہے کہ ریاضت سے حاصل کرتے۔
خُلّان ۔ع۔ بالضم و تشدید لام یاران دوستان جمع خلیل کی ہے۔
خلو ۔ع۔ بضم اول و ثانی و تشدید واو خالی ہونا۔ اور بالفتح خلوت کرنا۔
خلاشہ ۔ع۔ بالفتح کوڑا۔
خلہ ۔ع۔ بفتح اول و ثانی سے تیز سرکہ

کشتی چلانے کی لکڑی۔ ہر چیز چبھنے والی۔
خلطہ ۔ع۔ بالضم شراکت آمیزش کسیکے ساتھ عیش کرنا۔
خلیہ ۔ع۔ بالفتح مماکھی کا چھتا۔
خلابہ ۔ع۔ بالفتح زبان سے فریب دینا یا فریب کھانا۔
خلیفہ ۔ع۔ بالفتح کسی جگہ پر بعد اوسکی وفات کے مقرر ہونے والا۔ کسی کام مین کسیکا قائم مقام ہونے والا۔ بادشاہ بادشاہ کا ولیعہد۔ جانشین۔ نائب۔
خلال مائدہ ۔ف۔ بکسر اول سوئیان۔
خلاصہ ۔ع۔ بالضم اصل پاک صاف۔
خلالہ ۔ع۔ ایک تنکا دانت کریدنے کا
خلیطہ ۔ف۔ بالفتح تھیلا۔
خلاصی ۔ف۔ رہائی۔ تصرف فارسیون کا ہے۔
خلی ۔ع۔ بفتح بضم۔ بیکار آدمی۔
خلاجای ۔ف۔ پاخانہ۔

باب خاء معجمہ مع میم

خم ٹھونکنا ۔ پہلوانون کا کشتی کے وقت ہاتھون کو بازو پر مارنا دست بہ بازو زدن فارسی۔
خمیر اوٹھنا ۔ہ۔ خمیر کا قابل روٹی پکانے کے ہوجانا خمیر آمدن فارسی اختمار عربی
خمیر اٹھا ہونا ۔ہ۔ مختمر عربی۔
خمیر رکھنا ۔ہ۔ خمیر کردن فارسی تخمیر عربی۔
خمیازہ کھینچنا ۔ہ۔ رنج اٹھانا پشیمان ہونا۔
خمود ۔ع۔ بضمتین آگ کا بجھنا۔ آرام لینا۔
خمیر ۔ع۔ بالفتح آرد سرشتہ فارسی۔ رنجیدن بھی عربی۔
خمر ۔ع۔ بالفتح شراب دارو۔ بعدہ بفتح خا و سکون میم اژدرہ۔
خمار ۔ع۔ بکسر اول عورتون کی اوڑھنے کی اکیلی چادر۔ بالفتح و تشدید میم شرابی ساقی۔ کلوار۔ بضم اول و تخفیف میم اعضا شکنی اور درد سر جو بسبب کم ہوجانے نشہ کے ہوتا ہے۔
خمیس ۔ع۔ بالفتح پنجشنبہ جمعرات کا دن۔ اور وہ لشکر جسکے پانچ گروہ ہون اور وہ مقدمہ۔ قلب۔ میمنہ۔ میسرہ۔ ساقہ ہین۔
خمس ۔ع۔ بالفتح پانچ اور بالضم پانچوان حصہ۔
خموش ۔ف۔ چپ چاپ مخفف خاموش کا ہے چپ۔
خمط ۔ع۔ بالفتح ہر ایک چیز کھٹی اور ہر ایک چیز کڑوی۔ کھٹا دودھ کسیلا

پرانی شراب۔ پرانے گیہون۔
خنّاس ع بالفتح و تشدید نون دیو سرکش۔ شیطان جو دل مین وسوسہ ڈالے
خنفافس ع جمع خنفاء گوبر کے سیاہ کیڑے گبریلے۔
خنوس ع بضمتین کسی چیز کا پیچھے چھپنا۔ اور بفتح اول و ضم ثانی چھپنے والا
خنّوص ع بکسر اول و تشدید نون سور کا بچہ۔ گھینٹا۔
خناق ع بالضم حلق کی بیماری ہے بالکسر پھانسی۔
خندق م بالفتح کھائی۔ معرب کندہ
خنادق ع جمع خندق کی ہے کھائیان
خنق ع بفتح اول و نون مکسور گلا گھونٹنا۔
خنگ ف بضمتین و کاف عربی اور بضم اول و فتح نون بھی آیا ہے سرد ٹھنڈا۔ خوش۔ کبھی بمعنی نامرد کے آتا ہے اور بالکاف فارسی سفید خصوصاً سفید گھوڑا۔ کہ سبزہ خنگ کہتے ہین۔
خنبک ف بالضم و بار موحدہ مفتوح اصول کے ساتھ تالی بجانا۔ ایک قسم کا موٹا کپڑا ہے جسکو فقیر لوگ پہنتے ہین۔ شور و غل۔ ٹھنڈی سانس لینا۔
خندہ جام ف موج جام شراب۔

خنّ ع بفتح خاء معجمہ و تشدید نون کھنکھنانا۔ ایک قسم روزی کی ہے۔
خندان ف ہنسنے والا۔ ہنسمکھ ہنستا ہوا۔ چنچل باز۔
خندہ زمین ف سبزی کا اوگنا۔
خنو ف بدزبان۔ بیہودہ۔ بے سلیقہ بے ڈھنگا پن۔
خلیدہ ف بر وزن رسیدہ پسندیدہ قبول کیا گیا۔
خندہ ف ہنسی۔
خنخنہ ع بالفتح بھنبھنانا۔ ناک مین بولنا۔
خنجری ف چھوٹا دف مشہور ساز ہے دُفیف عربی۔
خنکی ف ٹھنڈک۔
خناری ہ فاحشہ عورت کھانی۔

باب خاء معجمہ مع واو

خودنما ف اتیر۔
خوشبادت ف بہت خوش مبارکباد ہے
خوانا ف بواو معدولہ پڑھنے والا وہ خط جسکو آسانی سے پڑھ سکین
خونبہا ف وہ روپیہ اور چیز جو خون کے عوض مقتول کے وارثون کو دین دیہ عربی مجازاً بمعنی مقابل اسکے آتا ہے
خوان یغما ف وہ کھانے کا خوان جسکو سخی لوگ خاص و عام کے لیے لگا دین بغیر روک ٹوک کے سب کھا دین۔ اور اوسکو خوان کرم بھی کہتے ہین۔ سدابرت۔ لنگر۔ خوان لوٹ کا اسلیے کہ یغما بمعنی لوٹ کے ہے۔
خواجہ سرا ف وہ شخص جسکے خوطے وغیرہ کاٹے گئے ہون اور امیرون کے محلون مین کام کاج کرتا ہو۔ مجبوب و خصی عربی۔
خوجا سرا ہ خواجہ سرا۔
خوشبو لگانا ہ خوشبو دادن فارسی تفنح عربی۔
خوشخبری دینا ہ نوید دادن مژدہ دادن فارسی استبشار عربی۔
خون سفید ہونا ہ کنایہ بے مہری سے ہے۔ خون سفید شدن فارسی۔
خون کا پیاسا ہ کسی کے ہلاک کرنے کے درپے ہونا۔ عطشان الدم عربی تشنہ خون و تشنہ بخون فارسی۔
خون کا چاہنے والا ہ خونخواہ فارسی مستقص عربی۔
خون کا عوض لینا ہ انتقام عربی۔ خون گرفتن فارسی۔
خون کا عوض چاہنا ہ قاتل سے انتقام لینا۔ اقتصاص عربی خون خواہی فارسی۔

خوالگر خوالیگر - ف - بضم اول و یاے معروف و کاف فارسی باورچی بھنڈاری
خوشگوار - ف - بشم کاف فارسی میٹھی چیز لذیذ چیز پچتا پچتا -
خوگر - ف - بکسر کاف فارسی کسی چیز کا عادی متعود و مارن عربی بفتح کاف فارسی - الفت کرنا -
خون دار - ف - خونی -
خود دار - ف - خودرای - خودسر -
خوگیر - ف - عرق گیر نمدے کا بنا کر گھوڑے کی پیٹھ پر رکھکر اوسپر زین رکھتے ہین -
خوابانیدن شتر - ف - اونٹ کا بٹھانا
خواطر - ف - جمع خاطر کی ہے یعنی جی -
خواہر - ف - بہن -
خوانسالار - ف - باورچی - خانساماں - بکاول -
خونریز - ف - خونی خون کرنیوالا -
خون خروس - ف - سرخ شراب
خویش - ف - بفتح خاے معجمہ کہ او ضمہ کی رکھتا ہے اور واو معروف و سکون شین معجمہ شاد - خوب -
خورش - ف - طعام خوراک -
خویش - ف - بواو معدولہ قوم قریب نزدیک - خود - آپ اپنا - خوب - خوش ہکی ہندی مین اسکو داماد کہتے ہین -

خواجہ تاش - ف - ایک مالک کے نوکر چاکر غلام ایک دوسرے کے خواجہ تاش ہین - ہم صاحبخانہ -
خواب خرگوش - ف - تغافل اور فریب
خواہش - ف - تمنا آرزو میل قلب -
خواص - ع - بالفتح و تشدید واو زنبیل باف تشدید صاد مگر فارسی گو محاورے مین بتخفیف جمع خاص کی ہے کہ مقابل عام کے ہے اور جمع خاصہ کی ہے اور فارسی مین بتخفیف مستعمل ہوتا ہے - لونڈیان - خدمتگاران ممتاز اور معنی خدمتگار اور مصاحب کے بھی آتا ہے واحد بھی مستعمل ہے -
خوض - ع - بالفتح پانی مین اترنا کسی کام مین فکر کرنا سوچنا باتین بنانا -
خودغرض - ف - جو اپنے مطلب کے وقت لجاجت کرے جب کام ہو جاوے تو بے اعتنائی کرے - قابوچی -
خوش غلاف - ف - وہ تلوار جو تھوڑی حرکت مین میان سے نکل پڑے وہ اتفاق عربی ہے -
خواطف - ع - بفتح اول و کسر طا بمعنی ابابیلوان -
خوف - ع - بالفتح ڈر - ڈرنا - ہراس وہم کا -
خوارق - ع - افعال جو خلاف عادات دوسرے لوگون کے ہون مجازاً کرامات اولیا کی -
خوش خوراک - ف - چٹورا معرب ہے

عربی - خوش غذا فارسی -
خوفناک - ف - ڈرپوک -
خواجہ فلک - ف - آفتاب یا مشتری
خودک - ف - بضم واو معدولہ و فتح دال مہملہ و کاف عربی خلجانی وسواس
خوراک - ف - خورش کھانا -
خوشترک - ف - بہت خوش -
خوک - ف - خنزیر - سور -
خول - ع - بفتحتین نوکر چاکر دولت بالضم چھلکا اوپر کا غلاف -
خوال - ف - کھانا کھانا - کاجل چراغ کا
خورم - ف - خوش - شاد -
خواتم - ع - بفتح اول و کسر تاے فوقانی جمع خاتمہ کی ہے -
خواتیم - ع - انگوٹھیان جمع خاتم کی ہے
خودکام - ف - خودرائی قابوچی -
خورشید لب بام - ف - کنایہ آخر عمر کی ہے
خوش عنان - ف - سیدھا و شائستہ گھوڑا جسکو ذراسی باگ کے اشارے سے جدھر چاہین موڑ دین -
خوشدامن - ف - ساس جورو کی ماں - خاوند کی ماں -
خوان - ع - بالضم بروزن غراب اور بالکسر بروزن کتاب - وہ ظرف جسپر کھانا رکھکر ڈھانپ دین - اور فارسی مین

اصلی ہنو۔

خودسازی - ف - اپنے تئین سنوارنا تہذیب اخلاق کی کوشش کرنا۔

خوردہ کاری - ف - دقت پسندی کاریگری۔ عمدہ باریک دستکاری صناعی

خودنمائی - ف - اترانا۔

خواصی - ف - خدمتگاری اردو ہندی میں ہودی کی وہ جگہ جہان امیر کے پیچھے نوکر بیٹھتا ہے۔

خواندگی - ف - پڑھائی پڑھنا۔

خوش طبعی - ف - ہنسی دل لگی

خودی - ف - گھمنڈ تکبر۔

خوردنی - ف - کھانا۔

خواہی نخواہی - ف - خواہ مخواہ۔

خوردی - ف - چھوٹا۔ چھوٹاپن۔

خوشی - ف - سرور بہجت فرحت عربی شادی وشادمانی بھی فارسی ہے۔

خونی - ف - جسنے خون کیا ہو قاتل وسفاک عربی

خویشی - ف - قرابت۔ اپنایت۔

خوشاوندی - ف - آپس قرابت۔

خوشخبری - ف - مژدہ۔ نوید فارسی بشری عربی۔

خوشامدی - ھ - جمع خوشامد کرنیوالا متملق عربی بادخوان دبادپران فارسی۔

خوگیر کی بھرتی - ھ - اسباب نکما بیکار

بہت سے آدمی جو کام کرنیوالے ہون۔

باب خاء معجمہ مع ہا

خہ - ف - بالفتح خوشا۔ واہ شاباش

خہ خہ - ف - بفتح ہر دو خاء معجمہ واہ واہ بہت خوب۔ عربی مین بخ بخ وبارک اللہ کہتے ہین۔

خہی - ف - بفتح اول آفرین بارک اللہ مرحبا۔ کلمہ شاباشی اور تعجب کا ہے۔

باب خاء معجمہ مع یاے تحتانی

خیفا - ع - بالفتح وہ گھوڑی کہ جسکی ایک آنکھ کالی اور دوسری سفید ہو مونث اخیف کا ہے۔

خیلا - ھ - لغو لوچ مسخری عورت۔

خیلا پانچا - ھ - بیہودہ عورت۔

خیال آنا - ھ - کچھ یاد آنا۔

خیال بندھنا - ھ - متواتر کسیکا خیال رہنا۔

خیال سے اوترنا - ھ - کسیکا بھول جانا

خیال مین آنا - ھ - کسی امر کا سمجھ مین آنا

خیالی پلاو پکانا - ھ - ان باتون کا ذکر کرنا جنکا ہونا ممکن نہین ہے۔

خیاب - ع - بفتح وتشدید تحتانی آخر مین باء موحدہ بے نصیب۔ ناامید۔

خیالات - ع - جمع خیال کی ہے۔

خیریت - ع - بتشدید یاء تحتانی ثانی نیکی۔ بھلائی۔ خیر وعافیت۔

خیرات - ع - بالفتح نیک اعمال جمع خیر کی ہے اردو ہندی مین صدقہ کو کہتے ہین

خیاطت - ع - بکسر اول کپڑا سینا۔ درزی کا کام کرنا۔

خیبت - ع - بالفتح ناامیدی۔ بے نصیبی

خیانت - ع - بکسر ناراستی۔ فریبی۔ امانت مین چوری کرنا۔ دغل۔ دغا۔

خیرباد - ف - خیر ہو جیو کسیکو رخصت کرتے وقت کہتے ہین۔ مجاز اً بمعنے سفر کے رخصت کرنے کے وقت بولا جاتا ہے

خیار - ع - بکسر اول ککڑی کھیرا مشہور چیز ہے۔ اختیار قبول کرنا نیک لوگ مقبول ہندی مدت خیار کی فسخ بیع مین تین روز ہین۔

خیر - ع - بالفتح وتشدید یاء مکسور ورار مہملہ بڑا نیک کام کرنیوالا اور بالفتح وتخفیف یا نیکی بھلائی۔ بہت بھلا۔ بہت نیک۔ بالکسر کرم۔ بزرگی خیر اصل

خیار شنبر - ع - املتاس۔

خیرہ سر - ف - بیہودہ۔ اول جلول پریشان سرکش۔ ونگئی۔

خیر خیر - ف - ہر دو خاء معجمہ ویاء معروف بیہودہ۔ شوخ۔ شوخ تیرہ۔

خیز - ع - بیاء مجہول وزاء معجمہ پانی کی تہ

شوخی چالاکی دلیری بیباکی تعجب —

خیار دشتی — ف۔ پھوٹ مشہور ترکاری

خیمگی — ف۔ منسوب بخیمہ کی طرف سوئی

خیمہ سیگلی — فراش —

خی — ف۔ بکسر اول و سکون ثانی مشک

خیرہ رای — ف۔ بیوقوف کم عقل سلیطہ

باب دال مہملہ مع الف

داما — ع۔ دریا چوہے کا بل یعنی وہ مٹی جسکو جنگلی چوہے اپنے سوراخ کے گرد جمع کرین —

دارا — ف۔ ایک بادشاہ کا نام ہے توانگر خردمند۔ اور کبھی اشارہ حق تعالی کی ذات کی طرف کرتے ہین اس لیے کہ دارا معنی دارندہ کے ہے اور خدا تعالے دارندہ عالم ہے —

دا — ع۔ بالفتح مرض بیماری دکھ فارسی مین دا بدون ہمزہ کے دلیو ارکرو

دار الشفا — ع۔ دواخانہ وہ گھر جہان بیمارون کا علاج ہو۔ اسپتال بیمارستان دیمارخانہ فارسی و دار المرضی بھی آیا ہے

دار الصفا — ع۔ خانۂ کعبہ —

دار الفنا — ع۔ دنیا —

دار القضا — ع۔ قاضی کی کچہری —

دار المرضی — ع۔ دار الشفا۔ اسپتال

دانا — ف۔ عقلمند چترا —

دائما — ع۔ ہمیشہ ہر وقت ہر لحظہ ہموارہ۔ نت —

دادا — ھ۔ باپ کا باپ جد عربی

دابنا — ھ۔ کسی چیز کو ہاتھ کے نیچے رکھنا غمز عربی —

داتا — ھ۔ راد فارسی سخی و جواد عربی

داد پانا — ھ۔ وخیدان اغواث عربی بداد رسیدن فارسی —

داد دینا — ھ۔ انعاش عربی —

دانہ بدلنا — ھ۔ تطعم عربی —

دانہ پڑنا — ھ۔ بالیون مین غلہ کا پیدا ہونا۔ دانہ افتادن فارسی احباب عربی

دانت اوکھاڑنا — ھ۔ دندان کشیدن فارسی اثملاخ و قلع عربی —

دانت بیٹھنا — ھ۔ دندان بدندان نشستن فارسی اشتباک عربی —

دانت پیسنا — ھ۔ غصہ سے کنایہ ہے دندان از خشم سائیدن فارسی حرق عربی

دانت سے کاٹنا — ھ۔ بدندان بریدن فارسی ازم عربی —

دانت کٹکٹانا — ھ۔ غصہ کرنا —

دانتون کا دانتون پر مارنا — دندان سائیدن فارسی حرق عربی —

دانت کرانا — ھ۔ آواز کردن دواب فارسی الصلد فی النوم عربی —

دانت کڑکڑانا — ھ۔ سوتے مین انسان کے دانت پیسنے کی آواز ہونا جیسے دندان بہم خوردن فارسی اصطکاک الاسنان عربی —

دانت کھٹے ہونا — ھ۔ دانتون کا کٹھل ہوجانا۔ کند شدن دندان فارسی ضرس عربی —

دانت نکالنا — ھ۔ دندان بر آوردن فارسی اثغار عربی —

دانت نکوسنا — ھ۔ دندان نمودن فارسی کشر عربی و درندہ کا غصہ و عاجزی سے کھیسے کاڑھنا —

دانت بھینچنا — ھ۔ دانتون کا خوب بند کرنا —

دانت لگانا — ھ۔ کسی چیز کی خواہش کرنا

دانت نکل آنا — ھ۔ ہنس دینا —

دانتون پر میل نہونا — ھ۔ کنایہ ہے افلاس سے —

دانتون پسینا آنا — ھ۔ کسی دشوار کام مین عاجز آنا۔ کسی کام کا بمشکل انجام ہونا

دادا — ھ۔ انا کا خصم —

دار الضرب — ع۔ ٹکسال —

دار الحرب — ع۔ بفتح حاء مہملہ و سکون راء مہملہ کافرون کا ملک جہان شعائر اسلام نہون

دار الادب — ع۔ مجلس علم و فضل

دارا ب – ف – نام بہمن بادشاہ کے
بیٹے کا ہے۔ کرو فر شان۔ خود نمائی
دار الثعلب – ع – بفتح ثا مثلثہ و
سکون عین مہملہ و فتح لام موحدہ ایک
مرض ہے جسمین سر اور داڑھی و بھون کے
بال گرجاتے ہین۔ بالخورہ۔
دامن شب – ف – آخر شب پچھلی رات
داب – ع – بفتح عادت خصلت کوشش
شان۔ کسی کام مین کوشش کرنا۔
دار الخلافہ – ع – بادشاہ کے رہنے کا شہر
دار السلطنت – ع – بادشاہ کے رہنے کا شہر
دار الامارۃ – ع – وہ مقام جہان
بادشاہ یا حاکم رہے۔
داربست – ع – ٹٹی جسپر انگور یا کدو کی
بیل چڑھاتے ہین یا وہ جسپر چھوٹی سی
بیٹھکیں عمارت بناتے ہین۔
دار الآخرۃ – ع – قیامت۔
دار العدالت – ع – کچہری۔
دانت – ہ – دندان فارسی ثغر و
سِن دشن عربی۔
داج – ف – تاریکی تاریک نہایت تاریک
داروی جراح – ف – مراد ہو نشے کا
دواسے ہے۔
داود – ع – پیغمبر کا نام ہے حضرت سلیمان
علیہ السلام کے والد تھے جنکی کتاب زبور ہے

داماد – ف – وہ شخص جسکی نئی شادی
ہوئی ہے۔ لڑکی کا شوہر۔ ختن
عربی۔ دولہا۔
دار الاسد – ع – جذام۔ کوڑھ۔
داد – ف – بروزن باد۔ عدل انصاف
دینا و بخشش۔ عطا۔ ایک مرض کا نام ہے
آدمی کا سن۔ سال عمر۔ فریاد و فغان
داد و ستد و داد و بستد – ف – لین دین
دادگر – ف – منصف –
داور – ف – بفتح واو حاکم منصف
دار – ع – گھر حویلی محلہ شہر اور
فارسی مین بمعنی ستون اور درخت کی
لکڑی کے بھی آتا ہے سولی۔
دار العیار – ع – وہ مقام جہان پر
کھوٹا کھرا چاندی سونا پرکھا جاوے
دار السرور – ع – بہشت۔
دادار – ف – بہرو دال مہملہ دادار
انصاف کرنے والا۔
دار الغرور – ع – دنیا۔
دادر – ف – بفتح دال ثانی بھائی دوست
دامیار – ف – چتر جہاز۔
داغ قصار – ف – وہ نشان جو
دھوبی کپڑون پر لگاتے ہین۔
دائرہ نصف النہار – ع – ایک
دائرہ ہے جسنے دونون قطب شمالی و

جنوبی پر سے گذر کر زمین کو دو حصہ شرقی
و غربی پر تقسیم کیا ہے۔
دار البوار – ع – گھر ہلاکت کا یعنی
دوزخ۔ دنیا۔
داستار و داسار – ف – دلال۔
دارانگور – ف – انگور کی ٹٹی۔
دار القرار – ع – آٹھ بہشتون مین سے
ایک بہشت کا نام ہے۔
داروگیر – ف – کنایہ حکومت اور سیاست
سے ہے جنگ لڑائی۔
دابر – ع – بکسر با موحدہ پیچھے چلنے والا
کسی چیز کا باقی اصل جڑ پیچھا پچھاڑی
دار ششدر – ف – دنیا۔
دار مدار – ف – ٹھہراو۔ قرار۔
داثر – ع – پھرنے والا۔
دانش آموز – ع – استاد شاگرد
دار الملک – ع – دار الملک۔
داربار – ف – نٹ۔
داس – ف – ہنسیا یعنی گھانس چھیلنے کا
آلہ ہے گیہون وغیرہ کی بالی پر جو کانٹے
سے ہوتے ہین جسکو ہندی مین
سینگ کہتے ہین۔
داخس – ع – بفتح دال و خاء معجمہ
مکسور چھیلوری وہ پھنسی جو انگلی میں
نکلتی ہے۔

داش - ف - بروزن فاش آوہ - پجاوا - بھٹی-

دانش - ف - عقل و دانائی-

داحض - ع - بکسر حا مہملہ ضاد معجمہ پھسلنے والا - دور ہونے والا - باطل-

دامع - ع - مینہ برسانے والا آنسو بہانے والا-

دافع - ع - بکسر فا ہٹانیوالا-

دامغ - ع - بکسر میم و غین معجمہ سر توڑنیوالا

داغ - ف - دھبہ - نشان-

دالق - ع - بروزن فاعل خوش غلاف تلوار جو خود بخود میان سے نکل پڑتی ہو-

دانق - م - بکسر نون معرب دانگ اور دانگ چھ رتی کا وزن ہوتا ہے-

دافق - ع - بکسر فا پانی گرانیوالا اور اچھلتا پانی - گرایا ہوا پانی - اسم فاعل بمعنے مفعول کے ہے-

دار الملک - ع - بادشاہ کے رہنے کا شہر حکومت کا صدر مقام-

داوک - ف - بڑا غلام-

دانگ - ف - چھ رتی کا وزن ہے چھٹا ٹکڑا

دال - ع - بتشدید لام بمعنے رستہ بتلانیوالا کسی چیز پر دلالت کرنے والا-

داخول - بواو معروف - داخل - ف - بضم خا معجمہ بارگاہ سلاطین دالان جو بادشاہوں کے در دولت کے سامنے لوگوں کے بیٹھنے کے لیے بناتے ہیں بادشاہ کے عام کچہری کا وہ بڑا پردہ جو بطور دیوار کے بادشاہ کے خاص سراپردہ کے سامنے کھینچتے ہیں - وہ علامت جو کھیت کے چاروں طرف بناتے ہیں تاکہ چرند پرند نہ آویں اور عربی میں داخل بکسر خا اندر آنے والا اندرونی-

دار الفیل - ع - ایک بیماری ہے جسکو فیل پا کہتے ہیں-

داہول - ف - بواو معروف وہ شکل جو واسطے بھگانے چرند و پرند کے کھیت و باغ میں بنا دیتے ہیں-

دار فلفل - ع - پیپل مشہور دوا ہے-

دائم - ع - ہمیشہ-

دار بام - ف - دھنی - کڑی جس سے چھت پاٹتے ہیں-

دام - ف - پھندا - جال - جنگلی جانور جو گھانس کھاتے ہیں جیسے ہرن بارہ سنگھا وغیرہ - روپیہ کا چالیسواں حصہ اور پیسہ کا پچیسواں حصہ اور دوا یوں کے وزن میں دام یک تولہ نوماشہ کا وزن معتبر ہے عربی میں دائم بمعنے ہمیشہ ہو جیو کے ہے-

دار النعیم - ع - نازو نعمت کا گھر مراد بہشت سے ہے-

دار السلام - ع - گھر سلامتی کا نام بہشت کا ہے - بغداد-

دابشلیم - ہ - بکسر شین ہندوستان کے ایک راجہ کا نام ہے بڑا عقلمند اور عادل تھا - انوار سہیلی میں اوسکا ذکر ہے-

دارین - ع - دنیا دین دونوں جہان دنیا اور قیامت-

دائن - ع - بکسر ہمزہ قرض دینیوالا

داستان - ف - قصہ حکایت کہانی مجازاً بمعنے مثل کے آتا ہے-

دادستان - ف - معاملہ لین دین

دالان - ف - مشہور ہے دالان غلط ہے

داجن - ع - بکسر جیم گھنگھور گھٹا - پوشیدہ کرنیوالا - گھر ملو - خانگی جانور

دار الامان - ع - امن کا مکان جہاں لڑائی اور فساد نہو-

دامان - ع - دامن-

دامن - ع - مشہور چیز ہے ذیل عربی

داغ گازران - ف - نشان جو دھوبی کپڑوں پر لگاتے ہیں-

دائرہ کشیدن و دائرہ ساختن - ف - چندا-

دان - م - باظہار نون بخشش و عطا - جہیز-

داو - ف - بروزن گاو جو اکھیلتے میں

عربی مین کہتے ہین۔ کھلائی ہندی۔

داوی۔ ہ۔ داور پدر فارسی جدّہ عربی

داہنی۔ ہ۔ راست فارسی یمین عربی

دانہ پانی۔ ہ۔ آبخورد فارسی حظ و نصیب عربی۔

باب دال مہملہ مع بای موحدہ

دبا۔ ع۔ بالفتح لاٹھی مارنا بفتح اول مہملہ و تشدید بار موحدہ کدو۔

دبانا۔ ہ۔ غمز عربی پست کردن فارسی اور کسیکو دیوار وغیرہ مین اڑانا ضغط عربی فشار دادن فارسی کسیکو تنگ کرنا تضییق عربی کنایہ مغلوب و زیر کرنا

دبا مارنا و دبکی لگانا۔ ہ۔ کسی جگہ دشمن کے لیے یا شکار کی نیت سی چھپنا کمین کردن فارسی کمون عربی۔

دبلا۔ ہ۔ لاغر سوکھا سہما نحیف۔

دبلاپا۔ ہ۔ لاغری نحافت عربی۔

دبی پاؤن چلنا۔ ہ۔ آہستہ چلنا۔ دبّ عربی۔

دبکنا۔ ہ۔ ڈبجانا۔

دبنا۔ ہ۔ زیر ہونا۔

دبنگا۔ ہ۔ تنومند توانا موٹا تازہ جنگا

دبوچنا۔ ہ۔ زور سی پکڑنا کسیکو اپنی قابو مین کرنا کہ چھوٹ نہ سکے۔

دبّ۔ ع۔ بالضم خرس ریچھ۔ بالفتح اعلام۔ بیل بوٹہ جو کپڑے پر بنا ہین چھپانا۔ بالفتح و تشدید با وبی پاؤن چلنا۔

دباب۔ ع۔ بفتح اعلام۔

دبیب۔ ع۔ بالفتح آہستہ آہستہ چلنا۔ رینگنا۔

دباغت۔ ع۔ بکسر چمڑے کو پکانا صاف اور پاک کرنا۔ کمانا کسی چیز کی اصلی رطوبت کا خشک کرنا آلودہ کرنا۔

دبور۔ ع۔ بالفتح اول و ضم بار موحدہ پچھوا و پچھیاو۔

دب اکبر و دب اصغر۔ ع۔ قطب شمالی کی نزدیک دو ستارہ ریچھ کی صورت ہین ایک بڑا اور دوسرا چھوٹا۔

دبار۔ ع۔ بضم اول چہارشنبہ۔ بدھ۔

دبر۔ ع۔ بالضم و بضمتین پشت پیچھا مجازاً بمعنی مقعد کے مستعمل ہے

دبیر۔ ف۔ بروزن وزیر منشی معنی لکھنے والا۔

دبلگر۔ ف۔ سپرسار فارسی ترّاس عربی

دبیز۔ ف۔ موٹا دلدار دبل۔

دبوس۔ ف۔ بفتح اول و تشدید با گرز۔ سونٹا۔

دبس۔ ع۔ بالکسر انگور کا شیرہ۔

دبلغ۔ ع۔ بفتح دال مہملہ و بار موحدہ مشدد۔ حمار۔

دبق۔ ع۔ بالکسر لیسش لاسا۔

دبیر فلک۔ ف۔ عطارد۔

دبنگ۔ ہ۔ موٹا سنڈ مسنڈ ڈھیٹھ دلیر

دبول۔ ع۔ بالضم پانسر ڈالنا۔

دبیل۔ ہ۔ مغلوب زیر دست۔

دبران۔ ع۔ بفتحتین منازل قمر سے ایک منزل قمر

دبستان و دبیرستان۔ ف۔ بفتح اول و کسر ثانی مکتب خانہ۔ مدرسہ اسکول۔ دفتر خانہ۔

دبیلہ۔ ف۔ بروزن قبیلہ گول۔ ٹرا ام

دبلہ۔ ف۔ بالضم نوالہ۔

دبیہ۔ ع۔ بضم دال مہملہ و فتح بار موحدہ کپی

دبہ۔ ع۔ بالفتح و تشدید با کپا۔

دبدبہ۔ ع۔ آواز آوازہ۔ فارسی مین بمعنی بزرگی اظہار جاہ کر و فر طمطراق ہیبت کو آتا ہے ڈھول نقارہ وغیرہ کی آواز

دبوسہ۔ ف۔ بضم اول و تشدید بار موحدہ گدام خصوصاً کشتی کا مال خانہ۔

دبیقی۔ ع۔ ایک قسم دیبا کی ہے منسوب بقریہ دبیق کہ قریب مصر کے ہے۔

باب دال مہملہ مع تای فوقانی

دتکارنا۔ ہ۔ راندن سگ فارسی خساو خسو عربی۔ کسی کمینہ کو اپنی پاس سے ہٹانے کی وقت بھی کہتے ہین۔

دُت۔ ہ۔ کتے کو ہکانا اخساء عربی

دُت دُت۔ ہ۔ یہ وہ کلمہ ہی کہ کہتے کر بکائی کو وقت کہتے ہین۔

دلون۔ ہ۔ مسواک۔

باب دال مہملہ مع ثاء مثلثہ

دثار۔ ع۔ بکسر اول وہ کپڑا جو بدن سے چمٹا ہو دوسری کپڑی کے اوپر پہنی جیسے چغہ وغیرہ۔

باب دال مہملہ مع جیم عربی

دجی۔ ع۔ بضم اول وفتح جیم آخر مین الف مقصورہ بصورت یا سیاہی رات کی

دجلج۔ ع۔ بالفتح کڑاہی کڑاہی وہ آلہ جس سے مرغیون کو ہانکتے ہین۔

دجاج۔ ع۔ بفتح وبکسر ہر دو جیم عربی مرغا۔ مرغی۔

دجر۔ ع۔ بالفتح لوبیا قسم غلہ کی ہی۔

دجال۔ ع۔ لقب ایک کذاب کا ہی کہ آخر زمانے مین پیدا ہوگا مخالف حضرت عیسی علیہ السلام کے۔

دجاجہ۔ ع۔ بالفتح وکسر ایک مرغا یا ایک مرغی آخر مین تا علامت تانیث کی نہین ہی بلکہ تاء وحدت کی ہی۔

دجلہ۔ ع۔ بالفتح وبالکسر اوس ندی کا نام ہی جو بغداد کے نیچے بہتی ہی۔ مجازاً ہر ندی کو کہتے ہین۔

باب دال مہملہ مع حاء مہملہ

دحر۔ ع۔ بالفتح ہانکنا۔ دور کرنا۔

دحرجہ۔ ع۔ بالفتح وسکون حاء مہملہ وفتح راء مہملہ وجیم عربی پھیرنا لوٹانا ڈھلکانا۔

باب دال مہملہ مع خاء معجمہ

دختر آفتاب۔ ف۔ شراب۔

دخت۔ ف۔ بالضم مخفف دختر کا ہی بیٹی بن بیاہی لڑکی۔

دخ۔ ع۔ بالضم وتشدید دھوان۔

دختر رز۔ ف۔ شراب انگوری۔

دختر۔ ف۔ لڑکی بیٹی۔

دختندر۔ ف۔ لڑکی دوسری ماں کے پیٹ کی۔ یا دختر دوسری باپ کی۔

دخترلیس۔ ع۔ بالکسر ریزہ کلی۔

دخترک۔ ف۔ چھوٹی لڑکی بیٹی۔

دخل۔ ع۔ بالفتح آمد۔ آمدنی۔ اندر آنا کسی کام مین اعتراض کرنا۔ فارسی مین بمعنے نگار کرتا ہی یعنی وہ ظرف ہی کہ جسمین دوکاندار روپیہ پیسہ رکھتے ہین۔

دخیل۔ ع۔ وہ جو کسی کے کام مین دخل رکھتا ہو خاص دوست۔

دخول۔ ع۔ گھسنا۔ اندر جانا۔

دخن۔ ع۔ بالضم نام غلہ کا ہی جسکو ہندی مین چینا کہتے ہین۔

دخان۔ ع۔ بالضم دھوان۔

دخمہ۔ ف۔ بفتح دال مہملہ وسکون خاء معجمہ مردون کا صندوق مردون کا سردابہ آتش پرستون کا تختہ جسمین مردون کو رکھ کر گبھرا یعنی وہ جسکو اونٹ مستی کے وقت منھ سے نکالکر بلبلاتے۔

باب دال مہملہ مع دال مہملہ

ددوڑا۔ ہ۔ ایک قسم کا دانہ ہی کہ اکثر بدن پر پڑجاتا ہی۔

دد۔ ف۔ بفتح دال اول وسکون دال ثانی ہر ایک چوپایا درندہ جیسے شیر بھیڑیا چیتا وغیرہ۔

ددہ۔ ف۔ بفتح ہر دو دال مہملہ درندہ چوپایا ترکی مین اوس لونڈی کو کہتی ہین جو مالک کے بچے کو پالے۔ حاشیہ عربی۔

دُدھی۔ ہ۔ ایک گھانس ہی جسمین دودھ نکلتا ہی شیر گیاہ ہی تیوع عربی۔

باب دال مہملہ مع راء مہملہ

دردا۔ ف۔ افسوس۔

درداء۔ ع۔ بالفتح بوبلی۔

درم سرا۔ ف۔ ٹکسال۔

دراغند۔ ف۔ بالفتح بھرس گندہ۔

دریکتا۔ ف۔ بڑا موتی۔

دردا۔ ف۔ بفتح اول وسکون ثانی سنگول لگا ہوا مختلع۔

دریغا۔ ف۔ افسوس حسرتا۔

دریا - ف - بحر ویم عربی -
دربا - ف - خرگوش -
دروازہ بند کرنا - ہ - دربستن فارسی اغلاق عربی -
دروازہ بھیڑ دینا - ہ - اطباق عربی
دروازہ کھونکنا - ہ - دق الباب عربی
دروازہ کھولنا - ہ - فتح الباب عربی -
درورا - ہ - شگوفتہ فارسی جبرلش عربی
درباب - ف - بابت -
درب - ع - بالفتح دروازہ - بالضم عقل - عادت -
درایت - ع - بکسر عقل - دانش - جاننا - بوجھنا -
درولبست - ف - کام سبب - کنایہ تمام یعنی از تصرف کسی غیر کے -
درکات - ع - بفتحات جمع درکہ کی ہے - بمعنی تہ نشیب کے ہے منازل دوزخ - دوزخ کے درجے طبقات دوزخ کو درکات اور منازل بہشت کو درجات کہتے ہین -
درجات - ع - بفتحات درجے مرتبے جمع درجہ کی ہے -
دراست - ع - بکسر دال مہملہ پڑھنا - پڑھانا - دانائی -
درساعت - ف - فوراً فی الفور -
درخواست - ف - خواہش - عرضی -
درست - ف - بضمتین ٹھیک - صحیح -

داہجی - تمام - غیر ناقص اشرفی - روپیہ سونا چاندی صحت - تندرستی -
درشت - ف - سخت کھر کھر - کھرا
دریافت - ف - تحقیق - یافت -
درخت - ف - بفتح اول و دوم و سکون خاء معجمہ و تاء فوقانی شجر عربی پیڑ ہندی -
در پھٹ - ہ - لعنت و ملامت -
دریای نالیش - ف - بارش -
درج - ع - بالفتح کسی چیز کا کسی چیز مین لپیٹنا - شکن خط کی - کاغذ مکتوب - دیباچہ - قصیدہ - وہ شعر جو شاعر یا منشی اپنے اظہار کمال کے لیے لکھ رکھے - نام ایک مقام کا ہے کہ آنحضرت صلعم شب معراج مین اس سے گذرے تھے - بالضم صندوقچہ - ڈبا کہ جسمین جواہرات رکھیں - بفتحتین جمع درجہ کی کہ راہین سیڑھی کے ڈنڈے -
درۃ التاج - ع - بڑا موتی جسکو بادشاہ کے تاج پر لگاتے ہین -
دراج - ف - بالفتح تیتر مشہور پرندہ ہے -
دربند - ف - قلعہ - کوٹ - دروازہ بندرگاہ - فاصلہ درمیان دو ولایت کے
دروبند - ف - قفل -
دردمند - ف - دکھی - دکھ والا -
درد - ف - بالضم تلچھٹ - کیٹ - گاد -

بالفتح دیکھو -
درخورد - ف - لائق - سزاوار -
درود - ف - بضمتین اگر اللہ تعالی کی طرف سے ہو - مراد رحمت سے ہے اور اگر فرشتون کی طرف سے ہو مراد استغفار سے ہے اور اگر مومنون کی طرف سے ہو بمعنی دعا کے ہین اور طیور کی طرف سے ہو تو تسبیح کے معنے ہوتے ہین جیسا درلکڑی کاٹنے کے بھی معنے ہین -
درکار - ف - کام مین - ضرور - خواہش -
درر - ع - بضم اول وفتح دوم جمع درہ کی ہے - بڑے موتی -
در - ع - بالفتح و تشدید گائے اور بکری کا دودھ - غنیمت - نیک کام - نیکی - خوبی - خیر اور بالضم بڑا موتی - فارسی وان بمعنی مطلق موتی کے استعمال کرتے ہین اردو مین ایک کلمہ ہے - کہ کمینہ - ناکس کو کہتے ہین اور غصہ کے وقت بھی کہتے ہین -
در - ف - اندر بیچ مین ہندی مین وہ لکڑی کہ جسمین درخت بٹھا دین - فقرہ غزلی اور جس بالی مین ایک موتی بڑا ہوتا ہے اور اسکو کان مین ڈالیں خرص عربی -
دریای اخضر - ف - مراد آسمان سے ہے ایک دریا کا نام ہے -
دردر - ف - بضمتین روان ہونا - بسیم -

درہم - م بالکسر معرب درم کا ہی ممین ماشہ
چار رتی کا درم طبی ہوتا ہی۔ شرعی درم
تین ماشہ چار سرخ کا ہوتا ہی دراہم اسکی
جمع ہے۔ ع ہ
درہم - ف بالفتح الجھا گڑبڑ
دروغ بافتن و ساختن - ف
جھوٹھ بنانا۔
دروغ لبستن - ف - جھوٹھ لگانا
درمان - ف - بالفتح علاج بیمار کا دوا
ناچار - درمانده بمعنی بگذار یعنی چھوڑ -
اس صورت مین صیغہ امر کا ہی۔
درن - ع - جونک مشہور کسرا بہ بفتحتین
میل اس معنی مین عربی ہی۔
درزن - ف بفتح اول و فتح زا معجمہ سوئی
درون - ف - بفتح اول و ضم ثانی درمیان
بیچ اندر۔
دربندان - ف - ہڑتال دوکانونکا
بوجہ ظلم حاکم کے بند ہونا۔
درخشیدن - ف بفتحتین چمکنا -
پرتو ڈالنا۔
درفشیدن - ف بضم اول و فتح ثانی
لرزنا تھرانا۔
دروردن - ف - بروزن کشودن
ٹکڑی چھیلنا کھیت کاٹنا۔
درائیدن - ف - بفتح و بکسر

گھنٹے کی آواز۔
درفشان - ف - بفتحتین روشن -
درخشان - ف بفتحتین لرزان
تابان - جگمگاتا ہوا۔
دروغ زن - ف - دروغ گو جھوٹھا
درربودن - ف - اوچک لیجانا
دربان - ف - دروازے کا نگہبان
بواب عربی و دربان پردہ دار فارسی -
درس دادن و گفتن و آموختن
ف - پڑھانا۔
درس گرفتن - ف - پڑھنا -
درمیان - ف - بیچ -
درو - ف - بکسر اول و فتح ثانی کھیت کاٹنا
دروغ گو - ف - جھوٹھا -
دروازہ - ف - سفر کا در باب عربی در فارسی
درمکہ - ف - بفتح اول و سکون را و فتح
میم میدے کی روٹی۔
دراعہ - ع - بالضم و تشدید را مہملہ و فتح
عین مہملہ ایک قسم کا اونی کپڑا ہی جسکو
مشائخ پہنتے ہین -
درہ - ع - بالکسر و را مہملہ مشدد چمڑے کا
کوڑہ جس سے حاکم مجرم کو تعزیر دیتا ہی بالفتح
و تشدید و نیز بتخفیف فارسی مین وہ راستہ
جو پہاڑ مین ہو مہملہ چوپایون کا بالضم
و تشدید را بڑا موتی - توتہ مشہور جانور ہی

درلوزہ - ف بفتح واو و یا مجہول
بھیک مانگنا دروازون مین سوال
کرنیکے لیے لٹکنا یعنی دروازون پر بھیک
مانگنے کے لیے اڑ جانا۔
دریوزہ - ف بفتح واو و یا مجہول
سوال کرنے کے لیے دروازون مین لٹکنا
یعنی دروازون پر بھیک مانگنا بھیک گدائی
دریچہ - ف - بفتح اول و کسر را مہملہ و
یا معروف و جیم فارسی کھڑکی جو دیوار
مین لگی ہو دریچہ بیا نازی کھڑکی
جو پھاٹک مین لگی ہو۔
درکوہ - ف - گھاٹی -
درآوردہ - ف - کچھ کچھ -
درجہ - ع - بفتح اول و ثانی و ثالث
مرتبہ - مرتبہ کی جگہ - زینہ سیڑھی - علم
ہئیت اور نجوم کی اصطلاح مین درجہ تمین سو
ساٹھوان حصہ آسمان کا ہی اور آسمان کے
بارہ حصونپر تقسیم کرکے ہر حصہ کو برج کہتے ہین اور
برج کو جب تیس حصونپر تقسیم کرین ہر حصہ
اوسکا درجہ ہوتا ہی اور جب درجہ کو ساٹھ
حصے پر تقسیم کرین ہر حصے کو دقیقہ کہتے ہین -
اور ہر دقیقہ کے ساٹھ ثانیہ اور ہر ثانیہ کے
ساٹھ ثالثہ اور ہر ثالثہ کے ساٹھ رابعہ ہوتے ہین
جسطرح سے آسمان کو ساٹھ حصونپر تقسیم
کیا ہی اوسی طرح سے زمین کو ساٹھ حصونمین

تقسیم کیا ہو آسمان کو جو بارہ برج ہین -
درماہیہ - ف - تنخواہ ماہواری یا ماہانہ
ماہوار مشاہرہ -
درندہ - ف - پھاڑنے والا -
دریدہ - ف - پھٹا ہوا -
دروزہ - ف - بچہ جنی کا درد وطلق و
مخاض عربی -
دراجہ - ف - بفتح و تشدید را مہملتین و
فتح جیم عربی پاسی چوکیدار - قلعے کے دونون
برج جو دروازہ کے دونون طرف بنائے ہین
درکہ - ع - بفتحتین تہ کسی چیز کی درکات اسکی
منازل دوزخ -
دریخانہ - ف - درگاہ اور بادشاہ
کا دربار -
دریہ - ف - پیوند -
درخانہ - ف - کچہری - بادشاہ کا دربار
درفہ - ف - ڈھال چلتہ -
دربارہ - ف - بابت -
درگاہ - ف - دربار کچہری مقبرہ -
درماندہ - ف - عاجز - لاچار -
دریچہ - ف - وہ مقام جہان تبدیل
پان بیچین -
درازدستی - ف - ظلم بے انصافی -
درازنفسی - ف - بدگوئی بکواس
دردمی - ع - بالضم لمبھیٹا گاو کیشیدہ

مجازاً بمعنے شراب تیرہ -
دراری - ف - بفتح اول بڑے چمکدار ستارے
دری - ع - بالضم و تشدید را منسوب
روشن اور بڑا ستارہ اور بفتح اول
وکسر را مخفف فارسی کی سات زبانون میں
ایک زبان کا نام ہے -
درای - ف - گھنٹا -
دریوزگی - ف - گدائی بھیک مانگنا
درشتی - ف - بضمتین سختی بدخلقی شوخی
درزگیری - ف - دو چیزون کو خوب
اچھی طرح سے ملانا کہ باہم وصل ہو جاوین
درپی - ف - پیوند -
درزی - ف - خیاط فصیح عربی -
جامہ دوز بھی فارسی ہے -
درباری کپڑے - ہ - رخت سلامی فارسی
دریتی و درنیتی و دلیتی - ہ -
ایک قسم چکی کی ہے جسمین دانہ دلتی ہین
دستاس فارسی مجشہ عربی

باب دال مہملہ مع رائے ہندی

دڑبا - ہ - مرغیون کے لیے جو گھر مٹی یا
اینٹ چونے کا بناتے ہین اقنہ عربی
کریانہ فارسی -
دڑاڑ - ہ - درز یا شگاف یا بال
جو سخت چیز مین پڑجاوے صدع عربی
اور اگر زمین مین پڑجاوے تو شق عربی ہے

باب دال مہملہ مع زائے عربی

دزدحنا - ف - وہ سفیدی جو مہندی
لگانے کے بعد ہاتھ پاؤن مین رہجاتی ہے
دزد - ف - چور -
دزدافشار - ف - چورون کا تھانگی -
دزلمش - ت - بفتح اول ولام کسرہ میم
آراستہ و سنوارا ہوا -
دزدافشرہ - ف - تھانگی -
دزدی - ف - چوری -

باب دال مہملہ مع زائے فارسی

دژ - ف - بکسر اول و سکون ثانی قلعہ
گڑھ - برج - بڑا - اور دژہ بالا خانہ -
دژم - ف - بفتحتین مرجھایا ہوا - اور دژبر
بکسر اول و فتح ثانی پریشان - بیمار -
غصہ مین بھرا ہوا -
دژخیم - ف - بکسر اول و سکون ثانی
فارسی و کسر خاے معجمہ و یاے معروف بدخصلت
بدعادت -
دژن - ف - بضم اول و فتح ثانی تیز حربہ
دژادین - ف - ایک قلعہ کا نام ہے
کنایہ آسمان سے ہے -
دژبان - ف - ایسوس جو حصار کی
رکھنا -

باب دال مہملہ مع سین مہملہ

دست و پا - ف - سعی و تلاش -
دست بالا - ف - غالب و مغرور -

دست دستا - ف - ہاتھوں ہاتھ -
دست موسیٰ - ف - کنایۃً آفتاب سے ہے -
دستک دینا - ہ - دستک زدن فارسی
تصفیق عربی -
دست گردان لینا - ہ - دستگردان
کردن فارسی استعارہ عربی -
دستگردان دینا - ہ - دستگردان
دادن فارسی اعارہ عربی -
دست چرب - ف - مدد اور رعایت
دسومت - ع - بضمتین تیل گھی
چربی کی چکنائی -
دست - ف - بالفتح ہاتھ فائدہ نفع
فتح ظفر غلبہ مسند گدی توانائی
طاقت قاعدہ طور طریقہ ایک چیز تمام
جیسے یکدست جامہ یکدست سلاح بار مرتبہ
جیسے یکدست بازی ایک مرتبہ بازی یکدست
سفر ایک مرتبہ سفر - وزیر نائب السلطنۃ
فرصت مرغان شکاری یعنی مسند کو عربی ہے
مگر فارسی والون نے بھی انہین معنون مین
استعمال کیا ہے اطبا کی اصطلاح مین حاجت
اسہال یا خانے کو کہتے ہین عربی مین
معنی صحیح کے سب ہے -
دست بدست - ف - ہاتھوں ہاتھ
دست پخت - ف - ہاتھ کا پکا ہوا -
ہاتھ کا پلا ہوا -

دست رنج - ف - کسب و پیشہ -
کاریگری محنت و رنج اجرت مزدوری
جو دستکاری سے پیدا ہو -
دست پیچ - ف - ذریعہ دست آویز -
دست برد - ف - بضم با معدہ دلیری
غلبہ فتح مال لوٹ مار بازی -
دست بند - ف - ایک زیور کا نام ایک
قسم ناچ کی ہے جھومر ہندی -
دست مزد - ف - اجرت اور مزدوری
دستور - ف - بالفتح قانون قاعدہ
طرز آئین رخصت اجازت امیر وزیر
صاحب مسند منشی دستور بضم اسکا معرب ہے
دساتیر - ع - بالفتح جمع دستور کی ہے -
دستیار - ف - مددگار ہتھیار -
شاگرد زیر دست -
دستکار - ف - ہنرمند کاریگر استاد
دست بسر - ف - تحیر تاسف سلام
دست پرور - ف - ہاتھ کا پالا ہوا
دستگیر - ف - ہاتھ پکڑنیوالا مددگار
گرفتار قیدی -
دستہ شمشیر - ف - بانک جس کو تیغ
دستار - ف - بروزن رفتار پگڑی
دساور - ہ - وہ شہر جہان ہر قسم کا
مال تجارت کا ہو -
دستاویز - ف - سند جس سے اپنا مطلب

ثابت کر سکین وہ کاغذ کہ جو بائع اور خریدار
سے لکھا لین تاکہ ضرورت کے وقت کام آوے
وثیقہ عربی -
دست افراز - ف - ہتھیار پیشہ ور
لوگون کے جیسے بسولہ رندہ بستانی وغیرہ
دست آموز - ف - ہاتھ پر پرورش پایا ہوا
دست انداز - ف - لٹیرا ظالم -
دسترس - ف - پہونچ قدرت -
دستاس - ف - دستی چکی -
دس - ف - بالفتح و سین مہملہ مشدد اردو
مین بمعنی دہ عشرہ آتا ہے اور عربی مین بالفتح
سین مہملہ مشدد ٹھونسنا کسی چیز کو کسی
مین بزور داخل کرنا -
دست فروش - ف - وہ شخص جو
ہاتھ پر کچھ اسباب رکھکر گلی گلی بیچتا پھرے
دست کش - ف - بفتح کاف عربی و
سکون شین معجمہ اندھے کی لاٹھی اور وہ شخص
جو اندھے کو ہاتھ پکڑ کر لیجائے - گرفتار
بہ - زیردست محکم مضبوط مزدور رعایا -
دست خوش - ف - جو چیز ہاتھ کی
مالش سے بیرونق یا خراب ہوجاوے عاجز
بلا زیردست مغلوب مسخرہ قدرت -
استعمال مشق -
دستخط - ف - اپنے نام کا نشان کرنا -
دست باف - ف - کنایہ سہل اور آسان -

باب دال مہملہ مع شین معجمہ

دشت - ع - بالفتح صحرا بیابان اور
فارسی مین بالضم بُرا -
دشخوار - ف - بالضم دشوار کٹھن
دشمر - ف - بالفتح ارمغز و بلغم ہے -
دشوار - ف - بالضم بُرا مشکل -
دش - ف - بالفتح و دشوار با بالضم بُرا اور
دشنام - ف - بالضم گالی -
دشمن کام - ف - وہ شخص جو حسب مراد
دشمنوں کی ذلیل و خراب ہو -
دشمن - ف - بدذات - بدنفس - بیر کا
حریف - عدو - وعادی عربی -
دشنام دادن و گفتن و کردن
گالی دینا -
دشنہ - ف - بالفتح و بالکسر چھرا خنجر کٹاری
ہتھیار کا نام ہے -
دشت ساوہ - ف - پیٹر -
دشمن جانی - ف - قتل عربی -
دشمن دلی - ف - حاقد عربی -
دشمنی - ف - شحناء عربی -

باب دال مہملہ مع عین مہملہ

دعا - ع - بالضم مانگنا خواہش کرنا -
پکارنا خدا تعالی سے اپنی حاجت کو عرض کرنا
دعوی - ع - خواہش جو چاہا جاوے -
دعا دینا - ہ - دعا دادن و دعا گفتن
فارسی و دعا و دعوۃ عربی -
دعوت - ع - بالفتح کسیکو کھانے کیلیے
بلانا - پکارنا - بلاوا دینا - اور کسی
لڑکی کو متبنی کرنا - نسب مین دعوی کرنا -
کسی اسم کو یا دعا وغیرہ کو مطلب برآری
کیلئے پڑھنا -
دعوات - ع - بفتحتین جمع دعوت
کی ہے کہ معنی دعا کے ہے بسکون عین
پڑھنا خطا ہے -
دعات - ع - جمع داعی کی جو ہے دا[illegible]
دعت - ع - بفتحتین راحت و آرام تن آسانی
دعامت - ع - بالکسر کھمبا لگانا ستون
دعابت - ع - بضم اول و حرف چہارم
بار موحدہ بضم خوش طبعی - ہنسی - اٹکھیلی چہل
دعاء قدح - ف - نام ایک دعا کا جو نماز استسقا
دع - ع - بالفتح چھوڑ بفتح اول و تشدید
عین مہملہ دفع کرنا -
دعائم - ع - تخت کے ستون
دعا دادن و گفتن - ف - دعا دینا
دعا کردن و گفتن - ف - رخصت کرنا
دعوی بکرسی نشاندن - ف -
گواہوں اور دلیلوں سے دعوے کو ثابت کرنا
دعاء جوشن - ف - دعا جو لڑائی
کے وقت پڑھتے ہین -
دعاء باران - ف - نماز استسقا
دعکسہ - ع - بفتح اول و سکون ثانی
جھومر ایک قسم ناچنے کی ہے کہ ہاتھ پکڑ کر
ناچتے ہین جیسے فرنگی لوگ ناچتے ہین -
دعدعہ - ع - بروزن فعللہ ہلانا [illegible]
دعاوی - ع - بفتح اول و فتح واو جمع
دعوی کی ہے -
دعی - ع - بفتح اول و کسر ثانی و تشدید
یا بروزن فعیل متبنی - اس بچہ پایا ہوا لڑکا
ولد الزنا -
دعوتی - ہ - عامل جو تعویذ لکھے عمل پڑھے
جھاڑ پھونکا کرے - پریخوان و افسون خوان
فارسی معزم عربی -

باب دال مہملہ مع غین معجمہ

دغا - ف - فریب دغل خدیعۃ عربی
دغا دینا - ہ - فریب دادن و دغل
زدن فارسی خدع و مکر عربی -
دغا کھانا - ہ - فریب خوردن دغا خوردن
و دغل خوردن فارسی انخداع عربی -
دغر - ع - بالفتح گلا دبانا تالو اٹھانا -
دغاباز - ف - فریبی - شعبدہ باز -
دغل - ف - بفتحتین مکر و حیلہ دغابازی
کھوٹا سونا چاندی اور عربی مین بمعنی
تباہ ہونے اور تباہی اور جھاڑی سے آنا
دغفل - ع - بفتح دال مہملہ و سکون غین
معجمہ و فتح فا ہاتھی کا بچہ -

دلگیر۔ ف۔ بیکاری۔
دم آہنگر۔ ف۔ دھونکنی لوہار کی۔
دم بجھر۔ ہ۔ ایک دم کی مدت۔ بہت تھوڑی دیر۔
دمساز۔ ف۔ بالفتح ہم صحبت۔ موافق۔ ہم نفس۔
دمباز۔ ہ۔ فریبی۔ دغاباز۔
دم کش۔ ف۔ وہ شخص جو دوسرے کے ہمراہ گاوے۔ گانا۔
دمع۔ ع۔ بتحتین و بالفتح آنسو۔ آنسو ڈھلکنا۔
دموع۔ ع۔ بضمتین جمع دمع کی آنکھوں کے آنسو۔
دماغ۔ ع۔ بکسر اول مغز وہ عضو جو مقام روح نفسانی کا ہے۔ مجازاً بمعنے تکبر گھمنڈ نشہ خواہش طاقت کے آتا ہے فارسیوں کے نزدیک دال کا زبر پڑھنا بھی جائز ہے۔
دم تیغ۔ ف۔ آب۔ باڑھ۔
دم دادن تیغ۔ ف۔ دمانا۔
دمک۔ ع۔ بالفتح دال مہملہ و سکون میم دوڑانا اور اردو میں بتحتین بمعنے درخشندگی کے آتا ہے۔ لمعان عربی۔
دموک۔ ع۔ بالفتح گرنی۔
دم گرگ۔ ف۔ بضم دال و ضم کاف

فارسی کنایہ صبح کاذب سے ہے۔
دمامیل۔ ع۔ بروزن قنادیل دمل کی جمع ہے پھوڑے پھنسی۔
دمل۔ ع۔ بضم دال مہملہ و فتح میم مشدد پھوڑا دنبل جو جسم کے بدن میں نکلے۔
دم۔ ع۔ بالفتح و تخفیف میم خون اور فارسی میں بمعنے نفس سانس۔ جادو مکر و فریب۔ گھونٹ۔ غرور گھمنڈ کے آتا ہے تیزی تلوار کی ہنگام۔ وقت۔ سیٹی باجا اناپ شناپ بکنا۔ ڈینگ کی لینا ڈھونکنی اور بضم دال مہملہ پونچھ۔
دم تسلیم۔ ف۔ نزع کی حالت خاموشی اور رضا طلبی۔ فرمانبرداری۔
دمادم۔ ف۔ پے در پے۔ دمبدم۔ ہر دم ہر پل۔
دمیم۔ ع۔ بدصورتی
دمبدم۔ ہ۔ دمادم فارسی آناً فاناً عربی
دمیدم۔ ہ۔ سلگتی لکڑی۔
دمان۔ ف۔ بفتح دال خوش کرنیوالا مست بمعنی کینو والا غضبناک سرخوشی یا غصہ میں زور سے چلانیوالا۔ نحل شیدا وقت و زمان سے
دم زدن و دم گرفتن۔ ف۔ دم کھانا خاموش رہنا۔
دم گرفتن۔ ف۔ دم رکنا۔

دم خوردن۔ ف۔ دم میں آنا۔
دم گسستن و دم بر افتادن۔ ف۔ ہانپنا۔
دم دادن۔ ف۔ باڑھ رکھنا۔
دم کشیدن۔ ف۔ دم سادھنا۔
دمن۔ ع۔ گوبر اور گوہ غلیظ جمع کیا ہوا گوبر غلیظ وغیرہ نجاست کے ڈالنے کی جگہ۔ گھورا۔
دم از گریہ گرفتن۔ ف۔ رو دینا رونے دم بند جانا۔ ہچکی کا لگنا۔
دماغ سوختن۔ ف۔ بہت محنت کرنا بہت فکر کرنا۔
دمگاو۔ ف۔ بضم دال و کسر میم بڑا گوبرا کدو وغیرہ کے مانند کا۔ قرنا۔ باجے کی قسم سے ہے۔
دمگو۔ ف۔ بضم دال مہملہ و فتح کاف فارسی۔ احمق۔
دمہ۔ ف۔ بالفتح دھونکنی لوہار کی پھکنی۔
دمدمہ۔ ف۔ بالفتح ہر دو دال فریب چاپلوسی۔ مکر و حیلہ ڈھول و نقارہ نقارے کی آواز۔ ڈھس قلعہ کی چاروں دیواری مورچہ عربی میں بمعنے ہلاک کرنا۔ نیز غصہ و غضب۔ غلبہ کے آتا ہے۔

دمعہ ۔ ع ۔ بالفتح ڈھلکا آنسو بہنا ۔ یہ غرض ہی ۔ رونی عورت ۔

دمنہ ۔ ف ۔ بالفتح ایک گیدڑ کا نام ہے جو بڑا مکار تھا جسکا قصہ انوار سہیلی مین ہی اطلاق اسکا مطلق مکاری پر ہی اور بکسر اول گیدڑ دو مٹی بیٹ اور عربی مین بمعنے گوبر کے ڈھیر کے آتا ہی ۔

دمامہ ۔ ف ۔ بر وزن شمامہ بڑا نقارہ ۔ چھو نسا ۔

دمغزہ ۔ ف ۔ ڈہڑی ۔

دم لابہ ۔ ف ۔ بالضم کتے کا دم ہلانا چاپلوسی عجز ۔

دم سیحہ ۔ ف ۔ بالضم دال مہملہ مشہور پرندہ ہی ممولا ہندی ۔

دموی ۔ ع ۔ منسوب بدم یعنی خون کی طرف منسوب ۔ خونی ۔

دمیدگی ۔ ف ۔ پھنسی ۔

دمی ۔ ف ۔ تھوڑی دیر زمان قلیل

دمکشی ۔ ف ۔ گانے مین دوسرے کے ساتھ آواز لگانا ۔

دمچی ۔ ھ ۔ پارہ دم فارسی ثفر عربی ۔

باب دال مہملہ مع نون

دنیا ۔ ع ۔ بالضم جہان ۔ حیات اصلی نہ بہت نزدیک ہونیوالی عورت کی ہے اور مشتق دنو سے ہی کہ معنے نزدیک ہونے کی ہیں چونکہ دنیا بہ نسبت عقبےٰ کے آدمی سے قریب ہے اسلیئے دنیا نام ہوا ۔ اور بمعنی خسیس اور نالائق عورت کے بھی ہی اس صورت مین مونث ہی ادنیٰ کا کہ مشتق ہی دنائت سے کہ بمعنے زبونی اور ناکسی کے ہی ۔

دنگا ۔ ھ ۔ رعایا و سپاہ کا حاکم سے بگڑ جانا ۔ بغاوت عربی ۔

دنب ۔ ف ۔ بالضم دم چوپایوں کی

دنائت ۔ ع ۔ بکسر دال و فتح ہمزہ بر وزن اطاعت برائی ۔ نالائقی ۔ کمینگی ۔

دندان سفید ۔ ف ۔ ہنستا ہوا ۔

دند ۔ ف ۔ بالفتح دال اصلی ۔ جاہل گونگا ۔ راچھ جولاہوں کا آلہ ہی احمق نادان

دنانیر ۔ ع ۔ بالفتح دال و کسر نون ثانی جمع دینار کی ہی ۔

دندان دراز ۔ ف ۔ حریص لالچی

دنس ۔ ع ۔ بفتحتین و سین مہملہ میل میلا ہوجانا ۔ اور بفتح اول و کسر نون میلا

دنگ ۔ ف ۔ بالفتح بر وزن رنگ حیران ہکا بکا دیوانہ احمق بیوقوف نشانہ نقطہ پرکار وہ آواز جو پتھر پتھر ازسی پیدا ہو ۔ شور و غل قلندر دنگا اور بالکسر موسل اور کھلی دھان وغیرہ کوٹنے کی جو پتھر بھوبھوں کے یہاں ہوتی ہی ۔

دنبل ۔ ف ۔ پھوڑا پھنسی جو نیچے کو دھڑ مین نکلے دمل عربی ۔

دنبال ۔ ف ۔ بالفتح پیچھا ۔ چارپایہ کے جانوروں کی دم ۔

دنگل ۔ ھ ۔ اکھاڑا کشتی لڑنے کی جگہ ۔

دنگ و دوال ۔ ھ ۔ شان و شوکت کا سامان ۔ ابہت عربی ۔

دن ۔ ع ۔ بالفتح و تشدید نون بڑی بڑی کوٹھی نما مٹکا ۔ فارسی مین خوشی کا نعرہ اور ہندی مین بکسر اول نہار یوم عربی ۔ روز فارسی ۔

دندان ۔ ف ۔ دانت ۔

دنو ۔ ع ۔ بالضم دال و ضم نون و تشدید مراد نزدیک ہونا اور قریب ۔

دندانہ ۔ ف ۔ جو چیز دانتوں کی صورت ہو دندانہ تلوار کو فلّ عربی مین کہتے ہین اور دندانہ آرہ اور کنگھی کی اشنان عربی اور سین کہ دندانوں کو سنہ عربی مین کہتے ہین ۔

دندان ریختہ و دندان کندہ ۔ ف ۔ پوپلا ۔

دنیہ ۔ ع ۔ بفتح اول و کسر نون و تشدید یائے تحتانی نالائق و نیچ ۔

دنبہ ۔ ف ۔ بالضم اول و سکون نون وہ چلتی چوڑی جو دنبہ کی ہوتی ہی اور مجازاً ساتھ اطلاق کل کے جز مراد اس سے دنبہ ہی کو کہتے ہین کہ جسکی چکتی ہوتی ہی

تفوشیش عربی۔
دوہتڑ مارنا۔ ہ۔ دونون ہاتھون کے
زور سے کسی پر مارنا بر دوست زدن
فارسی لدم عربی۔
دو دستی مارنا۔ ہ۔ دونون ہاتھ سے
تلوار پکڑ کر زور سے کسی کو مارنا تیغ دو دستہ
تیغ دودستی و تیغ دو دست زدن فارسی
ضرب بالسیف بالیدین عربی۔
دوہنا۔ ہ۔ دودھ چھاتیون سے
نکالنا دوشیدن فارسی حلب عربی۔
دوپہر بجنا۔ ہ۔ دوپہر کے وقت گھڑیال
کا بجنا۔ بارہ بجنا۔
دودھ کی ہی ہونا۔ ہ۔ عورتون کے محاورہ
مین حاملہ بیٹھ والی عورت کو کہتے ہین
دودھ کی بو منھ سے آنا۔ ہ۔ کنایہ
لڑکپن سے ہے۔
دودھیا۔ ہ۔ نرم ملائم جلد اسود ہے
دوش دینا۔ ہ۔ الزام دینا۔
دوگاڑا۔ ہ۔ دوگولیان ایک ہی وقت
مین بھر کر مارنا۔
دون کی لینا۔ ہ۔ خود ستائی کرنا۔
شیخی مارنا۔
دونگڑا۔ ہ۔ برسات مین پہلے پہل
پانی کا برسنا۔
دواب۔ ع۔ بفتح اول و با موحدہ مشددہ
ہلنے چلنے والا جمع دابہ کی ہے کہ بمعنی زمین
چلنے والے کے ہے جو پائے سواری اور
باربرداری کے جیسے گھوڑا بیل وغیرہ
جاندار جانور کیڑی مکوڑے۔
دوالخشب۔ ع۔ بضم دال مہملہ
کرم چوب۔ کیڑا۔
دولاب۔ ف۔ بالضم و واو معروف و
بالفتح چرخی کنوین کی۔ رہٹ۔
دوشاب۔ ف۔ انگور کا رس جو پکا کر گاڑھا کیا ہو
دوب۔ ہ۔ بضم اول و واو مجہول
ہری بھری گھانس جو چوپایون کو کھلاتے ہین
اب عشب عربی خرہ و فرغ فارسی۔
دولت۔ ع۔ بالفتح گردش زمانہ کی بھلائی
اور اقبال کے ساتھ فتح اور نصیب اور
زر و مال۔ پونجی جو ہمیشہ دست بدست
پھرے۔ زر و مال اور فتح اور اقبال کو
دولت اسی سبب سے کہتے ہین کہ ایک کے
پاس سے دوسرے کے پاس جاتا ہے اور بالضم
نوبت و غنیمت غلبہ لڑائی مین اور فتح
بالضم کسیکو مال اور فتح ملنا۔
دوات۔ ع۔ مشہور ظرف ہے کہ جسمین
سیاہی سرخی وغیرہ بھر کر لکھتے ہین مجرد
دونون بھی عربی سے آمد فارسی و اور آخر
الف کے ساتھ بولنا غلط ہے۔
دوست۔ ف۔ یار پیارا محب خلیل
دور دست۔ ف۔ وہ جگہ جہان
پہونچنا مشکل ہو۔
دوخست۔ ف۔ سینا سلائی۔
دولیست۔ ف۔ بضم اول و کسر دال و
یا معروف دو سو۔
دودھ کردانت۔ ہ۔ راضعۃ عربی
دواج۔ ع۔ بضم اول بالفتح جیم عربی
بالاپوش لحاف بکسر اول لباس بفتح
اول قبا۔
دوخ۔ ف۔ بالضم گھانس کا نام ہے جس سے
بوریا بنتے ہین۔
دوزخ۔ ف۔ بالضم نرک یعنی گنہگارون کے
عذاب کرنے کی جگہ کنایہ صحبت ناجنس سے ہے
دود۔ ع۔ بالضم کیڑے مکوڑے یہ اسم جمع ہے
واحد اسکا دودہ ہے ایک کیڑا۔
دوبعد۔ ف۔ بضم با موحدہ۔ طول اور عرض
لمبائی۔ چوڑائی۔
دوچند۔ ف۔ دوگنا۔
دولتمند۔ ف۔ اوپر والا آدمی صاحب
حکومت۔ مالدار۔
دوار۔ ع۔ بضم اول یعنی بیماری کے سبب سے
سر پھرنا بفتح اول و تشدید واو بہت
گردش کرنیوالا بہت پھرنے والا۔
دو پیکر۔ ف۔ جوزا یعنی تیسرا برج آسمان کا
دوائر۔ ع۔ بکسر ہمزہ جمع دائرہ کی ہے

بدون یے کہ ہے۔

دودمان - ف بالضم خاندان کنبا قبیلہ - گھرانا -

دوکدان - ف بواو معروف دکاف عجمی لی چرخہ جس سے روئی کاتتے ہین -

دوصحن - ف کنایہ آسمان اور زمین سے ہے

دوشیدن - ف - دودھ دوھنا -

دوجہان - ف - دنیا دوین -

دور گردون - ف - روزگار -

دون - ع بالضم سواے غیر تھوڑا نزدیک نیچا کمینہ حقیر - سو دینچ خسیس آ

دونان - ف - کمینے لوگ نالائق لوگ

دوزبان - ف - منافق وہ آدمی جو دورخہ ہو دل مین کچھ اور ظاہر مین کچھ -

دوران - ف بفتح اول وثانی وثالث زمانے کی گردش گھمنی سر کا گھومنا مگر فارسی والے اکثر بسکون ثانی استعمال کرتے ہین اور کبھی بفتحات -

دوان - ف - دوڑتا ہوا -

دواوین - ع - جمع دیوان کی ہے غزلون کی کتاب حساب کا دفتر -

دوگان - ف - دوگنا -

دوربین - ف مشہور آلہ ہے کہ جس سے دور کی چیز نزدیک معلوم ہوتی ہے اور ستارون کی صورت دکھائی دیتی ہے اور اسکو انگریزون نے نکالا ہے جان سن نامی ایک شخص قوم ولندیزی تھا اوسنے سنہ ۱۵۹۰ع مین چھوٹی دوربین ایجاد کی تھی پھر سنہ ۱۶۱۰ع مین گالیلیو نامی انگریز نے بڑی دوربین بنائی پھر روز بروز ایجاد ہوتی گئی منظار عربی اور ستارہ بین بھی فارسی ہے

دوح - ع بالفتح وتشدید واو بیابان جنگل

دوبدو - ف - آپنے سامنے مواجہہ روبرو

دوموے - ف - کہ جسکی داڑھی یا سر مین سفید اور سیاہ بال ہون -

دورو - ف - گل رعنا کہ ایک طرف سے زرد اور ایک طرف سرخ ہوتا ہے منافق دوفصلہ

دوادو - ف - چارطرف دوڑنا بوکھلا بوکھلائی پھرنا -

دوطفل ہندو - ف - آنکھ کی پتلیان

دودمہ - ع بضم اول واو معروف فتح دال ثانی کیڑی مکوڑی اور فارسی مین معنے خاندان اہلبیت - دھوان چراغ کا کاجل کے آتا ہے -

دوحہ - ع - بالفتح بڑا درخت -

دوشیزہ - ف - بروزن پوشیدہ کنواری بالی بن بیاہی عورت -

دوشاخہ - ف - ایک لکڑی کے دو دو پھنکے ہوتی ہے شکنجہ کی صورت گنہگار کی گردن پر رکھتے ہین - ہندی مین ایک قسم شمعدان کی ہے کہ اوس مین دو شمعین جلتی ہین

دوگاہ - ف - کنایہ دو جہان سے ہے -

دودلہ - ف متفکر پریشان متردد منافق - وہ جو شخص تذبذب مین ہو - دوچتا ہو -

دوگانہ - ف - دو رکعت نماز کی -

دورہ - ف بالضم بواو مجہول چھوٹا مرتبان جسمین شہد وغیرہ رکھتے ہین بفتح اول دائرہ وبروزن شولہ شراب کا پیمانہ اور عربی مین گردش گشت - گرداگرد پھیر

دواسپہ - ف - کام جلد کرنا جلدی -

دوارہ - ع بالفتح گول طور پرکار جس سے دائرہ کھینچتے ہین -

دوقلہ - ف بضم قاف وتشدید لام قلقلیز ٹر ٹر ہو دو مٹکے -

دوازدہ - ف - بارہ ۱۲ -

دوتاہ - ف - دوگنا - دوہرا -

دوسہ - ف - دو تین -

دوراہہ - ف - طریق دو مختلف ہی

دوایہ - ع بضم دال مہملہ فتح واو کسر تحتانی بالائی

دوبارہ - ف - دو دفعہ -

دوشہ - ف - وہ برتن جسمین دودھ دوہتے ہین -

دوشنبہ - ف - پیر کا دن - سہ بیار - یوم الاثنین عربی -

دُھتری کا پھول - ہ - یہ چھتری
کی شکل ہوتا ہے برسات میں اوگتا ہے
سماروغ فارسی کماۃ عربی -
دھرور و دھروُل - ہ - زرتعویذ
امانت عربی سپرد فارسی -
دہم - ف - دسواں حصہ -
دھرم - ہ - ایمان عقیدہ - اعتقاد
دُھوم - ہ - آوازہ و شہرہ -
دہقان - م - گنوار معرب دہگان کا ہے
دہاقین - ع - بفتح دال و کسر قاف جمع
دہقان کی ہے -
دہستان - ف - بالکسر مقابل شہرستان
یعنی بیرون جات -
دہن باز کردن و دہن وا کردن
ف - منہ کھولنا -
دہن - ع - بالضم تیل خواہ نباتات کا
خواہ حیوانات وغیرہ کا ہو - بالفتح
دہان مشدد تیلی - اور فارسی میں بالفتح بمعنی
دہان - ف - منہ عربی میں بالکسر پوست
سرخ تیلوں کی تلچھٹ -
دھاوا ازدن - ف - مار مار -
دھان - ہ - مشہور غلہ ہے شالی فارسی
دھرن - ہ - زہدان فارسی رحم عربی
دھیان - ہ - خیال عربی -
دُھوان - ہ - دود فارسی دُخان ع

بخار عربی -
دھوون - ہ - غسالہ عربی -
دہن درندہ و دہان دریدہ
ف - منہ پھٹ -
دہ کدہ - ف - خانہ وہ مکان جو گانو
میں بنا ہو -
دَہ مردہ - ف - بفتح اول و سوم بیہودہ گو
اول وہ بکنے والا - آزنگ بزانگ
بکنے والا - بڑا بکی -
دہ - ف - بفتح دوس و بکسر دیہ گانو
موضع قریہ -
دہریہ - ع - وہ شخص جو زمانہ کا قائل ہو
اور اوسکو خدا تصور کرے -
دہ زدہ - ف - بالکسر یعنی دہ ویران
دہل دریدہ - ف - رسوا خاموش
دہان دَرہ - ف - بفتح ہر دو دال
مہملہ جماہی -
دہرہ - ف - بالفتح تلوار خنجر -
دہان زدہ - ف - تھوڑا سا کھا کر
چھوڑ دینا - جھوٹھا -
دہ دلہ - ف - بفتح اول و کسر دال ثانی جو
شوریدہ پریشان خاطر - بوکھلایا ہوا
دہنہ - ف - بفتح دال و ضم نون ہو رنگ
دہانہ و دہنہ - ف - یہ پتھر ہے سبز رنگ کا
سونے چاندی تانبے لوہے کی کان میں

پیدا ہوتا ہے اور بعض اوسکو زنگار معدنی
کہتے ہیں اور ... بعض سبز تیرہ ہوتا ہے
اور بعض طاؤسی رنگ مائل بسرخی چمکدار
اور بعض طاؤسی رنگ مائل بسرخی اور ابرقی
اور بعض طاؤسی رنگ مائل بسیاہی بہتر سب
میں سبز تیرہ ہے اوسکو دہنہ فرنگی کہتے ہیں بعد
اوسکے بہتر ہے طاؤسی مائل بسرخی ہے اور سب سے
بُرا طاؤسی مائل بسیاہی یہ پتھر ملک زنگ
اور روس اور کرمان اور خراسان شیراز میں
پیدا ہوتا ہے اور فرنگی میں ہر ایک سیاہی لئے ہوتی
زہر کو دفع کرتا ہے دواؤں میں مستعمل ہے
لوہے کی چیز جو گھوڑے کے منہ میں رہتی ہے اور اس میں
لگام لگی ہوتی ہے شکیمہ عربی - دہانہ کنارہ
دریا دہر عدالت کی -
دَہ دہی و دہ دہی - ف - بالفتح
سونا خالص کھرا -
دہ پیچی - ف - سونا کھوٹا -
دھرتی - ع - بالضم پیر سالخوردہ بالفتح
و بالضم وہ شخص جو جہان کو قدیم جانے اور
قیامت کا قائل نہو -
دہن خوانی - ف - بفتح دال مہملہ لرزاقم دینا
دہائی - ہ - دس عدد -
دَھجی - ہ - کپڑے کا پتلا ٹکڑا اقراع عربی
دھمکی - ہ - بیم و ترس فارسی وعید
و تہدید عربی -

نیز رفتار گھوڑا۔
دیوزدہ - ف - وہ شخص جسپر بھوت آیا ہو۔
دیوار بلند - ف - کنایہ دولتمند سے ہے۔
دیوباد - ف - بگولا۔
دیجور - ع - بالفتح جیم عربی مضموم و واو معروف اندھیری رات ہر مہینے کی اٹھائیسویں رات یا اندھیرا اندھیری۔
دیاجیر - ع - جمع دیجور کی ہے۔
دیار - ع - بکسر اول جمع دار کی ہے گھر مکان کو کہتے ہیں ازانجا ملک و بلاد کے ہیں شہر وطن گھر اور بالفتح و تشدید یا باشندہ مالک مکان کا صاحبخانہ۔
دیر - ف - بالفتح وہ گنبد عبادت کا واسطے نصارا کے عبادت خانہ آتش پرستون کا مندر بتخانہ اور بالکسر زنگ کلش و بیٹھا ہ عربی۔
دیدار - ف - منھ چہرہ بینائی دیکھنا۔ رلقا عربی۔
دیدہ شور - ف - نظر لگیا۔
دیومار - ف - اژدہا۔
دیوسار - ف - دیو کی مانند۔
دیو هفت سر - ف - کنایہ کرہ زمین سے ہے باعتبار هفت اقلیم کے۔
دینار - ع - نام ایک سکہ کا ہے ہ ماشہ چار رتی کا ہوتا ہے۔
دیگر - ف - اور - دوسرا

دیوار - ف - بمعنی لفظ جدار عربی اور اردو و ہندی میں بھی یہی ہے۔
دیودار - ف - ایک پہاڑی لکڑی کا درخت جسکا مستول جہاز کا بنایا جاتا ہے جسکو چیڑ بھی کہتے ہین۔
دیانتدار - ف - متدین ساہوکار
دیور - ہ - عورت کے خصم کا چھوٹا بھائی حمو عربی۔
دیگ افزود و دیگ آوار - ف - گرم کھانا
دیرباز - ف - بیاء موحدہ درازی زمانہ کی اور مدت اور زمانہ دراز اور قدیم دیرباز یاء تحتانی سے صحیح ہے۔
دیز - ف - بالکسر و یاء مجہول رنگ تیل مانند اور ہندی مین جہان کوئی رہتا ہو اوسکو دیس کہتے ہین وطن عربی زاد بوم فارسی۔
دیروز - ف - کل کا دن گذرا ہوا۔
دیس - ف - بیاء مجہول برابر۔
دیماس - ع - بالکسر حبس بہت گہری وغیرہ گرم ہونے کی جگہ حمام۔
دیمک - ہ - مشہور کیڑا ہے دیوک دیوچہ بھی فارسی ہے۔ اُرضہ عربی۔
دیوک - ف - دیمک۔
دیک - ع - بکسر دال و یاء معروف و کاف عربی خروس مرغ۔
دیگ - ہ - ہرکارہ فارسی تندرو خیل عربی

دیر هرقل - ف - بکسر ... ایک عبادتخانہ هرقل بادشاہ روم کا بنایا ہوا ہے۔
دیرینه سال - ف - کہنہ۔
دیو مردم - ف - بمعنی انسان شریر مفسد آدمی
دیہیم - ف - بالفتح و یاء دوم معروف تاج تخت - چتر۔
دیلم - ع - بالفتح دال و لام جماعت گروہ سختی و بلا۔
دیم - ف - بکسر اول مہملہ و یاء معروف رخسارہ گال۔
دیان - ع - بالفتح و تشدید یا عوض دینے والا۔ اور ایک نام اللہ تعالی کے صفاتی نامون مین سے ہے۔
دیوار کشیدن - ف - دیوار بنانا۔
دیدن - ع - بالفتح ہر دو دال مہملہ عادت خصلت۔ اور فارسی مین بکسر اول ملاقات کرنا
دین - ع - بالکسر مذہب ملت و قوم حساب۔ اور بالفتح قرض و دام۔ اودھار جسمین وقت مقرر ہو کہ فلان روز لوٹا جائیگا اور اگر وقت ادا کا معین نہو اسکو قرض کہتے ہیں۔
دیدبان - ف - جاسوس وہ سپاہی جسمین سے نشانہ دیکھین وہ شخص جو قلعے کی اونچی جگہ پر بیٹھکر دشمن کی خبر دیتا ہے۔
دیدان - ع - بالکسر کیڑے کینچوے
دیوان - ع - بالکسر لوگون کے جمع ہونے کی جگہ

ڈالا ـ ہ ـ درخت کی بڑی شاخ ـ
ڈانڈا ـ ہ ـ سرحد ـ
ڈاک بیٹھنا ـ ہ ـ سواریون کا کسی
جگہ موجود رہنا تاکہ جلدی سے راہ طی ہوجاوے
یا چند آدمیون کا راہ مین بیٹھنا تاکہ خطوط
جلد پہونچین اور خبرین آوین ـ
ڈاکا پڑنا ـ ہ ـ چند بدمعاشون کا
کسی جگہ چوری کرنے لوٹنے کو جانا ـ
ڈاکا مارنا ـ ہ ـ بہت سے ڈاکوون کا
کسی جگہ شام کو جانا مال و اسباب کا
دھینگا دھینگی لے لینا ـ
ڈاب ـ ہ ـ مشہور چیز ہے جسکو کمر مین باندھتے ہین ـ
ڈاٹ ـ ہ ـ جس سے بوتل شیشہ صراحی
وغیرہ کا منھ بند کرین ـ سِدَاد عربی ـ
ڈانڈ ـ ہ ـ وہ لکڑی جس سے کشتی کو
چلاوین ـ مجداف و مقذاف عربی ـ بیل
و چوب خلہ فارسی کسی سے کچھ بزور لینا ـ تاوان
جرمانہ فارسی مصادرۃ عربی ـ کسی کے مال کے
نقصان کے عوض مین کچھ لینا ـ تاوان فارسی
غُرم عربی ـ
ڈانس ـ ہ ـ بڑا مچھر پشہ فارسی
بَق و بقہ عربی ـ
ڈاک ـ ہ ـ چار پانچ کوس پر آدمیون کا
[illegible] کہ جلد سے

خطوط پہونچ جاوین یا کسی جگہ سے خبرین
آوین چپار فارسی برید عربی
ڈانک ـ ہ ـ بنون غنہ نگینہ کے نیچے
چاندی سونے وغیرہ کا ورق رنگ بڑھانے کو لیے
رکھنا فوہ فارسی ـ
ڈال ـ ہ ـ شاخ فارسی غصن و فنن
عربی تلوار جسمین قبضہ نہ لگا ہو تیغہ فارسی
نصل عربی ـ
ڈانواڈول ـ ہ ـ بوکھلایا ہوا ـ
گھبرایا ہوا مضطرب پریشان خاطر و بیقرار
سراسیمہ فارسی متوزع و متشتت ـ عربی
ڈائن ـ ہ ـ وہ عورت جو سحر و افسون
بچون پر کرے اوسکے کرنے سے بچہ مرجاوے
جگرخوار فارسی ـ
ڈاکو ـ ہ ـ ڈاکا مارنیوالا لوٹنے والا ـ
تاراج زن و غارتگر فارسی مُغیر عربی ـ
ڈاہ ـ ہ ـ کسیکی بھلائی دیکھکر جلنا ـ
حَسَد عربی یہ ممنوع ہے کسیکی بہتری اور بھلی
دیکھکر یہ چاہنا کہ ہمین بھی ہوجاوے اسکو
عربی مین غبطہ کہتے ہین یہ درست
ہے رشک فارسی ـ
ڈاک کا ہرکارہ ـ ہ ـ وہ شخص جو
خبر اور خطوط پہونچاوے ـ
ڈاک چوکی ـ ہ ـ جا بجا آدمیون
اور جانورون کو رکھنا تاکہ جو شخص

کسی جگہ جلد جانا چاہے تو جھٹ پٹ منزل
مقصود کو پہونچ جاوے یا اسباب یا مال
خطوط کا کسی جگہ پہونچنا آسان ہووے
دست بدست پہونچ جاوے برید عربی ـ
چپار فارسی ـ
داڑھی ـ ہ ـ ریش فارسی لحیۃ عربی
ڈالی ـ ہ ـ درخت کی پتلی پتلی لکڑیون
کی ٹوکری بناکر اُسمین پھول اور میوہ وغیرہ
رکھکر امیرون کے آگے رکھتے ہین طبق عربی
تحفت و سبد فارسی ـ
ڈانڈا میندی ـ ہ ـ بیر و دشمنی
ڈانوڈولی ـ ہ ـ سرگشتگی پریشانی ـ

باب ڈال ہندی مع با موحدہ

ڈبا ـ ہ ـ حقہ عربی درج فارسی ـ
ڈبانا و ڈبونا ـ ہ ـ اغراق عربی ـ
در آب غرقہ کردن فارسی ـ اردو مین کنایہ
کسیکو تباہ و خراب کرنے سے ہے ـ
ڈبڈبانا ـ ہ ـ آنکھون مین آنسو بھر آنا
تغرغر عربی اشکناک شدن چشم فارسی
ڈبکی دینا ـ ہ ـ کسیکو پانی مین غوطہ
دینا غمس عربی ـ
ڈبکی کھانا ـ ہ ـ غوطہ خوردن فارسی
انغماس عربی ـ
ڈبکی مارنا ـ ہ ـ غوطہ مارنا غطس
[illegible]

ڈھسٹ - ھ - سنگین ڈول بیفت پڑا -
ڈھڑ - ھ - آواز گوز فارسی ضراط عربی
ڈھارس - ھ - تشفی فارسی تقویت عربی
